المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة

اہم مسائل

جن میں ابتلائے عام ہے

جلد نہم

پسند فرمودہ:

حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی

رئیس: جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا نندربار

تحریک وتحریض:

حضرت مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی

ناظم تعلیمات ومعتمد جامعہ

تالیف:

مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

صدر دارالافتاء جامعہ اکل کوا

تحقیق وتخریج:

معاون مفتیان کرام دارالافتاء

ناشر:

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم

اکل کوا، نندربار، مہاراشٹر

تقسیم کار

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب : المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة

مؤلف : حضرت مولانا مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

تحقیق وتخریج : معاون مفتیانِ کرام دارالافتاء

کمپیوٹر کتابت وسیٹنگ : عبدالمتین اشاعتی کانڑگانوی

طبع اول : ۱۴۳۷ھ ۲۰۱۶ء

صفحات : ۳۹۸

تعداد مسائل : ۲۲۸

قیمت :

باہتمام : ابوحمزہ وستانوی

ناشر : جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

ملنے کا پتہ

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا ضلع نندربار مہاراشٹر

Phone & Fax: 02567,252556

E-mail jafarmilly@gmail.com

fatawaakkalkuwa@gmail.com

http://jamiyaakkalkuwa.com/fatawa/

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى :

﴿فَسْئَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾

(سورة الأنبياء :٧)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :

"مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْراً يُفَقِّهْهُ فِيْ الدِّيْنِ"

(صحيح البخاري)

فہرست عناوین

نمبر شمار	فہرست عناوین	صفحہ
۞	ابتدائیہ	۞
◉	کتاب الإیمان والعقائد	◉
۱	امرِ ناجائز کا سبب بھی ناجائز ہے!	۱۸
۲	انبیاء علیہم السلام گناہوں سے معصوم ہوتے ہیں	۲۲
۳	شاتم رسول ﷺ کی سزا	۲۶
۴	گستاخِ رسول ﷺ کو حرامی کہنا	۳۱
۵	مسلمان کعبۃ اللہ کی عبادت نہیں کرتے	۳۳
۶	کعبۃ اللہ شریف کے غلافِ اطہر کو چومنا	۳۵
۷	تبرّکات کی زیارت	۳۶
۸	خزینہ یا دفینہ میں جنات کا اثر	۳۹
۹	قیمتی پتھروں سے قسمت پر اثر	۴۰
۱۰	یمنی عقیق پتھر کے نگینے والی انگوٹھی پہننے کا ثبوت	۴۳
۱۱	حرمین شریفین کی مٹی میت کے بدن پر مَلنا	۴۷
۱۲	خرمن (غلے کے ڈھیر) کو اُٹھاتے وقت بجانا و مارنا	۴۸
۱۳	پاؤں کی طرف سے پیدا ہونے والوں کے متعلق عقیدہ	۵۰
۱۴	”بن بلائے تو اللہ کے گھر بھی نہ جاؤں“ کہنا	۵۱
۱۵	فرض نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر آیۃ الکرسی پڑھنا	۵۲

۱۶	منکراتِ محرم	۵۳
۱۷	حضرت حسن کے لیے لفظ ''امام'' کا استعمال	۵۷
۱۸	حضراتِ حسنین کو بطورِ دعا ''علیہ السلام'' کہنا	۵۹
۱۹	مسلمانوں کے ناموں میں شیعہ کا اثر	۶۰
۲۰	عشرۂ محرم الحرام میں مسجد کی تعمیر و مرمت	۶۲
۲۱	دسویں محرم کو کھچڑے کی پابندی کرنا	۶۳
۲۲	دسویں محرم کو تعطیل کی قباحتیں	۶۵
۲۳	موجودہ زمانے کے یہود و نصاریٰ اہل کتاب ہیں یا نہیں؟	۶۸
۲۴	عامل سے عملیات و تعویذات کروانا	۶۹
	كتاب الصلوة/باب الأذان	
۲۵	اذان و اقامت سے پہلے درود شریف پڑھنا	۷۱
۲۶	منفرد اور عورتوں کے لیے اذان و اقامت	۷۴
۲۷	مینٹل (پاگل) شخص کی اذان	۷۵
۲۸	تعیینِ سمت کے لیے الفاظِ اذان کا استعمال	۷۶
	باب الإمامة	
۲۹	نماز کی امامت کا منصب ایک عظیم منصب ہے	۷۷
	باب صفة الصلوة	
۳۰	دونوں ہاتھوں کی انگلیوں سے تسبیح پڑھنا	۷۹
	مفسدات الصلوة ومكروهاتها	
۳۱	لوٹائی جانے والی نماز میں نئے لوگوں کی شرکت	۸۱

۳۲	کیمرے والا موبائل جیب میں رکھ کر نماز	۸۳
۳۳	اعادہ والی نماز میں اذان واقامت	۸۵
۳۴	مرد کا باریک کپڑا پہن کر نماز پڑھنا	۸۶
۳۵	عورت کا باریک دوپٹہ اوڑھ کر نماز پڑھنا	۸۷
۳۶	لیٹ کر نماز پڑھنے والا نماز میں سوجائے	۸۷
۳۷	نماز میں چھینک یا ڈکار کا آجانا	۸۸
۳۸	جانبِ قبلہ کی دیوار میں شیشے لگانا	۸۸
	باب الوتر	
۳۹	حرمین میں نمازِ وتر دوسلام کے ساتھ	۹۰
	باب الجمعة	
۴۰	جمعہ کی اذان کے بعد غیر مسلم کو دکان پر بٹھانا	۹۲
	باب صلوة المسافر	
۴۱	دورانِ سفر احتلام ہونے پر غسل	۹۳
	کتاب الجنائز	
۴۲	مریض کی دلجوئی کے لیے مناسب باتیں کریں	۹۴
۴۳	قریب المرگ کے پاس خیر کے کلمات کہے	۹۵
۴۴	قرض خواہ کا انتقال ہوجائے تو قرض کس کو دے؟	۹۷
۴۵	میت کے ذمہ قرض ہو تو ورثاء ادا کردیں	۹۸
۴۶	قرض خواہ کا مقروض میت سے قرض معاف کرنا	۹۹
۴۷	محرم میت کی تجہیز وتکفین	۱۰۱

۴۸	جمعہ کے دن، نمازِ جمعہ تک تدفین مؤخر کرنا	۱۰۲
۴۹	نمازِ جنازہ دوبار پڑھنا	۱۰۳
۵۰	معذور بزرگ یا عالمِ دین سے نمازِ جنازہ کی امامت کرانا	۱۰۴
۵۱	ملبے میں دب جانے والے کی نمازِ جنازہ	۱۰۵
۵۲	قاتل کی نمازِ جنازہ	۱۰۶
۵۳	مخنث کی نمازِ جنازہ	۱۰۸
۵۴	عیدگاہ میں نمازِ جنازہ	۱۰۹
۵۵	نمازِ جنازہ پڑھانے کی وصیت کرنا	۱۱۰
۵۶	شادی کے لیے جمع کیے گئے زیورات میں میراث	۱۱۱
۵۷	مرحوم کی پینشن وگریجوئٹی کا حق دار کون؟	۱۱۲
۵۸	کٹے ہوئے عضو کو دفن کر دیا جائے	۱۱۳
۵۹	مُردے کو قبر میں لٹانے کا صحیح طریقہ	۱۱۴
۶۰	میت کے ساتھ قبر میں پانچ یا سات ڈھیلے ڈالنا	۱۱۵
۶۱	قبر پر پودے لگانا	۱۱۶
	کتاب الوقف	
	احکام المساجد والمدارس	
۶۲	مسجد یا عیدگاہ کی تعمیر کے لیے چندہ باندھ دینا	۱۱۸
۶۳	مسجدوں میں روم فریشنر (Room Freshner) چھڑکنا	۱۱۹
۶۴	قبرستان میں عیدگاہ یا Shopping Complex بنانا	۱۲۰
۶۵	قبرستان کی زمین میں دکانوں کی تعمیر	۱۲۱

۶۶	مرغا مرغی، بکرا بکری مسجد کے لیے صدقہ خیرات	۱۲۲
۶۷	مسجد کی اضافی موقوفہ زمین فروخت کرنا	۱۲۳
۶۸	مدرسے کی زمین مسجد کو دینا	۱۲۴
۶۹	مدرسہ کی بجلی سے پریس، سیگڑی جلانا اور چارجنگ کرنا	۱۲۵
۷۰	مسافر کا مسجد کی بجلی سے موبائل وغیرہ چارجنگ کرنا	۱۲۶
۷۱	مقیم کا مسجد کی بجلی سے موبائل وغیرہ چارجنگ کرنا	۱۲۶
۷۲	مدرس اور امام کے لیے مدرسہ و مسجد کی بجلی و گیس کا استعمال	۱۲۷
۷۳	حکومتی عہدے داروں کو ملنے والے پیسے کا مصرف	۱۲۷
	کتاب الزکوۃ والصدقۃ	
۷۴	غیر مسلموں میں اشاعتِ اسلام کے لیے زکوۃ دینا	۱۲۹
۷۵	فرضی چندہ والوں کو زکوۃ کی رقم دینا	۱۳۰
	کتاب الحج والعمرۃ	
۷۶	زمین دار شخص پر حج	۱۳۱
۷۷	نابینا شخص پر حج	۱۳۲
۷۸	دمہ کے مریض پر حج	۱۳۳
۷۹	بی پی (BP) یا شوگر (Sugar) کے مریض پر حج	۱۳۴
۸۰	حج صرف بڑھاپے میں کرنے کا کام نہیں	۱۳۵
۸۱	باپ سے پہلے بیٹے کا حج	۱۳۷
۸۲	گھر کے بڑے فرد سے پہلے چھوٹے کا حج	۱۳۸
۸۳	حج سے واپسی پر دعوت	۱۴۱

۸۴	دھکا پیل و دھینگا مُشتی کر کے حجرِ اسود تک پہنچنا	۱۴۲
۸۵	حجر اسود کو چھونے کا موقع نہ ملے	۱۴۵
۸۶	احرام کی چادر کے دونوں پلّوؤں کو سینا	۱۴۶
۸۷	احرام کی حالت میں شیروانی، کوٹ، صدری وغیرہ پہننا	۱۴۷
۸۸	احرام کی حالت میں عورت کے لیے پردہ	۱۴۸
۸۹	حالتِ احرام میں لحاف یا چادر وغیرہ اوڑھنا	۱۴۹
۹۰	حالتِ احرام میں سوئٹر، جیکٹ وغیرہ پہننا	۱۵۰
۹۱	حالتِ احرام میں سگریٹ نوشی	۱۵۱
۹۲	حلق یا قصر کے وقت بالوں میں کریم لگانا	۱۵۳
۹۳	حالتِ احرام میں بالوں میں شیمپو لگانا	۱۵۴
۹۴	حالتِ احرام میں خوشبو کا استعمال	۱۵۴
۹۵	حالتِ احرام میں صابن سے ہاتھ دھونا	۱۵۵
۹۶	حالتِ احرام میں ویسلین یا کریم لگانا	۱۵۶
۹۷	کئی بار خوشبو لگانے پر الگ الگ کفارہ	۱۵۶
۹۸	تمام اعضا پر بیک وقت خوشبو لگانے سے ایک کفارہ	۱۵۷
۹۹	بدن کے متفرق اعضا پر خوشبو لگائے	۱۵۷
۱۰۰	طوافِ زیارت و طوافِ عمرہ میں فرق	۱۵۸
۱۰۱	دورانِ طواف وضو ٹوٹ جائے	۱۵۹
۱۰۲	طوافِ زیارت سے پہلے عورت کو حیض یا نفاس آجائے	۱۶۰
۱۰۳	مکہ مکرمہ سے رخصتی کے وقت طوافِ وداع یا نفل	۱۶۱

۱۰۴	معمولی عذر کی بنا پر رمی کا نائب بنانا	۱۶۲
۱۰۵	رَمی، ذبح اور حلق میں ترتیب	۱۶۴
۱۰۶	احرام کھولنے کے لیے عورت کتنے بال کاٹے؟	۱۶۵
۱۰۷	ہر عمرہ کے وقت نئی چادر کا استعمال	۱۶۶
۱۰۸	عورت کے لیے ایامِ عدت میں حج وعمرہ	۱۶۸
۱۰۹	عورتوں کو قیام گاہ پر ہی نماز پڑھنا چاہیے	۱۶۹
۱۱۰	حرم شریف میں داخل ہوتے وقت دعا میں ہاتھ اُٹھانا	۱۷۱
۱۱۱	مسجد نبوی میں مسلسل چالیس نمازوں کی ادائیگی	۱۷۲
	كتاب الأضحية	
۱۱۲	قربانی شریعت میں متعین ہے!	۱۷۳
۱۱۳	جیل میں قید شخص پر قربانی	۱۷۶
۱۱۴	بیرونِ ملک قید شخص پر قربانی	۱۷۶
۱۱۵	حلال جانور کی ممنوعہ چیزیں	۱۷۷
۱۱۶	ایک خصیہ والے جانور کی قربانی	۱۷۹
۱۱۷	ذبح کا اعتبار کب ہوگا؟	۱۷۹
۱۱۸	جانور خریدنے کے بعد عیب دار ہوگیا	۱۸۰
۱۱۹	پیدائشی طور پر جانور کی دُم نہ ہو	۱۸۱
۱۲۰	شہری کا دیہات میں قربانی	۱۸۱
۱۲۱	دیہات میں صبح صادق کے بعد قربانی	۱۸۲
۱۲۲	کان کٹے جانور کی قربانی	۱۸۳

۱۲۳	پیدائشی کان نہ ہو اس جانور کی قربانی	۱۸۳
۱۲۴	پیدائشی سینگ نہ ہو اُس جانور کی قربانی	۱۸۴
۱۲۵	دُم کٹے جانور کی قربانی	۱۸۴
۱۲۶	مہنگے ترین جانوروں کی خریداری ایک فیشن	۱۸۵
۱۲۷	قربانی ایک عبادت ہے، کوئی ہڑبونگ نہیں	۱۸۷
۱۲۸	چرمِ قربانی کی رقم سے لاوارث اَموات کی تجہیز وتکفین	۱۸۹
۱۲۹	چرمِ قربانی کی رقم سے چیریٹبل ہسپتال کی تعمیر	۱۹۱
	کتاب العقیقة	
۱۳۰	بچہ کے کان میں اذان واقامت کہنے کی حکمت	۱۹۵
۱۳۱	شیطان سے حفاظت کی دعا ''آیتِ کریمہ''	۱۹۷
۱۳۲	بچہ کی طرف سے عقیقہ کون کرے؟	۱۹۷
۱۳۳	بڑی عمر والوں کا عقیقہ	۱۹۸
۱۳۴	بڑی عمر میں عقیقہ کرنے پر سر کے بال مونڈنا	۱۹۹
۱۳۵	غیر ایامِ قربانی میں بڑے جانور میں عقیقہ کے حصے	۲۰۰
۱۳۶	عقیقے میں دعوت کرنا ضروری نہیں	۲۰۰
	کتاب النکاح	
۱۳۷	محض دست خط کر دینے سے نکاح	۲۰۱
۱۳۸	Skype یا imo پر لائیو ویڈیو کال کے ذریعہ نکاح	۲۰۳
۱۳۹	اپنی مرضی سے نکاح	۲۰۴
۱۴۰	خاندان میں نکاح	۲۰۵

۱۴۱	نابالغ لڑکے یا لڑکی کا نکاح	۲۰۸
۱۴۲	نکاح کون پڑھائے؟	۲۰۹
۱۴۳	نکاح خوانی کی اجرت اور مسجد کے لیے چندہ	۲۱۰
۱۴۴	شوہر کا ایک عرصہ تک بیوی سے دور رہنا	۲۱۳
۱۴۵	منکوحہ عورت کا نکاح کسی اور جگہ کرا دینا	۲۱۴
۱۴۶	غیر مسلموں کی شادیوں میں شرکت	۲۱۷
۱۴۷	شادی سے پہلے ایک دوسرے کو تحفے دینا	۲۱۸
۱۴۸	''شادی مبارک'' کہنا	۲۲۰
۱۴۹	بیوی پر شوہر کی خدمت	۲۲۱
	کتاب الطلاق	
۱۵۰	میاں بیوی کا ایک دوسرے کو ''بہن بھائی'' کہہ دینا	۲۲۴
۱۵۱	ائمہ اربعہ اور تین طلاق	۲۲۵
۱۵۲	غصہ کی حالت میں طلاق	۲۳۱
	کتاب البیوع	
۱۵۳	''مہوا'' کا بزنس (خرید وفروخت)	۲۳۳
۱۵۴	میڈیکل نمائندوں سے دوائی خریدنا	۲۳۵
۱۵۵	فُٹ پاتھ (راہ داری) کی دکان سے کوئی چیز خریدنا	۲۳۷
۱۵۶	ڈوگ بریڈنگ (Dog Breeding) بزنس	۲۳۹
۱۵۷	اشیائے خوردنی کا ایکسپورٹ بزنس	۲۴۱
۱۵۸	سی سی ٹی وی (CCTV) کیمرہ کی خرید وفروخت	۲۴۲

۱۵۹	بکرا بکری کی تول کر خرید وفروخت	۲۴۳
۱۶۰	مصنف یا پبلیشر کی اجازت کے بغیر کتاب کاپی کرنا	۲۴۴
۱۶۱	ٹوکن دے کر زمین کی خرید وفروخت	۲۴۷
	کتاب الربوا	
۱۶۲	عیش وعشرت کے لیے فائنانس پر مکان بنوانا	۲۴۹
۱۶۳	بینک سے لون لے کر مکان خریدنا	۲۵۱
۱۶۴	بینک سے لون لے کر گاڑی خریدنا	۲۵۳
۱۶۵	دورانِ سفر کریڈٹ کارڈ کا استعمال	۲۵۴
	کتاب الإجارة	
۱۶۶	مفتی کے لیے فتویٰ پر اُجرت لینا	۲۵۶
۱۶۷	غیروں کے مقدس مقامات کی ڈیزائننگ ونقشے بنانا	۲۵۷
۱۶۸	ریڈیم سے بنی ہوئی تصاویر کے اسٹیکر چسپاں کرنا	۲۵۸
۱۶۹	تقریر وخطابت کے عوض اجرت لینا	۲۶۰
۱۷۰	اجرت یا کمیشن لینے کا حق کب ہوتا ہے؟	۲۶۳
۱۷۱	ساؤنڈ سسٹم کرایہ پر دینا	۲۶۴
۱۷۲	مدرسے کے سفیر کا ''اے سی/AC'' میں سفر کرنا	۲۶۵
	کتاب الهبة	
۱۷۳	داماد کو سونے کی انگوٹھی تحفے میں دینا	۲۶۶
	کتاب الحظر والاباحة	
۱۷۴	حکومتی لائسنس (اجازت) کے بغیر کاروبار	۲۶۸

۱۷۵	گردن کے اشارہ سے سلام کا جواب	۲۷۰
۱۷۶	موبائل کمپنی کا فرینڈشپ کال نمبر	۲۷۱
۱۷۷	سوشل میڈیا پر ہر سنی سنائی بات نقل کر دینا	۲۷۳
۱۷۸	مسلمان سال گرہ منانے سے احتراز کریں!	۲۷۵
۱۷۹	یومِ نکاح (شادی کی سال گرہ) منانا	۲۷۷
۱۸۰	غلط تاریخ پیدائش اندراج کر کے داخلہ	۲۷۸
۱۸۱	''محمد رسول اللہ'' نامی فلم کا بائیکاٹ	۲۸۰
۱۸۲	دیوالی کے موقع پر آتش بازی و پٹاخے	۲۸۱
۱۸۳	کسی کو موبائل پر صرف مِس کال کرنا	۲۸۳
۱۸۴	ایئر پورٹ، ریلوے اسٹیشن وغیرہ پر موبائل وغیرہ چارج کرنا	۲۸۴
۱۸۵	واٹس ایپ، فیس بک اور ٹویٹر وغیرہ کا استعمال	۲۸۵
۱۸۶	موبائل کمپنی کی اَن لمیٹیڈ ٹاک ٹائم سروس کا استعمال	۲۸۶
۱۸۷	موبائل کمپنی کی فلمی اسکیم میں شرکت	۲۸۷
۱۸۸	بچہ کی جنس معلوم کرنے کے لیے اَلٹرا ساؤنڈ کرانا	۲۸۹
۱۸۹	رشوت کی رقم سے مکان دکان کی تعمیر	۲۹۱
	کتاب اللباس والحجاب	
۱۹۰	بیوٹی پارلر کورس کرنا	۲۹۳
۱۹۱	عورتوں کی طرح لمبے لمبے بال رکھنا	۲۹۵
۱۹۲	براؤن (بھورا)، سرخ و زرد کلر بالوں میں استعمال کرنا	۲۹۷
۱۹۳	داڑھی بڑھنے سے پہلے ہی کٹوا دینا	۲۹۹

۱۹۴	داڑھی کو قینچی سے خش خشی کرنا	۳۰۱
۱۹۵	شوہروں کی غیر موجودگی میں عورتوں سے ملنا	۳۰۲
۱۹۶	مغیبات کے پاس جائے تو دین دار کو ساتھ لے جائے	۳۰۴
۱۹۷	بیٹے یا بھائی کا ماں یا بہن سے گلے ملنا	۳۰۶
۱۹۸	عورت کا اپنے محرم سے تنہائی میں ملنا	۳۰۷
۱۹۹	عورت کا فون پر اجنبی سے سلام کلام کرنا	۳۰۸
۲۰۰	بیرونِ ملک کے کپڑے خریدنا اور پہننا	۳۰۹
۲۰۱	اپنی حیثیت کے مطابق عمدہ لباس پہننا	۳۱۰
۲۰۲	ٹائی غیر مسلم لباس کا حصہ ہے	۳۱۲
	کتاب الاکل والشرب	
۲۰۳	مشترکہ کھانے میں کمی زیادتی	۳۱۴
۲۰۴	ہولی، دیوالی اور دسہرہ کی مٹھائیاں کھانا	۳۱۶
۲۰۵	نیم بریشتہ (ہاف بوائل) یا کچا انڈا کھانا	۳۱۷
	کتاب الطب	
۲۰۶	بطورِ علاج گائے کے پیشاب کا استعمال	۳۱۸
	کتاب الأدب	
۲۰۷	فتویٰ وتقویٰ دونوں ادب ہیں	۳۱۹
۲۰۸	ادبِ حقیقی	۳۲۱
۲۰۹	باادب بانصیب	۳۲۵
۲۱۰	ادب؛ صالح معاشرہ کی تشکیل کا ضامن	۳۲۷
۲۱۱	ادب انسانیت کی ضرورت	۳۲۹

۲۱۲	خالق کون ومکاں کا ادب	۳۳۲
۲۱۳	فخرِ کائنات سید البشر ﷺ کا ادب	۳۳۷
۲۱۴	مخلوق کا ادب	۳۳۹
	متفرق مسائل	
۲۱۵	قمری حساب کا محفوظ رکھنا فرضِ کفایہ ہے	۳۴۷
۲۱۶	ہجری سالِ نَو کی مبارک بادی دینا	۳۵۰
۲۱۷	قومی پرچم کو سلامی دینا	۳۵۱
۲۱۸	صبر وتحمّل اور برداشت معاشرتی برائیوں کا علاج	۳۵۳
۲۱۹	داعش کا اسلامی تعلیمات سے کوئی تعلق نہیں	۳۵۵
۲۲۰	بیوی کا اپنے نام کے ساتھ شوہر کا نام لگانا	۳۵۸
۲۲۱	معاملات کی صفائی	۳۶۰
۲۲۲	والد کے ساتھ اولاد کی معاملات میں شرکت اور تنازعات	۳۶۳
۲۲۳	تقسیمِ ترکہ فوری توجہ طلب	۳۶۷
۲۲۴	والدین کی خدمت واطاعت سے چشم پوشی	۳۶۹
۲۲۵	تحصیلِ علم انسانی فرائض میں داخل ہے	۳۷۱
۲۲۶	دینی تعلیم مرد وعورت دونوں کے لیے مطلوب	۳۷۶
۲۲۷	دینی مدارس کے مدرس کی تنخواہ کتنی ہونی چاہیے؟	۳۸۱
۲۲۸	بارشیں کیوں نہیں ہوتیں؟	۳۸۳
	مصادر ومراجع	۳۸۸

ابتدائیہ

الحمد للّٰہ رب العالمین ، والصلوۃ والسلام علی رسولہ الکریم أما بعد !

أعوذ باللّٰہ من الشیطٰن الرجیم O بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم O

﴿من اٰمن وعمل صٰلحًا من ذکر واُنثی فلنحیینّہ حیوۃ طیبۃ﴾ . (النحل :۹۷)

قال رسول اللّٰہ ﷺ : " سلّط اللّٰہ علیکم ذلا لا ینزعہ عنکم حتی ترجعوا إلی دینکم " . (فقہ الواقع للألباني : ۱/۲۲)

وقال الإمام مالک رحمہ اللّٰہ : " لا یصلح آخر ھذہ الأمۃ إلا بما صلح بہ أولھا " . (شرح العقیدۃ الطحاویۃ للحوالي : ۱/۹، مقدمۃ)

محترم برادرانِ اسلام! میرا اور آپ کا یہ یقین ہے کہ ہماری دنیوی کامیابی وسعادت مندی اور اُخروی سرخ رُوئی صرف اور صرف دینِ اسلام کی مکمل اتباع وپیروی میں ہے، جب تک امتِ مسلمہ اسلامی تعلیمات واحکام پر عمل پیرا رہی ہر طرح کی کامیابی نے اس کے قدم چُومے، اور اسے حیاتِ طیبہ حاصل رہی، لیکن جیسے جیسے اتباع میں کمی آتی گئی، یہ امت دیگر اقوام سے پیچھے ہوتی گئی، اور اب یہ حال ہے کہ دیگر قومیں دنیا کی امامت کر رہی ہیں، اور یہ امت ان کی اقتدا وتقلید۔ اگر ہمیں اپنی عظمتِ رفتہ کو دوبارہ پانا ہے، تو پھر سے دینِ اسلام کی کامل اتباع کرنی ہوگی، کیوں کہ اس کے بغیر کوئی چارہ کار نہیں۔

آج مسلم معاشرہ؛ بدعات ورُسومات، ناجائز معاملات وکاروبار، غیر اسلامی طرزِ زندگی ومعاشرت اور سنگین بداخلاقی وبدکرداری وغیرہ برائیوں کا شکار ہو چکا ہے، جس کی وجہ سے آئے دن اُس کے لیے نت نئے مسائل کھڑے کیے جا رہے ہیں، اس کے نوجوانوں کو ناکردہ گناہوں کی سزا دی جا رہی ہے، علماء کو خوف وہراس میں مبتلا کیا جا رہا ہے، دینی مدارس کو نہ صرف شک وشبہ کی نظروں سے دیکھا جا رہا ہے، بلکہ انہیں ملک مخالف سرگرمیوں کے مراکز قرار دینے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگایا جا رہا ہے، یہ سب مسائل ومصائب ہمارے گناہوں اور بداعمالیوں کا نتیجہ ہے، اور

ان سے خلاصی وچھٹکارے کا ایک ہی راستہ ہے، اور وہ ہے.....اِلی الاسلام من جدید..... کہ مسلمان ازسرِ نو اپنی زندگی کتاب وسنت کے سانچے میں ڈھال لیں، اور اپنی، اور اپنی اولاد کی اصلاح کے لیے اسی نسخے کو اَپنائیں، جس نسخے کو اولین نے اَپنایا تھا، اور وہ نسخہ ہے.....علومِ شرعیہ کو حاصل کرنا، اس پر عمل کرنا، اور اس کی اشاعت وتبلیغ کرنا۔

تبلیغِ دین کے جہاں بہت سے طریقے ہیں، اُنہی میں سے ایک طریقہ تالیف وترتیبِ کتبِ شرعیہ بھی ہے۔ اللہ رب العزت کا لاکھ لاکھ شکر واحسان ہے کہ اس نے ہمیں اس خدمت کی توفیق عطا فرمائی، اور اسی کا نتیجہ ہے کہ ''المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ''، یعنی ''**اہم مسائل**'' کی یہ نویں جلد (جو زندگی کے مختلف شعبوں سے متعلق ۲۲۸/مسائل پر مشتمل ہے) آپ کے ہاتھوں میں ہے، خدائے ذوالجلال والاکرام سے دعا کرتے ہیں کہ دین کی اِس ادنیٰ خدمت کو اپنے ہاں شرفِ قبولیت عطا فرمائے، اور ذخیرۂ آخرت بنائے!

میں مشکور ہوں!.....رئیسِ جامعہ حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم واَطال اللہ ظلہم بالصحۃ والعافیۃ کا؛ اُن کے اِس سلسلے کو بنظرِ استحسان دیکھنے پر،.....ناظم تعلیمات حضرت مولانا حذیفہ زید مجدہم وفضلہم کا؛ اُن کی تحریک وتحریض پر،.....اپنے معاون حضرات مفتیانِ کرام؛ (مفتی عبد المتین، مفتی مجیب الرحمٰن، مفتی افضل، زادہم اللہ شرفاً وعلماً) کا؛ اُن کی تخریج وتحقیق پر،.....اور دیگر مخلصین ومحبین کا؛ اُن کا بندے کے حق میں خدمتِ دین کے واسطے صحت وتن درستی کی دعاؤں پر.....اللہ پاک ہر ایک کو ان کے شایانِ شان اجرِ عظیم وجزیل عطا فرمائے!

ربنا تقبل منا اِنک أنت السمیع العلیم!

وتب علینا اِنک أنت التواب الرحیم!

محمد جعفر ملی رحمانی

۲۳/رجب المرجب ۱۴۳۷ھ

کتاب الإیمان والعقائد

ایمان وعقائد سے متعلق مسائل

امرِ ناجائز کا سبب بھی ناجائز

مسئلہ(۱): ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ﴾۔ ''(مسلمانو!) جن (جھوٹے معبودوں) کو یہ لوگ اللہ کے بجائے پکارتے ہیں، تم اُن کو بُرا نہ کہو، جس کے نتیجے میں یہ لوگ جہالت کے عالَم میں حد سے آگے بڑھ کر اللہ کو بُرا کہنے لگیں۔''(۱)

اس آیتِ کریمہ میں مسلمانوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ کافروں کے سامنے اُن (باطل دیوتاؤں) کے لیے نازیبا الفاظ استعمال نہ کیا کریں (جن کو ان لوگوں نے خدا بنا رکھا ہے)، اس لیے کہ کافر لوگ اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی کر سکتے ہیں، اگر انہوں نے ایسا کیا تو اس کا سبب تم بنو گے، اور جس طرح اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی کرنا حرام ہے، اسی طرح اس کا سبب بننا بھی ناجائز ہے۔ نیز اس آیت سے فقہائے کرام نے یہ اُصول مستنبط کیا (نکالا) ہے کہ اگر کوئی کام بذاتِ خود تو جائز یا مستحب ہو، لیکن اندیشہ ہو کہ اس کے نتیجے میں کوئی دوسرا شخص گناہ کا ارتکاب کرے گا، تو ایسی صورت میں وہ جائز یا مستحب کام بھی چھوڑ دینا چاہیے۔..... لہٰذا مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ کافروں، مشرکوں کے معبودانِ باطل کو بُرا بھلا نہ کہیں، کہ وہ بھی جواباً اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کی شان میں گستاخیاں کریں، اور اُن کو بُرا بھلا کہیں۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(١) (سورة الأنعام :١٠٨)

(٢) ما في " روح المعاني " : ﴿ولا تسبوا الذين يدعون من اللّٰه﴾ أي لا تشتموهم ولا تذكروهم بالقبيح ، والمراد من الموصول إما المشركون على معنى لا تسبوهم من حيث عبادتهم لآلهتهم كأن تقولوا : تبًّا لكم ولما تعبدونه مثلا أو آلهتكم ، فالآية صريحة في النهي عن سبّها . ..... ومعنى سبهم للّٰه عزّ وجلّ إفضاء كلامهم إليه كشتمهم له ﷺ ولمن يأمره ، ..... وقيل : المراد بسبّ اللّٰه تعالى سبّ الرسول ﷺ ، ونظير ذلک من وجه قوله تعالى : ﴿إن الذين يبايعونک إنما يبايعون اللّٰه﴾ . الآية .

(٥/٣٦٣ ، ٣٦٤ ، سورة الأنعام/ تفسير الآية :١٠٨ ، ط: زكريا بكڈپو ديوبند)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يحرم سبّ آلهة المشركين لقوله سبحانه : ﴿ولا تسبوا الذين يدعون من دون اللّٰه فيسبوا اللّٰه عدوا بغير علم﴾ . قال ابن العربي : اتفق العلماء على أن معنى الآية : لا تسبوا آلهة الكفار فيسبوا اللّٰه إلٰهكم .

(٢٤/١٤٢ ، سبّ ، النهي عن سبّ آلهة المشركين)

ما في " تبصرة الحكام لإبن فرحون " : فقوله تعالى : ﴿ولا تسبوا الذين يدعون من دون اللّٰه فيسبوا اللّٰه عدوا بغير علم﴾ .فمتى خاف المسلم إذا سبّ دين الكفر يؤدّي إلى سبّ اللّٰه أو رسوله أو الإسلام أو أهله لم يجز له أن يسبّ دينهم ولا صُلبانهم ولا ما يتعرض إلى ما يدعو إلى ذلک ، قاله ابن العربي في أحكام القرآن . اهـ .

(٢/٣٧٧ ، فصل في القضاء بسدّ الذرائع ، ط : دار المعرفة بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وأما سبّ الكفار ومعبوداتهم فقد ورد النهي عنه في قوله تعالى : ﴿ولا تسبوا الذين يدعون من دون اللّٰه فيسبوا اللّٰه عدوا بغير علم﴾ . فإن اللّٰه سبحانه وتعالى نهى المؤمنين عن سبّ أوثان الكفار وأصنامهم لعلمه سبحانه وتعالى أن المؤمنين إذا سبُّوها ازداد هؤلاء الكفار كفرًا ونفوذًا فيسبّوا المؤمنين بمثل ما سبّوهم به ، وحكم هذه الآية كما قال العلماء باقٍ في هذه الأمة على كل حال ، فمتى كان الكافر في مَنَعَةٍ وخيفَ أن يسبّ الإسلام أو النبي عليه الصلاة والسلام ، أو اللّٰه عزّ وجلّ فلا يحل لمسلم أن يسبّ=

.....

=صلبانهم ولا دينهم ولا كنائسهم ، ولا يتعرّض إلى ما يؤدّي إلى ذلك ؛ لأنه بمنزلة البعث على المعصية . (۲۱/۲۷۳ ، ذمّ الكفار والمنافقين ، ذمّ)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قال القرافي المالكي : اعلم أن الذريعة كما يجب سدّها يجب فتحها ، وتُكره وتُندب وتُباح ، فإن الذريعة هي الوسيلة ، فكما أن وسيلة المحرم محرمة فوسيلة الواجب واجبة . اهـ . (۲۴/۲۸۱ ، سدّ الذرائع ، فتح الذرائع)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قوله تعالى : ﴿ولا تسبوا الذين يدعون من دون الله فيسبوا الله عدوا بغير علم﴾ . فحرّم الله تعالى سبّ آلهة المشركين مع كون السبّ غيظًا وحميّة لله وإهانة لآلهتهم لكونه ذريعة إلى سبّهم لله تعالى ، وكانت مصلَحة ترك مَسَبّته تعالى أرجح من مصلحة سبّنا لآلهتهم ، وهذا كالتنبيه بل كالتصريح على المنع من الجائز لئلا يكون سببًا في فعل ما لا يجوز . (۲۸/۱۸۸ ، ضرر ، القسم السابع : التصرف المؤدّي إلى المفسدة ظنًّا ، اعلام المؤقعين :۳/۱۱۰ ، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " معارف القرآن " : ''اور فقہائے رحمہم اللہ نے تصریح فرمائی ہے کہ اگر کوئی شخص اس آیت کو بھی مشرکین کی چڑانے کے سبب سے پڑھے، تو اس کے لیے اس وقت یہ تلاوت کرنا بھی سبِّ ممنوع میں داخل اور ناجائز ہے، جیسے مواضعِ مکروہہ میں تلاوتِ قرآن کا ناجائز ہونا سب کو معلوم ہے۔ روح المعانی''.....جو کام اپنی ذات کے اعتبار سے جائز بلکہ کسی درجے میں محمود بھی ہو مگر اس کے کرنے سے کوئی فساد لازم آتا ہو، یا اس کے نتیجے میں لوگ مبتلائے معصیت ہوتے ہوں، وہ کام بھی ممنوع ہو جاتا ہے، کیوں کہ معبوداتِ باطلہ یعنی بتوں کو بُرا کہنا کم از کم جائز تو ضرور ہے، اور ایمانی غیرت کے تقاضے سے کہا جائے، تو شاید اپنی ذات میں ثواب اور محمود بھی ہو، مگر چوں کہ اس کے نتیجے میں یہ اندیشہ ہو گیا کہ لوگ اللہ جل شانہٗ کو بُرا کہیں گے، تو بتوں کو بُرا کہنے والے اس بُرائی کا سبب بن جائیں گے، اس لیے اس جائز کام کو بھی منع کر دیا گیا۔ اس کی ایک اور مثال بھی حدیث میں اس طرح آئی ہے، کہ آنحضرت ﷺ نے صحابۂ کرام کو مخاطب کر کے فرمایا کہ: ''کوئی شخص اپنے ماں باپ کو گالی نہ دے، صحابۂ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) یہ تو کسی شخص سے ممکن ہی نہیں کہ اپنے ماں باپ کو گالی دے؟ فرمایا کہ ہاں! انسان خود تو ان کو گالی نہیں دیتا، لیکن جب وہ کسی دوسرے شخص کے ماں باپ کو گالی دے اور اس کے نتیجے میں وہ دوسرا اس کے ماں باپ کو گالی دے، تو اس گالی دلوانے کا سبب یہ بیٹا بنا، تو یہ بھی ایسا ہی ہے جیسے اُس نے خود گالی دی۔''=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=.....خلاصہ اس اصول کا جو آیتِ مذکورہ سے نکلا ہے یہ ہوگیا کہ جو کام اپنی ذات میں جائز بلکہ طاعت وثواب بھی ہو، مگر مقاصدِ شرعیہ میں سے نہ ہو، اگر اس کے کرنے پر کچھ مفاسد لازم آجائیں، تو وہ کام ترک کردینا واجب ہوجاتا ہے، بخلاف مقاصدِ شرعیہ کے کہ وہ لزومِ مفاسد کی وجہ سے ترک نہیں کیے جاسکتے۔''

(۳/۴۲۰، ۴۲۱، ۴۲۳، سورۂ انعام: آیت نمبر: ۱۰۸)

(مستفاد از توضیح القرآن: ۱/۴۱۶، سورۂ انعام: آیت نمبر: ۱۰۸، حاشیہ نمبر: ۴۶)

ما في " بيان القرآن " : ''**ف** :بتوں کو برا کہنا فی نفسہ امرِ مباح ہے، مگر جب وہ ذریعہ بن جاوے ایک امرِ حرام یعنی گستاخی بجناب باری تعالیٰ کا وہ بھی منہی عنہ اور قبیح ہوجاوے گا۔ اس سے ایک قاعدہ شرعیہ ثابت ہوا کہ مباح جب حرام کا سبب بن جاوے وہ حرام ہوجاتا ہے، اور ہر چند کہ اوپر یا دوسری آیات میں جو مضامین اثباتِ توحید ورسالت وابطالِ شرک وکفر کے مذکور ہیں، بعض اوقات ان پر بھی کفار گستاخی بجناب باری جل شانہٗ وتکذیبِ حضور پُرنور ﷺ کے کلمات کہا کرتے تھے، چنانچہ مقاماتِ متعددہ میں وہ منقول ہیں، لیکن ان مضامین کا بیان کرنا ممنوع نہیں ہوا۔ وجہ فرق یہ کہ ان مضامین کا ظاہر کرنا واجب اور مطلوب عند الشرع تھا ایسے امر پر اگر کچھ مفاسد مرتب ہوجاویں، تو اس امر کو ترک نہ کیا جاوے گا۔ یہ دوسرا قاعدہ ثابت ہوا۔ اور دشنامِ بت امرِ مباح تھا واجب مطلوب عند الشرع نہ تھا، ایسے امر پر جب مفاسد مرتب ہوں گے اس کو ترک کرنا واجب ہوگا، یہی فرق ہے دونوں امر میں۔.....اور قرآن مجید کی بعض آیات میں جو معبودانِ باطلہ کی تحقیر مذکور ہے وہ بقصدِ سبّ وشتم نہیں بلکہ مناظرہ میں بطور تحقیق مطلوب واستدلال والزام خصم کے ہے جو مناظرات میں مستعمل ہے، اور قرائن سے مخاطب کو فرق معلوم ہوجاتا ہے کہ تحقیق مقصود ہے یا تحقیر، اول جائز، دوسرا ناجائز۔ فقط۔''

(۱/۵۸۰، سورۂ انعام، آیت نمبر: ۱۰۸، نہی از مشاتمت با کفار، ط: ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان پاکستان)

انبیاء علیہم السلام گناہوں سے معصوم ہوتے ہیں

مسئلہ (۲): اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ صفتِ عصمت (گناہوں سے معصوم ہونا)[۱]، انبیاء علیہم السلام کے لیے لازم ہے، یہ صفت اُن سے کسی بھی وقت جدا نہیں ہوتی[۲]، نبوت سے پہلے بھی حضراتِ انبیاء علیہم السلام سے کوئی گناہ سرزد نہیں ہوتا[۳]، اور اُن کی جن لغزشوں کا ذکر قرآن کریم وغیرہ میں آیا ہے، وہ سب ایسی خلافِ اَولیٰ باتیں ہیں، جو صورۃً معصیت ہیں، حقیقۃً نہیں، مگر انبیاء علیہم السلام کو اُن کی جلالتِ قدر کی وجہ سے اِن پر بھی تنبیہ کی گئی[۴]، اس لیے ہم سب کا یہ عقیدہ ہونا چاہیے کہ تمام حضرات انبیاء علیہم السلام گناہوں سے معصوم ہیں۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : العصمة في اللغة : مطلق المنع والحفظ ، وعصمة الله عبده : أن يمنعه ويحفظه مما يوبقه . .... تختلف الأحكام المتعلقة بالعصمة باختلاف إطلاقها : أ – العصمة : بمعنى حفظ الله للمكلف من الذنوب مع استحالة وقوعها منه . ..... فالعصمة بالمعنى الأول لا تثبت إلا للأنبياء والملائكة وهي : ملكة يودعها الله فيهم تعصمهم من الوقوع في المحرمات والمكروهات ، وخلاف الأولى . اهـ .

(۳۰/۱۳۷ ، عصمة ، التعريف ، الأحكام المتعلقة بالعصمة)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿لقد كان لكم فيهم اسوة حسنة لمن كان يرجو الله واليوم الأخر ومن يتولّ فان الله هو الغني الحميد﴾ . (سورة الممتحنة :٦) . وقوله تعالى : ﴿لقد كان لكم في رسول الله اسوة حسنة لمن كان يرجو الله واليوم الأخر وذكر الله كثيرًا﴾ .=

.....

=(سورة الأحزاب : ۲۱)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وبذلک يثبت أن الرسل عليهم الصلاة والسلام بعد نبوتهم وبعد الأمر بالاقتداء بهم معصومون عن الوقوع في المعاصي ، وهذا ما يسمى : عصمة الرسل . (۱۳۸/۳۰، عصمة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الأنبياء معصومون عن الكبائر عند عامة المسلمين . ونقل القاضي عِياض الإجماع على المعصية عن الصغيرة المفضية للخسّة وسقوط المروء ة والحِشمة . ومنع الحنفية وبعض الشافعية صدور الصغائر غير الخسيسة أيضًا .

(۲۱۸/۳۸، عصمة الأنبياء من المعاصي ، معصية)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : أما عصمتهم قبل النبوة فقد اختلف فيها ، فمنعها قوم ، وجوزها آخرون ، والصحيح تنزيههم من كل عيب . ..... ولكن سيرة الأنبياء التي أثرت عنهم قبل نبوتهم تشهد بأنهم كانوا من أبعد الناس عن المعاصي : كبائرها وصغائرها .

(۱۳۸/۳۰، عصمة)

ما في " تفسير محمود " : ''حضراتِ انبیاء صغائر و کبائر سے معصوم ہوتے تھے، نبوت ملنے سے قبل بھی اور نبوت ملنے کے بعد بھی، قرآن وحدیث میں اس کے متعدد دلائل ہیں، جن کی تفصیل کا یہاں موقع نہیں ہے۔ مختصر یہ ہے کہ انبیاء منبع ومرکزِ شریعت ہوتے ہیں، اور آسمانی کتابوں میں حضرات انبیاء کی غیر مشروط اطاعت کا حکم دیا گیا ہے، خدانہ کرے اگر وہ معصوم ومحفوظ نہ ہوں، تو پھر ان کی ایک ایک ادا قابلِ تقلید کیسے ہوسکتی ہے؟''

(۳۰/۲، سورۂ انعام، مسئلہ عصمتِ انبیاء اور مودودی صاحب، افادات: فقیہ ملت مفکر اسلام حضرت مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ، ناشر: جمعیۃ پبلی کیشنز لاہور)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وعصىٰ ادم ربه فغوى﴾ . (سورة طه : ۱۲۱)

ما في " التفسير السمرقندي " : ﴿وعصىٰ ادم ربه فغوى﴾ أي : ترک أمره بأكله من الشجرة ﴿فغوى﴾ أي : أخطأ ولم يصب بأكله ما أراد وما وعد له من الخلود . (۳۵۷/۲)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿ربنا ظلمنا انفسنا﴾ . (سورة الأعراف :۲۳)

ما في " التفسير السمرقندي " : ﴿ربنا ظلمنا انفسنا﴾ بأكلنا الشجرة فاغفر لنا وتجاوز عن معصيتنا ..... وقد ذكر الله تعالى قبول توبتهما في سورة البقرة وهو قوله تعالى :=

.....

= ﴿فتاب عليه﴾ أي قبل توبته . وفي الآية دليل أن الله تعالى يعذب عباده إذا أصرّوا على الذنوب ويتجاوز عنهم إذا تابوا ؛ لأن إبليس لم يتب وسأل النظرة فجعل مأواه جهنم ، وتاب آدم ورجع عن ذنبه فقبل توبته . (۱/۵۳۵)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿قال بل فعله كبيرهم هذا فاسئلوهم ان كانوا ينطقون﴾ .

(سورة الأنبياء :٦٣)

ما في " التفسير السمرقندي " : ﴿بل فعله كبيرهم هذا﴾ يعني : عظيمهم عندكم ، وإنما قال هذا على وجه الاستهزاء لا على وجه الجدّ . (۲/۳۷۱)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولهم علي ذنب فأخاف ان يقتلون﴾ . (سورة الشعراء :۱۴)

ما في " التفسير السمرقندي " : ﴿ولهم عليّ ذنبٌ﴾ يعني : قصاص بقتل القبطي ﴿فأخاف أن يقتلون﴾ به قال القتبي : على معنى عندي أي لهم عندي ذنب ﴿قال﴾ الله تعالى : ﴿كلا﴾ أي : لا تخف . وقال الزجاج : كلا ردعٌ وتنبيه أي : لا يقدرون على ذلك . (۲/۴۷۱)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿قال فعلتها إذا وأنا من الضآلّين﴾ . (سورة الشعراء :۲۰)

ما في " التفسير السمرقندي " : ﴿قال فعلتها إذا﴾ يعني : قتلت النفس ﴿وأنا من الضّآلّين﴾ عن النبوة كقوله : ﴿ووجدك ضآلًّا فهدى﴾ ويقال : من الجاهلين ولم أتعمد القتل . قال القتبي : أصل الضلالة العدول عن الحق ثم يكون لمعاني منها النسيان ؛ لأن الناسي عادل عنه فكما قال هاهنا : ﴿فعلتها إذا وأنا من الضآلّين﴾ أي : من الناسين . وكما قال : ﴿أن تضل إحداهما فتذكر إحداهما الأخرى﴾ . (۲/۴۷۲)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿لا اله الا انت سبحانك اني كنت من الظلمين﴾ .

(سورة الأنبياء :۸۷)

ما في " التفسير السمرقندي " : ﴿سبحانك﴾ إني تبت إليك ﴿إني كنت من الظالمين﴾ لنفسي ، قال الله تعالى : ﴿فاستجبنا له ونجّيناه من الغمّ﴾ . (۲/۳۷۷)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿وظنّ داود انما فتنّه فاستغفر ربه﴾ . (سورة صٓ :۲۴)

ما في " التفسير السمرقندي " : ﴿فاستغفر ربه وخرّ راكعًا وأناب﴾ يعني وخرّ وقع راكعًا ساجدًا ﴿وأناب﴾ يعني أقبل إلى طاعة الله تعالى بالتوبة . وروى عطاء بن السائب عن أبي=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=عبد الله الجبلي قال : إن داود لم يرفع رأسه إلى السماء مذ أصاب الخطيئة حتى مات ، ..... يقول الله عز وجل : ﴿فغفرنا له ذلک﴾ يعني ذنبه . ﴿وإن له عندنا لزلفى﴾ لقربة ﴿وحسن مآب﴾ أي المرجع في الآخرة . (۱۳۳/۳)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿ليغفرلک الله ما تقدّم من ذنبک وما تأخّر﴾ .

(سورة الفتح : ۲)

ما في " التفسير السمرقندي " : ﴿ليغفر لک﴾ قال بعضهم : هذه لام كي ، فكأنه قال : لكي يغفر لک ﴿الله ما تقدم من ذنبک﴾ يعني ذنب آدم ﴿وما تأخر﴾ يعني ذنب أمتک . اهـ . (۲۴۹/۳، تفسير سورة الفتح)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿واستغفر لذنبک﴾ .(سورة غافر : ۵۵ ، و سورة محمد : ۱۹)

ما في " التفسير السمرقندي " : ﴿واستغفر لذنبک﴾ وهذا قبل نزول قوله : ﴿ليغفر لک الله ما تقدم من ذنبک وما تأخّر﴾ ، ويقال : استغفر لذنبک أي لذنب أمتک .

(۱۷۱/۳، تفسير سوة غافر)

(فتاویٰ عثمانی:۱/ ۶۶، ۶۷، مسئلہ عصمت انبیاء علیہم السلام، امداد الفتاویٰ :۵/۴۱۲، ۴۱۳، دلیل عصمت انبیاء، وایضاً:۶/ ۱۱۷، ۱۱۸، عصمت انبیاء، فتاویٰ عزیزی: ص/۳۹۲- ۳۹۵، ایچ ایم سعید کمپنی کراچی، جامع الفتاویٰ: ۱/ ۱۱۵، ۱۱۶، انبیاء کے معصوم ہونے کی دلیل، ط: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ پاکستان)

شاتم رسول ﷺ کی سزا

مسئلہ (۳): جو شخص کافر ہو یا مسلم، سید الاولین والآخرین، شفیع المذنبین، رحمۃ للعالمین، حضرت محمد مصطفیٰ، احمد مجتبیٰ ﷺ پر ہنسی اُڑاتا ہے، یا آپ ﷺ کی سیرت وزندگی کے کسی گوشے کے بارے میں استہزائیہ انداز اختیار کرتا ہے، یا آپ کی توہین وتنقیص کرتا ہے، یا آپ کی شان میں گستاخی کرتا ہے، یا آپ کو گالی بکتا ہے، یا آپ کی طرف بُری باتوں کو منسوب کرتا ہے، یا آپ کی ازواجِ مطہرات اور امہات المؤمنین -رضی اللہ عنہن- کے حق میں نازیبا باتیں کرتا ہے، یا حضراتِ صحابۂ کرام -رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین- کی شان میں نامناسب ونادرست الفاظ استعمال کرتا ہے،.....ایسا آدمی سراسر کافر، مرتد، زندیق وملحد ہے، اگر ایسا شخص کسی مسلم ملک میں یہ حرکت کرتا ہے، تو اس کو کیفرِ کردار تک پہنچانا (قتل کرنا) مسلم حکومت پر واجب ہے۔[1] لیکن ہم جس ملک کے باشندے ہیں، نہ تو وہ مسلم ملک ہے، اور نہ اس کا دستور وقانون اسلامی ہے، بلکہ یہ ایک ایسا جمہوری ملک ہے جس کا ہر شہری اس کے جمہوری دستور وقانون کا مکلّف وپابند ہے، اور اس کی رُو سے ہر شہری پر ایک دوسرے کی جان ومال اور مذہب ودھرم کا احترام لازم ہے، نیز حکومت بھی اپنی عمل داری میں اقلیتوں کے وجود اور قومی، نسلی، ثقافتی، مذہبی ولسانی تشخُّص کی حفاظت کی پابند ہے، مگر یہ بات انتہائی افسوس ناک ہے کہ کچھ عرصہ سے بعض شر پسند عناصر؛ اسلام، پیغمبرِ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف توہین آمیز واشتعال انگیز بیانات دے کر ملک کے امن وامان، اخوت

وبھائی چارے کی فضا کو مسموم کر کے، اس کے اتحاد وسالمیت کے لیے خطرات پیدا کرنے میں مصروف ہیں، اور حکومتِ وقت ان کے خلاف کاروائی کرنے میں لیت ولعل کر کے اپنی جانب داری کا ثبوت پیش کر رہی ہے۔

ایسے حالات میں ہم مسلمانوں پر لازم ہے کہ:.....صبر وحلم کا دامن ہاتھ سے نہ چھوٹنے دیں، پُر تشدُّد ردِّ عمل سے گُریز کریں، کہ وہ ہمارے لیے ہی نقصان دہ ثابت ہوتا ہے، البتہ اپنے دستوری حقوق؛ دین ومذہب، جان ومال، عزت وآبرو کی حفاظت کے لیے حسنِ تدبیر کے ساتھ حکومتِ وقت پر دباؤ بنائیں، اور اسلام، پیغمبرِ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف توہین آمیز واشتعال انگیز بیانات دینے والوں کو، ملکی قوانین میں موجود دفعات کا سہارا لے کر قرارِ واقعی سزا دلوانے کے لیے عدالتوں سے رُجوع کریں۔

اللهم أرنا الحق حقا وارزقنا اتباعه، وأرنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابه!

آمین یا رب العالمین!

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ان الذين يؤذون الله ورسوله لعنهم الله في الدنيا والأخرة واعدّ لهم عذابًا مهينًا﴾ . (سورة الأحزاب : ۵۷) – وقوله تعالى : ﴿ومنهم الذين يؤذون النبيّ ويقولون هو أُذن قل أُذن خير لكم يؤمن بالله ويؤمن للمؤمنين ورحمةٌ للذين امنوا منكم والذين يؤذون رسول الله لهم عذابٌ اليمٌ . (سورة التوبة : ۶۱) – وقوله تعالى : ﴿ألم يعلموآ أنه من يحادد الله ورسوله فإن له نار جهنّم خالدًا فيها ، ذلك الخزي العظيم﴾ .

(سورة التوبة :۶۳)

ما في " التفسير المظهري " : من آذى رسول الله ﷺ بطعن في شخصه أو دينه أو نسبه=

.....

= أو صفة من صفاته أو بوجه من وجوه الشين فيه صراحة أو كناية أو تعريضاً أو إشارة كفر، ولعنة اللّٰه في الدنيا والآخرة وأعدّ لهم عذاب جهنم ..... قال ابن همام : كل من أبغض رسول اللّٰه ﷺ بقلبه كان مرتدًا فالسباب بالطريق الأولى ويقتل عندنا حدًا .

(۷/ ۳۸۲، مكتبة زكريا ديوبند)

ما في " معارف القرآن " : مسئله : "جوشخص رسول اللہ ﷺ کو کسی طرح کی ایذا پہنچائے، آپ کی ذات یا صفات میں کوئی عیب نکالے، خواہ صراحۃً ہو یا کنایۃً وہ کافر ہوگیا، اور اس آیت کی رُو سے اُس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت دنیا میں بھی ہوگی اور آخرت میں بھی۔" (کذا قال القاضی ثناء اللہ فی التفسیر المظہری)۔

(۷/ ۲۲۹، سورۂ احزاب، آیت نمبر: ۵۷)

ما في " جامع الترمذي " : عن عبد اللّٰه بن مغفل قال : قال رسول اللّٰه ﷺ : " اللّٰه اللّٰه في أصحابي ، لا تتخذوهم غرضًا بعدي ، فمن أحبهم فبحبي أحبهم ، ومن أبغضهم فببغضي أبغضهم ، ومن آذاهم فقد آذاني ، ومن آذاني فقد آذى اللّٰه ، ومن آذى اللّٰه فيوشك أن يأخذه " . قال أبو عيسى : هذا حديث غريب لا نعرفه إلا من هذا الوجه .

(۵/ ۶۹۶، رقم: ۳۸۶۲، ط: دار احياء التراث العربي بيروت)

ما في " سنن النسائي " : عن ابن عباس رضي اللّٰه عنه : " أن أعمى كان على عهد رسول اللّٰه ﷺ وكانت له أم ولد وكان له منها ابنان ، وكانت تكثر الوقيعة برسول اللّٰه ﷺ وتسب فيزجرها فلا تنزجر ، وينهاها فلا تنتهي ، فلما كان ذات ليلة ذكرت النبي ﷺ فوقعت فيه ، فلما صبر أن قمت إلى المغول فوضعته في بطنها فاتكأت عليه فقتلتها فأصبحت قتيلاً ، فذكر ذلك للنبي ﷺ فجمع الناس وقال : أنشد اللّٰه رجلاً لي عليه حق فعل ما فعل إلا قام ، فأقبل الأعمى يتدلدل فقال : يا رسول اللّٰه ! أنا صاحبها كانت أم ولدي وكانت بي لطيفة رفيقة ولي منها ابنان مثل اللؤلؤتين ولكنها كانت تكثر الوقيعة فيك وتشتمك فأنهاها فلا تنتهي ، فأزجرها فلا تنزجر ، فلما كانت البارحة ذكرتك فوقعت فيك فقمت إلى المغول فوضعته في بطنها فاتكأت عليها حتى قتلتها ، فقال رسول اللّٰه ﷺ : " ألا ! أشهدوا أن دمها هدر " . (۲/ ۱۵۲، كتاب المحاربة ، الحكم فيمن سبّ النبي ﷺ ،سنن أبي داود: ۲/ ۵۹۹ ، كتاب الحدود ، باب الحكم فيمن سب النبي ﷺ)=

.....

=ما في " سنن أبي داود " : عن علي رضي الله عنه : " أن يهودية كانت تشتم النبي ﷺ وتقع فيه فخنقها رجل حتى ماتت فأبطل رسول الله ﷺ دمها " .

(٢/٦٠٠، كتاب الحدود ، باب الحكم فيمن سبّ النبي ﷺ)

ما في " مصنف عبد الرزاق " : عن عكرمة مولى ابن عباس رضي الله عنهما : " أن النبي ﷺ سبّه رجل ، فقال : " من يكفيني عدوي ؟ " فقال الزبير : أنا ، فبارزه فقتله الزبير ، فأعطاه النبي ﷺ سلبه " . (٥/٣٠٧ ، باب من سبّ النبي ﷺ)

ما في " بذل المجهود " : اختلف العلماء فيمن سبّ النبي ﷺ ، فقال ابن القاسم عن مالک : يقتل من سبّه ﷺ منهم إلا أن يسلم ، وأما المسلم فيقتل بغير استتابة ، وروي عن الأوزاعي ومالک في مسلم أنها ردة يستتاب منها ، وعن الكوفيين إن كان ذمياً عزر ، وإن كان مسلمًا فهي ردة . (١٢/٤٢٦)

ما في " الصارم المسلول على شاتم الرسول " : المسألة الأولى – أن من سبّ النبي ﷺ من مسلم أو كافر فإنه يجب قتله . هذا مذهب عليه عامة أهل العلم ، قال ابن المنذر : أجمع عوام أهل العلم على أن حدّ من سبّ النبي ﷺ القتلُ ، وممن قاله مالک والليث وأحمد وإسحاق ، وهو مذهب الشافعي . اهـ . (ص/٣ ، من سبّ النبي ﷺ يجب قتله مسلما كان أو ذميا ، المسألة الأولى ، شيخ الإسلام الإمام أحمد بن عبد الحليم بن عبد السلام الحرّاني الدمشقي المعروف بابن تيمية ، ط : المكتبة العصرية صيدا بيروت)

ما في " رد المحتار " : قال الحنابلة : إنه يقتل سابّ الرسول ﷺ ولا تقبل توبته سواء كان مسلماً أو كافراً ، وعامة هؤلاء لما ذكروا المسئلة قالوا يستتاب ، فإن تاب وإلا قتل كالمرتد . (٦/٢٨٣)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : قال العلامة الحصكفي رحمه الله : وكل مسلم ارتد فتوبته مقبولة إلا الكافر بسبّ النبي ﷺ من الأنبياء فإنه يقتل حداً ولا تقبل توبته مطلقاً ، ومن شک في عذابه وكفره كفر ، من نقص مقام الرسالة بقوله بأن سبّه النبي ﷺ أو بفعله بأن بغضه قتل حداً كما مرّ التصريح به ، لكن صرح في آخر الشفاء بأن حكمه كالمرتد . (در مختار) . وفي الشامية : وحاصله أنه نقل الإجماع على كفر الساب ، ثم نقل عن =

.....

=مالک ومن ذکر بعده أنه لا تقبل توبته..... ثم قال : وبمثله قال أبوحنيفة وأصحابه أي قال إنه يقتل يعني قبل التوبة لا مطلقاً . (۲۸۲/۶)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : من لم يقر ببعض الأنبياء عليهم السلام أو عاب نبياً بشيء أو لم يرض بسنة من سنن المرسلين عليهم السلام فقد كفر .

(۲۴۳/۴، فصل فيما يعود إلى الأنبياء عليهم السلام)

ما في " الفتاوى الهندية " : ومن قال : لا أدري أن النبي ﷺ كان إنسياً أو جنياً يكفر . كذا في فصول العمادية . (۲۶۳/۲، فصل في أحكام المرتدين)

ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية " : ومن سمع حديثه عليه السّلام فقال : سمعناه كثيرا بطريق الاستخفاف يكفر . (۶/ ۳۲۷ ، الفصل الثالث في الأنبياء ، كذا في مجمع الأنهر: ۲/ ۵۰۶، البحر الرائق: ۵/ ۲۰۳)

وما في " الفتاوى الهندية " : ما كان في كونه كفراً اختلاف فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح وبالتوبة والرجوع عن ذلک بطريق الاحتياط .....وإن كانت نيته الوجه الذي يوجب التكفير لا تنفعه فتوى المفتي ، ويؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلک وبتجديد النكاح بينه وبين امرأته . (۲/ ۲۸۳، قبيل باب العاشر في البغاة ، كذا في الفتاوى التاتارخانية :۲۳۴/۴، كتاب أحكام المرتدين)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وقد صرّح في النتف ومعين الحكام وشرح الطحاوي وحاوي الزاهدي ، وغيرهما بأن حكمه كالمرتد ولفظ النتف من سبّ الرسول فإنه مرتد ، وحكمه حكم المرتد ويفعل به ما يفعل بالمرتد .

(۶/ ۲۸۴ ، كتاب الجهاد ، حكم سباب الأنبياء)

(محقق ومدلل جدید مسائل:۱/۶۲-۶۴، مسئلہ نمبر:۶، کتاب الایمان والعقائد، فتاویٰ ختم نبوت:۱/۲۵۸، ۲۵۹، و: ۱/۳۰۳، و:۳/۱۰۳، و:۳/۱۵۳، اسلام میں شاتمِ رسول کی سزا)

ما في " حاشية فتاوى محموديه " : ''راجح قول کے مطابق سب النبی اکے مرتکب کی توبہ مقبول ہے، لیکن اگر قبل از توبہ قتل کیا گیا تو گناہ نہیں۔'' (فتاویٰ محمودیہ:۲/۴۹۴، مایتعلق بالاستخفاف باللہ وشعائرہ، کراچی)

گستاخِ رسول ﷺ کو حرامی کہنا

مسئلہ (۴): بعض لوگ سورۂ قلم کی آیت نمبر ۱۳: ﴿عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِکَ زَنِیْمٍ﴾ [۱] میں لفظ "زنیم" (نچلے نسب والا/ حرام زادہ [۲]) سے استدلال کر کے گستاخِ رسول ﷺ کو "حرامی" کہتے ہیں، کیوں کہ قرآنِ کریم کی آیتِ مذکورہ میں آپ ﷺ کی مخالفت میں پیش پیش رہنے والے کافروں، مثلاً: اخنس بن شُرَیْق، اسود بن عبد یغوث، یا ولید بن مُغیرہ [۳] وغیرہ کو "زنیم" (نچلے نسب والا/حرام زادہ) کہا گیا، اُن کی یہ بات درست نہیں ہے، اس لیے کہ آنحضرت ﷺ کی، یا کسی بھی نبی ورسول کی شان میں گستاخی کرنا بدترین کفر ہے [۴] (نعوذ باللہ)، مگر قرآنِ کریم کی اس آیتِ کریمہ میں جس شخص کو "زنیم" کہا گیا ہے، اس کو گستاخیٔ رسول ﷺ کی وجہ سے "زنیم" نہیں کہا گیا، بلکہ یہ ایک واقعہ کا بیان ہے کہ وہ شخص واقعۃً ایسا ہی بدنام اور مشکوک نسب کا تھا [۵]، لہٰذا آیتِ کریمہ سے یہ اُصول نہیں نکالا جاسکتا کہ جو شخص گستاخیٔ رسول ﷺ کا ارتکاب کرے، اُس کو "حرامی" کہہ سکتے ہیں۔ [۶]

الحجة على ما قلنا :

(۱) (القرآن الكريم ، سورة القلم : ۱۳)

(۲) ترجمہ: "سخت مزاج ہو اس کے علاوہ حرام زادہ ہو"

(بیان القرآن: ۲/ جز ۱۲، ص/ ۲۹، ط: مکتبۃ الحق ماڈرن ڈیری جوگیشوری)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

= ''بدمزاج ہے، اور اس کے علاوہ نچلے نسب والا بھی۔''

(آسان ترجمۂ قرآن: ۱۷۸۲/۳، مفتی تقی عثمانی مدظلہٗ)

(۳) (توضیح القرآن/آسان ترجمۂ قرآن: ۱۷۸۲/۳، آیت نمبر: ۱۳، سورۂ قلم، حاشیہ نمبر: ۴)

(۴) **ما في " تنبيه الولاة والحكام ..... ملحقه رسائل ابن عابدين " : قال أبو يوسف : وأيما رجل مسلم سبّ رسول الله ﷺ أو كذّبه أو عابه أو تنقّصه فقد كفر بالله تعالى .**

(۱/ ۳۲۴ ، بحوالہ آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۵۷/۲، حاشیہ نمبر: ۲، جدید ایڈیشن)

(امداد الفتاویٰ: ۳۹۸/۵، توہین خدا اور رسول کفر ہے، فتاویٰ ختم نبوت: ۲۵۸/۱)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ولا فرق بين نبي وغيره من سائر الأنبياء ، وكذا الرسل إذ النبي أعم من الرسول على المشهور . (۲۴/ ۱۳۷ ، سب الذمي النبي ﷺ)

(۵) **ما في " معارف القرآن شفيعي " :** ''زنیم'' کے معنی: وہ شخص جس کا نسب کسی باپ سے ثابت نہ ہو، جس شخص کے یہ اوصاف بیان کیے گئے تھے وہ ایسا غیر ثابت النسب تھا۔'' (۵۳۳/۸)

ما في " تفسير محمود " : ''زنیم'' کا معنی: ولد الزنا ہے، یعنی حرام زادہ، ولید بن مغیرہ کے متعلق منقول ہے کہ اس کی عمر ۱۸ سال تھی اور اس وقت تک اس کا نسب معلوم نہ تھا، پھر اس کے باپ نے دعویٰ کر دیا کہ یہ میرا بیٹا ہے۔'' الخ۔ (۳۸۸/۳، افادات حضرت مفتی محمود رحمہ اللہ، ط: جمیعۃ پبلی کیشنز لاہور)

(۶) (آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۵۷/۲، موجباتِ کفر، کیا گستاخ رسول کو حرامی کہہ سکتے ہیں؟ جدید ایڈیشن، فتاویٰ ختم نبوت: ۲۳۷/۱)

مسلمان کعبۃ اللہ کی عبادت نہیں کرتے

مسئلہ (۵): مخالفینِ اسلام کو استِقبالِ قبلہ؛ یعنی کعبہ کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھنے اور اُس کا طواف کرنے پر اعتراض ہے، کہ مسلمان کعبہ کی پرستش کرتے ہیں، اُس کا جواب یہ ہے کہ ہم کعبہ کی پرستش نہیں کرتے، بلکہ خدا کی عبادت کرتے ہیں، اور صرف منہ قبلہ کی طرف کرتے ہیں[1]، اور اس کے لیے ہمارے پاس بہت سے دلائل ہیں:

۱- ہم خود اُس کی معبودیت کی نفی کرتے ہیں، اور ظاہر ہے کہ کوئی عابد اپنے معبود کی معبودیت کی نفی نہیں کیا کرتا۔

۲- نماز پڑھتے ہوئے اگر کسی کے دل میں کعبہ کا خیال بھی نہ آئے، مگر کعبہ کی طرف منہ رہے، تو نماز درست ہے، چنانچہ بہت سے لوگ ایسے ہیں کہ وہ مسجد میں آ کر نماز شروع کر دیتے ہیں، اور کعبہ کا کچھ بھی خیال اُن کو نہیں آتا، تب بھی اُن کی نماز درست ہوتی ہے، اگر ہم کعبہ کی عبادت کرتے، تو اس کی نیت کرنا شرط ہوتا، مگر ایسا نہیں ہے۔

۳- اگر کسی وقت کعبہ نہ رہے، جب بھی نماز فرض رہے گی، اور اس سمت منہ کیا جائے گا، جس سمت میں کعبہ موجود ہے، اس سے معلوم ہوا کہ مسلمان کعبہ کے اینٹ پتھروں کو نہیں پوجتے، ورنہ انہدامِ کعبہ (کعبہ کی عمارت گر جانے) کے بعد نماز موقوف ہو جاتی۔

۴- اگر کوئی شخص کعبہ کی چھت پر نماز پڑھے، تو اس کی نماز درست ہے، اگر

کعبہ مسلمانوں کا معبود ہوتا، تو اس کے اوپر چڑھ کر نماز صحیح نہ ہوتی، کیوں کہ اب کعبہ اس کے سامنے نہیں ہے، نیز معبود کے اوپر چڑھنا گستاخی ہے، تو اس حالت میں نماز کس طرح درست ہوگی، مگر فقہائے کرام نے تصریح کی ہے کہ کعبہ کی چھت پر بھی نماز صحیح ہو جاتی ہے۔ (۲)

الغرض! ہماری نماز کعبہ کے وجود پر موقوف ہے، نہ اس کی نیت ضروری ہے، نہ اس کی دیواروں کا ہونا ضروری ہے، بلکہ مسلمان در اصل تجلّیِ الٰہی کا استقبال کرتے ہیں، دیواروں کا نہیں، مگر چوں کہ تجلّیِ الٰہی کا احساس ہر شخص کو نہیں ہوتا، اس لیے حق تعالیٰ نے اس خاص خطے اور جگہ کی حد مقرر فرمادی، پس یہ عمارت (خانۂ کعبہ) محض اس تجلّیِ اعظم کی جگہ دریافت کرنے کے لیے ہے، خود عمارت مقصود بالذات نہیں ہے۔ (۳) (مستفاد از: امداد الحجاج، حصہ دوم: ص/۲۳۱، ۲۳۲، ۲۳۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قد نرى تقلُّب وجهک في السمآء فلنولّينک قبلة ترضاها فول وجهک شطر المسجد الحرام ، وحيث ما كنتم فولوا وجوهكم شطره﴾ . (سورة البقرة :۱۴۴) وقوله تعالى : ﴿ومن حيث خرجت فول وجهک شطر المسجد الحرام﴾ . (سورة البقرة :۱۴۹) وقوله تعالى : ﴿ومن حيث خرجت فول وجهک شطر المسجد الحرام وحيث ما كنتم فولوا وجوهكم شطره﴾ . (سورة البقرة :۱۵۰)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : وذهب الحنفية والشافعية وهو رواية عن الحنابلة إلى أنه تصح الفريضة على ظهر الكعبة ، ..... واستدل الحنفية بأنه مستقبِل لهوائها والكعبة عندهم هواء ، لا بناءٌ . (۲۶۲/۳۴ ، ۲۶۳ ، كعبة ، الصلاة على ظهر الكعبة)

(۳) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وحين شاهد البيت كبر) ثلاثا ، ومعناه : اللّٰه =

کعبۃ اللہ شریف کے غلافِ اطہر کو چومنا

مسئلہ(۶): کعبۃ اللہ شریف کے غلافِ اطہر کو چومنے کے سلسلے میں احادیثِ مبارکہ میں کوئی روایت صراحۃً نہیں ملتی ہے، البتہ جس طرح قرآن پاک کو اس کے کلام اللہ ہونے کی وجہ سے چومنا جائز ہے، اسی طرح کعبۃ اللہ شریف کے غلافِ اطہر کو اس وجہ سے کہ وہ بیت اللہ شریف کی بابرکت اور مقدس دیواروں کے ساتھ لگا رہتا ہے، بطورِ تبرُّک چومنا بھی جائز ہوگا۔ (۱)

=أكبر من الكعبة (وهلل لئلا يقع نوع شرک . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (لئلا يقع نوع شرک) أي بتوهم الجاهل أن العبادة للبيت .

(۵۰۳/۳ ، كتاب الحج ، مطلب في دخول مكة ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : ذكر الحنفية : وهو المشهور عند الحنابلة ، وروي عن أحمد استحبابه لما رُوي عن عمر رضي اللّٰه عنه أنه : كان يأخذ المصحف كل غداة ويقبّله ويقول : عهدُ ربي ومنشور ربي عزّ وجلّ . وكان عثمان يقبل المصحف ويمسحه على وجهه. وقال النووي في التبيان : روينا في مسند الدارمي بإسناد صحيح عن ابن أبي مُليكة أن عكرمة بن أبي جهل كان يضع المصحف على وجهه ويقول : كتاب ربّي كتاب ربّي . اهـ .

(۱۳۳/۱۳ ، تقبيل ، تقبيل المصحف ، الدر المختار مع الشامية :۲۴۶/۵، ط: احياء التراث العربي بيروت) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۹۶۲۵)

تبرّکات کی زیارت

مسئلہ(۷): حضور نبی کریم ﷺ یا کسی صحابی یا کسی بزرگ کے تبرُّکات کی زیارت باعثِ خیر وبرکت ہے، مگر اس کے لیے غیر مشروع طریق پر اہتمام کرنا شرک ومعصیت ہے، زیارت کرنے والے کے لیے ضروری ہے کہ وہ پہلے اِس بات کی تحقیق کرلے کہ جو تبرّکات جس بزرگ سے منسوب ہیں، فی الواقع وہ اس کے ہیں بھی یا نہیں؟ جب اس کی سند مل جائے تو وہاں جس وقت چاہے جا کر زیارت کرلے، اور اس موقع پر ایسی حرکت نہ کرے جو شرع کے خلاف ہو[۱]، یعنی اُسے نہ چومے اور نہ سجدہ کرے[۲]، نہ اُس کا طواف کرے، نہ اس کی منت مانے، اس پر چڑھاوا نہ چڑھائے[۳]، اس کی زیارت کے لیے کوئی خاص دن مقرر کرکے مجمع نہ کرے، وہاں عورتوں کو نہ جانے دے[۴]، اور نہ گانے بجانے کا اہتمام کرے[۵]، ورنہ جو خیر وبرکت متوقع ہے، وہ شر ومعصیت میں بدل جائے گی۔[۶]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (۱/۳۷۱ ، كتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا – الخ ، حديث : ۲۶۹۷ ، و:ص/۴۷۷ ، احياء التراث العربي بيروت ، صحيح مسلم : ۲/۷۷ ، كتاب الأقضية ، سنن أبي داود :ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، حديث : ۴۶۲۲ ، سنن ابن ماجة :ص/۱۳ ، مشكوة المصابيح : ص/۲۷ ، كتاب الإيمان ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول)=

.....

=ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود . (۱۳/۳۳)

ما في " رد المحتار " : البدعة ما أحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله ﷺ من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان ، وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيماً .

(۲/۲۵۶ ، مطلب البدعة خمسة أقسام)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

(۲) عن أبي هريرة ، أن رسول الله ﷺ قال : " قاتل الله اليهود اتخذوا قبور أنبيائهم مساجد " . (۱/۱۱۹ ، حديث :۴۳۷ ، ط : دار الشعب القاهرة)

وفيه أيضًا : " أولئک قوم إذا مات فيهم العبد الصالح أو الرجل الصالح بنوا على قبره مسجدا ، وصوروا فيها تلک الصور ، أولئک شرار الخلق عند الله " .

(۱/۶۲ ، كتاب الصلاة ، باب الصلوة في البيعة ، ط : قديمي)

ما في " تفسير المظهري " : قال القاضي ثناء الله العثماني الحنفي رحمه الله : لا يجوز ما يفعله الجهال بقبور الأولياء والشهداء من السجود والطواف حولها . (۲/۶۵)

ما في " حجة الله البالغة " : قال العلامة المحدث الشاه ولي الله الدهلوي : كان أهل الجاهلية يقصدون مواضع معظمة بزعمهم يزورونها ويتبرّكون بها ، وفيه من التحريف والفساد ما لا يخفى فسدّ النبي ﷺ باب الفساد لئلا يلتحق غير الشعائر بالشعائر ، ولئلا يصير ذريعة لعبادة غير الله . (۱/۴۸۰)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿حرمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير ومآ أهل لغير الله به﴾ . (سورة المائدة :۳)

ما في " التفسير الكبير للرازي " : الرابع : ما أهل لغير الله به ، والإهلال : رفع الصوت ..... وكانوا يقولون عند الذبح بإسم اللات والعزى فحرّم الله تعالى ذلک .

(۴/۲۸۳ ، سورة المائدة :۳)

(۴) ما في " جامع الترمذي " : عن أبي هريرة : " أن رسول الله ﷺ لعن زوّارات القبور " .

(۳/۳۶۲ ، ط : الحلبي)=

.....

.....

=ما في " الموسوعة الفقهية " : أما النساء : فمذهب الجمهور أنه تكره زيارتهنّ للقبور، لقوله ﷺ : " لعن الله زوّارات القبور " . ولأن النساء فيهن رقة قلب وكثرة جزع وقلة احتمال للمصائب ، وهذا مظنة لطلب بكائهن ورفع أصواتهن . اهـ .

(۸۸/۲۴ ، زيارة القبور، حكم زيارة القبور)

(۵) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ومن الناس من يشتري لهو الحديث ليضل عن سبيل الله بغير علم﴾ . (سورة لقمان :٦)

ما في " رد المحتار " : جاء في التفسير أن المراد الغناء .

(۵۰۲/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، قبيل فصل في اللبس)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالى : وفي السراج : ودلت المسئلة أن الملاهي كلها حرام . قال ابن مسعود : " صوت اللهو والغناء ينبت النفاق في القلب كما ينبت الماء النبات " . (۵۰۲/۹ ، كتاب الحظر والإباحة)

(٦) ما في " فتح الباري " : قال ابن المنير : إن المندوبات قد تنقلب مكروهات إذا رفعت عن رتبتها التيامن من مستحب في كل شيء أي من أمور العبادة ، لكن لما خشي ابن مسعود أن يعتقدوا وجوبه أشار إلى كراهته . (۴۳۷/۲)

ما في " مرقاة المفاتيح " : ان من أصر على أمر مندوب وجعله عزماً ولم يعمل بالرخصة فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال ، فكيف من أصرّ على بدعة ومنكر . (۲٦/۳)

ما في " السعاية في كشف ما في شرح الوقاية " : الإصرار على المندوب يبلغه إلى حد الكراهة ، فكيف إصرار البدعة التي لا أصل له في الشرع . (ص/۲٦۵، باب صفة الصلاة)

ما في " مجموعة رسائل اللكنوي " : فكم من مباح يصير بالالتزام من غير لزوم ، والتخصيص من غير مخصص مكروها .

(۴۹۰/۳ ، سباحة الفكر في الجهر بالذكر ، الباب الأول ، الثاني والأربعون)

(اسلامی اخلاق وآداب:ص/۳۳۴،آدابِ زیارت وتبرکات)

خزینہ یا دفینہ میں جنات کا اثر

مسئلہ (۸): اگر کسی شخص کو اپنے گھر، کھیت یا اپنی ملکیت کی زمین میں سونا چاندی یا مال (خزینہ ودفینہ) وغیرہ قیمتی چیز ملے، تو بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس میں جنات کا اثر ہوتا ہے، اور اس کے استعمال سے جنات کی طرف سے تکلیف ہوسکتی ہے، ان لوگوں کی یہ بات صحیح نہیں ہے، اس لیے کہ جس شخص کی زمین میں سونا چاندی یا مال وغیرہ ملے، تو وہ اس کا مالک ہے، وہ اس کو استعمال کرسکتا ہے، اس کے استعمال سے جنات کی طرف سے تکلیف کا ہونا شرعاً ثابت نہیں ہے۔ (۱)

واللہ اعلم بالصواب!

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " شرح المجلة " : كل يتصرف في ملكه كيف ما شاء .

(ص/٦٥٤ ، المادة : ١١٩٢)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قال إمام الحرمين : القاعدة المعتبرة أن المُلاك مختصون بأملاكهم لا يُراحم أحد مالكًا في ملكه من غير حق مستَحق .

(٣٩/٣٢ ، حرمة الملك في الإسلام)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۲۸۷/۳۱)

قیمتی پتھروں سے قسمت پر اثر

مسئلہ (۹): بعض لوگ موتیوں مثلاً عقیق، یاقوت، زَبَرْجَدْ، زُمَرَّدْ اور نیلم وغیرہ قیمتی پتھروں کو ہار یا انگوٹھی وغیرہ میں لگاتے ہیں، اور یہ سمجھ کر اُنہیں پہنتے ہیں کہ اس سے قسمت پر اثر پڑتا ہے، اُن کا یہ فہم وخیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ موتیوں کا استعمال شرعاً جائز ودرست تو ہے [۱]، مگر یہ عقیدہ رکھنا کہ اس کے پہننے سے قسمت پر اثر پڑتا ہے، درست نہیں ہے۔ [۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تنزيه الشريعة المرفوعة عن الأحاديث الشنيعة الموضوعة " : [۱۱] (حديث) : " من تختم بالعقيق ونقش عليه – وما توفيقي إلا بالله – وفقه الله تعالى لكل خير وأحبه الملكان المؤكلان به . (ابن الجوزي) من حديث علي ، وفيه أبو سعيد الحسن بن علي العدوي – وهو من عمله .

[۱۲] (حديث) : " تختموا بالياقوت فإنه ينفي الفقر " . (أبو الغنائم النرسي) في كتاب أنس الغافل من حديث ابن عباس ، وفيه محمد بن عبد الله للشيباني .

[۱۳] (حديث) : " من اتخذ خاتمًا فصه ياقوت نفى الله عنه الفقر " . (عد) من حديث أنس ، وفيه أحمد بن عبد الله بن حكيم الفريانانى .

(۲/۲۷۰ ، كتاب اللباس والزينة ، الفصل الأول)

ما في " كتاب الموضوعات لإبن الجوزي " : عن علي عليه السلام قال : قال رسول الله ﷺ : " من تختم بالعقيق ونقش عليه : وما توفيقي إلا بالله ، وفقه الله لكل خير وأحبه الملكان المؤكلان به " .

عن فاطمة بنت رسول الله ﷺ قال : " من تختم بالعقيق لم يزل يرى خيرًا " .

عن عائشة قالت : قال رسول الله ﷺ : " تختموا بالعقيق فإنه مبارک " . =

.....

=عن عائشة قالت : أتي ببعض بني جعفر إلى رسول الله ﷺ فقال : بأبي أنت وأمي يا رسول الله ! أرسل معي من يشتري لي نعلا وخاتمًا ، فدعا له بلال ابن رباح ، فقال : انطلق إلى السوق فاشتر لها نعلا واستحدها ولا تكن سوداء ، واشتر لها خاتمًا وليكن فصه عقيقًا فإنه " من تختم بالعقيق لم يُقض له إلا بالذي هو أسعد " .

عن عائشة أم المؤمنين رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " أكثر خرز أهل الجنة العقيق " .

عن أنس أن رسول الله ﷺ قال : " تختموا بالعقيق فإنه ينفي الفقر " .

هذه الأحاديث كلها ليس فيها ما يصح . أما حديث علي فهو [من] عمل أبي سعيد الحسن بن علي . وأما حديث فاطمة ففي إسناده أبو بكر بن شعيب ولا نعرف اسمه ، قال ابن حبان : يروي عن مالك ما ليس من حديثه لا يحل الاحتجاج به .

وأما حديث عائشة ففي الطريق الأول يعقوب بن الولد ، قال أحمد بن حنبل : هو من الكذابين الكبار كان يضع الحديث ، وقال يحيى : ليس بشيء ، وقال ابن حبان : كان يضع الحديث على الثقاة .

قال ابن عدي : هذا الحديث يعرف بيعقوب إبراهيم الزهري ، سرقه منه يعقوب بن الوليد، ويعقوب بن إبراهيم ليس بالمعروف ، وفي الطريق الثاني محمد بن أيوب ، قال ابن حبان : يروي الموضوع لا يحل الاحتجاج به ، فأما أبوه أيوب فقال ابن المبارك : ارم به ، وقال يحي : ليس بشيء ، وقال النسائي : ليس بثقة ، وفي الطريق الثالث : سلم بن سالم كذاب ، كان ابن المبارك يكذبه ، وقال أبو زرعة : لا يكتب من حديثه ، وقال السعدي : غير ثقة ، وقال ابن حبان : روى عن القاسم ما ليس من حديثه ، لا يحل ذكره إلا اعتبارًا . وأما حديث أنس فقال ابن عدي : هو حديث باطل ، والحسن بن إبراهيم مجهول . قال العقيلي : ولا يثبت في هذا عن النبي ﷺ شيء . اهـ . (ص/ ۲۵۲ ، ۲۵۳ ، ۲۵۴ ، باب التختم بالعقيق)

وفيه أيضًا : عن عبد الله بن عباس قال : قال رسول الله ﷺ : " تختموا بالياقوت فإنه ينفي الفقر " .

عن أنس عن النبي ﷺ قال : " من اتخذ خاتمًا فصّه ياقوت نفى الله عنه الفقر " .=

.....

=هذا حديثان لا أصل لهما . أما حديث ابن عباس ففيه محمد بن عبد الله الشيباني ، قال أبو بكر الخطيب : كان يضع الحديث . قال الأزهري : كان دجالا . وأما حديث أنس فقال ابن حبان : هذا خبر باطل ، ما قاله أنس ولا رسول الله ﷺ ولا حدث به حميد ، وأحمد بن عبد الله الفريابانى كان يروي عن الثقات ما ليس من أحاديثهم .

(ص/۲۵۴ ، ۲۵۵ ، باب التختم بالعقيق ، تأليف : الإمام أبو الفرج عبد الرحمن بن علي ابن الجوزي ، المتوفى سنة :۵۹۷هـ ، ط : دار الكتب العلمية بيروت ، موسوعة أطراف الحديث النبوي الشريف :۳۴۸/۴ ، ط : بيروت)

ما في " الفتاوى الهندية " : وليس على النساء أذان ولا إقامة فإن صلين بجماعة يصلين بغير أذان وإقامة ، وإن صلين بهما جازت صلاتهن مع الإساءة . (۱/ ۵۳)

(کتاب المسائل:۱/ ۳۵۵)

مینٹل (پاگل) شخص کی اذان

مسئلہ (۲۷): اگر کوئی بندہ تھوڑا سا مینٹل (پاگل) ہو، ہوش وحواس رکھتا ہو، اوقاتِ اذان ونماز کی واقفیت[۱]، اور اُن کے درست بجالانے پر قدرت رکھتا ہو، اور پاکی وناپاکی میں بھی تمیز رکھتا ہو، تو ایسے بندے کا اذان دینا جائز ودرست ہے، کیوں کہ اذان کا مقصود، وقتِ نماز کے داخل ہونے کا اعلان کرنا ہے، اور بس![۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : وأهلية الأذان تعتمد بمعرفة القبلة والعلم بمواقيت الصلاة . كذا في فتاوى قاضي خان . وينبغي أن يكون المؤذن رجلا عاقلا صالحا تقيا عالما بالسنة . كذا في النهاية . وينبغي أن يكون مهيبًا .

(۱/۵۳ ، كتاب الصلاة ، الباب الثاني في الأذان الخ)

(۲) ما في " رد المحتار " : الأصل في مشروعية الأذان الإعلام بدخول الوقت .

(۲/۴۷ ، باب الأذان ، ط : دار الكتب العلمية بيروت وزكريا)

ما في " الموسوعة الفقهية " : والأذان قد شُرع للإعلام بدخول الوقت وتنبيه الغائبين إليه ودعوتهم إلى الحضور للصلاة . (۱۱/۱۹۱ ، ترسل ، و: ۲/۳۶۳ ، شرائط الأذان)

ما في " رد المحتار " : ان المقصود الأصلي من الأذان في الشرع الإعلام بدخول الوقت ثم صار من شعار الإسلام في كل بلدة أو ناحية من البلاد الواسعة على ما مر .

(۲/۶۲ ، باب الأذان ، مطلب في المؤذن إذا كان غير مستحب في أذانه ، ط : دار الكتب العلمية بيروت ، و: ۱/۳۹۴ ، ط : دار الفكر بيروت) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۶۵۹۹)

تعیینِ سمت کے لیے الفاظِ اذان کا استعمال

مسئلہ(۲۸): بڑے اِجلاس واجتماعات کے موقع پر عموماً نمازیں جلسہ گاہ واجتماع گاہ میں ہی اَدا کی جاتی ہیں، اور صفوں کی درستگی وبرابری کے لیے یہ آواز لگائی جاتی ہے کہ "حي على الصلوة" کی جانب جگہ خالی ہے، اِدھر آجائیں، یا "حي على الفلاح" کی جانب جگہ خالی ہے، اُدھر تشریف لے جائیں، اُسے پُر کیجیے،.....صفوں کی درستگی یقیناً امرِ واجب ہے، لیکن اُس کے لیے "حي على الصلوة" یا "حي على الفلاح" کے الفاظ کا استعمال ناپسندیدہ ومکروہ ہے، اس لیے کہ "حي على الصلوة" اور "حي على الفلاح" کوئی سمت نہیں، بلکہ شعارِ اسلام "اذان" کے کلمات میں سے ہیں، دائیں بائیں سمت کی تعیین کے لیے ان کا استعمال کرنا درست نہیں ہے، جیسا کہ "فتاویٰ ہندیہ" میں ہے کہ- اگر کوئی شخص کپڑا فروش کے پاس کپڑا خریدنے کے لیے جائے، اور وہ کپڑے کا تھان کھول کر اُس کی عمدگی ومضبوطی بتلانے کے لیے "سبحان اللہ" کہے، تو اُس کا یہ "سبحان اللہ" کہنا مکروہ ہے، کیوں کہ اُس نے "سبحان اللہ" کا استعمال کپڑے کی عمدگی ومضبوطی بتلانے کے لیے کیا، اللہ کی پاکی بیان کرنے کے لیے نہیں، لہٰذا اِس سے بچنا چاہیے، اور "حي على الصلوة" ، "حي على الفلاح" کے الفاظ استعمال کرنے کے بجائے، امام کی دائیں جانب یا بائیں جانب، جیسے الفاظ استعمال کیے جائیں، تاکہ کلماتِ اذان کا بے جا استعمال نہ ہو، اللہ تعالیٰ ہم سب کو عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!(۱)=

باب الإمامة

نماز کی امامت کا منصب ایک عظیم منصب ہے

مسئلہ (۲۹): نماز کی امامت کا منصب ایک عظیم منصب ہے، اِس منصب میں اسی کے شایانِ شان کام ذمہ میں ہونا چاہیے، مسجد کی صفائی بھی یقیناً بہت بڑے ثواب کی چیز ہے، لیکن بہتر یہ ہے کہ اس کے لیے الگ سے کسی دوسرے شخص کا انتظام کیا جائے، صفائی کا کام مسجد کے امام سے متعلق کرنا مناسب نہیں ہے، البتہ اذان کی ذمہ داری متعلق کی جاسکتی ہے، ایسی صورت میں ذمہ داری کے بڑھ جانے کی وجہ سے تنخواہ بھی مناسب طے ہونی چاہیے، ہاں! اگر کوئی امام اپنی خوشی سے مسجد کی صفائی کی ذمہ داری بھی لینا چاہتا ہے، تو اس کو یہ ذمہ داری

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : وعرّف الأصوليون المكروه بتعريفات منها : ما يُمدَح تاركُه ولا يُذمُّ فاعله . (۳۸/۳۷۱، ۳۷۲، التعريف، مكروه)

ما في " الفتاوى الهندية " : من جاء إلى تاجر يشتري منه ثوبا فلما فتح التاجر الثوب سبح الله تعالى وصلى على النبي صلى الله عليه وعلى آله وسلم ، أراد به إعلام المشتري جودة ثوبه فذلك مكروه . هكذا في المحيط .

(۵/۳۱۵ ، كتاب الكراهية ، الباب الرابع في الصلاة والتسبيح وقراءة القرآن والذكر والدعاء ورفع الصوت عند قراءة القرآن ، ط : قديمي الهند ، ودار الفكر بيروت ، المحيط البرهاني في الفقه النعماني :۲/۳۷ ، كتاب الاستحسان والكراهية ، الفصل الرابع في الصلاة والتسبيح وقراءة القرآن والذكر ، مسائل التسبيح ، ط: احياء التراث العربي)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۴۶۶۸)

دینے میں مضائقہ نہیں، لیکن اس کی وجہ سے اُس کی عظمت واحترام میں کوئی کمی نہیں ہونی چاہیے، کیوں کہ امام ایک دینی منصب پر فائز ہوتا ہے، اُس کی حیثیت عام کام کرنے والوں میں سے محض ایک کام کرنے والے کی نہیں ہوتی، بلکہ وہ دین کے اہم رکن؛ نماز پڑھانے کی ذمہ داری ادا کرتا ہے، اس لیے ممکن حد تک اس کی عظمت واحترام کا خیال رکھنا چاہیے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : أما الإمامة الصغرى (وهي إمامة الصلاة) فهي ارتباط صلاة المصلي بمصل آخر بشروط بيّنها الشرع ..... إمامة الصلاة تعتبر من خير الأعمال التي يتولاها خير الناس ذوا الصفات الفاضلة من العلم والقراءة والعدالة وغيرها .

(٢٠١/٦ ، إمامة الصلاة – الإمامة الصغرى – التعريف)

ما في " الموسوعة الفقهية " : فذهب الحنفية في المعتمد وهو المشهور عند المالكية ، وهو قول عند بعض أصحاب الشافعي ، ورواية عند أحمد ، إلى أن الإمامة أفضل من الأذان ؛ لأن النبي ﷺ تولاها بنفسه ، وكذلك خلفاؤه الراشدون ، ولم يتولوا الأذان ، وهم لا يختارون إلا الأفضل ، ولأن الإمامة يُختار لها من هو أكمل حالا وأفضل.

(١٥٧/٣٢ ، سادسًا : فضل الأذان على الإمامة أو العكس ، فضائل)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:٦١٩٩٢)

باب صفة الصلاة

دونوں ہاتھوں کی انگلیوں سے تسبیح پڑھنا

مسئلہ (۳۰): بعضے لوگ نمازوں کے بعد دونوں ہاتھوں کی انگلیوں سے تسبیح پڑھتے ہیں، تو کچھ لوگ اُنہیں منع کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تسبیح صرف دائیں (سیدھے) ہاتھ سے ہی پڑھنا جائز ہے، بائیں (اُلٹے) ہاتھ سے نہیں، اُن کی یہ بات غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ بائیں ہاتھ سے تسبیح پڑھنا بھی جائز ہے، البتہ دائیں ہاتھ سے پڑھنا مسنون ہے، کیوں کہ ایک حدیث میں صراحت ہے کہ آپ ﷺ دائیں ہاتھ سے تسبیح پڑھتے تھے[1]، اور ایک دوسری حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ اچھے کاموں کے لیے دائیں ہاتھ کا استعمال فرماتے تھے[2]، لہٰذا دائیں ہاتھ سے تسبیح پڑھنا مسنون وبہتر ہوگا، اور بائیں ہاتھ سے تسبیح پڑھنا جائز ہوگا، ناجائز نہیں۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن عبد الله بن عمرو قال : " رأيت رسول الله ﷺ يعقد التسبيح " . قال ابن قدامة : " بيمينه " . (ص/۲۱۰ ، كتاب الصلاة ، باب التسبيح بالحصى، ط : قديمي ، و:۱/۵۵۶ ، حديث :۱۵۰۴، ط : دار الكتاب العربي بيروت ، شرح سنن أبي داود :۸/۲۳۰ ، م : عبد المحسن عباد ، از مكتبه شامله ، عون المعبود :ص/۶۸۲، حديث :۱۵۰۲، كتاب الوتر ، باب التسبيح بالحصى ، ط : الأردن ، شرح أبي داود للعيني :۵/۴۱۳ ، كتاب الصلاة ، باب التسبيح بالحصى ، ط : مكتبة الرشد الرياض ، سنن الترمذي :۲/۱۸۶ ، أبواب الدعوات ، ما جاء في عقد التسبيح باليد ، ط : قديمي ،=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=و:۵/۵۲۱ ، حديث :۳۴۸۶ ، و:۵/۴۷۸ ، حديث :۳۴۱۱ ، باب منه ، ط : احياء التراث، سنن النسائي :۱/۱۵۲، كتاب الصلاة ، باب عقد التسبيح ، ط : قديمي ، و:۳/۷۹، حديث :۱۳۵۵ ، ط: مكتب المطبوعات الإسلامية حلب ، الأذكار للنووي :۱/۱۸، تحقيق : عبد القادر الأرنوط ، ط : دار الفكر بيروت ، و:ص/۱۹، ط: الحلبي ، وص/۲۸، ط: دار الغد العربي ، الموسوعة الفقهية :۱۱/۲۸۴ ، ما يجوز به التسبيح ، و:۲۱/۲۵۸ ، تكرار الأذكار وعدّها)

ما في " بذل المجهود " : (قال ابن قدامة) الشيخ الثاني لأبي داود : (بيمينه) أي بيده اليمنى ، زاد هذا اللفظ ابن قدامة ولم يذكره عبيد الله .

(۶/۲۳۳ ، حديث :۱۵۰۲ ، كتاب الصلاة ، باب التسبيح بالحصى ، ط : دار البشائر)

(۲) ما في " سنن أبي داود " : وعن عائشة رضي الله عنها قالت : " كانت يد رسول الله ﷺ اليمنى لطهوره وبعامه ، كانت يد اليسرى لخلائه وما كان من الأذى " .

(ص/۵ ، ط: مكتبه بلال ديوبند)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند:۱۷/۱۰۵،۱۰۶، ذکر ودعا کا بیان، داہنے ہاتھ سے تسبیح پڑھنا بہتر ہے، ط: مکتبہ دار العلوم دیوبند، وفتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۶۳۶۵۸)

مفسدات الصلوۃ ومکروہاتھا

لوٹائی جانے والی نماز میں نئے لوگوں کی شرکت

مسئلہ (۳۱): اگر فرائضِ نماز میں سے کوئی فرض چھوٹ گیا، اور اس کی وجہ سے دوبارہ فرض کا اِعادہ کیا جارہا ہو، تو دوسری جماعت میں وہ لوگ شامل ہوسکتے ہیں جو پہلی جماعت میں شامل نہیں تھے، اور اگر واجباتِ نماز میں سے کوئی واجب چھوٹ گیا اور سجدۂ سہو نہیں کیا گیا، اس لیے نماز کا اعادہ کیا جارہا ہو، تو اس صورت میں وہ لوگ جو پہلی جماعت میں شامل نہیں تھے شریک ہوسکتے ہیں، یا نہیں؟ اس میں حضراتِ فقہاء رحمہم اللہ کا اختلاف ہے، بعض فرماتے ہیں: شریک ہوسکتے ہیں، اُن کی نماز صحیح ہوگی، اور یہ قول راجح واَوسع ہے، اور بعض کہتے ہیں: شریک نہیں ہوسکتے ہیں، اُن کی نماز صحیح نہیں ہوگی، یہ قول احتیاط پر مبنی ہے۔

اب رہی یہ بات کہ جو حضراتِ فقہاء یہ کہتے ہیں کہ جو لوگ پہلی جماعت میں شامل تھے وہی شریک ہوسکتے ہیں، اور جو شامل نہیں تھے وہ شریک نہیں ہوسکتے، تو پہلی جماعت میں شامل ہونے کی حد کیا ہے؟ کیا اس سے یہ مراد ہے کہ پہلی جماعت میں از اول تا آخر شامل رہے ہوں، یا پھر مسبوق یعنی وہ لوگ جن کی ایک دو رکعتیں چھوٹ گئیں وہ بھی شامل مانے جائیں گے؟ تو اس سلسلے میں کوئی صریح جزئیہ نظروں سے نہیں گزرا، البتہ ''امداد الاحکام: ۲/۱۶۳'' پر حضرت مولانا عبد الکریم گمتھلوی رحمہ اللہ کے ایک فتویٰ سے- جس کی تصویب حضرت مولانا ظفر احمد تھانوی رحمہ اللہ نے فرمائی ہے- معلوم ہوتا ہے کہ پہلی جماعت میں

شامل مسبوقوں نے اگر اپنی چھوٹی ہوئی رکعتیں ادا کر لی تھی، تو ان کو پہلی جماعت میں شامل مانا جائے گا، اور وہ اس جماعتِ ثانیہ میں شریک ہو سکتے ہیں، اور اگر ان مسبوقوں نے دوسری جماعت کی تیاری سن کر اپنی نماز توڑ دی تھی، تو ان کو پہلی جماعت میں شامل نہیں مانا جائے گا، وہ نئے اشخاص کی طرح ہوں گے، یعنی اُن کے لیے اس دوسری جماعت میں شریک ہونا درست نہیں ہوگا۔

خلاصۂ کلام یہ کہ: اس لوٹائی جانے والی نماز میں شریک ہونے والے لوگوں کی نماز صحیح ہو جائے گی، یہ قول اَرجح واَوسع ہے، اور نئے شریک ہونے والوں کی نماز صحیح نہ ہوگی، یہ قول اِحتیاط پر مبنی ہے، لہٰذا اگر کوئی نیا شخص شریک ہو گیا، تو اس کی نماز ادا ہو جائے گی، البتہ احتیاط یہ ہے کہ اپنی نماز علیٰحدہ پڑھ لے، جماعت میں شریک نہ ہو، تاکہ اس کی نماز صحیح ہونے پر تمام علماء کا اتفاق ہو جائے۔ (۱)

ھذا ما ظھر لی واللہ اعلم بالصواب!

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (لها واجبات) لا تفسد بتركها وتعاد وجوباً في العمد والسهو إن لم يسجد له ، وإن لم يعدها يكون فاسقاً آثماً ، وكذا كل صلاة أديت مع كراهة التحريم تجب إعادتها ، والمختار أنه جابر للأول لأن الفرض لا يتكرر.

(۱۴۶/۲ ، مطلب واجبات الصلاة)

ما في " البحر الرائق " : وعن السرخسي : من ترك الاعتدال تلزمه الإعادة ، ومن المشايخ من قال تلزمه ويكون الفرض هو الثاني ولا إشكال في وجوب الإعادة إذ هو الحكم في كل صلاة أديت مع كراهة التحريم يكون جابراً للأول ؛ لأن الفرض لا يتكرر وجعله الثاني يقتضي عدم سقوطه بالأول وهو لازم ترك الركن لا الواجب . (۵۲۳/۱ ، الصلاة ،=

کیمرے والا موبائل جیب میں رکھ کر نماز

مسئلہ (۳۲): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ کیمرے والا موبائل جیب میں رکھ کر نماز پڑھنے سے نماز ہی نہیں ہوتی ہے، اُن کی یہ بات درست نہیں ہے، صحیح بات یہ ہے کہ فی نفسہٖ کیمرے والے موبائل میں شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے، البتہ کیمرے کا ناجائز استعمال ناجائز ہے[۱]، مثلاً جاندار کی تصویریں کھینچنا، موبائل میں کسی جاندار کا فوٹو رکھنا، خواہ وہ انسان ہو یا غیر انسان، یہ ممنوع ہے[۲]، نیز فقہاء کرام کی تصریحات کے مطابق اگر جاندار کی تصویر نمازی کے سامنے ہو تب بھی نماز صحیح ہوجاتی ہے، البتہ تصویر سامنے ہونے کی وجہ سے نماز میں کراہت آجاتی ہے[۳]، اس لیے اس سے بچنا چاہیے، خصوصاً اہلِ علم؛ علماء وطلبہ کے طبقے کو اس سے اشدّ اجتناب ضروری ہے۔[۴]

= باب صفة الصلاة ، فتح القدير لإبن الهمام : ۱/ ۳۰۸ ، كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة)

ما في " حاشية الطحطاوي " : وإن تركه الواجب عمداً آثم ووجب عليه إعادة الصلاة تغليظاً عليه لجبر نقصها فتكون مكملة وسقط الفرض بالأولى ، وقيل تكون الثانية فرضاً فهي المسقطة .

(ص/ ۴۶۲ ، باب سجود السهو) (امداد الفتاویٰ: ۱/۳۶۴، باب السہو فی الصلوۃ، امداد الاحکام: ۲/۱۷۷، ۱۷۸، و: ۲/۱۶۳، کتاب الصلوۃ، امداد الفتاح: ص/ ۵۵۱، باب سجود السہو، ط: احیاء التراث العربی بیروت، بحوالہ فتاویٰ دار العلوم زکریا، کفایت المفتی: ۳/ ۱۳۸، امامت وجماعت، ط: دار الاشاعت کراچی، و: ۳/ ۴۳۵، قدیمی، احسن الفتاویٰ: ۳/۳۵۲، باب الامامۃ والجماعۃ، فتاویٰ فریدیہ: ۲/ ۳۱۸، ۳۱۹، فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۲/ ۳۷۰، ۳۷۱، فصل ششم، اقتدا کے احکام، المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ: ۲/ ۳۷، مسئلہ نمبر: ۴۶، طبع سوم)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الأشباه و النظائر لإبن نجيم " : " الأمور بمقاصدها " . (۱/ ۱۱۳)=

.....

=ما في " المقاصد الشرعية " : إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرما، وتكون واجبة إذا كان المقصد واجبا . (ص/۴۶ ، مسلم الثبوت :ص/۳۸)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : [عن] عبد الله قال : سمعت النبي ﷺ يقول : " إن أشد الناس عذاباً عند الله المصوّرون " .

(۲/۸۸۰ ، كتاب اللباس ، باب عذاب المصورين يوم القيامة)

ما في " المعجم الكبير للطبراني " : وعن ابن عباس قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : " لا تدخل الملائكة بيتا فيه صورة تمثال ، والمصورون يعذبون يوم القيامة في النار ، يقول لهم الرحمٰن : قوموا إلى ما صورتم ، فلا يزالون يعذبون حتىٰ تنطق الصورة ولا تنطق " .

(۱۱/۱۵۷ ، حديث : ۱۱۴۷۸ ، مجمع الزوائد :۵/۲۲۶ ، اللباس ، باب ما جاء في التماثيل والصور ، حديث :۸۸۹۵)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : يدل على المنع من تصوير شيءٍ أي شيء كان.

(۱۴/۲۷۴)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : لا تمثالَ إنسان أو طير . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (أو طير) لحرمة تصوير ذي الروح . (۹/۵۱۹ ، الحظر والإباحة ، فصل في اللبس)

(۳) ما في " الدر المختار مع الشامية ": قال في البحر: ومفاده كراهة المستبين لا المستتر بكيس أو صرة أو ثوب آخر . (۲/۳۶۱ ، مطلب مكروهات الصلاة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفقت كلمة الفقهاء على أن من صلى وفي قبلته صورة حيوان محرّمة فقد فعل مكروها ؛ لأنه يشبه سجود الكفار لأصنامهم وإن لم يقصد التشبه ..... ولا يكره لو كانت تحت قدميه أو محل جلوسه إن كان لا يسجد عليها ، أو في يده ، أو كانت مستترة بكيس أو صرة أو ثوب . اهـ .

(۱۲/۱۲۶ ، تصوير ، الصور والمصلي)

ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : إذا كان تمثال تحت رجليه أو في محل جلوسه وقد نصوا على أنه لا كراهة في ذلك . (ص/۳۵۶)

(۴) (المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة:۱/۱۷۹،مسئلہ نمبر:۱۹۳،طبع چہارم)

اعادہ والی نماز میں اذان واقامت

مسئلہ (۳۳): اگر کسی نماز کا، کسی فساد کی وجہ سے، وقت ہی کے اندر، اِعادہ کیا جارہا ہو، تو یہ اِعادہ بلا اذان واقامت ہی ہوگا، اذان واقامت کی ضرورت نہیں ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وفي المجتبى : قوم ذكروا فساد صلاة صلوها في الوقت قضوها بجماعة فيه ، ولا يُعيدون الأذان والإقامة . (۲/۵۸ ، باب الأذان ، مطلب في أذان الجوق ، ط: بيروت ، و: ۱/۳۹۱ ، ط : سعيد كراچي)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وفي جامع الهاروني : قوم ذكروا فساد صلاة ..... فإن ذكروها في وقتها صلوها في ذلك المسجد ولا يعيدون الأذان والإقامة .

(۱/۵۲۴ ، كتاب الصلاة ، نوع آخر فيمن يقضي الفوائت يقضيها بأذان وإقامة أو بغيرهما ، ط : إدارة القرآن كراچي ، السعاية في كشف ما في شرح الوقاية :۲/۳۱ ، الفتاوى الهندية : ۱/۵۵ ، البحر الرائق : ۱/۴۵۶ ، باب الأذان ، ط : رشيديه وبيروت)

ما في " رد المحتار " : لأن تكرارها غير مشروع إذا لم يقطعها قاطع من كلام كثير أو عمل كثير أيضًا . (۲/۷۰ ، كتاب الصلاة ، باب الأذان ، قبيل مطلب ها باشر النبي ﷺ الأذان بنفسه ؟ ، ط: بيروت)

(فتاویٰ محمودیہ:۵/۴۵۲، نماز کا اعادہ جب کئی روز بعد ہوالخ، ط: کراچی، فتاویٰ رحیمیہ:۴/۹۵، اعادۂ نماز کے لیے اقامت الخ، ط: دارالاشاعت کراچی، المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ:۵/۷۹، مسئلہ نمبر:۴۴، فاسد نماز کی ادائیگی کے لیے اذان واقامت)

مرد کا باریک کپڑا پہن کر نماز پڑھنا

مسئلہ (۳۴): اگر کوئی شخص اتنا باریک کپڑا پہن کر نماز پڑھے، جس سے بدن کا اندرونی حصہ (ستر) باہر سے صاف جھلکتا ہے، تو ایسے باریک کپڑے کو پہن کر نماز پڑھنا درست نہ ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : والثوب الرقيق الذي يصف ما تحته لا تجوز الصلاة فيه . كذا في التبيين . (۱/۵۸ ، الباب الثالث في شروط الصلاة ، ط : زكريا ودار الفكر ، الدر المختار مع الشامية : ۲/۸۴ ، كتاب الصلاة ، باب شروط الصلاة ، ط : زكريا وبيروت)

ما في " تبيين الحقائق " : والثوب الرقيق الذي يصف ما تحته لا تجوز الصلاة فيه ؛ لأنه مكشوف العورة . (۱/۹۵ ، ط : دار الكتاب الإسلامي بيروت ، الموسوعة الفقهية : ۳۱/۵۴ ، العورة في الصلاة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ج – ستر العورة : لقول الله تعالى : ﴿يا بني آدم خذوا زينتكم عند كل مسجد " . قال ابن عباس – رضي الله عنهما : المراد به الثياب في الصلاة ، ولقول النبي ﷺ : " لا يقبل الله صلاة حائض إلا بخمار " ، ولأن ستر العورة حال القيام بين يدي الله تعالى من باب التعظيم . (۲۷/۶۰ ، صلاة ، ستر العورة)

ما في " بدائع الصنائع " : (ومنها) ستر العورة : ..... ولأن ستر العورة حال القيام بين يدي الله تعالى من باب التعظيم ، وأنه فُرض عقلا وشرعا ، وإذا كان الستر فرضا كان الانكشاف مانعًا جوازَ الصلاة . اهـ . (۱/۱۱۶ ، ط: المكتبة العلمية بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : لا يجوز لبس الرقيق من الثياب إذا كان يَشِفُّ عن العورة ، فيُعلم لون الجلد من بياض أو حمرة ..... ولا تصح الصلاة في مثل تلك الثياب .

(۶/۱۳۶ ، ألبسة ، لبس ما يشف أو يصف)

(کتاب المسائل: ۱/۲۷۴، انتہائی باریک کپڑے پہن کر نماز پڑھنا)

عورت کا باریک دوپٹہ اوڑھ کر نماز پڑھنا

مسئلہ (۳۵): بعض عورتیں اتنا باریک دوپٹہ اوڑھ کر نماز پڑھتی ہیں، جس میں سے سر کے بال (جو ستر میں داخل ہیں) صاف نظر آتے ہیں، تو ان کا اتنا باریک دوپٹہ اوڑھ کر نماز پڑھنا درست نہیں ہے۔ (۱)

لیٹ کر نماز پڑھنے والا نماز میں سو جائے

مسئلہ (۳۶): اگر کوئی شخص بیماری یا کمزوری کی وجہ سے لیٹ کر نماز پڑھ رہا ہو، اور دورانِ نماز وہ سو جائے، تو اُس کا وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وعادم ساتر) لا يصف ما تحته . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (لا يصف ما تحته) بأن لا يرى منه لون البشرة .

(۲/۸۴ ، باب شروط الصلاة ، ط : زكريا وبيروت ، البحر الرائق : ۱/۴۶۷ ، ط: زكريا ، الموسوعة الفقهية : ۳۱/۵۴ ، و:۲۷/۶۰ ، و:۶/۱۳۶، بدائع الصنائع : ۱/۱۱۶، ط: المكتبة العلمية بيروت ، تبيين الحقائق : ۱/۹۵، ط: دار الكتاب الإسلامي بيروت ، الفتاوى الهندية : ۱/۵۸) (کتاب المسائل:۱/۲۷۴،نماز میں باریک دوپٹہ کا استعمال)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " رد المحتار " : تتمة : لو نام المريض وهو يصلي مضطجعًا قيل لا تنقض طهارته كالنوم في السجود ، والصحيح النقض كما في الفتح وغيره ، زاد في السراج : وبه نأخذ . (۱/۲۷۲ ، كتاب الطهارة ، مطلب لفظ " حيث " موضوع للمكان ويُستعار لجهة الشيء ، ط : زكريا ودار الكتب العلمية بيروت ، و: ۱/۱۴۲ ، ط : دار الفكر بيروت)
(کتاب المسائل:۱/۱۶۷)

نماز میں چھینک یا ڈکار کا آجانا

مسئلہ (۳۷): نماز میں چھینک یا ڈکار کی وجہ سے جو آواز بن جاتی ہے، اُس سے نماز فاسد نہیں ہوتی، کیوں کہ اس سے بچنا مشکل ہے۔ (۱)

جانبِ قبلہ کی دیوار میں شیشے لگانا

مسئلہ (۳۸): جانبِ قبلہ کی دیوار میں نقش ونگار کرنے کو فقہائے کرام نے مکروہ لکھا ہے، اور اس کی وجہ یہ بیان کی کہ اس سے مصلی کا ذہن منتشر ہوگا، نماز میں خشوع خضوع نہ رہے گا، اس سے معلوم ہوا کہ مسجد کی محراب والی دیوار- جسے جانبِ قبلہ دیوار کہا جاتا ہے- میں ایسے شیشے لگانا جس میں نمازی کو اپنی شکل وصورت نظر آئے، مکروہ ہے، لہٰذا بہتر یہ ہے کہ اِس طرح کی کھڑکیوں پر موٹے کپڑے کے پردے لگادیئے جائیں، یا پھر اُن کو رنگ دیا جائے، یا عمدہ دبیز کاغذ شیشوں پر چپکا دیا جائے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : وكذا الأنين والتأوه إذا كان بعذر بأن كان مريضًا لا يملك نفسه فصار كالعُطاس والجُشاء ، ولو عطس أو تجشّأ فحصل منه كلام لا تفسد . كذا في محيط السرخسي . (۱/ ۱۰۱، كتاب الصلاة ، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، الفصل الأول فيما يفسد ، ط: دار الفكر ، وزكريا ، ورشيديه كوئٹه)

ما في " الموسوعة الفقهية " : واستثنى الحنفية المريض الذي لا يملك نفسه فلا تبطل صلاته بالأنين والتأوّه والتأفيف والبُكاء وإن حصل حروف للضرورة . قال أبو يوسف : إن كان الأنين من وجع مما يمكن الامتناع عنه يقطع الصلاة ، وإن كان مما لا يمكن لا يقطع .=

.....

=(۲۷/۱۲۱، التأوہ والأنین الخ) (نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۱/۶۲)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " البحر الرائق " : أما نقشه فهو مكروه لأنه يلهي المصلي كما في فتح القدير وغيره . (۲/۶۵ ، قبيل باب الوتر والنوافل)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ولا بأس بنقشه خلا محرابه) ، فإنه يكره ؛ لأنه يلهي المصلي . ويكره التكف بدقائق النقوش ونحوها خصوصًا في جدار القبلة . قاله الحلبي .... وظاهره أن المراد بالمحراب جدار القبلة . فليحفظ . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (ويكره التكلف الخ) تخصيص لما في المتن من نفي البأس بالنقش ، ولهذا قال في الفتح : وعندنا لا بأس به ، ومحمل الكراهة التكلف بدقائق النقوش ونحوه خصوصًا في المحراب . اهـ . فافهم . ... قوله : (وظاهره الخ) أي ظاهر التعليل بأنه يلهي ، ... فيفيد أن المكروه جدار القبلة بتمامه ؛ لأن علة الإلهاء لا تخص الإمام ، بل بقية أهل الصف الأول كذلك ، ولذا قال في الفتاوى الهندية : وكره بعض مشايخنا النقش على المحراب وحائط القبلة ؛ لأنه يشغل قلب المصلي . اهـ . ومثله يقال في حائط الميمنة أو الميسرة ؛ لأنه يلهي القريب منه . (۲/۴۳۰ ، ۴۳۱ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب كلمة لا بأس دليل على المستحب غيره ، لأن البأس الشدة ، قبيل مطلب في أفضل المساجد ، ط : زكريا وبيروت) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۸۶۶۵)

ما في " المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة " : "اگر نمازی کے سامنے آئینہ ہو، یا ایسی ٹائلس ہو، جس میں نمازی کو اپنا عکس نظر آرہا ہو، جو اس کے لیے مخل خشوع اور دل کی مشغولی کا باعث ہو تو اس صورت میں اس کی نماز مکروہِ تنزیہی ہوگی۔" (۵/۱۱۹، مسئلہ نمبر:۳۷، آئینہ اور ٹائلس کے سامنے نماز، مکروہات الصلاۃ ومفسداتہا، طبع دوم، خیر الفتاویٰ:۲/۴۳۱، فتاویٰ محمودیہ:۱۱/ ۸۹، آئینہ سامنے ہو تو نماز کا کیا حکم ہے؟، و:۱۱/ ۸۹، آئینہ دار مسجد میں نماز، ط: میرٹھ)

باب الوتر

حرمین میں نمازِ وتر دوسلام کے ساتھ

مسئلہ (۳۹): بلادِ عرب میں عموماً وتر کی تین رکعتیں دوسلام سے ادا کی جاتی ہیں، احناف کے لیے بھی ایسے امام کی اقتدا میں نمازِ وتر ادا کرنے کی گنجائش ہے، اگر امام وتر کی تین رکعتیں دوسلام سے ادا کرے، تو حنفی مقتدی دو رکعت کے بعد سلام نہ پھیرے، اور امام کے ساتھ تیسری رکعت کے لیے کھڑا ہو جائے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " انوارِ رحمت " : ''حجازِ مقدس میں ان کے پیچھے حنفی کی وتر کی نماز صحیح ہو جانی چاہیے، اور صحتِ اقتدا کی تین دلیلیں ہم یہاں پیش کرتے ہیں:.....دلیل-۱: ضرورت کے وقت قولِ غیر مشہور پر عمل کی گنجائش ہو جاتی ہے۔[۱].....دلیل-۲: حکمِ حاکم رافعِ خلاف ہوا کرتا ہے، کہ وہاں پر حاکمِ وقت کی طرف سے دوسلام کے ساتھ وتر پڑھنے کا حکم ہے۔[۲].....دلیل-۳: حضرت علامہ انور شاہ کشمیری علیہ الرحمۃ نے حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی علیہ الرحمۃ کی رائے بھی یہی نقل فرمائی کہ وتر کی نماز میں حنفی کے لیے ائمہ ثلاثہ کے مسلک کے مطابق وتر پڑھنے والے کے پیچھے اقتدا کر کے انہیں کی طرح نماز پڑھ لی جائے تو یہ صحیح اور درست ہے، جیسا کہ ابو جعاص کی یہی رائے اور مذہب ہے۔''[۳] (ص/۶۸، ۶۹، ۷۱)

[۱] ما في " معارف السنن " : وبالجملة فمذهب الحنفية : أنه لا وتر عندهم إلا بثلاث ركعات بتشهدين وتسليم ، نعم لو اقتدى حنفي بشافعي في الوتر وسلم ذلك الشافعي الإمام على الشفع الأول على وفق مذهبه ثم أتم الوتر صح وتر الحنفي عند أبي بكر الرازي وابن وهبان ، وفيه يقول ابن وهبان في " منظومه " :

ولو حنفي قام خلف مسلم لشفع ولم يتبع وتم فمؤتمر

(۴/۱۷۰ ، أبواب الوتر ، تفصيل المذاهب في عدد ركعات الوتر ، ط : سعيد كراچی)

ما في " البحر الرائق " : لا يجوز اقتداء الحنفي بمن يسلّم من الركعتين في الوتر ، =

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=وجوّزه أبو بكر الرازي ويصلي معه بقية الوتر ؛ لأن إمامه لم يخرج بسلامه عنده وهو مجتهد فيه .

(۲/۴۲ ، كتاب الصلاة ، باب الوتر والنوافل ، ط: دار المعرفة بيروت ، و:۲/۶۸ ، ۶۹ ، باب الوتر والنوافل ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

[۲] ما في " تكملة فتح الملهم " : إن حكم الحاكم رافع للخلاف في الأمور المجتهد فيها. (۱/۶۳۶)

وفيه أيضًا : فكما أن النزاع يرتفع بالتعامل السابق فإنه يرتفع أيضًا بتقنين من قبل الحكومة. (۱/۶۳۶، كتبا المساقاة والمزارعة ، ط: المكتبة الأشرفية ديوبند ، و:۷/۵۸۹ ، ط: احياء التراث العربي بيروت)

[۳] ما في " فيض الباري " : ولا عبرة بحال المقتدي وإليه ذهب الجصاص وهو الذي اختاره لتوارث السلف واقتداء أحدهم بالآخر بلا نكير مع كونهم مختلفين في الفروع ، وإنما كانوا يمشون على تحقيقاتهم إذا صلوا في بيوتهم ، أما إذا بلغوا في المسجد فكانوا يقتدون بلا تقدم وتأخر ، ولين يُنقل عن إمامنا أنه سأل عن حال الإما في المسجد الحرام مع أنه حجّ مِرارًا ..... وكان مولانا شيخ الهند رحمه الله تعالى يذهب إلى مذهب الجصّاص . (۲/۱۶، ۱۷ ، كتاب الغسل ، باب مسح اليد بالتراب ، حديث : ۲۶۰ ، ط: مكتبة مشكاة الإسلامية من موقع المكتبة الشاملة ، و دار الكتب العلمية بيروت)

(فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۲/۴۶۱، ۴۶۲)

(نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے:ص/۴۶، ۴۷، حج وعمرہ کے مسائل، دسواں فقہی سمینار، تجویز:۱۳)

باب الجمعة

جمعہ کی اذان کے بعد غیر مسلم کو دکان پر بٹھانا

مسئلہ (۴۰): جمعہ کی اذان ہونے کے بعد غیر مسلم ملازم کو دکان پر بیٹھا کر، دکان کھلی رکھنا جائز تو ہے، لیکن جمعہ کی فضیلت اور احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ جمعہ کی پہلی اذان کے ساتھ ہی دکان بند کردی جائے، تاکہ غافل قسم کے لوگ اذانِ جمعہ کے بعد خرید وفروخت کی کراہت کا ارتکاب نہ کریں، نیز دکان بند رکھنے میں جمعہ کے دن کی عظمت اور اُس کی شان وشوکت میں بھی اضافہ ہوگا، اور ایک گھنٹہ دکان بند رہنے سے بھی کون سا بڑا نقصان ہوگا[1]، جب کہ اللہ رب العزت فرمارہے ہیں: ''اے ایمان والو! جب جمعہ کے دن نماز کے لیے پکارا جائے، تو اللہ کے ذکر کی طرف لپکو، اور خرید وفروخت چھوڑ دو، یہ تمہارے لیے بہتر ہے، اگر تم سمجھو۔''[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وقد خص منه من لا جمعة عليه ، ذكره المصنف . (در مختار) . وفي الشامية : والحاصل أن الدليل خص من وجوب السّعي جماعة كالمريض والمسافر . (۵/۱۰۱، كتاب البيوع ، باب بيع الفاسد ، مطلب أحكام نقصان المبيع فاسدًا ، ط: سعيد كراچي ، ۷/۳۰۴ ، ۳۰۵ ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يا أيها الذين اٰمنوا اذانودي للصلوة من يوم الجمعة فاسعوا إلى ذكر اللّٰه وذروا البيع ذلكم خير لكم إن كنتم تعلمون﴾ . (سورة الجمعة : ۹)
ما في " تفسير المظهري " : (وذروا البيع) أراد ترك ما يشغل عن الصلوة والخطبة=

باب صلوة المسافر

دورانِ سفر احتلام ہونے پر غسل

مسئلہ (۴۱): اگر کسی شخص کو دورانِ سفر، ٹرین وغیرہ میں احتلام ہو کر غسل لازم ہو جائے، اور اس کے پاس یا ٹرین میں پانی کا انتظام ہو، تو نماز کی ادائیگی سے قبل اُس پر غسل لازم ہوگا، اور اگر پانی دستیاب ومہیا نہ ہو، یا ہو مگر دورانِ سفر اس کا استعمال صحت کے لیے نقصان دہ ہو، اور اس سے بیمار ہو جائے، یا بیماری کے بڑھ جانے کا اندیشہ ہو، اور نماز کا وقت بھی ختم ہونے کو ہو، تو پھر غسل کی بجائے محض تیمّم کر کے ناپاک کپڑے تبدیل کر کے نماز ادا کر لے۔ (۱)

=وإنما خصّ البيع بالذكر لاشتغالهم غالبا بعد الزوال في الأسواق بالبيع والشراء . اهـ .
(۲۷۶/۹ ، ط : زكريا بكڈپو ديوبند)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (ووجب سعي إليها وترك البيع بالأذان الأول) ولو مع السعي . (تنوير مع الدر) . وفي الشامية : قوله : (وترك البيع) أراد به كل عمل ينافي السعي وخصّه اتباعًا للآية . نهر . (۳۵/۳ ، مطلب في حكم المرقي بين يدي الخطيب)

ما في " الهداية " : وإذا أذن المؤذنون الأذان الأول ترك الناس البيع والشراء وتوجهوا إلى الجمعة . (۱۷۱/۱ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة)

(نماز کے مسائل کا انسائیکلو پیڈیا:۲/ ۹۸، جمعہ کی اذان کے بعد غیر مسلم ملازم کو دکان پر بٹھا کر دکان کھلی رکھنا، مستفاد: المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة:۶/ ۹۰، ۹۱، ۹۲، مسئلہ نمبر:۵۲، ۵۳، و:۸/ ۱۳۱، مسئلہ نمبر:۸۳، ہوٹل کھلی رکھنے کے لیے باری باری نمازِ جمعہ ادا کرنا) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۷۹۳۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : (ومن لم يجد ماءً وهو مسافر أو خارج المصر بينه وبين المصر=

کتاب الجنائز

مریض کی دل جوئی کے لیے مناسب باتیں کریں

مسئلہ (۴۲): اسلام دینِ فطرت ہے، اس میں انسانوں کے حالات اور طبیعتوں کو دیکھتے ہوئے احکامات کو نازل کیا گیا ہے، جب انسان بیمار ہو، تو اس کا دل چاہتا ہے کہ کوئی اس کے پاس رہے، اس کی خدمت کرے، اس کو دِلاسا دے، اور اس کی دل جوئی کرے، تاکہ اُس کو حوصلہ ملے، اسی لیے شرعِ اسلامی میں مریض کی عیادت کا حکم دیا گیا ہے[1]، اس لیے جب کسی مریض کی عیادت کے لیے جائیں، تو اس کے پاس بیٹھ کر مایوسی کی باتیں نہ کریں، بلکہ امید اور خدا کی رحمت دلانے والی باتیں کریں، جیسا کہ رسول کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ جب تم مریض کے پاس جاؤ، تو اس کی زندگی کے بارے میں اس کا غم دور کرو، یعنی اسے تسلی دو، کیوں کہ تسلی تقدیر کو ٹال تو نہیں سکتی، لیکن اس سے مریض کا دل ضرور خوش ہوتا ہے[2]، لہٰذا عیادت کرنے والوں کو چاہیے کہ مریض کی عیادت

=نحوَ ميل أو أكثر يتيمم بالصعيد) لقوله تعالى : ﴿فلم تجدوا مآءً فتيمموا صعيدًا طيبًا﴾ . وقوله عليه الصلاة والسلام : " التراب طهور المسلم ولو إلى عشر حِجَج ما لم يجد الماء " والميل هو المختار في المقدار . الخ . (۱/۳۲، كتاب الطهارة، باب التيمم، ط : دار أرقم بيروت، و: ۱/۴۹، ط : قديمي، فتح القدير : ۱/۱۲۵، ۱۲۶، باب التيمم، ط : دار الكتب العلمية بيروت، العناية شرح الهداية : ۱/۱۰۰، ط : دار الكتب العلمية، البناية شرح الهداية : ۱/۴۸۰ – ۴۸۶، ط: رشيديه كوئٹه) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۷۸۸۷)=

وبیمار پُرسی کے دوران اس کی دل جوئی کے لیے مناسب باتیں کریں، تاکہ وہ خوش ہو، ایسی مایوسی کی باتیں نہ کریں، جس سے وہ مزید تکلیف کے اندر مبتلا ہو جائے۔

قریب المرگ کے پاس خیر کے کلمات کہے

مسئلہ (۴۳): بہت سے لوگ جب کسی قریب المرگ شخص کی تیمارداری وعیادت کو جاتے ہیں، تو بڑی بے احتیاطی سے مریض کے سامنے گفتگو کرتے ہیں، بُرے کلمات زبان سے نکالتے ہیں، مثلاً: بڑی خطرناک مہلک بیماری ہے، اب مریض کے بچنے کی کوئی امید نہیں وغیرہ، اُن کا یہ عمل سراسر غلط اور خلافِ سنت ہے، حدیثِ پاک میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم کسی مریض یا قریب المرگ کے پاس جاؤ، تو منہ سے خیر وبھلائی کے کلمات نکالو، کیوں کہ تمہاری زبان سے جو کچھ نکلتا ہے- خواہ وہ دعاء خیر ہو یا دعاء شر ہو، اس پر فرشتے

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي موسى قال : قال رسول الله ﷺ : " أطعموا الجائع وعُودوا المريض ، وفُكّوا العاني " . رواه البخاري . (۱/۴۸۳ ، حديث :۱۵۲۳، كتاب الجنائز ، باب عيادة المريض وثواب المرض ، الفصل الأول ، ط : المكتب الإسلامي بيروت ، مرقاة المفاتيح :۳/۴ ، حديث : ۱۵۲۳ ، صحيح البخاري : ص/۱۰۳۰ ، حديث :۵۶۴۹ ، كتاب المرضى ، باب وجوب عيادة المريض ، ط : بيروت)

(۲) ما في " مكشوة المصابيح " : وعن أبي سعيد قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا دخلتم على المريض ، فنفّسوا له في أجله ، فإن ذلك لا يرُدُّ شيئًا ، ويطيب بنفسه " . رواه الترمذي وابن ماجه ، وقال الترمذي : هذا حديث غريب . (۱/۴۹۵ ، حديث :۱۵۷۲، باب عيادة المريض ، الفصل الأول ، مرقاة المفاتيح :۴/۴۱ ، حديث :۱۵۷۲) (بچپن سے موت تک کے شرعی احکام: ص/۵۱-۵۴، باب:۱۳، عیادتِ مریض کا سنت طریقہ، مرتب: مولانا محمد امجد سعید صاحب، ناشر مکتبہ: نفیس کتاب گھر لاہور)

آمین کہتے ہیں[۱]، لہٰذا کسی بھی مریض یا قریب المرگ کے پاس جا کر اپنی زبان سے بُرے کلمات نہ نکالیں، تاکہ وہ ہمارے لیے وبال کا ذریعہ نہ بنے، بلکہ سنت طریقے پر مریض کے پاس خیر کے کلمات کہیں، اور قریب المرگ کے پاس کلمۂ طیبہ کا وِرد کریں[۲]، یا سورۂ یٰسین کی تلاوت کریں۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن أم سلمة قالت : قال رسول الله ﷺ : " إذا حضرتم المريض أو الميّت فقولوا خيرًا ، فإن الملائكة يؤمّنون على ما تقولون " . رواه مسلم .

(۱/۵۰۸ ، رقم : ۱۶۱۷ ، باب ما يقال عند من حضره الميت ، الفصل الأول)

ما في " مرقاة المفاتيح " : (فقولوا خيرًا) أي للمريض اشفه وللميت اغفر له ذكره المظهر ، أو لكم بالخير أو قولوا للمحتضر : لا إله إلا الله فإنها خير ما يقال له ، اختاره ابن حجر لكن لا يلائمه . قوله : (فإن الملائكة يؤمّنون) بالتشديد أي يقولون آمين (على ما تقولون) أي من الدعاء خيرًا أو شرًّا . وقال ابن حجر : أي من الأدعية الصالحة . (۴/۷۵ ، كتاب الجنائز)

(۲) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي سعيد وأبي هريرة قالا : قال رسول الله ﷺ : "لقّنوا موتاكم لا إله إلا الله" رواه مسلم . (۱/۵۰۸ ، حديث : ۱۶۱۶)

ما في " مرقاة المفاتيح " : أي ذكروا من حضره الموت منكم بكلمة التوحيد أو بكلمتي الشهادة بأن تتلفظوا بها أو بهما عنده . اهـ . (۴/۷۴) (بچپن سے موت تک کے شرعی احکام: ص/۵۹)

(۳) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن معقل بن يسار قال : قال رسول الله ﷺ : " اقرؤا سورة يٰس على موتاكم " . رواه أحمد وأبو داود وابن ماجه . (۱/۵۰۹ ، حديث : ۱۶۲۲ ، الفصل الثاني)

ما في " مرقاة المفاتيح " : أي الذين حضرهم الموت ولعل الحكمة في قراءتها أن يستأنس المحتضر بما فيها من ذكر الله وأحوال القيامة والبعث ، قال التوربشتي : يحتمل أن يكون المراد بالميت الذي حضره الموت فكأنه صار في حكم الأموات ..... وقال السيوطي : ورواه ابن أبي شيبة والنسائي والحاكم وابن حبان ، وأخرج ابن أبي الدنيا والديلمي عن أبي الدرداء عن النبي ﷺ قال : ما من ميت يقرأ عند رأسه [سورة] يٰس إلا هوّن الله عليه . اهـ . وفي رواية صحيحة أيضًا يٰس قلب القرآن لا يقرأها عبد يريد الدار الآخرة إلا غفر الله له ما تقدم من ذنبه فاقرؤوها على=

قرض خواہ کا انتقال ہو جائے تو قرض کس کو دے؟

مسئلہ (۴۴): اگر کوئی شخص کسی سے روپیہ وغیرہ قرض لے، یا کوئی اُدھار مُعامَلہ کرے، اور ابھی قرض چکایا نہیں تھا، یا اُدھاری اَدا نہیں کی تھی کہ قرض خواہ یا دائن اِس جہانِ فانی سے رخصت ہو گیا، تو اب قرض دار یا مدیون کو چاہیے کہ وہ قرض یا دَین جو اس کے ذمہ لازم ہے میت کے شرعی وارثوں کو ادا کر دیں، کیوں کہ میت کا جو قرض کسی کے ذمہ ہوتا ہے وہ اس کی وِراثت اور ترکہ میں شامل ہے[۱]، اور اگر میت کا کوئی وارث موجود نہ ہو، یا اُس تک رسائی ممکن نہ ہو، تو اب وہ قرض یا دَین کی رقم میت کی طرف سے صدقہ کر دیں۔[۲]

= موتاكم ، قال ابن حبان : المراد به من حضره الموت . اهـ . (۴/۷۹ ، ۸۰ ، كتاب الجنائز) الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : والموت لم يعرف مسقطاً للدين في أصول الشرع ، فلا يسقط شيء منه بالموت كسائر الديون .

(۳۹/۱۷۳ ، مهر ، الموت ، بدائع الصنائع : ۲/۵۸۸ ، كتاب النكاح ، بيان ما يتأكد به المهر)

ما في " الموسوعة الفقهية " : لا خلاف بين الفقهاء في عدم تأثير موت الدائن على الديون التي وجبت له في ذمة الغرماء ، وأنها تنتقل إلى ورثته كسائر الأموال التي تركها ، لأن الديون في الذمم أموال حقيقة أو حكمًا باعتبارها تؤول إلى مال عند الاستيفاء . (۳۹/۲۶۰ ، ۲۶۱ ، موت)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (عليه ديون ومظالم جهل أربابها وأيس) من عليه ذلك (من معرفتهم فعليه التصدق بقدرها من ماله وإن واستغرقت جميع ماله) هذا مذهب أصحابنا ..... (و) متى فعل ذلك (سقط عنه المطالبة) من أصحاب الديون . (در مختار) وفي الشامية : وإن لم يجد المديون ولا وارثه صاحب الدين ولا وارثه فتصدق المديون أو وارثه عن صاحب الدين برئ في الآخرة . (۶/۴۴۳ ، كتاب اللقطة ، قبيل مطلب فيمن عليه ديون ومظالم وجهل أربابها ، ط : دار الكتب العلمية بيروت ، و : ۴/۲۸۳ ، ط: دار الفكر بيروت)

میت کے ذمہ قرض ہو تو ورثاء ادا کر دیں

مسئلہ (۴۵): جب انسان اِس دنیا سے چلا جاتا ہے، تو اُس کے وُرثاء پر یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ سب سے پہلے میت پر لازم قرض ادا کرنے کی فکر کریں[1]، اس لیے کہ مقروض میت کے بارے میں حدیثِ پاک میں بڑی سخت وعیدیں وارد ہوئی ہیں، آپ ﷺ کا ارشاد ہے کہ: ''مومن کی جان اُس کے قرض کے ساتھ لٹکی رہتی ہے، جب تک اس کا قرض ادا نہ کر دیا جائے''[2] لیکن ساتھ ہی میت کے ورثاء کو یہ بات بھی سمجھ لینی چاہیے کہ وہ شرعی ثبوت (بینہ/گواہ، یا بحالتِ صحت مقروض کے اقرار) کے بغیر ہر اَیرے غیرے کو قرض نہ تھما دیں، بلکہ پختہ ثبوت وبینہ کے ذریعہ، میت کے ذمے قرض ثابت ہونے کے بعد ہی قرض ادا کریں۔[3]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿من بعد وصية يوصي بها او دين﴾ . (سورة النساء : ۱۱) وقوله تعالى : ﴿من بعد وصية يوصىٰ بها او دين غير مضارّ﴾ . (سورة النساء : ۱۲)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يستحب أن يسارع إلى قضاء دينه أو إبرائه منه وبه قال أحمد لحديث أبي هريرة رضي الله عنه مرفوعا : " نفس المؤمن معلقة بدينه حتى يقضى عنه" .

(۱۲/۷ ، قضاء الدين ، جنائز)

وفيه أيضًا : يأتي في المرتبة الثانية أداء الديون المتعلقة بالتركة بعد تجهيز الميت ..... لقوله تعالى : ﴿من بعد وصية يوصي بها أو دين﴾ . ويقدم الدين على الوصية باتفاق الفقهاء ؛ لأن الدين واجب من أول الأمر ، لكن الوصية تبرّع ابتداء ، والواجب يؤدى قبل التبرّع . اهـ.

(۱۱/۲۱۷ ، تركة ، ثانيًا : أداء الدين)

(۲) ما في " جامع الترمذي " : عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي ﷺ أنه قال : "نفس المؤمن معلقة بدينه حتى يُقضى عنه " . (۱/۲۰۲ ، ط: دار السلام سهارنفور الهند)=

قرض خواہ کا مقروض میت سے قرض معاف کرنا

مسئلہ (۴۶): مسلمان آدمی کے ذمہ اول تو قرض ہونا ہی نہیں چاہیے، اور اگر بأمرِ مجبوری قرض لیا ہو، تو اس کو حتی الوسع جلد سے جلد ادا کر دینا چاہیے، خدانخواستہ اگر کسی شخص کی مقروض ہونے کی حالت میں موت آ گئی، تو اس کا معاملہ بڑا شدید ہے[۱]، خدا جانے خود غرض وارثین ادا کریں گے بھی یا نہیں؟ اور اگر زندگی میں قرض ادا کر سکنے کا اِمکان نہ ہو، تو وصیت کرنا فرض ہے کہ میرے ذمہ فلاں فلاں کا اتنا قرض ہے وہ ادا کر دیا جائے، اگر وصیت کے بغیر مر گیا اور گھر والوں کو کچھ پتہ نہیں، تو گنہگار ومأخوذ ہوگا[۲]، نعوذ باللہ۔ لہٰذا جب جنازہ تیار ہوجائے، اور سارے لوگ نمازِ جنازہ پڑھنے کے لیے جمع ہوجائیں، تو امام صاحب کو بآوازِ بلند یہ اعلان کر دینا چاہیے کہ اگر میت کے ذمہ کسی صاحب کا قرض باقی ہے، تو وہ اس میت کے ورثاء سے رابطہ کرلیں، جیسا کہ حدیثِ پاک میں حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کی رِحلت ہوئی، تو سیّدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ اعلان فرمایا کہ: جس شخص کا آنحضرت ﷺ کے ذمہ قرض ہو، یا آپ ﷺ نے کسی سے وعدہ کر رکھا ہو، تو وہ ہم

=(۳) ما في " رد المحتار " : قوله : (ويقدم دين الصحة) هو ما كان ثابتًا بالبينة مطلقًا أو بالإقرار في حال الصحة . اهـ . (۶/۷۶۰ ، ط : دار الفكر بيروت ، و: ۱۰/۴۹۵ ، كتاب الفرائض ، ط : دار الكتب العلمية بيروت) (آپ کے مسائل اور اُن کا حل: ۴/۳۳۰، حاشیہ نمبر: ۴، جدید ایڈیشن، بچپن سے موت تک کے شرعی احکام: ص/۱۰۶، ثبوت کے بغیر وارث قرض نہ دیں)=

سے رابطہ کریں[۳]، نیز قرض خواہ اگر خوش دلی سے قرض معاف کردیں، تو مقروض میت کی معافی ہوسکتی ہے۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن أبي هريرة رضي الله عنه : أن رسول الله ﷺ كان يؤتى بالرجل المتوفى عليه الدين فيقول : هل ترك لدينه من قضاء ؟ فإن حدث أنه ترك وفاء صلى عليه ، وإلا قال للمسلمين : صلوا على صاحبكم ، فلما فتح الله عليه الفتوح قام فقال : أنا أولى بالمؤمنين من أنفسهم .. " الحديث . (۲۰۵/۱ ، باب ما جاء في المديون)

وفيه أيضًا : عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي ﷺ أنه قال : " نفس المؤمن معلقة بدينه حتى يقضى عنه " . (۲۰۶/۱ ، باب ما جاء أن نفس المؤمن معلقة بدينه)

ما في " كنز العمال " : عن سمرة رضي الله عنه : من هاهنا من رهط فلان : " إن صاحبكم قد احتبس عن الجنة بدين كان عليه فأما أن تفدوه من عذاب الله وإما أن تسلموه " .

(۲۳۵/۶ ، حديث : ۱۵۵۰۴ ، ط : مؤسسة الرسالة)

(۲) ما في " مسند أحمد " : عن سعد بن الأطول قال : " مات أخي وترك ثلاث مائة دينار وترك ولدا صغارا فأردت أن أنفق عليهم فقال لي رسول الله ﷺ : " إن أخاك محبوس بدينه فاذهب فاقض عنه ... " الخ . (۱۳۶/۴ ، ط : المكتب الإسلامي بيروت)

ما في " رد المحتار " : والوصية أربعة أقسام : واجبة كالوصية بردّ الودائع والديون المجهولة ، ..... وفي المواهب : تجب على مديون بما عليه لله تعالى أو للعباد .

(۶۴۸/۶ ، كتاب الوصايا ، ط : سعيد كراچی)

(۳) ما في " الطبقات الكبرى " : لما قبض رسول الله ﷺ قال أبو بكر لما جاءه مال من البحرين : من كانت له على النبي عدة يأتيني ، قال : فجاءه جابر بن عبد الله الأنصاري فقال : إن النبي وعدني إذا أتاه مال البحرين أن يعطيني هكذا هكذا ، وأشار بكفيه ، فقال أبو بكر : خذ ! فأخذ بكفيه فعده خمس مائة درهم فأعطاه إياه وألفا ، ثم جاء ناس كان وعدهم رسول الله ﷺ فأخذ كل إنسان ما كان وعده ثم قسم ما بقي من المال فأصاب كل إنسان =

مُحرِم میت کی تجہیز و تکفین

مسئلہ (۴۷): جس شخص نے حج یا عمرہ کا اِحرام باندھ رکھا تھا، اور وہ اُسی حالت میں وفات پا گیا، تو اُس کی تجہیز و تکفین اِسی طرح کی جائے گی جیسے غیر مُحرِم میت کی، کی جاتی ہے، کیوں کہ وفات پاتے ہی احرام کا حکم ختم ہو جاتا ہے، لہٰذا اُس کو خوشبو وغیرہ لگانا، اور سر ڈھانکنا وغیرہ سب جائز ہوگا۔[1]

=منهم عشرة دراهم . (۲/۳۱۷، ط : بيروت)

(۴) ما في " كشاف اصطلاحات الفنون " : الدين الصحيح وهو الدين الثابت بحيث لا يسقط إلا بالأداء أو الإبراء كدين القرض ودين المهر ودين الاستهلاک وأمثالها .

(۱/۵۰۲ ، ط : سهيل اكيڈمی لاهور، بحوالہ آپ کے مسائل اور اُن کا حل: ۴/۳۳۲، حاشیہ نمبر: ۱)

(بچپن سے موت تک کے شرعی احکام: ص/۱۰۶، میت کے قریب جنازے کے وقت قرض کی یاد دہانی، آپ کے مسائل اور اُن کا حل: ۴/۳۲۹، ۳۳۰، ۳۳۲، ط: جدید)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المعجم الكبير للطبراني " : عن ابن عباس رضي الله عنهما قال : قال رسول الله ﷺ : " خمروا وجوه موتاكم ولا تشبهوا باليهود " . (۱۱/۱۸۳ ، حديث : ۱۴۳۶ ، ط : وزارة الأوقاف العراقية ، مجمع الزوائد : ۳/۲۵ ، حديث : ۴۰۹۷ ، ط: القدسي)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (والمحرم كالحلال) . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (والمحرم كالحلال) أي فيغطّى رأسه وتطيب أكفانه .

(۳/۹۹ ، باب صلاة الجنازة ، ط : بيروت وزكريا)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وعند الحنفية والمالكية يُكفّن المحرم والمحرمة كما يُكفّن غير المحرم أي يغطّى رأسه ووجهه ويُطيّب لما روي عن عطاء عن ابن عباس " عن النبي ﷺ أنه قال في المحرم يموت : خمّروهم ولا تُشبّهوهم باليهود " . وروي عن علي أنه قال في المحرم : " إذا مات انقطع إحرامه " ، ولأن النبي ﷺ قال : " إذا مات ابن آدم=

جمعہ کے دن، نمازِ جمعہ تک تدفین مؤخر کرنا

مسئلہ (۴۸): جب کسی شخص کا انتقال جمعہ کے دن ہوتا ہے، تو میت کے ورثاء اور اُس کے متعلقین اُس کی تدفین کو نمازِ جمعہ کے بعد تک مؤخر کرتے ہیں، تاکہ لوگوں کی ایک بڑی جماعت اس کی نمازِ جنازہ وتدفین میں شریک ہو، شرعاً یہ عمل خلافِ سنت ہے، اس لیے کہ سنت یہ ہے کہ میت کی تجہیز وتکفین اور تدفین میں جلدی کی جائے، لہٰذا محض زیادہ لوگوں کی نمازِ جنازہ میں شرکت کو یقینی بنانے کے لیے نمازِ جمعہ کے بعد تک نمازِ جنازہ اور عملِ تدفین کو مؤخر کرنا مکروہِ تنزیہی ہوگا، ہاں! اگر کوئی معقول عذر ہو، تو اور بات ہے۔ (۱)

=انقطع عمله إلا من ثلاث : ولد صالح يدعو له ، أو صدقة جارية ، أو علم ينتفع به " ، والإحرام ليس من هذه الثلاثة . (۱۳/۲۴۴ ، ۲۴۵ ، كيفية تكفين المحرم والمحرمة ، بدائع الصنائع : ۱/۳۰۷ ، ۳۰۸ ، ط : المكتبة العلمية بيروت ، بحواله الموسوعة الفقهية)

ما في " بدائع الصنائع " : ثم المحرم يُكفّن كما يُكفّن الحلال عندنا ، أي : يُغطّى رأسه ووجهه ويُطيّب . اهـ . (۱/۳۰۷ ، ۳۰۸ ، ط : المكتبة العلمية بيروت)

(احکامِ میت: ص/۴۳، بحوالہ کتاب المسائل: ۲/۶۳، بحالت احرام وفات الخ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (وكره تأخير صلوته ودفنه ليصلي عليه جمع عظيم بعد صلاة الجمعة) إلا إذا خيف فوتها بسبب دفنه .

(۳/۱۲۶ ، مطلب في حمل الميت ، ط : دار الكتاب ديوبند)

ما في " البحر الرائق " : والأفضل أن يعجل بتجهيزه كله من حين يموت ، ويكره تأخير الصلاة ودفنه ليصلى عليه الجمع العظيم بعد صلاة الجمعة ، ولو خافوا فوت الجمعة بسبب دفنه يؤخر الدفن . (۲/۳۳۵ ، كتاب الجنائز ، ط : دار الكتاب ديوبند)=

نمازِ جنازہ دوبار پڑھنا

مسئلہ(۴۹): اگر امامت کا مستحق[۱] شخص نمازِ جنازہ پڑھا چکا ہو، تو اب دوبارہ اُس کی نمازِ جنازہ پڑھنا جائز نہیں ہے، لیکن اگر میت کے ولی کی اجازت کے بغیر کسی غیر مستحق نے نمازِ جنازہ پڑھادی ہو، تو اب ولی کے لیے نمازِ جنازہ پڑھنا درست ہے، البتہ جو لوگ پہلے نماز پڑھ چکے ہیں، وہ ولی کی اقتدا میں دوبارہ نماز نہ پڑھیں۔[۲]

=ما في " حاشية الطحطاوي على الدر المختار " : (وكره تأخير صلوته ودفنه ليصلى عليه جمع عظيم بعد صلاة الجمعة) فالأفضل أن يعجل بتجهيزه بتمامه من حين يموت . بحر . وظاهره أن الكراهة تنزيهية . (۱/ ۳۸۰ ، كتاب الجنائز ، ط : كوئٹه)

(فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۲/ ۸۰۷،فتاویٰ محمودیہ:۸/ ۵۸۳،ط: کراچی،فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۵/ ۴۰۶-۴۰۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب الحنفية إلى أن أولى الناس بالصلاة على الميت السلطان إن حضر ، ثم نائبه وهو أمير المصر ، ثم القاضي ، فإن لم يحضر فصاحب الشّرط ، ثم خليفة الوالي ، ثم خليفة القاضي ، ثم إمام الحي . اهـ .

(۱۶/ ۳۸ ، جنائز ، من له ولاية الصلاة على الميت)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (فإن صلى غيره) أي الولي (ممن ليس له حق التقدم) على الولي (ولم يتابعه) الولي (أعاد الولي) ..... ولذا قلنا : ليس لمن صلى عليها أن يعيد مع الولي ؛ لأن تكرارها غير مشروع (وإلا) أي وإن صلى من له حق التقدم كقاض أو نائبه أو إمام الحي أو من ليس له حق التقدم وتابعه الولي (لا) يعيد ، لأنهم أولى بالصلاة منه .

(۳/ ۱۲۳ ، ۱۲۴ ، باب صلاة الجنازة ، ط: بيروت وزكريا)

(کتاب المسائل:۳/ ۸۹،جنازہ پر دوبارہ نماز پڑھنا)

معذور بزرگ یا عالمِ دین سے نمازِ جنازہ کی امامت کرانا

مسئلہ (۵۰): اگر کسی میت کی نمازِ جنازہ میں کوئی معذور بزرگ یا عالمِ دین شرکت کریں، جو قیام پر قادر نہ ہو، اور میت کا ولی اُن بزرگ یا عالمِ دین کو نمازِ جنازہ کا امام بنادے، اور وہ بیٹھ کر نمازِ جنازہ کی امامت کریں، تو نمازِ جنازہ درست ہوجائے گی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : قوله : (بلا عذر) أما بالعذر فتصح كما إذا كان مريضًا ولو إمامًا فصلى قاعدًا والناس خلفه قيامًا أجزأه عندهما لا عند محمد بناء على الخلاف في صحة اقتداء القائم بالقاعد وعدمها ، ولا فرق في المصلي قاعدًا بعذر بين كونه وليًا أو لا ، لأن كون الولي له حق التقدم لا يمنع سقوط الفرض بغيره ، ولو بدون إذنه ، وإنما الولي له حق الإعادة ، وحينئذ فلا فرق في سقوط الفرض بصلاة غير الولي بين أن يكون قائمًا أو قاعدًا لعذر أفاده بعض الحذاق راذًّا على السيد فيما ذكره . (ص/۵۸۳ ، باب أحكام الجنائز ، فصل الصلاة عليه ، ط : دار الكتاب ومكتبة شيخ الهند ديوبند)

ما في " الموسوعة الفقهية " : واختلفوا في صحة إمامة القاعد للقائم ..... والشافعية يقولون بالجواز ، وهو قول أكثر الحنفية لحديث عائشة أن النبي ﷺ " صلى آخر صلاة صلاها بالناس قاعدًا ، والقوم خلفه قيامٌ " .

(۲۰۵/۲ ، إمامة الصلاة الإمامة الصغرى ، و– السلامة من الأعذار)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۲۶۲۱)

ملبے میں دب جانے والے کی نمازِ جنازہ

مسئلہ (۵۱): اگر عمارت منہدم ہونے یا زلزلے کی وجہ سے کوئی شخص مَلبے میں دب جائے، اور کوشش کے باوجود اُس کی لاش نکالی نہ جاسکے، تو جب تک یہ گمان غالب ہو کہ وہ پھولی پھٹی نہ ہوگی، تو اس کی نمازِ جنازہ اوپر سے پڑھی جائے گی، لیکن اگر اتنا وقت گزر جائے کہ یہ گمان ہو کہ لاش پھول پھٹ گئی ہوگی، تو اب اس کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھی جائے گی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وإن دفن) وأهيل عليه التراب (بغير صلاة) أو بها بلا غسل أو ممن لا ولاية له (صلى على قبره) استحسانا (ما لم يغلب على الظن تفسخه) من غير تقدير ، هو الأصح . وظاهره أنه لو شک في تفسخه صلي عليه ، لكن في النهر عن محمد : لا كأنه تقديما للمانع . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (أو بها بلا غسل) هذا رواية ابن سماعة ، والصحيح أنه لا يصلى على قبره في هذه الحالة ؛ لأنها بلا غسل غير مشروعة ، كذا في غاية البيان . لكن في السراج وغيره : قيل لا يصلى على قبره ، وقال الكرخي : يصلي . وهو الاستحسان ، لأن الأولى لم يعتدّ بها لترک الشرط مع الإمكان والآن زال الإمكان فسقطت فرضية الغسل ، وهذا يقتضي ترجيح الإطلاق ، وهو الأولى . نهر . (۱۲۵/۳، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " رد المحتار " : تنبيه : ينبغي أن يكون في حكم من دفن بلا صلاة من تردّى في بئر أو وقع عليه بنيان ولم يمكن إخراجه . (۱۲۵/۳، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجنازة ، قبيل مطلب في كراهة صلاة الجنازة في المسجد ، ط : زكريا وبيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : أما عند الحنفية : فلا يُنبشُ الميتُ إذا أهيل عليه التراب لحق اللّٰه تعالى ، كما لو دُفن بلا غسل أو صلاة ، ويصلى على قبره دون غسل .

(۱۰۱/۱۱ ، تدارک ، تدارک غسل الميت)=

قاتل کی نمازِ جنازہ

مسئلہ (۵۲): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر کوئی مسلمان کسی انسان کے قتل میں ملوث ہو، یا خود اس نے قتل کیا ہو-نعوذ باللہ، اور عدالت اس شخص کو قتل کردے، یا پھانسی دیدے، تو اس کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھنا چاہیے، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ ناحق کسی کو قتل کرنا جُرمِ عظیم ہے[۱]، تاہم ایسا شخص اپنے اِس عمل سے اسلام سے خارج نہیں ہوتا، بلکہ انتہائی درجے کا فاسق وفاجر ہوتا ہے[۲]، اب اگر اُسے پھانسی دیدی جاتی ہے، تو اس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی[۳]، البتہ مُقتدیٰ اہلِ علم واہلِ تقویٰ کو ایسے شخص کی نمازِ جنازہ میں شرکت نہیں کرنی چاہیے۔[۴]

=وفيه أيضًا : لو دفن الميت قبل الصلاة أو قبل الغسل فإنه يصلى عليه وهو في قبره ما لم يُعلم أنه تمزّق ، وهذا مذهب الحنفية . (۱۶/۳۴، جنائز ، الصلاة على القبر ، بدائع الصنائع : ۱/۳۱۵ ، ط: المكتبة العلمية بيروت)

(احسن الفتاویٰ:۴/۲۱۱، ۲۱۲، باب الجنائز، کتاب المسائل:۲/۶۸، ملبے کے نیچے دب جانے والے کا حکم)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿من قتل نفسًا بغير نفسٍ أو فسادٍ في الارض فكأنما قتل الناس جميعًا﴾ . (سورة المائدة : ۳۲)

ما في " تفسير السمرقندي " : (أنه من قتل نفسًا بغير نفسٍ) يعني قتل نفسًا بغير أن يقتل نفسا (أو فساد في الأرض) يعني بغير فساد في الأرض ، وهو الشرک باللّٰه . (فكأنما قتل الناس جميعًا) يعني إذا قتل نفسا بغير جرم ، واستحل قتله ، فكأنه قتل الناس جميعًا ، يعني=

.....

= إذا قتل نفسًا فجزاؤه جهنم خالدا فيها . (۱/۴۳۰ ، سورة المائدة)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن عبد الله قال : قال رسول الله ﷺ : " سباب المسلم فسوق وقتاله كفر " . (۸۹۳/۲ ، كتاب الأدب ، باب ما ينهى عن السباب واللعن ، جامع الترمذي :۱۹/۲ ، أبواب البرّ والصلة ، فتح الباري :۴۶۴/۱۰ ، ط : السلفية ، صحيح مسلم :۸۱/۱ ، ط: الحلبي ، مشكوة المصابيح : ص/۴۱۱ ، باب حفظ اللسان ، الفصل الأول)

ما في " جامع الترمذي " : عن عبد الله بن مسعود قال : قال رسول الله ﷺ : " سباب المسلم فسوق وقتاله كفر " . قال أبو عيسى : هذا حديث حسن صحيح ، ومعنى هذا الحديث " قتاله كفر " ليس به كفرا مثل الارتداد عن الإسلام ، والحجة في ذلك ما روي عن النبي ﷺ أنه قال : من قتل متعمدا فأولياء المقتول بالخيار إن شاء وا قتلوا وإن شاء وا عفوا ، ولو كان القتل كفرا لوجب ، وقد روي عن ابن عباس وطاووس وعطاء وغير واحد من أهل العلم قالوا : كفر دون كفر ، وفسوق دون فسوق . (۳۵۳/۴ ، حديث :۱۹۸۳ ، و: ۲۱/۵ ، حديث :۲۶۳۵ ، باب ما جاء في سباب المؤمن فسوق ، ط : احياء التراث)

(۳) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : "..... والصلاة واجبة على كل مسلم ، برا كان أو فاجرا ، وإن عمل الكبائر " . رواه أبو داود .

(۳۵۱/۱ ، باب الإمامة ، الفصل الثاني ، ط: بيروت ، و:ص/۱۰۰ ، حديث : ۱۱۲۵)

ما في " الفتاوى الهندية " : الصلاة على الجنازة فرض كفاية ..... وشرطها إسلام الميت .

(۱۶۲/۱ ، ۱۶۳ ، الفصل الخامس في الصلاة على الميت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يرى الحنفية أنه يصلى على كل مسلم مات بعد الولادة صغيرا كان أو كبيرا ، ذكرا كان أو أنثى ، حرا كان أو عبدا . (۳۷/۱۲ ، جنائز ، من يصلى عليه ومن لا يصلى عليه)

(۴) ما في " الموسوعة الفقهية " : وقال الشوكاني : ذهب مالك والشافعي وأبو حنيفة وجمهور العلماء إلى أنه يصلى على الفاسق ، وقالوا : إن النبي ﷺ إنما لم يصل على من قتل نفسه زجرًا للناس وصلت عليه الصحابة ..... والذي صلبه الإمام ففيه روايتان عن أبي حنيفة ، روى أبو سليمان عنه أنه لا يصلى عليه ، وقال مالك : كل من قتله الإمام على قصاص ، أو في حد من حدود ، فإن الإمام لا يصلي عليه ، والناس يصلون عليه ، وكذا المرجوم .

(۳۷/۱۲ ، ۳۸ ، جنائز ، من يصلى عليه ومن لا يصلى عليه)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۹۵۴۵)

مخنث کی نمازِ جنازہ

مسئلہ (۵۳): اگر کوئی مسلمان مخنث (ہیجڑا) شخص انتقال کر جائے، تو اس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی، خواہ وہ فاسق وفاجر ہی کیوں نہ ہو[۱]، فقہائے کرام نے جن لوگوں کی نمازِ جنازہ کو مُستثنیٰ قرار دیا (پڑھنے سے منع کیا) ہے، اُن کے علاوہ ہر مسلمان کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی، اور مخنث مُستثنیٰ افراد میں داخل نہیں ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : "..... ..... والصلاة واجبة على كل مسلم ، برا كان أو فاجرا ، وإن عمل الكبائر " . رواه أبو داود . (۱/۳۵۱ ، باب الإمامة ، الفصل الثاني ، ط: بيروت ، و:ص/۱۰۰ ، حديث : ۱۱۲۵)

ما في " فتاوى رحيميه " : "(سوال:۲۴):مخنث کی نمازِ جنازہ پڑھی جاسکتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔ (الجواب) مسلم جماعت کا ہو، تو نمازِ جنازہ پڑھ کر مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جائے، تجہیز وتکفین اور نمازِ جنازہ اسلامی حق ہے، چاہے عملاً فاسق وفاجر ہو۔الخ" (۷/۳۹،مخنث (ہیجڑے) کی نمازِ جنازہ)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وهي فرض على كل مسلم مات خلا) أربعة : (بغاة وقطاع طريق) فلا يغسلوا ، ولا يصلى عليهم ..... (وكذا) أهل غصبة ، و (مكابر في مصر ليلا بسلاح وخناق) ..... (لا) يصلى على (قاتل أحد أبويه) إهانة له ، وألحقه في النهر بالبغاة . (۳/۱۰۷ ، ۱۰۸ ، ۱۰۹ ، باب صلاة الجنازة ، ط: بيروت وزكريا ، بدائع الصنائع :۲/۴۷ ، ط : زكريا ، مجمع الأنهر :۱/۲۶۸ ، ط : مكتبه فقيه الأمت ديوبند ، وكذا في نور الإيضاح:ص/۱۱۹ ، فصل في أحوال الصلاة على الميت ، ط : بيروت ، رد المحتار :۳/۱۰۷ ، ۱۰۸ ، ط : بيروت ، مختصر القدوري مع التصحيح والترجيح :ص/۱۱۳ ، ۱۱۴ ، ط: مؤسسة الريان بيروت ، الموسوعة الفقهية :۱۲/۳۷ ، جنائز ، من يصلى عليه ومن لا يصلى عليه)

ما في " علم الفقه " : "مسلمان اگرچہ فاسق یا بدعتی ہو اس کی نماز صحیح ہے، سوا اُن لوگوں کے جو=

عیدگاہ میں نمازِ جنازہ

مسئلہ (۵۴): اگر لوگ نمازِ عید کے لیے عیدگاہ گئے، اور وہاں کسی کا جنازہ تیار ہوکر آ گیا، تو نمازِ عید کے بعد، عیدگاہ میں ہی نمازِ جنازہ ادا کرنا درست ہے۔ (۱)

= بادشاہِ برحق سے بغاوت کریں، یا ڈاکہ زنی کرتے ہوں، بشرطیکہ یہ لوگ بادشاہِ وقت سے لڑائی کی حالت میں مقتول ہوں، اگر بعد لڑائی کے یا اپنی موت سے مرجائیں، تو پھر ان کی نماز پڑھی جائے گی، جس شخص نے اپنے ماں یا باپ کو قتل کیا ہو، اور اس کی سزا میں وہ مارا جائے، تو اس کی نماز بھی نہ پڑھی جائے گی، ان لوگوں کی نماز، زجراً نہیں پڑھی جائے گی۔" (۲/۲۴۰، نمازِ جنازہ کے مسائل، ط: مکتبہ فاروقیہ لکھنؤ) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۵/ ۳۶۷، ۳۶۸، سوال: ۲۹۸۱، ط: مکتبہ دار العلوم دیوبند، فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۶۱۶۸۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : وتكره الصلاة في مسجد الجماعة . (مراقي) . وفي حاشيته : وقيد بمسجد الجماعة ؛ لأنها لا تكره في مسجد أعد لها ، وكذا في مدرسة ومصلى عيد ؛ لأنه ليس لها حكم المسجد في الأصح ، إلا في جواز الاقتداء ، وإن لم تتصل الصفوف ، كذا في ابن أمير الحاج والحلبي ، وفي شرح مؤطا الإمام محمد لمنلا علي ، وينبغي أن لا يكون خلاف في المسجد الحرام فإنه موضع للجماعات ، والجمعة والعيدين ، والكسوفين والاستسقاء وصلاة الجنازة .

(ص/ ۵۹۵ ، كتاب الصلاة ، فصل ، ط : مكتبة شيخ الهند ديوبند)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ۵ – اختلف الفقهاء في إجراء أحكام المسجد على المصلى فقال الحنفية : ليس لمصلى العيد والجنازة حكم المسجد .

(۳۸/ ۳۱ ، مصلى ، ج – إجراء أحكام المسجد على المصلى)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۲۷۴۳۴)

نمازِ جنازہ پڑھانے کی وصیت کرنا

مسئلہ (۵۵): اگر کوئی شخص اپنے اولیاء کو یہ وصیت کر کے مَرے کہ میری نمازِ جنازہ فلاں شخص پڑھائے، تو اُس کے اولیاء پر اس وصیت کا پورا کرنا لازم نہیں ہے، تاہم اگر اولیائے میت اُس فلاں شخص سے نماز پڑھوانا چاہیں، تو اس میں کوئی حرج بھی نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المحيط البرهاني " : وفي العيون : إذا أوصى الميت أن يصلي عليه فلان فالوصية باطلة إلا في رواية ابن رستم فإنها جائزة في روايته ، ويؤمر فلان بأن يصلي عليه .

(۳۳۸/۲ ، كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والثلاثون في الجنائز ، نوع آخر من هذا الفصل في المتفرقات ، ط: احياء التراث العربي بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ومن له ولاية التقدم فهو أحق بالصلاة على الميت ممن أوصى له الميت بالصلاة عليه ؛ لأن الوصية باطلة على المفتى به عند الحنفية ، وفي نوادر ابن رستم الوصية جائز ، ومع ذلک يقدم من له حق التقدم .

(۳۸/۱۲ ، جنائز ، من له ولاية الصلاة على الميت ، كذا في مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي :ص/۳۲۴ ، ط: مصطفى الحلبي ، وأيضًا :ص/۵۹۱ ، أحكام الجنائز)

(کتاب المسائل:۹۳/۲،وصیت کی کہ میری نمازِ جنازہ فلاں پڑھائے)

شادی کے لیے جمع کیے گئے زیورات میں میراث

مسئلہ (۵۶): اگر کسی شخص نے اپنی زندگی میں اپنی بالغ[۱] اولاد کی شادی کے لیے نقد روپیہ یا کپڑا اور زیورات وغیرہ جمع کیا تھا، اور ارادہ تھا کہ اُس کو خاص فلاں بیٹے یا بیٹی کی شادی میں خرچ کروں گا[۲]، اور اُس نے نقد روپیہ یا کپڑا اور زیورات وغیرہ پر ابھی اولاد کو مالکانہ طور پر قبضہ نہیں دیا تھا[۳]، کہ نوشتۂ تقدیر غالب آ گیا، اور اُس شخص کا انتقال ہو گیا، تو یہ سب مال واسباب اُس کی میراث وترکہ میں داخل ہوگا[۴]، اور اُس کی اُس اولاد (بیٹے یا بیٹی) کا کوئی خاص استحقاق نہ ہوگا، جن کے لیے اُس نے یہ چیزیں جمع کی تھی، بلکہ تجہیز وتکفین، ادائے قرض اور جائز وصیتوں کی تعمیل کے بعد میراث کے مطابق یہ اولاد جتنے حصہ کی حق دار ہوگی اُنہیں اُتنا ہی ملے گا۔ (احکام میت: ص/۵۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : اتخذ لولده الصغير ثوبًا يملكه وكذا الكبير بالتسليم . بزازية. (۴۹۱/۸ ، كتاب الهبة ، ط : بيروت)

(۲) ما في " مجمع الأنهر " : هي تمليك عين بلا عوض . (۴۸۹/۳)

ما في " التعريفات للجرجاني " : الهبة في اللغة : التبرع . وفي الشرع : تمليك العين بلا عوض . (ص/۲۵۱)

(۳) ما في " تبيين الحقائق " : وأما القبض فلا بد منه لثبوت الملك لقوله عليه السلام : " لا تجوز الهبة إلا مقبوضة " . (۴۹/۴ ، كتاب الهبة ، مجمع الأنهر: ۴۹۱/۳ ، كتاب الهبة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وتتم) الهبة (بالقبض) الكامل .=

مرحوم کی پینشن وگریجوئٹی کا حق دار کون؟

مسئلہ (۵۷): اگر کوئی سرکاری ملازم دورانِ مُلازمت انتقال کر جائے، تو حکومت کی طرف سے اُسے ملنے والی پینشن اور گریجُوئٹی (Gratuity) کی رقم اس کی میراث اور ترکہ میں شامل نہیں ہوگی، کیوں کہ وہ رقم حکومت کی طرف سے تبرُّع واحسان ہے، ہاں! البتہ حکومت کے قانون اور ضابطہ کے مطابق مرحوم کے جن ورثاء وپس ماندگان کے لیے نام زَد ہو، وہ اُس رقم کے مالک اور حق دار ہوں گے، دیگ ورثاء کا اُس میں کچھ حق نہی، الا یہ کہ وہ اپنی مرضی وخوشی دیگر ورثاء کو بھی کچھ دے دیں، تو اُنہیں اس کا اختیار ہے۔ (۱)

=(۴۹۳/۸ ، كتاب الهبة ، فتاوى قاضي خان على هامش الهندية :۲۶۸/۳ ، كتاب الهبة ، فصل في هبة المشاع ، الفتاوى الهندية :۳۷۷/۴ ، الباب الثاني فيما يجوز من الهبة وما لا يجوز ، مجمع الأنهر :۴۹۱/۳ ، كتاب الهبة)

ما في " الهداية " : وتصح بالإيجاب والقبول والقبض ..... والقبض لا بد منه لثبوت الملك . (۲۸۳/۳ ، كتاب الهبة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (و) شرائط صحتها (في الموهوب أن يكون مقبوضًا غير مشاع ، مميزًا غير مشغول) . (۴۸۹/۸ ، كتاب الهبة ، بيروت)

(۴) ما في " حاشية السراجي في الميراث " : (التركة) واصطلاحه : ما بقي بعد الميت من ماله صافيًا عن تعلّق حق الغير بعينه . (ص/۳ ، مقدمه ، رد المحتار : ۴۹۳/۱۰ ، كتاب الفرائض ، المبسوط للسرخسي :۱۴۵/۲۹ ، كتاب الفرائض ، بيروت ، البحر الرائق :۳۶۵/۹ ، كتاب الفرائض ، ط : ديوبند) (فتاویٰ اشاعت العلوم اکل کوا: رقم الفتویٰ: ۹۰۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " حاشية السراجي في الميراث " : (التركة) واصطلاحه : ما بقي بعد الميت=

کٹے ہوئے عضو کو دفن کر دیا جائے

مسئلہ (۵۸): اگر کسی حادثہ یا مرض، یا آپریشن کی وجہ سے زندہ انسان کا کوئی عضو کٹ کر الگ ہو جائے، یا علیٰحدہ کر دیا جائے، تو اُس عضو کو کسی کپڑے میں لپیٹ کر دفن کر دیا جائے [۱]، کیوں کہ جزءِ انسان ہونے کی وجہ سے وہ قابلِ عزت وتکریم ہے۔ [۲]

= من ماله صافيًا عن تعلّق حق الغير بعينه . (ص/۳ ، مقدمه ، رد المحتار : ۴۹۳/۱۰ ، كتاب الفرائض ، المبسوط للسرخسي : ۱۴۵/۲۹، كتاب الفرائض ، بيروت ، البحر الرائق : ۳۶۵/۹ ، كتاب الفرائض ، ط : ديوبند)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : التبرع : بذل المكلف مالا أو منفعة لغيره في الحال أو المآل بلا عوض بقصد البر والمعروف غالبًا . (۶۵/۱۰، تبرُّع)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وإذا حضر القسمة اولوا القُربىٰ واليتامىٰ والمسٰكين فارزقوهم منه وقولوا لهم قولا معروفًا﴾ . (سورة النساء : ۸)

(۴) ما في " شرح المجلة " : كل يتصرف في ملكه كيف ما شاء .

(ص/۶۵۴، المادة : ۱۱۹۲ ، درر الحكام : ۲۰۱/۳ ، المادة : ۱۱۹۲)

ما في " بدائع الصنائع " : للمالك أن يتصرف في ملكه – أي تصرف شاء ، سواء كان تصرفا يتعدّى ضرره إلى غيره أو لا يتعدّى . اهـ . (۲۶۴/۶ ، ط : دار الكتاب العربي بيروت) (احکام میت: ص/۱۴۷، ۱۴۸، موت کے بعد وصول ہونے والی پینشن بھی ترکہ میں داخل نہیں، فتاویٰ نوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۵۰۹۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : والسّقط يلفّ ولا يكفن كالعضو من الميت . (در مختار) . وفي الشامية : أي لو وجد طرف من أطراف إنسان أو نصفه مشقوقًا طولا أو عرضًا يلفّ في خرقة . (۹۹/۳ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجنازة ، ط : بيروت وزكريا)

ما في " بدائع الصنائع " : وعلى هذا يخرج ما إذا وجد طرف من أطراف الإنسان كيد أو رِجل لا يغسل ؛ ..... ألا ترى أن العظام لا يُصلّى عليها بالإجماع . ما روي عن ابن =

مُردے کو قبر میں لٹانے کا صحیح طریقہ

مسئلہ (۵۹): مُردے کو قبر میں لِٹانے کا صحیح ومسنون طریقہ یہ ہے کہ اُسے داھنی کروٹ پر رُو بہ قبلہ (قبلے کی طرف چہرہ کرکے) لِٹایا جائے، صرف چہرہ قبلے کی طرف کردینا کافی نہیں ہے۔ (۱)

=عباس وابن مسعود رضي الله عنهما قالا : لا يصلى على عضو .

(۱/۳۰۲، ۳۰۷، ط : دار الكتاب العربي بيروت ، و:۲/۳۱۳ ، كتاب الصلاة ، فصل في شرائط وجوبه ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

(احکامِ میت:ص/۲۱۳،کتاب المسائل:۲/۶۶،ط:اسماعیل)

ما في " الموسوعة الفقهية " : والسِّقطُ يُلفُّ في خرقة ؛ لأنه ليس له حرمة كاملة . اهـ .

(۱۳/۲۴۰ ، كفن الكفاية)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولقد كرّمنا بنيٓ ادم وحملنٰهم في البرّ والبحر ورزقنٰهم من الطيّبٰت وفضّلنٰهم على كثيرٍ ممن خلقنا تفضيلا﴾ . (بني اسرائيل:۷۰)

ما في " الموسوعة الفقهية " : واتفق الفقهاء على عدم جواز الانتفاع بشعر الآدمي بيعًا واستعمالا ؛ لأن الآدمي مكرم لقوله سبحانه وتعالى : ﴿ولقد كرّمنا بنيٓ ادم﴾ فلا يجوز أن يكون شيء من أجزائه مُهانا مبتذلا . (۲۶/۱۰۲، حكم شعر الإنسان ، البناية شرح الهداية :۸/۱۶۶، ط: دار الكتب العلمية بيروت ، فتح القدير لإبن الهمام :۶/۳۹۰، ۳۹۱ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد ، ط : بيروت)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وينبغي كونه على شقه الأيمن .

(۳/۱۴۱ ، باب صلاة الجنازة ، ط : زكريا وبيروت)

ما في " تحفة الفقهاء للسمرقندي " : ينبغي أن يوضع الميت في القبر على شقه الأيمن يستقبل القبلة . (۱/۲۵۵ ، كتاب الجنازة ، باب الدفن وحكم الشهداء ، ط : بيروت)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۱۷۸۳)

میت کے ساتھ قبر میں پانچ یا سات ڈھیلے ڈالنا

مسئلہ (۶۰): بعض علاقوں میں یہ طریقہ رائج ہے کہ جب میت کو دفناتے ہیں، تو میت کے ساتھ قبر میں پانچ یا سات ڈھیلوں پر سورۂ اخلاص پڑھ کر ڈالتے ہیں، جب کہ مٹی ڈالنے کا یہ طریقہ خلافِ سنت ہونے کی وجہ سے مکروہ و بدعت ہے[۱] مٹی ڈالنے کا سنت طریقہ یہ ہے کہ مٹی ڈالنے والے لوگ میت کے سر کی طرف سے، دونوں ہاتھوں سے تین مرتبہ مٹی ڈالیں:

پہلی مرتبہ ڈالتے وقت.....﴿منها خلقنكم﴾،

دوسری مرتبہ ڈالتے وقت.....﴿وفيها نُعيدكم﴾،

اور تیسری مرتبہ ڈالتے وقت .....﴿ومنها نُخرجُكم تارةً اُخرىٰ﴾۔

پڑھیں، نیز جو مٹی قبر کھودتے ہوئے نکلے وہی دوبارہ قبر پر ڈال دی جائے، اِدھر اُدھر سے، اور زیادہ مٹی نہ ڈالی جائے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : قال في الحلية : ويكره أن يوضع تحت الميت في القبر مضربة أو مخدة أو حصير أو نحو ذلک . اهـ . ولعل وجهه أنه إتلاف مال بلا ضرورة فالكراهة تحريمية . (۳/۱۳۹ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجنائز ، ط : زكريا وبيروت)

(فتاویٰ جامعہ ڈابھیل: ص/۴۲۵، قبر میں ڈھیلے ڈالنا، کتاب الجنائز، افادات: مفتی احمد صاحب بزرگ سملکی، مرتب: مفتی عبدالقیوم راجکوٹی، ط: دارالنشر العلمیۃ سملک)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ويهال التراب عليه ، وتكره الزيادة عليه) من التراب ؛ لأنه بمنزلة البناء ، ويستحب حثيه من قبل رأسه ثلاثا . (در مختار) . وفي =

قبر پر پودے لگانا

مسئلہ (۶۱): بعض لوگ قبر پر پودے لگانے کو سنت سمجھتے ہیں، کہ اِس سے عذاب رُک جاتا ہے، جب کہ قبر پر پودا لگانا، نہ سنت ہے، نہ مستحب ہے، تو اس کی وجہ سے عذاب کا نہ رُکنا بھی ظاہر ہے، البتہ قبر پر اگر گھاس اُگ آئے، تو خود رُو گھاس کو نہیں کاٹنا چاہیے، اس لیے کہ ہری گھاس کی تسبیح سے میت کو اُنس ہوتا ہے، اور اُس کی تسبیح [۱] کی برکت سے اللہ پاک کی خاص رحمت نازل ہوتی ہے، اور اُس کا کاٹنا گویا میت کے حق کو فوت کر دینا ہے۔ [۲]

=الشامية : قال في الجوهرة : ويقول في الحثية الأولى : منها خلقناكم ، وفي الثانية : وفيها نعيدكم ، وفي الثالثة : ومنها نخرجكم تارةً أخرى . اهـ .

(۱۴۲/۳، ۱۴۳، باب صلاة الجنازة ، ط : زكريا وبيروت)

(کتاب المسائل: ۲/ ۹۷، ۹۸، قبر پر مٹی ڈالنا، ط: اسماعیل)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿تسبح له السمٰوٰت السَّبْعُ والارض ومَن فيهنّ ، وان من شيء إلا يسبح بحمده ولكن لا تفقهون تسبيحهم﴾ . (سورة الإسراء : ۴۴)

ما في " إرشاد العقل السليم إلى مزايا الكتاب الكريم– المعروف بـ [تفسير أبي السعود]" : (وإن من شيء) من الأشياء حيوانا كان أو نباتا أو جمادا (إلا يسبح ..... بحمده) أي ينزّهه تعالى بلسان الحال عما لا يليق بذاته الأقدس من لوازم الإمكان ولواحق الحدوث .

(۴۵۲/۳ ، المؤلف : أبو السعود العمادي محمد بن محمد بن مصطفى ، م : ۹۸۲هـ ، ت:عبد القادر أحمد عطا ، ط: مكتبة الرياض الحديثة ، الرياض ، و:۱۹۹/۴، من موقع المكتبة الشاملة ، روح المعاني : ۱۱۹/۹ ، سورة الإسراء ، ط: مكتبه زكريا ديوبند)

(۲) ما في " رد المحتار " : تتمة : يكره أيضًا قطع النبات الرطب والحشيش من =

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=المقبرة دون اليابس كما في البحر والدرر وشرح المنية ، وعلله في الإمداد بأنه ما دام رطبا يسبح الله تعالى فيؤنس الميت وتنزل بذكره الرحمة . اهـ . ونحوه في الخانية .

(۱۵۵/۳ ، باب صلاة الجنازة ، مطلب في وضع الجريد ونحو الآس على القبور ، ط : دار الكتب العلمية ، و:۱/۶۰۲ ، ط : نعمانيه ديوبند ، الفتاوى الهندية :۱/۱۶۷، الفصل السادس في القبر والدفن والنقل من مكان إلى آخر)

ما في " الموسوعة الفقهية " : نصّ الحنفية على أنه يكره قطع النبات الرطب والحشيش من المقبرة ، فإن كان يابسا لا بأس به ، لأنه يسبح الله تعالى ما دام رطبا ، فيؤنس الميت وتنزل بذكره الرحمة ، ولأنه ﷺ وضع الجريدة الخضراء بعد شقّها نصفين على القبرين اللذين يعذبان ، وتعليله ﷺ بالتخفيف عنهما ما لم ييبسا أي : يخفّف عنها ببركة تسبيحهما ، لأن تسبيح الرطب أكمل من تسبيح اليابس لما في الأخضر من نوع حياة ، قال ابن عابدين : وعليه فكراهة قلع ذلك وإن نبت بنفسه ولم يُملك لأن فيه تفويت حق الميت . (۳۴۸/۳۸ ، ۳۴۹ ، مقبرة ، قطع النبات والحشيش من المقبرة)

(فتاویٰ رحیمیہ:۷/۱۲۵،قبر کے آس پاس کی سبز گھاس کاٹنا،فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:رقم الفتویٰ:۵۸۷۳۹)

كتاب الوقف

أحكام المساجد والمدارس

مساجد ومدارس کے احکام

مسجد یا عیدگاہ کی تعمیر کے لیے چندہ باندھ دینا

مسئلہ (۶۲): بعض علاقوں میں مسجد یا عیدگاہ کی تعمیر کے لیے کمیٹی کی طرف سے گاؤں کے لوگوں پر چندہ باندھ دیا جاتا ہے، یعنی ہر گھر میں سے اتنا اتنا چندہ دینا لازمی ہوگا، اس سلسلے میں کمیٹی والوں کو یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ کسی شخص پر اس کی مرضی کے بغیر اور حیثیت سے زیادہ چندہ نہ باندھے، کہ حدیث شریف میں کسی کا مال اُس کی خوش دلی کے بغیر لینا منع ہے، لہٰذا اگر گاؤں والوں پر اُن کی مرضی کے بغیر چندہ باندھا گیا، یا اُن کی حیثیت سے زیادہ باندھا گیا، اور وہ لوگ اس سے ناراض ہیں، تو کمیٹی کا یہ فعل جائز نہیں ہے، اور جبراً ایسے لوگوں سے پیسے وصول کر کے مسجد یا عیدگاہ کی تعمیر میں لگانا بھی جائز نہیں [۱]، ہاں! اگر سب لوگ خوشی خوشی چندہ دیں [۲]، تو بلا کسی تردُّد اُن کے پیسے مسجد یا عیدگاہ کی تعمیر میں لگانا جائز ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي حرة الرقاشي عن عمه قال : قال رسول الله ﷺ : " ألا لا تظلموا ، ألا لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه " . =

مسجدوں میں روم فریشنر (Room Freshner) چھڑکنا

مسئلہ (۶۳): بعض مساجد میں خوشبو کے لیے روم فریشنر (Room Freshner) چھڑکا جاتا ہے، اگر اس میں الکوحل (Alcohal) یا دوسری کوئی نجس وناپاک چیز شامل نہیں ہے، تو اس کے چھڑکاؤ کی گنجائش ہے، یعنی جائز ہے۔[1]

=(ص/۲۵۵ ، باب الغصب والعارية ، السنن الكبرى للبيهقي :۱۶۶/۶ ، كتاب الغصب ، سنن الدار قطني :۲۲/۳ ، كتاب البيوع ، رقم الحديث :۲۸۶۲، المسند للإمام أحمد بن حنبل :۴۰۰/۱۵ ، رقم الحديث :۲۰۹۸۰ ، جمع الجوامع : ۷/۹ ، رقم الحديث : ۲۶۷۵۹ ، شعب الإيمان للبيهقي :۳۸۷/۴ ، رقم الحديث :۵۴۹۲)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا ولايته .

(۲۴۰/۹، كتاب الغصب ، مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير)

ما في " رد المحتار " : لا يجوز لأحد من المسلمين أخذ مال أحد بغير سبب شرعي .

(۷۷/۶ ، كتاب الحدود ، باب التعزير ، مطلب في التعزير بأخذ المال ، البحر الرائق :۶۸/۵، كتاب الحدود ، فصل في التعزير ، درر الحكام :۹۶/۱- ۹۸، المادة :۹۶- ۹۸ ، شرح المجلة :ص/۶۲ ، المادة : ۹۷ ، البحر الرائق :۱۹۸/۸ ، كتاب الغصب ، بيروت)

(۲) ما في " شرح المجلة لسليم رستم باز " : كل يتصرف في ملكه كيف ما شاء .

(ص/۶۵۴ ، رقم المادة :۱۱۹۲) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۱۸۴۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تكملة فتح الملهم " : حكم الكحول المسكرة(Alcohals) فإنها إن اتخذت من العنب أو التمر فلا سبيل إلى حلتها أو طهارتها ، وإن اتخذت من غيرها فالأمر فيها سهل على مذهب أبي حنيفة ..... وإن معظم الكحول التي تستعمل اليوم في الأدوية والعطور وغيرها لا تتخذ من العنب أو التمر ، إنما تتخذ من الحبوب أو القشور=

قبرستان میں عیدگاہ یا Shopping Complex بنانا

مسئلہ (۶۴): بعض علاقوں میں قبرستان کے لیے وقف زمین کو عیدگاہ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، اسی طرح بعض مقامات پر قبرستان کی جگہ میں شاپنگ کامپلیکس (Shopping Complex) تعمیر کردیا جاتا ہے، اور اس سے آمدنی حاصل کی جاتی ہے، جب کہ قبرستان کا وقف اور اس کی غرض الگ ہوتی ہے، اور عیدگاہ کا وقف اور اس کی غرض الگ، قبرستان تدفینِ موتی کے لیے وقف ہوتا ہے، اور عیدگاہ؛ عیدین کی نماز پڑھنے کے لیے، اور وقف میں منشائے واقف کی رعایت ضروری ہوتی ہے، لہٰذا قبرستان کی موقوفہ زمین کو عیدگاہ کے لیے استعمال کرنا، یا اس پر شاپنگ کامپلیکس بنانا، اور اس سے آمدنی حاصل کرنا شرعاً درست نہیں ہے، عیدگاہ کے لیے الگ جگہ تجویز کرنا چاہیے، اور قبرستان کی زمین پر شاپنگ کامپلیکس (Shopping Complex) بنانے سے احتراز کرنا چاہیے۔[1]

= أو البيترول وغيره ، وحينئذ هناك فسحة في الأخذ بقول أبي حنيفة عند عموم البلوى؛ والله سبحانه أعلم .(۶۰۸/۳ ، كتاب الطهارة ، الأشربة ، حكم الكحول المسكرة)

(احسن الفتاویٰ:۸/ ۴۸۸، کتاب الأشربۃ، نظام الفتاویٰ:۱/۳۵۲، ۳۵۳)

ما في " الفتاوى الهندية " : وأما الأشربة المتخذة من الشعير أو الذرة أو التفاح أو العسل إذا اشتد وهو مطبوخ أو غير مطبوخ فإنه يجوز شربه ما دون السكر عند أبي حنيفة وأبي يوسف رحمهما الله تعالىٰ ؛ وعند محمد رحمه الله تعالىٰ حرام شربه ؛ قال الفقيه : وبه نأخذ . كذا في الخلاصة . (۴۱۴/۵ ، كتاب الأشربة ، الباب الثاني في المتفرقات)

(المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ:۱/۱۳۲، مسئلہ نمبر:۱۳۲، فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۹۶۹۲)=

قبرستان کی زمین میں دکانوں کی تعمیر

مسئلہ (۶۵): بعض لوگ قبرستان کے لیے وقف کردہ زمین میں اس غرض سے دکانیں تعمیر کرتے ہیں کہ اس کے کرایہ کے پیسے کو قبرستان کے مصارف میں خرچ کیا جائے گا، اُن کا یہ عمل درست نہیں ہے، اس لیے کہ قبرستان کی زمین تدفینِ اموات کے لیے ہوتی ہے، اس میں دکانوں کی تعمیر - خواہ اُن کی آمدنی قبرستان پر ہی صَرف کی جائے، تب بھی درست نہیں، بلکہ واقف کے منشا کے خلاف ہونے کی وجہ سے ناجائز ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " رد المحتار " : مراعاة غرض الواقفين واجبة . (۶۲۵/۶، كتاب الوقف، مطلب مراعاة غرض الواقفين واجبة) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۲۰۰۴۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : شرط الواقف كنص الشارع . أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به .

(۶۴۹/۶، كتاب الوقف ، مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع ، ط: بيروت ، الأشباه والنظائر لإبن نجيم : ص/۱۶۳ ، ط : بيروت ، النهر الفائق :۳۲۶/۳ ، كتاب الوقف)

ما في " رد المحتار " : فإن شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع وهو مالك ، فله أن يجعل ماله حيث شاء ما لم يكن معصية . (۵۲۷/۶ ، مطلب شرائط الواقف ، ط : بيروت)

ما في " حاشية فتاوى النوازل [للسمرقندي] " : قال النووي : هذا مذهبنا ومذهب الجمهور ، ويدل عليه أيضاً إجماع المسلمين على صحة وقف المساجد والسقايات ، وفيه أن الوقف لا يباع ولا يوهب ولا يورث إنما يتبع فيه شرط الواقف . (ص/۳۳۷)

ما في " رد المحتار " : مراعاة غرض الواقفين واجبة . (۶۲۵/۶، كتاب الوقف ، مطلب مراعاة غرض الواقفين واجبة) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۲۱۶۲۱)

مرغا مرغی، بکرا بکری مسجد کے لیے صدقہ خیرات

مسئلہ (۶۶): اگر کوئی شخص مُرغا مُرغی، بکرا بکری وغیرہ للہ فی اللہ مسجد کے لیے خیرات دیدے، تو اُس کا اِس طرح صدقہ خیرات کرنا صحیح ہے، اُسے فروخت کرکے اُس کی قیمت مسجد کے اُمور وضروریات میں صرف کی جاسکتی ہے، شرعاً یہ درست ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي هريرة أن رسول الله ﷺ قال : " إذا مات الإنسان انقطع عمله إلا من ثلاثة أشياء ؛ من صدقة جارية ، أو علم ينتفع به ، أو ولد صالح يدعو له " . (۳۹۸/۲ ، باب ما جاء في الصدقة عن الميت ، صحيح مسلم :۴۱/۲ ، كتاب الوصية ، باب وصول ثواب الصدقات إلى الميت ، تكملة فتح الملهم : ۱۰۴/۸ ، كتاب الوصية ، باب ما يلحق الإنسان من الثواب بعد وفاته ، حديث :۴۱۹۹ ، شعب الإيمان للبيهقي : ۲۴۷/۳ ، باب في الزكاة ، فصل في الاختيار في صدقة التطوع ، حديث : ۳۴۴۷ ، جامع الترمذي :۲۵۶/۱ ، و۳۶۲/۲ ، حديث : ۱۳۷۶ ، الأحكام ، باب في الوقف ، السنن الكبرىٰ للنسائي :۱۱۴/۲ ، و۱۰۹/۴ ، كتاب الوصايا ، باب فضل الصدقة عن الميت ، حديث : ۶۴۷۸)

ما في " جامع الترمذي " : عن أنس بن مالك قال : قال رسول الله ﷺ : " إن الصدقة لتطفئ غضب الرب ، وتدفع ميته السوء " . (۱۴۴/۱ ، كتاب الزكاة ، في فضل الصدقة)

ما في " مرقاة المفاتيح " : أي لتمنع من إنزال المكروه والبلاء في الحال ، وتدفع سوء الخاتمة في المآل . (۳۵۲/۴ ، كتاب الزكاة ، باب فضل الصدقة ، الفصل الثاني)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن علي قال : قال رسول الله ﷺ : " بادروا بالصدقة ، فإن البلاء لا يتخطاها " . (ص/۱۶۷ ، كتاب الزكاة ، قبيل باب فضل الصدقة)

ما في " كنز العمال " : " الصدقة تمنع سبعين نوعاً من أنواع البلاء ، أهونها الجذام والبرص". (۱۴۸/۶ ، حديث : ۱۵۹۷۸)=

مسجد کی اضافی موقوفہ زمین فروخت کرنا

مسئلہ (۶۷): بعض علاقوں میں جب قدیم مسجد کو شہید کرکے از سرِ نو مسجد تعمیر کی جاتی ہے، تو اَخراجات (تعمیری خرچ) بڑھ جانے کی وجہ سے کمیٹی کے لوگ مسجد کی اضافی موقوفہ زمین فروخت کردیتے ہیں، شرعاً اُن کا یہ عمل صحیح نہیں ہے، اس لیے کہ موقوفہ زمین کو فروخت کرنا شرعاً جائز نہیں ہے، لہٰذا مسجد کی تعمیری ضرورت اصحابِ خیر حضرات کے تعاوُن یا چندے وغیرہ کے ذریعے پوری کرنی چاہیے، نہ کہ مسجد کی اضافی موقوفہ زمین فروخت کرکے۔ (۱)

=ما في " مرقاة المفاتيح " : (الصدقة) هي ما يخرجه الإنسان من ماله ، على وجه القربة واجباً كان أو تطوعاً . (۳۳۸/۴ ، باب فضل الصدقة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الصدقة ... لغة : ما يُعطى على وجه التقرب إلى الله تعالى لا على وجه المَكْرُمة ويشمل هذا المعنى الزكاة وصدقة التطوع . وفي الاصطلاح : تمليك في الحياة بغير عوض على وجه القربة إلى الله تعالى ..... يقول الراغب الأصفهاني : الصدقة : ما يخرجه الإنسان من ماله على وجه القربة ..... والغالب عند الفقهاء : استعمال هذه الكلمة في صدقة التطوع خاصّة . (۳۲۳/۲۶ ، صدقة ، التعريف)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الصدقة مسنونة ورد الندب إليها في كثير من آيات القرآن الكريم وكثير من الأحاديث النبوية الشريفة . اهـ . (۳۲۵/۲۶)

(۲) ما في " أحكام القرآن للجصاص " : الصدقة تقتضي تمليكاً ..... وشرط الصدقة وقوع الملك للمتصدق عليه . (۱۶۱/۳) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۸۷۸۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : فإذا تم ولزم لا يملك ولا يعار ولا يرهن . (در مختار) . وفي الشامية : أي لا يكون مملوكا لصاحبه ولا يملك أي لا يقبل التمليك=

مدرسے کی زمین مسجد کو دینا

مسئلہ (۶۸): مدرسے کے نام سے خریدی ہوئی زمین کسی مسجد کو دینے کا صحیح وجائز طریقہ یہ ہے کہ، یا تو وہ زمین (جس صورت میں اُس کا فروخت کرنا شرعاً درست ہوتا ہے) مسجد کے ہاتھ فروخت کر دی جائے، یا پھر مسجد کو کرایہ پر دیدی جائے، اور ذمہ دارانِ مدرسہ، مسجد والوں سے اس کا کرایہ وصول کرتے رہیں، البتہ اس صورت میں (جب کہ زمین کرایہ پر دی گئی) اُس زمین پر مسجد بنالی گئی، تو وہ مسجد، مسجدِ شرعی نہیں ہوگی۔ (۱)

= لغيره بالبيع ونحوه . (۵۳۹/۶ ، كتاب الوقف ، ط: زكريا وبيروت ، و: ۴۲۱/۶ ، ط : دار الكتاب ديوبند ، فتح القدير :۲۰۴/۶ ، البحر الرائق :۳۴۲/۵ ، فتاوى النوازل للسمرقندي :ص/۳۳۷ ، بدائع الصنائع :۳۲۶/۵) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۹۰۶۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى التاتارخانية " : ولو اشترى بالغلة حانوتًا أو دارًا لتستغل وتباع عند الحاجة فهو أقرب إلى الجواز . (۱۷۸/۸ ، مسئله : ۱۱۵۶۱ ، كتاب الوقف ، الفصل : ۲۱ ، مسائل وقف المساجد ، ط : زكريا)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (اشترى المتولي بمال الوقف دارًا) للوقف (لا تلحق بالمنازل الموقوفة ، ويجوز بيعها في الأصح) . (در مختار) . وفي الشامية : قلت : وفي التتارخانية : والمختار أنه يجوز بيعها إن احتاجوا إليه . (۶۲۷/۶ ، كتاب الوقف ، مطلب اشترى بمال الوقف دارًا للوقف يجوز بيعها ، ط : بيروت)

ما في " الفتاوى الهندية " : القيم إذا اشترى من غلة المسجد حانوتًا أو دارًا أن يستغل ويباع عند الحاجة ، إن كان له ولاية الشراء . (۴۶۲/۲ ، كتاب الوقف ، الفصل الثاني في الوقف على المسجد وتصرف القيم وغيره في حال الوقف عليه)=

مدرسہ کی بجلی سے پریس، سیگڑی جلانا اور چارجنگ کرنا

مسئلہ (۶۹): بعضے طلبہ یہ سوال کرتے ہیں کہ طلبۂ جامعہ کا مدرسہ کی بجلی سے کپڑے پریس کرنا، سیگڑی جلانا اور موبائل وغیرہ چارجنگ کرنا کیسا ہے؟ تو جواباً عرض ہے کہ اس سلسلے میں انتظامیہ کی ہدایات معلوم کریں، وہ جن چیزوں میں استعمال کی اجازت دے، ان میں استعمال کی اجازت ہوگی، اور جن چیزوں میں منع کرے اُن میں استعمال کی مُمانَعت ہوگی۔ (۱)

=ما في " فتح القدير " : وإنما يملك الإجارة المتولي أو القاضي .

(٦/٢٢٤ ، ط : دار الفكر بيروت)

ما في " فتاوى دار العلوم ديوبند " : ''آمدنی وقف سے دوسری ملکیت خریدی گئی ہو،.....روایت تاتارخانیہ کے موافق بہ ضرورتِ عمارتِ مسجد، بیع اس ملکیت خرید کردہ کی درست ہے۔''

(۱۳/۱۸۰، وقف کے مال سے خریدی ہوئی ملکیت کو مسجد کی تعمیر کے لیے فروخت کرنا درست ہے)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وليس له الحفر إلا بإذن ، ويأذن لو خيرًا وإلا لا .

(در مختار) . (٦/٦٧٨، كتاب الوقف ، مطلب للمستأجر غرس الشجر ، بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ولا يحل للمتولي الإذن إلا فيما يزيد الوقف به خيرًا .

(٢/٣٨٤ ، إذن ، إذن متولي الوقف)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۶۳۳۱۸)

مسافر کا مسجد کی بجلی سے موبائل وغیرہ چارجنگ کرنا

مسئلہ (۷۰): اگر کوئی مسافر مثلاً: کسی مدرسے کا سفیر یا داعی ومبلِّغ وغیرہ بہ ضرورت مسجد میں ٹھہرے، اور مسجد کی بجلی سے موبائل وغیرہ کی چارجنگ کرے، تو اُسے چاہیے کہ چارجنگ کے بعد مسجد کے فنڈ میں کچھ رقم جمع کردے، کیوں کہ یہ نماز سے زائد ایک ضرورت پوری کی گئی ہے، لہٰذا اس کا مُعاوَضہ مسجد میں جمع کردینا چاہیے۔ (۱)

مقیم کا مسجد کی بجلی سے موبائل وغیرہ چارجنگ کرنا

مسئلہ (۷۱): اگر کوئی مقیم شخص مسجد کی بجلی سے اپنا موبائل چارج کرے، تو اُس کا یہ عمل درست نہیں ہے، اگر چارج کیا تو اس کا عوض ادا کرنا ضروری ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : تجب القيمة في القيمي يوم غصبه إجماعًا .

(٩/٥٦٧ ، ط : زكريا ، مختصر القدوري مع التصحيح والترجيح :ص/٢٩٥ ، ط : مؤسسة الريان بيروت) (کتاب النوازل:۱۷/۱۰۱، مسافر کا مسجد میں موبائل چارج کرنا)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : تجب القيمة في القيمي يوم غصبه إجماعًا .

(٩/٥٦٧ ، ط : زكريا ، مختصر القدوري مع التصحيح والترجيح :ص/٢٩٥ ، ط : مؤسسة الريان بيروت)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا يحمل سراج المسجد إلى بيته . (١/١١٠)

(کتاب النوازل:۱۷/۱۰۳، مقامی باشندے کا مسجد کی بجلی سے موبائل چارج کرنا)

مدرس اور امام کے لیے مدرسہ ومسجد کی بجلی وگیس کا استعمال

مسئلہ (۷۲): مدرسے کے مدرس اور مسجد کے امام کے لیے مدرسہ اور مسجد کی بجلی، گیس اور پانی اپنے گھر میں استعمال کرنا اس وقت درست ہے، جب کہ چندہ دِہندگان اور ذمہ دارانِ مدرسہ ومسجد کی طرف سے اس کی اجازت ہو[۱]، نیز جتنی اجازت ہو اُتنا ہی استعمال درست ہے، زائد نہیں۔[۲]

حکومتی عہدے داروں کو ملنے والے پیسے کا مصرف

مسئلہ (۷۳): حکومت کی طرف سے وارڈ کونسلر (Ward Caunciler)، ایم ایل اے (MLA)، اور ایم پی (MP) کو جو پیسے ملتے ہیں، اگر اس کے مصارف میں، مسجد اور مدرسے میں بھی خرچ کرنا داخل ہے، یا حکومت کی طرف سے مذکورہ افراد کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی صواب دید پر کچھ رقم خود سے بھی صرف کرسکتے ہیں، تو ایسی صورت میں ان کا پیسہ قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے مسجد یا مدرسے میں لگایا جاسکتا ہے[۳]، ہاں! اگر ان کی طرف سے آئندہ مسجد یا مدرسے کے اندرونی اُمور میں مُداخلت کا اندیشہ ہو، تو پھر اُن کا پیسہ نہ لگانا ہی بہتر ہے۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وليس له الحفر إلا بإذن ، ويأذن لو خيرًا وإلا لا . (در مختار) . (٦/٦٧٨، كتاب الوقف ، مطلب للمستأجر غرس الشجر ، بيروت)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

= ما في " الموسوعة الفقهية " : ولا يحل للمتولي الإذن إلا فيما يزيد الوقف به خيرًا .
(۳۸۴/۲ ، إذن ، إذن متولي الوقف)(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۶۰۷۱۳)

الحجة على ما قلنا :

(۳) ما في " البحر الرائق " : وهو إقامة الغير مقام نفسه في التصرف .
(۲۳۵/۷ ، كتاب الوكالة)

ما في " بدائع الصنائع " : وهو تفويض التصرف والحفظ إلى الوكيل . (۱۵/۵ ، الوكالة)

ما في " الدرا لمختار مع الشامية " : وهو إقامة الغير مقام نفسه في تصرف جائز معلوم .
(۲۱۳/۸ ، كتاب الوكالة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : التوكيل صحيح بالكتاب والسنة ، قال تعالى : ﴿فابعثوآ احدكم بورقكم﴾ . ووكل عليه الصلاة والسلام حكيم بن حزام بشراء أضحية ، وعليه الإجماع . (۲۱۰/۸ ، كتاب الوكالة)

ما في " البحر الرائق " : وكان البعث فيهم بطريق الوكالة وشرع من قبلنا شرع لنا إذا قصه الله تعالى ورسوله من غير انكار ولم يظهر نسخه ، ووكل عليه السلام حكيم بن حزام بشراء أضحية وانعقد الإجماع . (۲۳۹/۷ ، كتاب الوكالة)

ما في " الهداية " : وقد صح أن النبي ﷺ وكل بالشراء حكيم بن حزام وبالتزويج عمر بن أم سلمة . (۱۶۱/۳ ، كتاب الوكالة)

(۴) ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : " الإعانة على المحظور محظور ". (۶۴۴/۲)
ما في " المقاصد الشريعة " : ان الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرما. (ص/۴۶) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۶۱۷۶۵)

کتاب الزکوۃ

زکوۃ کے مسائل

غیر مسلموں میں اشاعتِ اسلام کے لیے زکوۃ دینا

مسئلہ (۷۴): غیر مسلموں میں اسلام کی اشاعت کے لیے زکوۃ کی رقومات کو صرف کرنا جائز نہیں ہے، البتہ جو غیر مسلم اسلام لے آئیں، اور وہ نادار فقیر ہوں، تو ایسے نومسلم فقراء کو زکوۃ کی رقم دینا درست ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿انما الصدقٰت للفقرآء والمسٰكين والعٰملين عليها﴾ .
(سورة التوبة : ٦٠)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : الصدقة تقتضي تمليكًا ..... وإنما قلنا ذلك لقول النبي ﷺ : " أمرت أن آخذ الصدقة من أغنيائكم وأردّها في فقرائكم " . فتبين أن الصدقة مصروفة إلى الفقراء ، فدل ذلك على أن أحدًا لا يأخذها صدقة إلا بالفقر .....
ومعلوم أن الله تعالى إنما أمر بدفع الزكوات إلى الفقراء لينفعوا بها ويتملكوها .
(۳/۱۶۱ – ۱۷۸، سورة التوبة)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : مصرف الزكوة والعشر (هو فقير ، وهو من له أدنى شيء) أي دون النصاب . (ومسكين من لا شيء له) على المذهب .
(۳/۲۸۳ ، ۲۸۴، كتاب الزكاة ، باب المصرف)

ما في " الهداية " : قال : الأصل فيه قوله تعالى : ﴿انما الصدقٰت للفقراء﴾ الآية ، فهذه ثمانية أصناف ..... والفقير من له أدنى شيء ، والمسكين من لا شيء له ، وهذا مروي عن أبي حنيفة . (۱/۲۰۴ – ۲۰۷، كتاب الزكاة ، باب من يجوز دفع الصدقات إليه ومن لا يجوز ، الفتاوى الهندية : ۱/۱۸۷، ۱۸۸، كتاب الزكاة ، الباب السابع في المصارف)=

فرضی چندہ والوں کو زکوۃ کی رقم دینا

مسئلہ (۷۵): ماہِ رمضان المبارک میں کثیر تعداد میں سائل (مانگنے والے) آتے ہیں، اسی طرح بعض حضرات مدارس کے چندے کے سلسلے میں بھی پہنچتے ہیں، جن میں کبھی کوئی فرضی چندہ کرنے والا بھی ہوتا ہے، تو جس شخص کے بارے میں یہ غالب گمان ہو کہ وہ مصرفِ زکوۃ ہے، یا صحیح مصارفِ زکوۃ کے لیے چندہ کر رہا ہے، تو اس کو زکوۃ دینا درست ہے، اور جس کے بارے میں شک ہو، اُس کو زکوۃ نہیں دینا چاہیے۔ (۱)

=ما في " توضيح القرآن " : "(۵۰): اس سے مراد وہ نومسلم ہیں جو ضرورت مند ہوں، اور اس بات کی ضرورت محسوس کی جائے کہ ان کو اسلام پر جمے رکھنے کے لیے ان کی دِل داری کی جانے چاہیے۔ اصطلاح میں ایسے لوگوں کو "مؤلفۃ القلوب" کہا جاتا ہے۔" (ص/۴۲۴، سورۂ توبہ، آیت: ۶۰، حاشیہ: ۵۰، ط: یوسفیہ دیوبند)

(کتاب النوازل: ۷/۱۲۱، اشاعتِ اسلام کی غرض سے غیر مسلموں میں زکوۃ کی رقم تقسیم کرنا)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿انما الصدقٰت للفقرآء والمسٰكين والعٰملين عليها﴾ .

(سورة التوبة : ۶۰)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : مصارف الزكاة وهم الفقير وهو الذي له أدنى شيء . اهـ . (۱/۱۷۲، مجمع البحرين :ص/۱۹۶، ۱۹۷، نور الإيضاح :ص/۱۵۵، ط : بيروت ، الدر المختار مع الشامية :۳/۲۸۳ ، ۲۸۴ ، ط: بيروت وزكريا)

ما في " رد المحتار " : أما لو تحرى فدفع لمن ظنه غير مصرف أو شك ولم يتحر لم يجز حتى يظهر أنه مصرف فيجزيه في الصحيح ، خلافا لمن ظن عدمه . وتمامه في النهر .

(۳/۳۰۲ ، ط : زكريا وبيروت)

(کتاب النوازل: ۷/۴۷، رمضان المبارک میں جب سائلوں کی کثرت ہو تو زکوۃ کس کو دیں؟)

كتاب الحج والعمرة

حج وعمرہ کے مسائل

زمین دار شخص پر حج

مسئلہ (۷۶): اگر کسی زمین دار شخص کے پاس اتنی جائداد ہو کہ اُس کے کچھ حصے کو بیچ کر حج کے اَخراجات، نیز حج سے واپسی تک گھریلو ضروریات (اہل وعیال وغیرہ کے نفقہ) کا انتظام ہو سکے، اور باقی ماندہ جائداد آئندہ گذارے کے لیے بھی کافی ہو، تو ایسی صورت میں زمین دار پر حج واجب ہے، ورنہ نہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتاوى قاضي خان على هامش الهندية " : وإن كان صاحب ضيعة كان له من الضياع ما لو باع مقدار ما يكفي لزاده وراحلته ذاهبًا وجائيًا ونفقة عياله وأولاده ويبقى له من الضيعة قدر ما يعيش بغلة الباقي يفترض عليه الحج وإلا فلا .

(۱/۲۸۲ ، ۲۸۳ ، كتاب الحج ، الفتاوى الهندية : ۱/۲۱۸ ، كتاب المناسك ، الباب الأول في تفسير الحج وفرضيته ووقته وشرائطه وأركانه الخ)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ذكر العلماء شروطا في الزاد وآلة الركوب المطلوبين لاستطاعة الحج ..... أن الزاد الذي يُشترط ملكه هو ما يحتاج إليه في ذهابه وإيابه من مأكول ومشروب وكسوة بنفقةٍ وسَطٍ لا إسراف فيها ولا تقتير ..... ويتضمن اشتراط الزاد أيضًا ما يحتاج إليه من آلات الطعام والزاد مما لا يستغني عنه .... خصال الحاجة الأصلية ثلاث : أ – نفقة عياله ومن تلزمه نفقتهم مدة ذهابه وإيابه عند الجمهور ..... لأن النفقة حق للآدميين ، وحق العبد مقدم على حق الشرع ، لما روى عبد الله عن عمرو عن النبي ﷺ أنه قال : " كفى بالمرء إثمًا أن يضيّع مَن يَقوتُ " . ب – ما يحتاج إليه وهو وأهله من مَسكن ، ومما لا بدّ لمثله كالخادم وأثاث البيت وثيابه بقدر الاعتدال المناسب له في ذلك كله ..... ج – قضاء الدين الذي عليه ؛ لأن الدين=

نابینا شخص پر حج

مسئلہ (۷۷): امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک نابینا شخص پر حج فرض نہیں ہے، اور صاحبین یعنی امام ابو یوسف وامام محمد رحمہما اللہ کے ہاں اُس پر حج بدل کرانا فرض ہے، پھر عذر زائل ہوگیا، تو دوبارہ خود حج کرے، یہ دونوں قول مصحَّح ہیں، اول اگرچہ اَوسع ہے، مگر ثانی اَحوط ہونے کے ساتھ ساتھ اکثر مشایخ کا مختار بھی ہے، لہٰذا احجاج یعنی حجِ بدل کرانے کی صورت ممکن ہو، تو اُس پر عمل کرنا لازم ہے، یہ اختلاف اُس صورت میں ہے جب کہ مانع سے قبل حج فرض نہ ہوا ہو، اور اگر پہلے سے فرض تھا، اُس کے بعد عاجز ہوگیا، تو بالاتفاق حجِ بدل (دوسرے سے حج کرانا) فرض ہے۔ (۱)

= من حقوق العباد ، وهو من حوائجه الأصلية فهو آكد ، وسواء كان الدين لآدمي أو لحق الله تعالى كزكاة في ذمته أو كفارات ونحوها .

(۱۷/ ۳۰ ، ۳۱ ، شروط فرضية الحج ، شروط الزاد وآلة الركوب الخ)

ما في " فتاویٰ فریدیه " : "جتنی مقدار زمین سے سالانہ ضروریات پوری ہوتی ہیں وہ حاجتِ اصلی میں داخل ہیں، اور ان سے زائد حج کے لیے فروخت کیا جائے گا۔" (۴/ ۲۱۵، باب تفسیر الحج وشرائطه وأركانه، غنية الناسک فی بغية المناسک: ص/ ۲۱، باب شرائط الحج، احسن الفتاویٰ: ۴/ ۵۴۲، حاجت سے زائد زمین ہو تو حج فرض ہے، خیر الفتاویٰ: ۴/ ۱۶۸، زائد از ضرورت زمین بیچ کر حج کرنا ضروری ہے)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : قوله : (صحيح البدن) أي سالم عن الآفات المانعة عن القيام بما لا بد منه في السفر ، فلا يجب على مقعد ومفلوج ..... وأعمى ، وإن وجد قائدًا ..... لا بأنفسهم ولا بالنيابة في ظاهر المذهب – عن الإمام – وهو رواية عنهما ، وظاهر الرواية عنهما الإحجاج عليهم ، ويجزيهم إن دام العجز ، وإن زال أعادوا بأنفسهم ، والحاصل :=

دمہ کے مریض پر حج

مسئلہ (۷۸): جس شخص کو دمہ کا مرض لاحق ہو کہ تھوڑا چلنے سے سانس پھولنے لگتا ہو، یا نزلہ زُکام کا مسلسل مریض ہو کہ ذرا سی ٹھنڈک بھی برداشت نہ ہو، اس کے لیے بھی (بشرطِ استطاعت) پہلی فرصت میں حج کی ادائیگی لازم ہے، مذکورہ امراض اس کے لیے عذر نہیں بن سکتے، گویا کہ مناسب سفری انتظامات مثلاً؛ ضرورت کے کپڑے، دوائیں اور اَسباب وغیرہ کا انتظام کر کے اُسے فریضۂ حج ادا کرنا چاہیے۔ (۱)

= أنه من شرائط الوجوب عنده ، وعند شرائط وجوب الأداء عندهما ، وثمرة الخلاف تظهر في وجوب الإحجاج والإيصاء كما ذكرنا ، وهو مقيد بما إذا لم يقدر على الحج وهو صحيح ، فإن قدر ثم عجز قبل الخروج إلى الحج تقرر دينا في ذمته ، فيلزمه الإحجاج ، فلو خرج ومات في الطريق لم يجب الإيصاء ؛ لأنه لم يؤخر بعد الإيجاب ، ولو تكلفوا الحج بأنفسهم سقط عنهم ، وظاهر " التحفة " اختيار قولهما ، وكذا الإسبيجابي ، وقواه في " الفتح " ومشى على على أن الصحة من شرائط وجوب الأداء من " البحر " و " النهر " . وحكى في "اللباب " اختلاف " التصحيح " ، وفي شرحه : أنه مشى على الأول في " النهاية " وقال في "البحر العميق " : انه المذهب الصحيح ، وإن الثاني صححه قاضي خان في " شرح الجامع" واختاره كثير من المشايخ ومنهم ابن الهمام . (۴۰۵/۳ ، كتاب الحج ، الموسوعة الفقهية :۱۷/۳۳ ، ۳۴ ، بدائع الصنائع : ۵۱/۳ ، كتاب الحج ، الفتاوى الهندية : ۲۱۸/۱ ، كتاب المناسك ، الباب الأول) (خیر الفتاویٰ:۱۶۵/۴، نابینا پر حج فرض نہیں ہے، احسن الفتاویٰ:۵۲۸/۴، ۵۲۹، نابینا کے لیے حج کا حکم، حکومت حج نہ کرنے دے تو کیا حکم ہے؟ درسی وتعلیمی اہم مسائل: ص/۲۳۹، طبع اول)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " غنية الناسک في بغية المناسک " : يمشي قليلا فيضيق نفسه فيحتاج=

بی پی (BP) یا شوگر (Sugar) کے مریض پر حج

مسئلہ (۷۹): جو شخص ہائی بلڈ پریشر (BP) یا شوگر (Sugar) کا مریض ہو، اور تھوڑا سا چلنے سے دل گھبرانے لگتا ہو، اس کے لیے بھی پہلی فرصت میں حج کی ادائیگی لازم ہے، مذکورہ امراض اس کے لیے عذر نہیں بن سکتے، لہٰذا اُسے چاہیے کہ مناسب سفری انتظامات مثلاً؛ دوائیں اور اَسباب وغیرہ کا انتظام کر کے حج ادا کر لے۔ (۱)

= إلى الاستراحة ثم يمشي قليلا فلا يقدر إلا بعد الاستراحة ، هكذا وله زاد وراحلة لا يجوز له تأخير الحج ، وكذا إذا كان يضرّه الهواء البارد وينجمد بلغمه ويضيق نفسه .

(ص/ ۱۰ ، مقدمة في تعريف الحج وما يتعلق بفرضيته ، ط: مكتبه يادگار شيخ سهارنفور)

(کتاب المسائل: ۳/ ۷۷)

(۱) دلائل کے لیے دیکھئے سابق مسئلہ "دمہ کے مریض پر حج"۔ (کتاب المسائل: ۳/ ۷۸)

حج صرف بڑھاپے میں کرنے کا کام نہیں

مسئلہ (۸۰): بہت سے حضرات یہ سمجھتے ہیں کہ حج، یہ بڑھاپے میں کرنے کا کام ہے، لہٰذا اچھی خاصی عمر گزر جانے کے بعد بھی اُنہیں اِس فریضے کی ادائیگی کا دھیان ہی نہیں ہوتا، حالانکہ فرضیتِ حج کا تعلق کسی خاص عمر سے نہیں، بلکہ استطاعت حاصل ہونے پر فوراً حج فرض ہوجاتا ہے[1]، اور سچی بات تو یہ ہے کہ حج کا اصل لُطف درحقیقت جوانی ہی میں ہے۔ اول اِس لیے کہ حج میں جسمانی محنت ومشقت کی ضرورت ہوتی ہے، اور حج کے افعال اُسی وقت نَشاط اور ذوق وشوق کے ساتھ انجام دیئے جاسکتے ہیں، جب انسان کے قُویٰ اچھے اور مضبوط ہوں، وہ اطمینان کے ساتھ یہ محنت برداشت کرسکتا ہو، ورنہ بڑھاپے میں اگرچہ انسان جوں توں کرکے حج تو کرلیتا ہے، لیکن کتنے کام ایسے ہیں جنہیں نَشاط، چُستی اور حُضورِ قلب کے ساتھ انجام دینے کی حسرت دل ہی میں رہ جاتی ہے۔ دوسرے اس لیے کہ حج انسان کے دل میں ایک انقلاب ضرور لے کر آتا ہے، بشرطیکہ اخلاص، نیک نیتی سے اور صحیح طور پر انجام دیا جائے، اس سے انسان کے دل میں نرمی، اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلُّق اور آخرت کی فکر پیدا ہوتی ہے، جو بالآخر اُسے گناہوں، جرائم اور بدعنوانیوں سے روکتی ہے، قلب وذہن کی اِس تبدیلی کی سب سے زیادہ ضرورت انسان کو جوانی میں ہوتی ہے، کیوں کہ اُس کے بغیر وہ جوانی کی رَو میں غلطیاں کرتا چلا جاتا ہے، سچ ہے کہ:

وقتِ پیری گُرگِ ظالم می شود پرہیز گار ☆ در جوانی توبہ کردن شیوۂ پیغمبری است

(مقتبس از: ذکر وفکر: ص/ ۲۱۵، ۲۱۶)

.....

.....

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا﴾ .

(سورة آل عمران : ۹۷)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : اللام في قوله : " ولله " لام الإيجاب والإلزام ثم أكده بقوله تعالى : " على " التي هي من أوكد ألفاظ الوجوب عند العرب ، فإذا قال العربي لفلان عليّ كذا فقد وكده وأوجبه ، فذكر الله الحج بأوكد ألفاظ الوجوب تاكيدا لحقه وتعظيما لحرمته ، ولا خلاف في فرضيته وهو أحد قواعد الإسلام ، وليس يجب إلا مرة في العمر . (۱۴۲/۴)

ما في " مشكوة المصابيح " : " إن الله قد فرض عليكم الحج فحجوا " .

(ص/ ۲۲۱ ، كتاب المناسک)

ما في " صحيح مسلم " : عن ابن عمر عن النبي ﷺ قال : " بني الإسلام على خمس ؛ شهادة أن لا إله إلا الله وأن محمدًا عبده ورسوله ، وإقام الصلاة وإيتاء الزكاة وحج البيت وصوم رمضان " .

(۳۲/۱ ، باب بيا ن أركان الإسلام)

ما في " بدائع الصنائع " : قال ملک العلماء الكاساني : وأما الإجما ع فلأن الأمة أجمعت على فرضيته . (۲۹۱/۲)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : قال في التنوير : وعلى المسلم حر مكلف صحيح البدن ذي زاد وراحلة فضلاً عما لا بد منه نفقة عياله إلى حين عوده . (تنوير مع الدر) . وفي الشامية : لما كان مركبا من المال والبدن ، وكان واجبا في العمر مرة . (۳۹۸/۲)

ما في " رد المحتار " : قوله : (ذي زاد وراحلة) أفاد أنه لا يجب إلا بملک الزاد وملک أجرة الراحلة . (۴۰۶/۳ ، كتاب الحج ، مطلب فيمن حج بمال حرام)

ما في " كنز الدقائق مع التبيين " : فرض مرة على الفور بشرط حرية وبلوغ وعقل وصحة وقدرة زاد وراحلة فضلت عن مسكنه وعما لا بد منه ونفقة ذهابه وإيابه وعياله . (۲۳۵/۲ ، كتاب الحج)

ما في " بدائع الصنائع " : إنه فرض عين لا فرض كفاية ، فيجب على كل من استجمع شرائط الوجوب عينا ..... وقال : إنه لا يجب في العمر إلا مرة واحدة . (۲۹۱/۲)

ما في " جامع الترمذي " : عن ابن عمر رضي الله تعالى عنهما قال : جاء رجل إلى النبي ﷺ فقال : " يا رسول الله ! ما يوجب الحج ؟ قال : الزاد والراحلة " . (۱۶۸/۱ ، ما جاء في إيجاب الحج)

باپ سے پہلے بیٹے کا حج

مسئلہ (۸۱): بہت سے گھرانوں میں یہ صورت دیکھنے میں آئی ہے کہ باپ صاحبِ استطاعت نہیں ہے، مگر بیٹا صاحبِ استطاعت ہے، اُس کے باوجود وہ یہ سمجھتا ہے کہ پہلے میں باپ کو حج کراؤں، پھر خود حج کروں، یا اُس وقت کا انتظار کروں جب میں اپنے باپ کو اپنے ساتھ حج کو لے جاسکوں، اُن کا یہ طرزِ عمل درست نہیں ہے، اگرچہ باپ کو حج کرانا ایک بڑی سعادت مندی ہے، لیکن اِس سعادت کے حصول کے لیے اپنے فریضے کو مؤخر کرنا درست نہیں، اُس کی مثال ایسی ہے جیسے رمضان کے مہینے میں باپ بیماری یا ضعیفی کی وجہ سے روزے نہ رکھ سکے، تو بیٹے کے لیے اِس بات کا جواز پیدا نہیں ہوتا کہ وہ باپ کی وجہ سے خود اپنے روزے بھی چھوڑ دے، اور یہ طے کرلے کہ جب تک باپ روزے رکھنے کے لائق نہ ہو، میں بھی روزے نہیں رکھوں گا، جس طرح یہ طرزِ عمل غلط ہے، اسی طرح اپنے حج کو باپ کے حج پر موقوف رکھنا بھی غلط ہے، اپنا فرض ادا کرلینا چاہیے، پھر جب کبھی استطاعت ہو اُس وقت باپ کو حج کرانے کی بھی کوشش کرلینی چاہیے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) دلائل کے لیے دیکھئے سابق مسئلہ: ۷۹- ''حج صرف بڑھاپے میں کرنے کا کام نہیں''!

گھر کے بڑے فرد سے پہلے چھوٹے کا حج

مسئلہ (۸۲): بعض گھرانوں میں یہ رَواج دیکھنے میں آیا کہ جب تک گھر کا بڑا فرد حج نہ کرلے، اُس وقت تک چھوٹے حج کرنا ضروری نہیں سمجھتے، بلکہ بعض گھرانوں میں اِس کو ایک عیب سمجھا جاتا ہے، کہ چھوٹا بڑے سے پہلے حج کر آئے، حالانکہ دوسری عبادتوں؛ یعنی نماز، روزے اور زکوۃ کی طرح حج بھی ایک ایسا فریضہ ہے، جو ہر صاحبِ استطاعت شخص پر انفرادی طور سے عائد ہوتا ہے، خواہ کسی دوسرے نے حج کیا ہو یا نہ کیا ہو، اگر گھر کے کسی چھوٹے فرد کے پاس حج کی استطاعت ہے، تو اُس پر حج فرض ہے[۱]، اگر بڑے کے پاس استطاعت نہ ہو، یا استطاعت کے باوجود وہ حج نہ کر رہا ہو، تو- نہ اُس سے چھوٹے کا فریضہ ساقط ہوتا ہے، نہ اُسے مؤخر کرنے کا کوئی جواز پیدا ہوتا ہے[۲]، لہٰذا جب کسی پر ایک مرتبہ حج فرض ہوجائے، تو پھر اُسے کسی شدید عذر کے بغیر ٹلانا یا مؤخر کرنا جائز نہیں، بلاوجہ مؤخر کرنے سے انسان گنہگار رہوتا ہے[۳]، ظاہر ہے کہ یہ بات کسی کو معلوم نہیں ہے کہ وہ کتنا عرصہ زندہ رہے گا؟[۴] لہٰذا حج فرض ہونے کے بعد جس قدر جلد ممکن ہو، یہ فریضہ ادا کرلینا چاہیے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وللّٰه على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا﴾ .

(سورة آل عمران : ۹۷)=

.....

.....

=ما في " مشكوة المصابيح " : " إن الله قد فرض عليكم الحج فحجوا " .

(ص/ ۲۲۱ ، كتاب المناسک)

ما في " صحيح مسلم " : عن ابن عمر ، عن النبي ﷺ قال : " بني الإسلام على خمس؛ شهادة أن لا إله إلا الله وأن محمدًا عبده ورسوله ، وإقام الصلوة ، وإيتاء الزكوة ، وحج البيت ، وصوم رمضان " . (۱/ ۳۲ ، كتاب الإيمان ، باب بيا ن أركان الإسلام)

ما في " البحر الرائق " : وأطلق في الزاد فأفاد أنه يعتبر في حق كل إنسان ما يصح بدنه والناس متفاوتون من ذلک ، والراحلة ..... يعتبر في حق كل إنسان ما يبلغه ، فمن قدر على رأس زاملة ، وهو المسمىٰ في عرفنا راكب مقتب وأمكنه السفر عليه وجب .

(۲/ ۵۴۷ ، ۵۴۸ ، كتاب الحج)

ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : المعتبر بالاستطاعة في حق كل واحد ما يليق بحاله عرفاً وعادةً . (۱/ ۴۵۱ ، كتاب الحج ، شروط وجوبه)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : واعتبروا في الحج الزاد والراحلة المناسبتين للشخص حتى قال في فتح القدير : يعتبر في حق كل إنسان ما يصح معه بدنه ، وقالوا : لا يكتفى بالعقبة في الراحلة ، بل لا بد في الحج من شق محمل أو رأس زاملة . (۱/ ۲۹۹)

(۲) ما في " مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر " : الحج هوزيارة مكان مخصوص في زمن مخصوص بفعل مخصوص ، فرض في العمر مرة على الفور خلافا لمحمد ، بشرط إسلام وحرية وعقل وبلوغ وصحة وقدرة زاد وراحلة ، ونفقة ذهابه وإيابه فضلت عن حوائجه الأصلية ، ونفقة عياله إلى حين عوده إلى وطنه من ابتداء سفره ، فلا يشترط بقاء نفقة يوم بعد العود ، وقيل يشترط ، وعن أبي يوسف بعد عوده بشهر ؛ لأنه لا يمكنه الكسب عقيب القدوم . (۱/ ۳۸۶ ، الدر المختار مع الشامية : ۳/ ۴۰۸ ، الفتاوى الهندية : ۱/ ۲۱۷)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : وعلى المسلم حر مكلف صحيح البدن ذي زاد وراحلة فضلاً عما لا بد منه نفقة عياله إلى حين عوده . (تنوير وشرحه) . وفي الشامية : لما كان مركبا من المال والبدن ، وكان واجبا في العمر مرة . (۲/ ۳۹۸)=

.....

.....

.....

=ما في " بدائع الصنائع " : إنه فرض عين لا فرض كفاية ، فيجب على كل من استجمع شرائط الوجوب عينا ..... وقال : إنه لا يجب في العمر إلا مرة واحدة . (۲/۲۹۱)

ما في " الفتاوى الهندية " : وتفسير ملك الزاد والراحلة أن يكون له مال فاضل عن حاجته وهو ما سوى مسكنه ولبسه وخدمه وأثاث بيته قدر ما يبلغه إلى مكة ذاهبا وجائيا راكبا لا ماشيا ، وسوى ما يقضى به ديونه ، ويمسك لنفقة عياله ومرمة مسكنه ونحوه إلى وقت انصرافه .... كذا في محيط السرخسي . (۱/۲۱۷ ، كتاب المناسك)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا ، ومن كفر فإن الله غني عن العلمين﴾ . (سورة آل عمران : ۹۷)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : قال الحسن البصري : إن من ترك الحج وهو قادر عليه فهو كافر . (۴/۱۵۳)

ما في " سنن الدارمي " : قوله عليه السلام : " من مات ولم يحج فليمت إن شاء يهوديا وإن شاء نصرانيا " . (۲/۴۵ ، كتاب الحج ، باب من مات ولم يحج)

ما في " جامع الترمذي " : قوله عليه السلام : " من ملك زاداً و راحلة تبلغه إلى بيت الله ولم يحج فلا عليه أن يموت يهوديا ولا نصرانيا " . وذلك ان الله يقول في كتابه : ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا﴾ . (۲/۵ ، كتاب المناسك ، باب ما جاء في التغليظ في ترك الحج ، إعلاء السنن : ۱۰/۵ ، كتاب الحج)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ان الله عندهٗ علم الساعة ، ويُنزِّل الغيث ، ويعلم ما في الارحام ، وما تدري نفس ماذا تكسب غدا ، وما تدري نفس بايّ ارض تموت ، ان الله عليم خبير﴾ . (سورة لقمان : ۳۴)

ما في " تفسير السمرقندي [بحر العلوم] " : ﴿وما تدري نفس باي ارض تموت﴾ يعني بأي مكان تموت ، وبأي قدم تؤخذ ، وبأي نفس ينقضي أجله . (۳/۲۶)

حج سے واپسی پر دعوت

مسئلہ (۸۳): حج اسلام کا عظیم الشان رُکن ہے، اور بہت بڑی نعمت ہے، اُس کی ادائیگی پر اگر کوئی شخص شکریہ کے طور پر غرباء ومساکین اور اَعزّہ واحباب کو کھانا کھلائے، یا کچھ ہدیہ دے، تو شرعاً یہ درست ہے، لیکن بعض جگہ اس میں رِیا اور فخر کی شان ہوتی ہے، اور گویا کہ اپنے حج کا اعلان ہوتا ہے، کہ حج کر کے آئے ہیں، اور بعض جگہوں پر کھانا لازم اور ضروری تصور کیا جاتا ہے، حتی کہ اگر اپنے پاس پیسہ نہ ہو، تو قرض لے کر کھلایا جاتا ہے، اور بعض دفعہ اِس کے لیے سودی قرض بھی لیا جاتا ہے، ایسی صورت میں شریعت کی طرف سے اِس کی اجازت نہیں ہے، لہٰذا اِس طرح کھانا کھلانے اور کھانا کھانے سے بھی پرہیز کیا جائے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (۱/۳۷۱ ، كتاب الصلح ، ط: قديمي ، و:ص/۴۷۷ ، ط: بيروت ، صحيح مسلم :۲/۷۷ ،كتاب الأقضية ، سنن أبي داود : ص/۶۳۵، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، حديث:۴۶۲۲ ، مشكوة المصابيح : ص/۲۷ ، كتاب الإيمان ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول ، ط : قديمي)

ما في " فتح الباري لإبن حجر " : قال ابن المنير : إن المندوبات قد تنقلب مكروهات إذا رفعت عن رتبتها . اهـ .

(۲/۳۳۸ ، باب الانفتال والانصراف عن اليمين والشمال ، ط: دار المعرفة بيروت)

ما في " الفتاوى الهندية " : وأما إذا سجد بغير سبب فليس بقربة ولا مكروه وما يفعل عقيب الصلوات مكروه ، لأن الجهال يعتقدونها سنة أو واجبة . وكل مباح يؤدي إليه =

دھکا پیل و دِھینگا مُشتی کر کے حجرِ اسود تک پہنچنا

مسئلہ (۸۴): مسجد حرام میں طواف کرتے ہوئے حجرِ اسود کو بوسہ دینا بہت اجر وثواب رکھتا ہے، اور احادیث میں اِس کی نہ جانے کتنی فضیلتیں بیان کی گئی ہیں (۱)، لیکن ساتھ ہی یہ تاکید ہے کہ اِس فضیلت کے حصول کی کوشش اُسی صورت میں کرنی چاہیے جب اُس سے کسی دوسرے کو تکلیف نہ پہنچے (۲)، چنانچہ دھکا پیل اور دھینگا مُشتی کر کے حجرِ اسود تک پہنچنے کی کوشش کرنا، نہ صرف یہ کہ ثواب نہیں ہے، بلکہ اُس سے اُلٹا گناہ ہونے کا اندیشہ ہے (۳)، اگر کسی شخص کو تمام عمر حجرِ اسود کا بوسہ نہ مل سکے، تو اِن شاء اللہ اُس سے یہ باز پُرس نہیں ہوگی کہ تم نے حجرِ اسود کا بوسہ کیوں نہیں لیا؟ لیکن اگر حجرِ اسود کو بوسہ لینے کے لیے کمزور شخص کو دھکا دے کر تکلیف پہنچادی، تو یہ ایسا گناہ ہے جس کی مُعافی اُس وقت تک نہیں ہوسکتی، جب تک وہ شخص مُعاف نہ کردے۔ (۴)

=فمكروه . هكذا في الزاهدي . (۱/۱۳۶، كتاب الصلاة ، الباب الثالث عشر في سجود التلاوة ، رد المحتار : ۲/۱۲۰، مطلب في سجود التلاوة ، ط : سعيد كراچي)

ما في " مرقاة المفاتيح " : ان من أصر على أمر مندوب وجعله عزمًا ولم يعمل بالرخصة فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال ، فكيف من أصر على بدعة أو منكر . (۳/۲۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : يسن تقبيل الحجر الأسود للحاج والمعتمر في حالة الطواف لمن يقدر عند عامة الفقهاء ، لما روى ابن عمر " أن عمر رضي الله عنه قبل =

.....

=الحجر ثم قال : والله لقد علمت أنک حجر ولو لا أني رأيت رسول الله ﷺ يقبلک ما قبلتک " . فإن عجز عن التقبيل اقتصر على الاستلام باليد ثم قبلها ، وإن عجز عن الاستلام باليد وكان في يده شيء يمكن أن يستلم الحجر استلمه وقبله ، وهذا عند جمهور الفقهاء (الحنفية والشافعية والحنابلة) لما روي عن النبي ﷺ أنه استلم الحجر الأسود باليد ثم قبل يده . ولما روي عن ابن عباس قال : " رأيت رسول الله ﷺ يطوف بالبيت ويستلم الركن بمحجن معه ويقبل المحجن " . وقال المالكية : إن لم يقدر أن يقبله لمسه بيده أو بعود ثم وضعه على فيه من غير تقبيل . (۱۳/۱۲۹، تقبيل – أولا : التقبيل المشروع : أ – تقبيل الحجر الأسود ، و: ۱۷/۱۰۴، ۱۰۵)

وفيه أيضًا : وإن لم يستطع أن يستلم الحجر بيده أو يمسه بشيء فإنه يستقبله من بعد ويشير إليه بباطن كفه كأنه واضعها عليه ثم يقبله ويهلل ويكبر ، لما روى البخاري عن ابن عباس رضي الله عنهما قال : " طاف النبي ﷺ على بعير كلما أتى الركن أشار إليه وكبّر " . (۱۷/۱۰۵، ۱۰۶، الحجر الأسود ، الحكم الإجمالي)

(۲) ما في " البحر العميق " : عن ابن عباس قال : قال رسول الله ﷺ : " نزل الحجر الأسود من الجنة وهو أشدّ بياضًا من اللبن ، فسودته خطايا بني آدم " . رواه الترمذي وصححه . وروى الأزرقي معناه – موقوفًا – ولفظه : عن ابن عباس قال : " ليس في الأرض من الجنة إلا الحجر الأسود والمقام فإنهما جوهرتان من جوهر الجنة ، ولو لا ما مسهما من أهل الشرک ما مسهما ذو عاهة إلا شفاه الله تعالى " .

(۱/۱۷۳، فضل الركنين والمقام واستلامهما)

وفيه أيضًا : وعن ابن عمر قال : استقبل النبي ﷺ الحجر ثم وضع شفتيه عليه يبكي طويلا ثم التفت فإذا هو عمر بن الخطاب يبكي ، فقال : " يا عمر ! هاهنا تسكب العبرات " . رواه ابن ماجة والحاكم وصحح اسناده ..... وعن ابن عباس قال : قال رسول الله ﷺ في الحجر : " والله ليبعثنه الله يوم القيامة وله عينان يبصر بهما ، ولسان ينطق به يشهد على من استلمه بحق " . أخرجه الترمذي وحسنه أبو حاتم ..... يعني من استلمه عن اعتقاد صحيح وإعزاز له يشهد له بخير ..... وعن مجاهد أنه قال : " يأتي الحجر=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=والمقام – يوم القيامة – مثل أبي قبيس – كل واحد منهما له عينان وشفتان يناديان بأعلى أصواتهما يشهدان لمن وافاهما بالوفاء " . رواه عبد الرزاق ..... وعن ابن عمر أن رسول الله ﷺ قال : " مسح الحجر والركن اليماني يحطّ الخطايا حطًا " . رواه أحمد وابن حبان والترمذي بمعناه ..... وعن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : "من فاوض الحجر الأسود فإنما يفاوض يد الرحمن " . أخرجه ابن ماجه . اهـ .

(۱/۱۷۶ – ۱۷۸ ، فضل الركنين والمقام واستلامهما)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿والذين يؤذون المؤمنين والمؤمنٰت بغير ما اكتسبوا فقد احتملوا بهتانا وإثما مبينا﴾ . (سورة الأحزاب :۵۸)

ما في " تفسير القرطبي " : قال القرطبي رحمه الله تعالى : " أذية المؤمنين والمؤمنات هي أيضًا بالأفعال والأقوال القبيحة " . (۱۴/۲۴۰)

ما في " روح المعاني " : أي ما يفعلون بهم ما يتأذون به من قول أو فعل . (۱۲/۱۲۶)

ما في " صحيح البخاري " : عن عبد الله بن عمرو رضي الله عنهما ، عن النبي ﷺ قال : " من سلم المسلمون من لسانه ويده " ... الحديث . (۱/۶ ، كتاب الإيمان)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الأذى حرام وتركه واجب بالاتفاق . (۲/۳۵۶ ، أذى)

(۴) (ذکروفکر:ص/۲۲،وص/۲۱۸،۲۱۹)

حجر اسود کو چھونے کا موقع نہ ملے

مسئلہ (۸۵): اگر حجرِ اسود کو چھونے کا موقع نہ ملے، بلکہ دُور سے طواف کرنے کی نوبت آئے، تو جس وقت حجرِ اسود کے سامنے پہنچے، تو دونوں ہاتھ اِس طرح اُٹھائے کہ ہتھیلیاں حجرِ اسود کی طرف ہوں، پھر اپنے ہاتھوں کو چوم لے، اور یہ تصور کرے کہ میں نے اپنے دونوں ہاتھ حجرِ اسود پر رکھ کر چومے ہیں، اور تکبیر، تحمید، تہلیل، صلوٰۃ وسلام بھی اُس وقت پڑھے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وإن عجز عنهما) أي الاستلام والإمساس (استقبله) مشيرًا إليه بباطن كفيه كأنه واضعهما عليه (وكبر وهلّل وحمد الله تعالى وصلى على النبي ﷺ) ثم يقبل كفيه . (۱۶۶/۲ ، كتاب الحج ، قبيل مطلب في طواف القدوم ، ط: نعمانيه ، بحوالہ فتاویٰ محمودیہ: ۵۱۴/۱۵، ۵۱۵، ط: میرٹھ)

ما في " غنية الناسک في بغية المناسک " : فإن لم يستطع للزحمة أو لكون الحجر ملطخًا بالطيب وهو محرم وقف بحذائه مستقبلا له وفعل ما ذكرنا من الأذكار ورفع اليدين حذاء أذنيه عند التكبير ثم إرسالهما ثم رفع يديه حذاء أذنيه وجعل ظاهر كفيه إلى وجهه وباطنهما نحو الحجر مشيرًا بهما إليه كأنه واضعهما عليه وقبلهما بعد الإشارة .

(ص/ ۱۳۱ ، فصل في صفة الاستلام ، ط: كتبه يادگار شيخ سهارنفور)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وإن لم يستطع أن يستلم الحجر بيده أو يمسه بشيء فإنه يستقبله من بُعد ويشير إليه بباطن كفيه كأنه واضعها عليه ثم يقبله ويهلل ويكبر لما روى البخاري عن ابن عباس رضي الله عنهما قال : " طاف النبي ﷺ على بعير كلما أتى الركن أشار إليه وكبر " . (۱۰۵/۱۷ ، ۱۰۶ ، الحجر الأسود ، الحكم الإجمالي)

(فتاویٰ محمودیہ: ۵۱۴/۱۵، ط: میرٹھ)

احرام کی چادر کے دونوں پلّوؤں کو سینا

مسئلہ (۸۶): احرام کے تہ بند یعنی چادر کے دونوں پلّوؤں کو آگے سے سینا مکروہ ہے، اِسی طرح اُس میں گرہ لگانا، یا بٹن یا پِن لگانا، یا دھاگا وغیرہ سے باندھنا بھی مکروہ ہے، کیوں کہ یہ سِلے ہوئے کپڑے کے مشابہ ہے، جو بوقتِ احرام ممنوع ہے، تاہم اگر کسی نے ستر کی حفاظت کے لیے ایسا کیا، تو دَم یا صدقہ واجب نہ ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " غنية الناسک في بغية المناسک " : وعقد الإزار والرداء بأن يربط طرف أحدهما بطرفه الآخر (شرح) وأن يخلّله بخلال أو يشدّه بحبل ونحوه . (ص/۱۱۵)

ما في " حاشية إرشاد الساري إلى مناسک الملا علي القاري " : (فصل : في مكروهاته : ..... (وعقد الإزار والرداء) أي ربط طرف أحدهما بطرفه الآخر (وأن يخلّه) أي كل واحد منهما (بخلال) كنحو إبرة (أو شدّهما بحبل ونحوه) من رباط ومِنطقة .

(ص/۱۶۹، ۱۷۰ ، فصل في مكروهاته)

(أوضح المسالک إلى أحكام المناسک :ص/۷۷ ، ۷۸)

(معلم الحجاج:ص/۱۲۰، ۱۲۱،مکروہاتِ احرام، ط:ادارہ اسلامیات لاہور، کراچی، و:ص/۱۱۴، ط:کتب خانہ اشاعۃ العلوم سہارنپور، امداد مسائل الحج:ص/۱۱۶، کتاب الفتاویٰ:۴/ ۳۶،احرام کی چادر کو پن سے منسلک کرنا، احرام اور اس کی ممنوعات، ط:زمزم پبلی شرز کراچی، فتاویٰ رحیمیہ:۸/ ۷۵،احرام سے متعلق احکامات)

احرام کی حالت میں شیروانی، کوٹ، صدری وغیرہ پہننا

مسئلہ (۸۷): احرام کی حالت میں مرد حضرات کو بدن کی ہیئت پر سِلا ہوا، یا بُنا ہوا کپڑا؛ جیسے کُرتہ، شلوار، پاجامہ، بنیان، شیروانی، کوٹ، صدری، جُبّہ، سُوئٹر، جانگیہ، دستانے اور موزے وغیرہ پہننا منع ہے[☆]، البتہ پیشاب کے قطرے یا ہرنیا کی بیماری میں لنگوٹ کَس کر باندھنا جائز ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " حاشية إرشاد الساري إلى مناسک الملا علي القاري على المسلک المتقسط في المنسک المتوسط شرح لباب المناسک " : (فصل : في محرمات الإحرام) أي محظورات إحرام أحد النسكين وممنوعاته المشتملة على المكروهات التحريمية والشاملة للمفسد منهما ..... (ولبس المخيط) أي على وجهه المعتاد (والقميص) خُص بالذكر لأنه لا يجوز لبسه ولو عدِم الإزار اتفاقًا ، لأنه يمكنه أن يأتزر به ..... (والسراويل) ..... (والعمامة) ..... (والقلنسوة) .... (والبرقع) ..... (والبُرنس) . (ص/۱۶۴– ۱۶۶ ، فصل في محرمات الإحرام ، محشي : قاضي حسين بن محمد سعيد بن عبد الغني المكي الحنفي ، تحقيق وتقديم : محمد طلحه بلال أحمد منيار ، ط: المكتبة الإمدادية – مكة المكرمة ، غنية الناسک :ص/۳۲۳ ، الفصل الثاني في لبس المخيط ، أوضح المسالک إلى أحكام المناسک :ص/۷۵ ، ۷۶ ، رد المحتار :۳/۵۰۹ ، بدائع الصنائع :۲/۴۰۴ ، مجمع الأنهر : ۱/ ۱۳۱ ، تبيين الحقائق :۲/ ۲۵۰) (معلم الحجاج:ص/۱۱۹، امداد مسائل الحج:ص/۱۱۲،۱۱۳،۱۱۴،۱۱۷، فتاویٰ عثمانی:۲/ ۲۱۱، کتاب الحج، فصل فی الاحرام وما ہو محذور فیہ أو مباح)

[☆] ''دن یا رات سے کم سلے ہوئے کپڑے پہننا موجبِ صدقہ ہے، اور دن یا رات سے زائد پہننا موجبِ دم ہے۔'' (فتاویٰ فریدیہ:۴/۳۴۵) وفي هامشه [فريديه] : ما في شرح التنوير : قال الحصكفي رحمه الله : " أو لبس مخيطا لبسا معتادا أو ستر رأسه يوما كاملا أو ليلة كاملة ، وفي الأقل صدقة . (۲/ ۲۲۰)

ما في " غنية الناسک " : وحيثما أطلق الصدقة في جناية الإحرام فهي نصف صاع من برّ أو صاع من غيره إلا في جزاء اللبس والطيب والحلق وقلم الأظفار ، إذا فعل شيئًا منها كاملا بعذر فهي ثلاثة أصوع طعام أو ستة من غيره . اهـ . (ص/۳۰۹ ، ۳۱۰)

احرام کی حالت میں عورت کے لیے پردہ

مسئلہ (۸۸): عورت کا چہرہ ستر میں داخل ہے[۱]، البتہ حالتِ احرام میں عورت کے لیے چہرے کو ڈھانپنا جائز نہیں ہے[۲] لیکن اِس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ احرام کی حالت میں عورت کو پردے کی چھوٹ ہوگئی، بلکہ جہاں تک ہوسکے پردہ کرے، یا تو سَر پر چھجّا یعنی ہیٹ یا ٹوپ سا لگالے، اور اس کے اوپر سے کپڑا اس طرح ڈال لے کہ پردہ ہوجائے اور چہرہ چھُپ جائے، یا عورت اپنے پاس میں ہاتھ پنکھا وغیرہ رکھے، اور جہاں کہیں مَردوں کا سامنا ہو اُسے چہرے کے آگے کرلیا کرے، الغرض! جہاں تک ہوسکے پردے کا پورا اہتمام کرے[۳]، اور جو بَس سے باہر ہو، تو اللہ تعالیٰ اُس کو مُعاف فرمائیں گے۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآ أيها النبي قل لأزواجك وبنٰتك ونسآء المؤمنين يدنين عليهنّ من جلابيبهنّ ، ذلك أدنىٰ أن يُعرفنَ فلا يؤذين ، وكان اللّٰه غفورًا رحيمًا﴾ . (سورة الأحزاب : ۵۹)

ما في " التفسير المنير " : قال ابن عباس : أمر اللّٰه نساء المؤمنين إذا خرجن من بيوتهنّ في حاجة أن يغطين وجوههنّ من فوق رؤوسهنّ بالجلابيب ، ويبدين عينًا واحدةً . (۱۱/۴۳۱)

(۲) ما في " اعلاء السنن " : عن ابن عمر رضي اللّٰه عنهما ، أن النبي ﷺ قال : " لا تنتقب المرأة المحرمة ، ولا تلبس القفازين " . رواه أحمد والبخاري والنسائي والترمذي . (۵/۵۳)

(۳) ما في " اعلاء السنن " : عن عائشة رضي اللّٰه عنها قالت : " كان الركبان يمرّون بنا ، ونحن مع رسول اللّٰه محرمات ، فإذا جازوا بنا سدلت إحدانا جلبابها من رأسها على وجهها ، فإذا جاوزونا كشفناه " . رواه أحمد وأبوداود وابن ماجة . (۵/۵۴)

ما في " رد المحتار " : والمرأة فيما مر كالرجل لعموم الخطاب ما لم يقم دليل الخصوص، لكنها تكشف وجهها لا رأسها ، ولو سدلت شيئاً عليه وجافته عنه جاز . (۱/۱۲۹)=

حالتِ احرام میں لحاف یا چادر وغیرہ اوڑھنا

مسئلہ (۸۹): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ محرم کو حالتِ احرام میں سردی سے حفاظت کے لیے لحاف یا چادر وغیرہ اوڑھنا درست نہیں ہے، اُن کا یہ خیال غلَط ہے، صحیح یہ ہے کہ مُحرِم کو حالتِ احرام میں سردی سے حفاظت کے لیے لحاف یا چادر وغیرہ اوڑھنا درست ہے، مگر سر کھُلا رکھے، باقی تمام بدن پر لحاف یا چادر رہے، تو مضائقہ نہیں۔ (۱)

=ما في " الفقه على المذاهب الأربعة " : ويجوز للمرأة أن تستر وجهها ويديها وهي محرمة، إذا قصرت الستر عن الأجانب بشرط أن تسدل على وجهها ساتراً لا يمس وجهها عند الحنفية والشافعية ، وخالف الحنابلة والمالكية ، قالوا : للمرأة أن تستر وجهها لحاجة كمرور الأجانب بقربها ، ولا يضر التصاق الساتر بوجهها ، وفي هذا سعة ترفع المشقة والحرج . (۱/۴۹۷)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿لا يكلف الله نفساً إلا وسعها﴾ . (سورة البقرة : ۲۸۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " غنية الناسك " : ويكره كب وجهه على وسادة بخلاف خديه وكذا وضع رأسه عليها فإنه وإن لزم منه تغطية بعض وجهه أو رأسه إلا أنه رفع تكليفه لدفع الحرج فإنه الهيئة المستحية في النوم بخلاف كب الوجه لا ستر سائر بدنه سوى الرأس والوجه فإنه لا شيء عليه لو عصبه ، ويكره إن كان لغير عذر ؛ لأنه نوع عبث فجاز تغطية اللحية ما دون الذقن وأذنيه وقفاه ، وهو وراء العنق ، وكذا تغطية كفيه وقدميه ما فوق مقعد الشراك بما لا يكون لبسًا كتغطيتهما بمنديل ونحوه . اهـ .

(۱۱۲ ، فصل في محرمات الإحرام ومحظوراته التي في غالبها الجزاء)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولا بأس بتغطية أذنيه وقفاه . اهـ . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (ولا بأس بتغطية أذنيه وقفاه) وكذا بقية البدن . (۳/۴۹۷ ، كتاب الحج ، فصل في الإحرام ، مطلب فيما يحرم بالإحرام وما لا يحرم ، ط: بيروت)

(فتاویٰ فریدیہ:۴/۲۷۷،فصل فی الاحرام،آپ کے مسائل اور اُن کا حل:۵/۳۰۸،احرام باندھنے کے مسائل،ط:جدید، معلم الحجاج:ص/۳۵۹،فتاویٰ محمودیہ:۱۵/۴۹۵،ط:میرٹھ)

حالتِ احرام میں سوئٹر، جیکٹ وغیرہ پہننا

مسئلہ (۹۰): اگر کوئی شخص حج یا عمرہ کے لیے جائے، اور مکہ مکرمہ میں سردی ہو، تو وہ بحالتِ احرام - احرام کی دو چادروں کے علاوہ گرم چادر استعمال کرسکتا ہے، مگر سر نہیں ڈھک سکتا[۱]، نیز جو کپڑے بدن کی وضع اور ہیئت پر سلے ہوئے ہوں، جیسے سوئٹر، جیکٹ، شیروانی، صدری وغیرہ، ان کا استعمال جائز نہیں ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " غنية الناسک " : ويكره كب وجهه على وسادة بخلاف خديه وكذا وضع رأسه عليها فإنه وإن لزم منه تغطية بعض وجهه أو رأسه إلا أنه رفع تكليفه لدفع الحرج فإنه الهيئة المستحية في النوم بخلاف كب الوجه لا ستر سائر بدنه سوى الرأس والوجه فإنه لا شيء عليه لو عصبه ، ويكره إن كان لغير عذر ؛ لأنه نوع عبث فجاز تغطية اللحية ما دون الذقن وأذنيه وقفاه ، وهو وراء العنق ، وكذا تغطية كفيه وقدميه ما فوق مقعد الشراک بما لا يكون لبسًا كتغطيتهما بمنديل ونحوه . اهـ .

(۱۱۲ ، فصل في محرمات الإحرام ومحظوراته التي في غالبها الجزاء)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولا بأس بتغطية أذنيه وقفاه . اهـ . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (ولا بأس بتغطية أذنيه وقفاه) وكذا بقية البدن . (۳/۴۹۷ ، كتاب الحج ، فصل في الإحرام ، مطلب فيما يحرم بالإحرام وما لا يحرم ، ط: بيروت)

(فتاویٰ فریدیہ: ۴/۲۷۷، فصل فی الاحرام، آپ کے مسائل اور اُن کا حل: ۵/۳۰۸، احرام باندھنے کے مسائل، ط: جدید، معلم الحجاج: ص/۳۵۹، فتاویٰ محمودیہ: ۱۵/۴۹۵، ط: میرٹھ)

(۲) ما في " حاشية إرشاد الساري إلى مناسک الملا علي القاري على المسلک المتقسط في المنسک المتوسط شرح لباب المناسک " : (فصل : في محرمات الإحرام) أي محظورات إحرام أحد النسكين وممنوعاته المشتملة على المكروهات التحريمية والشاملة للمفسد منهما ..... (ولبس المخيط) أي على وجهه المعتاد =

حالتِ احرام میں سگریٹ نوشی

مسئلہ(۹۱): بعضے حضرات جو سگریٹ نوشی و بیڑی کے عادی ہوتے ہیں، وہ حرم شریف میں بحالتِ احرام بھی اُس سے باز نہیں آتے، جب کہ احرام اور بغیر احرام- دونوں حالتوں میں سگریٹ نوشی مکروہ ہے، اور حالتِ احرام میں کراہت شدید ہے، لہٰذا اس سے اجتناب لازم اور ضروری ہے، نیز اُس کی بَد بُو سے اکثر لوگوں کو اذیت پہنچتی ہے، اسی وجہ سے بدبُو دار چیز کھا کر مسجد میں جانا بھی منع ہے۔[1]

=(والقميص) خُص بالذكر لأنه لا يجوز لبسه ولو عدِم الإزار اتفاقًا ، لأنه يمكنه أن يأتزر به .... (والسراويل) ..... (والعمامة) ..... (والقلنسوة) .... (والبرقع) ..... (والبُرنس) .

(ص/۱۶۴ – ۱۶۶ ، فصل في محرمات الإحرام ، محشي : قاضي حسين بن محمد سعيد بن عبد الغني المكي الحنفي ، تحقيق وتقديم : محمد طلحه بلال أحمد منيار ، ط: المكتبة الإمدادية – مكة المكرمة ، غنية الناسک :ص/۳۲۳ ، الفصل الثاني في لبس المخيط ، أوضح المسالک إلى أحكام المناسک :ص/۷۵ ، ۷۶ ، رد المحتار :۵۰۹/۳ ، بدائع الصنائع :۴۰۴/۲ ، مجمع الأنهر : ۱۳۱/۱ ، تبيين الحقائق :۲۵۰/۲)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق العلماء على تحريم ستر المحرم رأسه أو بعضه أخذا من تحريم لبس العمائم والبرانس ، ثم اختلفوا في ضابط هذا الستر ، فعند الحنفية والحنابلة : يحرم ستره بما يقصد به التغطية عادة . اهـ . (۱۵۴/۲ ، إحرام ، ستر الرأس والاستظلال)

(آپ کے مسائل اور اُن کا حل:۵/ ۳۰۸،ط:جدید،فتاویٰ امارتِ شرعیہ:۲۳۴/۳،۲۳۵،کتاب الحج)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي سعيد – الخدري رضي الله تعالى عنه – قال : لم نَعُدُ أن فُتحَت خيبرُ فوقعنا – أصحاب رسول الله ﷺ – في تلک البقلة – الثوم ، والناس جياع ، فأكلنا منها أكلا شديدًا ثم رُحنا إلى المسجد ، فوجد رسول الله ﷺ الريح ، فقال : " من أكل من هذه الشجرة الخبيثة شيئًا فلا يقربنا في المسجد " . الحديث . =

.....

.....

.....

.....

.....

.....

= (۱/۲۰۹ ، حديث :565/۱۲۵۶ – ۷۶ ، ط: قديمي ، و:۳/۳۶۹ ، كتاب المساجد ومواضع الصلاة ، باب نهي من أكل ثوما أو بصلا أو كراثا أو نحوها مما له رائحة ، ط: احياء التراث)

ما في " شرح النووي على صحيح مسلم " : قال الإمام النووي في شرح هذا الحديث : قال العلماء : ويلحق بالثوم والبصل والكراث كل ما له رائحة كريهة من المأكولات وغيرها ..... قال القاضي : وقاس العلماء على هذا مجامع الصلاة غير المسجد كمصلى العيد والجنائز ونحوها من مجامع العبادات ، وكذا مجامع العلم والذكر والولائم ونحوها .

(۱/۲۰۹ ، ط: قديمي ، و:۳/۳۶۷ ، ط: بيروت)

ما في " مشكوة المصابيح " : قوله ﷺ : " من أكل من هذه الشجرة المُنْتَنَةِ فلا يقربنّ مسجدنا ، فإن الملائكة تتأذى كما يتأذى منه الإنس " .

(۱/۶۸ ، باب المساجد ومواضع السجود)

ما في " رد المحتار " : قال ابن عابدين الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (وأكل نحو ثوم أي كبصل ونحوه ما له رائحة كريهة للحديث الصحيح عن قربان آكل الثوم والبصل ، المسجد) قال الإمام العيني في شرحه على صحيح البخاري : قلت : " علة النهي أذى الملائكة وأذى المسلمين ، ولا يختص بمسجد عليه الصلاة والسلام ، بل الكل سواء " .

(۲/۴۳۵ ، الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في الغرس في المسجد)

(المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ:۱/۱۵۴،مسئلہ نمبر:۱۶۰،فصل فی الاکل والشرب،طبع چہارم)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۴۲۹۷۳، حج وعمرہ،فتاویٰ محمودیہ:۱۸/۳۸۹، ط: کراچی،فتاویٰ رحیمیہ: ۲/۲۴۱-۲۴۵،فتاویٰ دار العلوم زکریا:۴/۴۴۳،حالتِ احرام میں سگریٹ پینے کا حکم)

حلق یا قصر کے وقت بالوں میں کریم لگانا

مسئلہ (۹۲): اگر مُحرِم حلق یا قصر کے وقت بالوں کو نرم کرنے کے لیے کوئی ایسا کریم لگوائے، جس میں خوشبو غالب ہو، تو اس کو پورے سر پر لگانے کی صورت میں امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک اُس محرم پر دَم واجب ہوگا۔ (۱)

تنبیہ: ''اکثر دیکھا گیا ہے کہ حرم شریف کے اردگرد ''بال بر'' کی دوکانوں پر اکثر حلق یا قصر کے وقت بے تکلف خوشبو دار کریم یا خوشبو دار صابن استعمال کرتے ہیں، جس کی بنا پر دم واجب ہونے کا امکان رہتا ہے، اس لیے ہوشیار رہنا چاہیے، اور اس وقت بھی خوشبو کے استعمال سے احتراز کرنا چاہیے۔'' (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " غنية الناسک " : ولو غسل رأسه بالخطمي فعليه دم عند أبي حنيفة وقالا صدقة . اهـ . (ص/۳۲۱ ، مطلب في غسل يده أو رأسه بالطيب ، الفتاوى التاتارخانية :۳/۵۹۲ ، ط: زكريا ، و:۲/۱۹۷ ، نوع من الدهن والتطييب والخضاب ، ط : دار الايمان سهارنفور ، فتح القدير :۳/۲۵ ، باب الجنايات ، ط: بيروت ، الفتاوى الولوالجية : ۱/۲۷۶ ، الفصل الثاني فيما يلزم المحرم وفيما لا يلزم الخ ، الفتاوى الهندية : ۱/۲۴۱ ، الباب الثامن في الجنايات ، الفصل الأول فيما يجب بالتطيب والتدهن ، بدائع الصنائع : ۳/۲۲۲ ، فصل فيما يرجع إلى الطيب ، ط: دار الكتب العلمية ، و:۲/۴۱۹ ، ط: زكريا)

(۲) (کتاب المسائل:۳/۱۶۳،۱۶۴، ط:اسماعیل)

حالتِ احرام میں بالوں میں شیمپو لگانا

مسئلہ (۹۳): بالوں کی صفائی کا شیمپو عموماً خوشبودار ہوتا ہے، لہٰذا اگر کوئی محرم اس طرح کا شیمپو لگا کر سر کے بال دھوئے، تو اس پر دَم واجب ہوگا، اور اگر وہ شیمپو خوشبودار نہیں ہے، تو پھر دَم لازم نہ ہوگا۔ (۱)

حالتِ احرام میں خوشبو کا استعمال

مسئلہ (۹۴): اگر محرم نے ایک کامل بڑے عضو، جیسے: سر، چہرہ، داڑھی، پنڈلی اور رَان وغیرہ پر خوشبو لگائی، تو اس پر ایک دَم واجب ہوگا، چاہے لگا کر فوراً دھوڈالے (۲)، اور اگر محرم نے ایک بڑے عضو کے بعض حصہ پر، یا کسی چھوٹے عضو مثلاً: ناک، کان، آنکھ، اُنگلی اور مونچھ پر تھوڑی سی خوشبو لگائی، تو اُس پر صدقہ واجب ہے، خواہ لگا کر فوراً دھوڈالے (۳)، نیز تھوڑی جگہ میں زیادہ خوشبو

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " غنية الناسک " : وأما المطيب منهما وهو ما ألقي فيه الأنوار كدهن البنفسج والياسمين والورد والبان والخيري وما أشبه ذلک فإذا ادهن به عضوًا كبيرًا كاملا فعليه دم بالإجماع . (ص/ ۳۲۰ ، مطلب في الادهان)

ما في " بدائع الصنائع " : ولو ادهن بدهن : فإن كان الدهن مطيبًا كدهن البنفسج والورد والزئبق والبان والحري ، وسائر الأدهان التي فيها الطيب ، فعليه دم إذا بلغ عضوا كاملا .

(۲۱۸/۳ ، ط: دار الكتب والعلمية بيروت و:۴۱۶/۲ ، ط : زكريا ديوبند ، الفتاوى الهندية : ۲۴۱/۱ ، الفتاوى التاتارخانية :۵۹۲/۳ ، إرشاد الساري إلى مناسک الملا علي القاري :ص/ ۴۴۱ ، ۴۴۲ ، ط : المكتبة الإمدادية مكة المكرمة) (کتاب المسائل:۱۶۳/۳)=

لگائی، یعنی اگر محرم نے ایک اُنگلی میں خوشبو لگائی، مگر اس میں اتنی خوشبو لگ گئی کہ جو ایک بڑے عضوِ کامل میں لگنے کی مقدار کے برابر تھی، تو بھی دَم واجب ہوگا۔ (۴)

حالتِ احرام میں صابن سے ہاتھ دھونا

مسئلہ (۹۵): اگر محرم خوشبودار صابن سے ایک دو بار سر یا ہاتھ دھوئے، تو اُس پر صرف صدقہ واجب ہوگا، اور اگر بار بار دھوئے، تو دَم واجب ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

=(۲) ما في " غنية الناسک " : فإن طيب عضوا كبيرا كاملا من أعضائه فما زاد كالرأس والوجه واللحية والفم والساق والفخذ والعضد واليد والكف ونحو ذلک ، فعليه دم وإن غسله من ساعته .

(ص/۳۱۴ ، باب الجنايات ، مطلب في تطييب البدن ، بدائع الصنائع:۲/۴۱۵ ، ط : زكريا ، و:۳/۲۱۷ ، فصل فيما يرجع إلى الطيب ، ط: بيروت ، الهداية : ۱/۲۶۵ ، اللباب : ۱/۱۸۱)

(۳) ما في " غنية الناسک " : وفي أقله ولو أكثره صدقة كذا في المتون ، وفي حكم أقله العضو الصغير كالأنف والأذن والعين والاصبع والشارب .

(ص/۳۱۴ ، ط: مكتبه يادگار شيخ ، بدائع الصنائع :۲/۴۱۵ ، زكريا ، و:۳/۲۱۷ ، فصل فيما يرجع إلى الطيب ، ط : بيروت ، الهداية : ۱/۲۶۶)

(۴) ما في " الفتاوى الهندية " : ولو مسّ طيبًا فلزق به مقدار عضو كامل وجب الدم سواء قصد التطيب أو لم يقصد . (۱/۲۴۱ ، غنية الناسک :ص/۳۱۵ ، ط: مكتبه يادگار شيخ ، الفتاوى التاتارخانية :۳/۵۸۹ ، نوع منه في الدهن والتطييب والخضاب ، ط: زكريا ، فتح القدير :۳/۲۵ ، ط : بيروت) (کتاب المسائل:۳/۱۵۹،۱۶۰، ط:اسماعیل)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " غنية الناسک " : ولو غسل رأسه أو يده باشنان فيه الطيب فإن كان من رآه سماه اشنانا فعليه صدقة إلا أن يغسل مرارًا فدم . (ص/۳۲۱ ، الفتاوى التاتارخانية :۳/۵۹۲ ، ط: زكريا ، الفتاوى الهندية : ۱/۲۴۱ ، فتح القدير :۳/۲۸ ، ط: بيروت ، ارشاد الساري :ص/۴۵۸ ، رد المحتار :۳/۵۷۷ ، ط: زكريا وبيروت) (کتاب المسائل:۳/۱۶۲،۱۶۳، ط:اسماعیل)

حالتِ احرام میں ویسلین یا کریم لگانا

مسئلہ (۹۶): اگر مُحرِم بحالتِ احرام خشکی دور کرنے کے لیے واسلین یا کوئی کریم کا استعمال کرے، جس میں خوشبو نہیں ہوتی، تو اس سے کوئی جزا یعنی دَم یا صدقہ لازم نہ ہوگا، اور اگر خوشبو والی واسلین یا کریم کا استعمال کیا، تو جزا یعنی دم یا صدقہ واجب ہوگا، یعنی اگر عضوِ کامل مثلاً؛ سر، چہرہ، پنڈلی وغیرہ پر لگایا، تو دَم واجب ہوگا، اور اگر کامل عضو کے بعض حصے پر، یا کسی چھوٹے عضو پر مثلاً؛ ناک، کان، اور انگلی وغیرہ پر لگایا، تو اس پر صدقہ لازم ہوگا۔ (۱)

کئی بار خوشبو لگانے پر الگ الگ کفارہ

مسئلہ (۹۷): اگر کسی مُحرِم نے الگ الگ مجلسوں میں اپنے اَعضا پر خوشبو لگائی ہے، تو اس پر ہر مرتبہ کی وجہ سے الگ الگ کفارہ واجب ہوگا، اگر یہ خوشبو ایک بڑے عضوِ کامل پر لگائی گئی ہے، تو دَم واجب ہوگا، ورنہ صدقہ واجب ہوگا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " غنية الناسک " : أما إذا استعملهما على وجه التداوي أو الأكل فلا شيء عليه بالإجماع ، فلو أكلهما أو استعطهما أو داوى بهما جراحته أو شقوق رجليه أو أقطر في أذنيه فلا شيء عليه . (ص/۳۲۰ ، مطلب في الادهان ، فتح القدير :۲۷/۳ ، تبيين الحقائق :۳۵۶/۲ ، الدر المختار مع الشامية :۵۷۶/۳) (کتاب المسائل:۱۶۲/۳)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : وإن طيب الأعضاء كلها ؛ ..... وإن كان في مجلسين مختلفين ؛ بأن طيب كل عضو في مجلس على حدة فعليه لكل واحد دم في قول أبي حنيفة=

تمام اعضا پر بیک وقت خوشبو لگانے سے ایک کفارہ

مسئلہ (۹۸): اگر محرم نے ایک ہی مجلس میں اپنے تمام اعضا پر خوشبو لگالی، تو اس کو ایک ہی کفارہ کافی ہوگا۔ (۱)

بدن کے متفرق اعضا پر خوشبو لگائے

مسئلہ (۹۹): اگر محرم نے بدن کے متفرق اعضا پر خوشبو لگائی ہے، تو سب کو جمع کر کے دیکھا جائے گا، اگر سب مل کر ایک بڑے عضو کی مقدار کے برابر ہو جاتی ہے، تو اس پر دم واجب ہوگا، اور اگر ایک عضوِ کامل کی مقدار کے برابر نہ ہو، تو صرف صدقہ واجب ہوگا۔ (۲)

=وأبي يوسف . اهـ . (۲۱۸/۳ ، ط: بيروت ، و: ۴۱۶/۲ ، ط: زكريا ، كذا في الفتاوى التاتارخانية: ۵۸۹/۳ ، نوع منه في الدهن والتطييب والخضاب ، ط: زكريا)

ما في " غنية الناسک " : ولو طيب جميع أعضائه ..... وفي مجالس لكل طيب كفارة فإن شمل عضوا كبيرًا كاملا أو أكثر فدم وإلا فصدقة . (ص/۳۱۵ ، في تطييب البدن) (کتاب المسائل: ۱۶۰/۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : وإن طيب الأعضاء كلها ؛ فإن كان في مجلس واحد فعليه دم واحد ؛ لأن جنس الجناية واحد ، حظرها إحرام واحد من جهة غير متقومة فيكفيه دم واحد . (۲۱۸/۳ ، فصل فيما يرجع إلى الطيب ، ط: بيروت ، و: ۴۱۶/۲ ، ط: زكريا ، مجمع الأنهر : ۴۳۱/۱ ، الفتاوى الهندية : ۲۴۱/۱)

ما في " غنية الناسک " : ولو طيب جميع أعضائه في مجلس واحد كفاه دم . (ص/۳۱۵، مطلب في تطييب البدن) (کتاب المسائل: ۱۵۹/۳)=

طوافِ زیارت وطوافِ عمرہ میں فرق

مسئلہ (۱۰۰): عمرہ کا طواف عمرہ میں، اور طوافِ زیارت حج میں رُکن ہے، اس لیے اگر بغیر وضو کے پورا حصہ یا زیادہ حصہ، یا کم حصہ انجام دے، تو دَم واجب ہوگا، اور دَم میں ایک بکرا دینا ہوگا۔

طوافِ زیارت اور طوافِ عمرہ میں فرق یہ ہے کہ اگر غسل کی حاجت ہو، یا عورت حالتِ حیض یا نفاس میں ہو، اور اس حالت میں طوافِ زیارت کیا جائے، تو بطورِ دَم اُونٹنی واجب ہوگی، اور طوافِ عمرہ کی صورت میں ایسے شخص پر بکرا واجب ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

=(۲) ما في " غنية الناسک " : ولو طيب مواضع متفرقة يجمع ذلک فلو بلغ عضوا كاملا فعليه دم وإلا فصدقة . (ص/۳۱۵ ، مطلب في تطييب البدن)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وفي الخانية : وإن كان التطيب في أعضاء متفرقة فإنه يجمع ذلک له فإن بلغ عضوا كاملا يجب عليه الدم ، وإن كان دون عضو تجب عليه الصدقة . (۵۸۹/۳ ، نوع منه في الدهن والتطييب والخضاب ، ط: زكريا ، بدائع الصنائع :۲۱۸/۳ ، فصل فيما يرجع إلى الطيب ، ط: بيروت ، و:۴۵۱/۲ ، زكريا ، الفتاوى الهندية :۲۴۱/۱) (کتاب المسائل:۱۵۹/۳، ط: مکتبہ اسماعیل دیوبند)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " غنية الناسک في بغية المناسک " : ولو طاف للعمرة كله أو أكثره أو أقله ، ولو شوطًا جنبًا أو حائضًا أو نفساء أو محدثًا فعليه شاة . اهـ .

(ص/۳۵۶ ، المطلب الرابع في ترک الواجب في طواف العمرة)

(کتاب الفتاویٰ:۴۷/۴، کتاب الحج، بغیر وضو کے طواف)

دورانِ طواف وضو ٹوٹ جائے

مسئلہ (۱۰۱): اگر دورانِ طواف کسی شخص کا وضو ٹوٹ جائے، تو جہاں وضو ٹوٹا وہیں سے وضو کرنے کو چلا جائے، اور وضو کرکے دوبارہ وہیں سے طواف شروع کرکے سات چکر پورے کرلے، وضو ٹوٹ جانے کی وجہ سے اس سے پہلے کیے جانے والے چکر ضائع نہیں ہوں گے، بلکہ اُن کو شمار کرتے ہوئے سات چکر پورے کرلے، البتہ اگر کوئی شخص بلا ضو طوافِ زیارت ادا کرلے، تو اُس پر دَم (ایک بکرا) لازم ہوگا، اور اگر وہ ایامِ نحر میں یا اس کے بعد طواف کا اِعادہ کرلے، تو دَم معاف ہوجائے گا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن محمد بن عبد الرحمن بن نوفَل القُرشيّ : أنه سأل عروة بن الزبير فقال : قد حج النبي ﷺ فأخبرتني عائشة رضي الله عنها : أنه أول شيء بدأ به حين قدم أنه توضأ ثم طاف بالبيت " الحديث .

(ص/۲۹۲ ، حديث : ۱۶۴۱ ، كتاب الحج ، باب الطواف على وضوء ، ط:احياء التراث)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولو طاف طواف الزيارة محدثًا فعليه شاة ، وإن كان جنبا فعليه بدنة ، وكذا لو طاف أكثره جنبا أو محدثا ، والأفضل أن يعيد الطواف ما دام بمكة ولا ذبح عليه ، والأصح أن يعيد في الحدث ندبا وفي الجنابة وجوبا ، ثم إن أعاده وقد طاف محدثا لا دم عليه ، وإن أعاده بعد أيام النحر .

(۱/۲۴۵ ، كتاب المناسک ، الباب الثامن في الجنايات ، الفصل الخامس)

ما في " البحر الرائق " : (أو طاف للركن محدثا) أي يلزمه شاة لترک الطهارة ؛ لأنه أدخل نقصًا في الركن فصار كترک شوط منه . ..... فإن أعاده فلا دم عليه فيهما مطلقا .

(۳/۳۲ ، ۳۳ ، كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط : دار الكتب العلمية ، كذا في الهداية=

طوافِ زیارت سے پہلے عورت کو حیض یا نفاس آجائے

مسئلہ (۱۰۲): طوافِ زیارت سے قبل اگر کسی عورت کو حیض یا نفاس آجائے، اور اُس کے طے شدہ پروگرام کے مطابق اِس کی گنجائش نہ ہو کہ وہ حیض یا نفاس سے پاک ہو کر طوافِ زیارت کر سکے، تو اُس کے لیے ضروری ہے کہ وہ ہر طرح اِس کی کوشش کرے کہ اُس کے سفر کی تاریخ آگے بڑھ سکے، تاکہ وہ پاک ہو کر طوافِ زیارت ادا کرنے کے بعد اپنے گھر واپس جا سکے، لیکن اگر ایسی ساری ہی کوششیں ناکام ہو جائیں، اور پاک ہونے سے پہلے اُس کا سفر ناگزیر ہو جائے، تو ایسی حالت میں وہ طوافِ زیارت ادا کر سکتی ہے، یہ طوافِ زیارت شرعاً معتبر ہوگا، اور وہ پورے طور پر حلال ہو جائے گی، لیکن اُس پر ایک بَدنہ (بڑے جانور) کی قربانی بطورِ دمِ جنایت، حدودِ حرم میں لازم ہوگی۔ (۱)

= : ۱/۲۷۲ ، كتاب الحج ، باب الجنايات ، غنية الناسک :ص/۳۵۰ ، ۳۵۱ ، الفصل الساع في ترک الواجب ، المطلب الأول في ترک الواجب في طواف الزيارة)

ما في " منحة الخالق على البحر الرائق " : قوله : (فلا دم عليه فيهما) أي في الطواف جنبا أو محدثا . وقوله : (مطلقا) الظاهر أن المراد به في أيام النحر أو بعدها لكنه خاص في الطواف محدثا بدليل ما بعده ، وعبارة الهداية : ثم إذا أعاده وقد طاف محدثا لا ذبح عليه وإن أعاده بعد أيام النحر ؛ لأن بعد الإعادة لا تبقى إلا شبهة النقصان . اهـ . (۳/۳۲ ، كتاب الحج ، باب الجنايات) (فتاویٰ رحیمیہ :۸/۱۰۹، احسن الفتاویٰ:۴/۵۳۵، قاموس الفقہ :۳/۱۴۹)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " العناية على هامش الهداية " : (ولو طاف طواف الزيارة محدثا فعليه شاة) ؛ لأنه أدخل النقص في الركن فكان أفحش من الأول فيجبر بالدم (وإن كان جنبا فعليه =

مکہ مکرمہ سے رخصتی کے وقت طوافِ وداع یا نفل

مسئلہ (۱۰۳): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ حج کی طرح عمرہ ادا کرنے کے بعد مکہ مکرمہ سے رخصتی کے وقت طوافِ وداع (طوافِ صدر) ضروری ہے، نیز حج یا عمرہ کے لیے جانے والے شخص کو حرم شریف میں ''تحیۃ المسجد'' کے نفل پڑھنا ضروری ہے، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ طوافِ وداع صرف حج میں واجب ہے [۱]، عمرہ میں نہیں [۲]، اور حرم شریف کی ''تحیۃ المسجد'' نفل نماز نہیں بلکہ طواف ہے۔ [۳]

=بدنة) ... وكذا إذا طاف أكثره جنبا أو محدثا ؛ لأن أكثر الشيء له حكم كله .

(۳/۵۲ ، بدائع الصنائع : ۲/۳۰۷ ، الدر المختار مع الشامية : ۳/۴۱۵)

(نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے :ص/۴۶، حج وعمرہ کے مسائل، دسواں فقہی سمینار، تجویز نمبر:۱۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : وأما واجبات الحج فخمسة : السعي بين الصفا والمروة ... ... وطواف الصدر . (۳/۸۱ ، كتاب الحج ، فصل في واجبات الحج ، ط: دار الكتب العلمية بيروت ، فتح القدير : ۲/۳۹۷ ، كتاب الحج)

ما في " إرشاد الساري " : قوله : (وهو) أي طواف الصدر (واجب) أي على الآفاقي دون المكي . (ص/۲۰۲)

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : وأما طواف الصدر فلا يجب على المعتمر .

(۲/۲۲۷ ، كتاب الحج)

ما في " إرشاد الساري " : (وهذه الأطوفة الثلاثة) من القدوم والزيارة والصدر (في الحج) أي في حقه خاصة . (ص/۲۰۲)

ما في " غنية الناسک " : هو واجب على كل حاج آفاقي مفرد أو قارن أو متمتع=

معمولی عذر کی بنا پر رمی کا نائب بنانا

مسئلہ (۱۰۴): رمیٔ جمرات کے سلسلے میں عام طور پر آج کے زمانے میں حجاجِ کرام میں یہ بات رَواج پا رہی ہے کہ وہ معمولی اَعذار، بلکہ بغیر کسی عذر کے بھی خود رَمی کو نہیں جاتے، اور دوسروں کو نائب بنا دیتے ہیں، جب کہ تمام علماء اِس پر متفق ہیں کہ اِس صورت میں حج کا ایک واجب ترک ہو جاتا ہے، اور یہ نیابت شرعاً معتبر نہیں ہے، اور ایسا کرنے والے پر دَم واجب ہے[1]، ہاں! وہ لوگ جو جمرات تک چل کر جانے کی طاقت نہیں رکھتے، یا بہت مریض اور کمزور ہیں، ایسے لوگوں کے لیے نائب بنانا جائز ہے[2]، نیز محض اِزدِحام عذر نہیں ہے، اِس کا بہتر حل یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اس اِزدِحام میں جا کر رَمی کرنے کا متحمل نہیں، تو وہ وقتِ مسنون کے بعد وقتِ جواز، بلکہ زیادہ دُشواری میں، وقتِ کراہت میں بھی رَمی کر سکتا ہے، اُس کے لیے یہ مکروہ بھی نہیں ہوگا۔[3]

= بشرط كونه مدركا مكلفا غير معذور فلا يجب على معتمر . اهـ . (ص/۲۴۶ ، باب طواف الصدر) (معلم الحجاج:ص/۱۹۶،۱۹۷) (آپ کے مسائل اور اُن کا حل:۵/۳۳۴،جدید ایڈیشن)

(۳) ما في " رد المحتار " : إن تحية هذا المسجد بخصوصه هو الطواف .

(۳/۵۰۳ ، كتاب الحج ، مطلب في دخول مكة ، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " إرشاد الساري " : وكذا إذا دخل المسجد مَن عليه فرض أو غيره فصلى ذلك فإنه قام مقام صلاة تحية المسجد ، وذلك لأن تحية هذا المسجد الشريف بخصوصية هو الطواف . اهـ . (ص/۲۰۲ ، باب أنواع الأطوفة ، السادس : طواف تحية المسجد ، غنية الناسك :ص/۱۴۰ ، باب في ماهية الطواف الخ) (مسائل حج:ص/۸۱،مفتی یمات)=

.....

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " البحر الرائق " : وواجباته أعني التي يلزم بترك واحد منها دم انشاء الإحرام من الميقات ..... ورمي الجمار . (۵۳۹/۲ ، الدر المختار مع الشامية :۴۱۵/۳ ، بدائع الصنائع :۳۱۶/۲ ، الفقه الحنفي في ثوبه الجديد :۴۵۹/۱ – ۴۶۴)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : رمي الجمار واجب كما عرفنا فإن تأخر من وقته أو فات وجب دم . (۲۲۶۲/۳) (فتاویٰ محمودیہ:۴۳۳/۱۰،باب الجنایات،ط:کراچی)

(۲) ما في " المبسوط للسرخسي " : قال : (والمريض الذي لا يستطيع رمي الجمار يوضع الحصى في كفه حتى يرمي به) لأنه فيما يعجز عنه يستعين بغيره ، وإن رمى عنه أجزأه بمنزلة المغمى عليه ، فإن النيابة تجري في النسك كما في الذبح . (۷۹/۴ ، بدائع الصنائع :۹۱/۳)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : وتجوز الإنابة في الرمي لمن عجز عن الرمي بنفسه لمرض أو حبس أو كبر سن أو حمل المرأة ، فيصح للمريض بعلة لا يرجى زوالها قبل انتهاء وقت الرمي وللمحبوس وكبير السنّ والحامل أن يؤكّل عنه من يرمي عنه الجمرات كلها .

(۲۲۵۴/۲ ، الموسوعة الفقهية :۱۶۶/۲۳)

ما في " البحر العميق " : والعاجز عن الرمي يستنيب من يرمي عنه ولا شيء عليه ، ويصح رمي النائب عن المستنيب قبل أن يرمي عن نفسه كأصل الحج . (۱۶۹۸/۳ ، كيفية الرمي)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : واستُدِلّ لجواز الرمي ثاني أيام التشريق قبل الزوال لمن كان من قصده النفر إلى مكة بما ذكروا أنه لرفع الحرج عنه ، لأنه لا يصل إلا بالكيل ، وقد قوّى بعض المتأخرين من الحنفية هذه الرواية توفيقًا بين الروايات عن أبي حنيفة ، والأخذ بهذا مناسب لمن خشي الزّحام ودعته إليه الحاجة ، لا سيما في زمننا . (۱۵۸/۲۳ ، وقت الرمي وعدده)

ما في " البحر العميق " : وفي المحيط : للرمي أوقات ثلاثة يوم النحر وثلاثة أيام من التشريق ، أولها : يوم النحر وقت الرمي فيه : ثلاثة أنواع : مكروه ومسنون ، ومباح ، فما بعد طلوع الفجر إلى طلوع الشمس وقت مكروه ، وما بعد طلوع الشمس إلى زوالها وقت مسنون ، وما بعد الزوال إلى غروب الشمس وقت مباح ، والليل وقت مكروه بغير عذر أما بعذر فلا يكره . اهـ .

(۱۶۶۷/۳ ، الباب الثاني عشر الخ)

(نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے:ص/۴۴،۴۵، حج وعمرہ کے مسائل، دسواں فقہی سیمینار، تجویز:۵،۶)

رَمی، ذبح اور حلق میں ترتیب

مسئلہ (۱۰۵): حنفیہ کے قولِ راجح کے مطابق ۱۰ر ذی الحجہ کے مناسک میں رَمی، ذَبح اور حلق کو ترتیب کے ساتھ انجام دینا واجب ہے، اور صاحبین واکثر فقہاء کے یہاں مسنون ہے، جس کی خلاف ورزی سے دَم واجب نہیں، حجاج کو چاہیے کہ جہاں تک ممکن ہو ترتیب کی رعایت کو ملحوظ رکھیں، تاہم اِزدِحام اور مَوسِم کی شدت، اور مذبح کی دُوری وغیرہ کی وجہ سے صاحبین اور دیگر ائمہ کے قول پر عمل کرنے کی گنجائش ہے، لہٰذا اگر یہ مناسک ترتیب کے خلاف ہوں، تو دَم واجب نہیں ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : الواجب في الحج : هو ما يطلب فعله ويحرم تركه ، لكن لا تتوقف صحة الحج عليه ، ويأثم تاركه ، إلا إذا تركه بعذر معتبر شرعًا ، ويجب عليه الفداء بجبر النقص . وواجبات الحج قسمان : القسم الأول : الواجبات الأصلية – التي ليست تابعة لغيرها ..... ثانيًا : رمي الجمار ..... ثالثًا : الحلق والتقصير : .... اتفق جمهور العلماء على أن حلق شعر الرأس أو تقصيره واجب من واجبات الحج ، وهو مذهب الحنفية والمالكية والحنابلة .....

واجبات الحج التابعة لغيرها : ..... تاسعًا : ترتيب أعمال يوم النحر : ٨٤ – يفعل الحاج بمنى يوم النحر ثلاثة أعمال على هذا الترتيب : رمي جمرة العقبة ، ثم ذبح الهدي إن كان قارنًا أو متمتعًا . ... ثم الحلق أو التقصير ..... والأصل في هذا الترتيب هو فعله ﷺ : عن أنس بن مالك رضي الله عنه : " أن رسول الله ﷺ رمى جمرة العقبة يوم النحر ، ثم رجع إلى منزله بمنى فدعا بذبح فذبح ، ثم دعا بالحلاق فأخذ بشقّ رأسه الأيمن .... الحديث . (۱۷/۵۳ ، ۵۴ ، ۵۷ ، ۵۹ ، ۶۰ ، واجبات الحج)=

احرام کھولنے کے لیے عورت کتنے بال کاٹے؟

مسئلہ (۱۰۶): احرام کھولتے وقت عورت کے لیے سر کے چوتھائی حصے کے بالوں میں سے اُنگلی کے ایک پورے کے برابر بال کٹوانا واجب ہے، ورنہ دَم واجب ہوگا، اور سر کے تمام بالوں میں سے ایک پورے کے برابر بال کٹوانا افضل ہے۔[1]

=وفيه أيضًا : حكم هذا الترتيب : ٨٥ – مع اتفاقهم على مشروعية هذا الترتيب فقد اختلفوا فيه : ..... فذهب الحنفية والمالكية ورواية عن أحمد إلى وجوب ترتيب أعمال يوم النحر على تفصيل فيه ، أخذ كل منهم به للتوفيق بين الأدلة ، وذهب الشافعي والصاحبان ورواية عن أحمد إلى أن الترتيب سنة . ..... فذهب الحنفية إلى وجوب الترتيب بين أعمال منى حسب الوارد . اهـ . (٧ / ٢١، حكم هذا الترتيب)

ما في " غنية الناسک " : وأما ترک الواجبات بعذر فلا شيء عليه فيه ، ثم مرادهم بالعذر ما يكون من الله تعالى فلو كان من العباد فليس بعذر ..... بخلاف ما إذا منعه خوف الزحام فإنه من الله تعالى فلا شيء عليه . اهـ . (ص/٣٠٨ ، باب الجنايات ، مقدمة في ضوابط ينبغي حفظها لعموم نفعها في الفصول الآتية)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (أو قدم نسكا على آخر) فيجب في يوم النحر أربعة أشياء : الرمي ، ثم الذبح لغير المفرد ، ثم الحلق ، ثم الطواف ، لكن لا شيء على من طاف قبل الرمي والحلق ، نعم يكره . لباب . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (فيجب الخ) لما كان قوله : " أو قدم الخ " بيانًا لوجوب الدم بعكس الترتيب – فرع عليه أن الترتيب واجب مع بيان ما يجب ترتيبه وما لا يجب . فافهم . (٣/٥٨٨ ، باب الجنايات ، ط : بيروت)

(فتاویٰ محمودیہ: ۱۵/۵۰۴، ط: میرٹھ، منتخباتِ نظام الفتاویٰ: ۱/۱۵۷، نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے: ص/۴۵، حج وعمرہ کے مسائل، دسواں فقہی سیمینار، تجویز: ۷)

الحجة على ما قلنا :=

ہر عمرہ کے وقت نئی چادر کا استعمال

مسئلہ (۱۰۷): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر کوئی شخص ایک سے زائد عمرے کرے، تو اُسے ہر عمرے کے وقت احرام کے لیے نئی چادروں کا استعمال ضروری ہے، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ ایک ہی احرام کے کپڑے (چادروں) میں ایک سے زائد عمرے کرنا جائز ہے، ہر عمرے کے لیے مستقل نئے کپڑے کا استعمال ضروری نہیں ہے، تاہم بہتر یہ ہے کہ ہر عمرے کے وقت احرام کے لیے نئے کپڑے استعمال کیے جائیں۔ (۱)

نوٹ: احرام: حج یا عمرہ کی نیت کو کہا جاتا ہے، جس کے بعد تلبیہ پڑھی جائے، عوام چادروں کو احرام کہتے ہیں، یہ غلط ہے، بلکہ چادروں کو احرام کی چادریں کہتے ہیں۔ (۲)

=(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ثم قصّر) بأن يأخذ من كل شعرة قدر الأنملة وجوبا ، وتقصير الكل مندوب ، والربع واجب . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (بأن يأخذ الخ) قال في البحر : والمراد بالتقصير أن يأخذ الرجل والمرأة من رؤوس شعر ربع الرأس مقدار الأنملة . كذا ذكره الزيلعي . ومراده أن يأخذ من كل شعرة مقدار الأنملة كما صرح في المحيط ..... وفي الشرنبلالية : يظهر لي أن المراد بكل شعرة : أي من شعر الربع على وجه اللزوم ومن الكل على سبيل الأولوية . (۴۷۴/۳ ، ط: سعيد ، و:۵۳۴/۳ ، ۵۳۵ ، كتاب الحج ، مطلب في رمي جمرة العقبة ، ط: دار الكتب العلمية)

ما في " غنية الناسک " : فأقل الواجب في التقصير قدر الأنملة من جميع شعر ربع الرأس كما صرح به في اللباب ..... وكذا ينبغي أن يزيد في تقصير الكل على قدر الأنملة ليستوفي قدر الأنملة من كل شعرة برأسه فيستوفي قدر المندوب بيقين . (ص/۲۲۶ ، فصل في الحلق ، إرشاد الساري إلى مناسک الملا علي القاري :ص/۳۲۳ ، باب مناسک منى ، فصل=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

= في الحلق والتقصير)

(معلم الحجاج:ص/۱۸۲،مع حاشیہ:۱،شیر محمد،فتاویٰ دار العلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۵۷۸۷۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ويلبس ثوبين : إزار ورداء جديدين أو غسيلين ، والجديد أفضل . كذا في فتاوى قاضي خان . (۱/۲۲۲ ، كتاب المناسک ، الباب الثالث في الإحرام، فتاوى قاضي خان على هامش الهندية : ۱/۲۸۴ ، كتاب الحج)

ما في " الفقه على المذاهب الأربعة " : ويستحب أن يكون الإزار والرداء جديدين أو مغسولين طاهرين ، وأن يكونا أبيضين . (۱/۵۵۷ ، ما يطلب من مريد الإحرام قبل أن يشرع فيه ، غنية الناسک :ص/۸۴ ، فصل في واجبات الإحرام وسننه ونحو ذلک ، بدائع الصنائع :۳/۱۰۹ ، كتاب الحج ، فصل في بيان سنن الحج والترتيب في أفعاله ، ط: بيروت)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۵۸۵۸۱)

(۲) ما في " الفقه على المذاهب الأربعة " : الإحرام معناه في الشرع : نية الدخول في الحج والعمرة ..... الحنفية قالوا : الإحرام هو التزام حرمات مخصوصة ويتحقق بأمرين : الأول : النية ، والثاني : اقترانها بالتلبية . اهـ . (۱/۵۵۵ ، كتاب الحج ، مواقيت الإحرام ، الركن الأول من أركان الحج : الإحرام ، تعريفه ، ط : احياء التراث)

ما في " الموسوعة الفقهية " : والإحرام في اصطلاح الفقهاء يراد به عند الإطلاق – الإحرام بالحج أو العمرة . (۲/۱۲۸ ، إحرام ، غنية الناسک :ص/۸۲ ، باب الإحرام ، فصل في ماهية الإحرام وشرائطه) (فتاویٰ فریدیہ:۴/۲۵۴،چہل مسائلِ حج)

عورت کے لیے ایامِ عدت میں حج وعمرہ

مسئلہ (۱۰۸): سفرِ حج میں کسی خاتون کے شوہر کا انتقال ہوگیا، اور اُس نے ابھی اِحرام نہیں باندھا ہے، اور اُس کے لیے وطن واپسی ممکن ہے، تو وہ اپنے وطن واپس جاکر عدت گزارے [۱]، اور اگر اِحرام باندھ چکی ہے، یا واپسی کا سفر دُشوار ہے، تو وہ ایامِ عدت میں حج وعمرہ اَدا کرلے۔ [۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وإن كان من الجانبين مسيرة سفر فإنه ينظر إن كان في المصر فليس لها أن تخرج حتى تنقضي عدتها في قول أبي حنيفة ، وإن وجدت محرمًا ، وفي قولهما جاز أن تخرج إذا كان معها محرمٌ ، ولا تخرج بغير محرم بالإجماع .

(۲/۴۳۵ ، كتاب الحج) (انوارِ رحمت: ص/۶۷ بشکل: ۷)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما شرائط فرضيته نوعان : نوع يعم الرجال والنساء ، ونوع يخص النساء ، وأما الذي يخص بالنساء فشرطان : أحدهما أن يكون معها زوجها أو محرم لها . والثاني – أن لا تكون معتدة عن طلاق أو وفاة .

(۳/۵۴ ، كتاب الحج ، فصل في شرائطه)

(۲) ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وإن كان بينها وبين منزلها مسيرة سفر فصاعدًا وبينها وبين مكة دون ذلك فعليها أن تمضي عليها . (۲/۱۴۹، ۱۵۰ ، كتاب الحج ، الفصل الأول)

ما في " البحر العميق في مناسك المعتمر والحاج إلى بيت الله العتيق " : وإن كان بائنا أو مات عنها .... وإن كان إلى مكة أقل من مدة سفر وإلى منزلها مدت سفر مضت إلى مكة.

(۱/۴۱۰ ، الباب الثالث في مناسك الحج ، نوازل فقهية معاصرة :ص/۲۱۰ ، ۲۱۱ ، وفاة الزوج في سفر الحج)

(جدید فقہی مسائل: ۲/۲۰۳، ۲۰۴، انوارِ رحمت: ص/۶۲، نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے: ص/۴۶، حج وعمرہ کے مسائل، دسواں فقہی سیمینار، تجویز: ۱۱، المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة: ۳/۱۸۴، مسئلہ نمبر: ۱۳۳)

عورتوں کو قیام گاہ پر ہی نماز پڑھنا چاہیے

مسئلہ (۱۰۹): مسجد حرام تمام مسجدوں سے افضل ہے[۱]، اُس میں نماز پڑھنے کا بڑا ثواب ہے، ایک نماز کا ثواب ایک لاکھ نمازوں کے برابر ہوتا ہے[۲]، لیکن یہ ثواب کی زیادتی صرف فرض نماز کے ساتھ مخصوص ہے، نوافل کا ثواب اِتنا نہیں، نوافل گھر (قیام گاہ) میں پڑھنا افضل ہے، اسی طرح یہ ثواب صرف مردوں کو ہوتا ہے، عورتوں کو نہیں ہوتا، اُن کو اپنے گھر (قیام گاہ) میں نماز پڑھنی افضل ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إن أوّل بيت وُضع للناس للذي ببكة مباركا وهدى للعٰلمين O فيه اٰيٰت بيِّنٰتٌ مقام ابراهيم ومن دخله كان اٰمنا ، ولله على الناس حِجُّ البيت من استطاع إليه سبيلا﴾ . (سورة آل عمران :۹۶ ، ۹۷)

ما في " الموسوعة الفقهية " : والمسجد الحرام هو أول مسجد وضع للناس في الأرض للتعبد فيه قال تعالى : ﴿إن أوّل بيت وُضع للناس للذي ببكة مباركا وهدى للعٰلمين﴾ .... ولذلك كان أفضل المساجد فهو قبلة المصلين وكعبة الزائرين وفيه الأمن والأمان . وعن أبي ذر رضي الله عنه قال : قلت : يا رسول الله ! أي مسجد وضع في الأرض أول ؟ قال : " المسجد الحرام " . قلت : ثم أي ؟ قال : " المسجد الأقصى " . قلت : كم كان بينهما ؟ قال : " أربعون سنة ، ثم أينما أدركتك الصلاة بعد فصلّه فإن الفضل فيه .

(۳۷/۱۹۷، ۱۹۸ ، مسجد)

(۲) ما في " روح المعاني " : (مباركا) أي كثير الخير لما أنه فيه يضاعف فيه ثواب العبادة قاله ابن عباس . (۴/۹ ، سورة آل عمران ، الآية/۹۶)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=ما في " الدر المنثور في التفسير المأثور " : وأخرج البيهقي في الشعب عن جابر بن عبد الله قال : قال رسول الله ﷺ : " الصلوة في مسجدي هذا أفضل من ألف صلاة فيما سواه إلا المسجد الحرام ، والجمعة في مسجدي هذا أفضل من ألف جمعة فيما سواه إلا المسجد الحرام ، وشهر رمضان في مسجدي هذا أفضل من ألف شهر رمضان فيما سواه إلا المسجد الحرام " . وأخرج البزار وابن خزيمة والطبراني والبيهقي في الشعب عن أبي الدرداء قال : قال رسول الله ﷺ : " فضل الصلاة في المسجد الحرام على غيره مائة ألف صلاة ، وفي مسجدي ألف صلاة ، وفي مسجد بيت المقدس بخمس مائة صلاة " .

(۹۵/۲ ، ۹۶ ، سورة آل عمران ، الآية/۹۶ ، تفسير المظهري :۹۵/۲، ۹۶)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وقد أجمع الفقهاء على أن مكة المكرمة والمدينة المنورة هما أفضل بقاع الأرض ، ثم اختلفوا في أيهما أفضل ؟ فذهب جمهور الفقهاء – ومنهم الحنفية والشافعية والحنابلة وهو قول عند المالكية – إلى أن مكة المكرمة أفضل من المدينة المنورة لوجوه عددها العلماء : ..... الثاني عشر : الصلاة في المسجد الحرام بمكة تعدل مائة ألف صلاة وليس مثل ذلک في مسجد النبي ﷺ في المدينة أو غيره من المساجد . (۱۵۴/۳۲ ، ۱۵۵ ، فضائل ، رابعًا : فضل بعض الأمكنة على بعض)

(۳) ما في " تفسير المظهري " : وروى ابن الجوزي عن جابر مرفوعًا بلفظ : " وصلاة في المسجد الحرام أفضل من مائة ألف صلاة " . لكن أبو حنيفة ومحمد رحمهما الله يقولان : هذا الفضل محمول على الصلوات المكتوبات خاصة دون النوافل لحديث زيد بن ثابت قال: قال رسول الله ﷺ : " أفضل الصلاة صلاة المرأ في بيته إلا المكتوبة " . متفق عليه .

(۹۶/۲ ، سورة آل عمران ، الآية/۹۶) (معلم الحجاج:ص/۱۲۸،ط:ادارہ اسلامیات کراچی)

حرم شریف میں داخل ہوتے وقت دعا میں ہاتھ اُٹھانا

مسئلہ (۱۱۰): جب مسجد حرام میں داخل ہو، اور کعبۃ اللہ پر نظر پڑے، تو تین مرتبہ ''اللہ اکبر'' اور تین مرتبہ ''لا الہ الا اللہ'' کہے، اس وقت احناف کے نزدیک رفعِ یدین (ہاتھ اُٹھانا) نہیں ہے، نہ تو دعا کے لیے، نہ تکبیر تحریمہ کی طرح، ہاں! البتہ اس موقع پر (بغیر ہاتھ اُٹھائے) دعا ضرور کرے، کہ وہ قبولیتِ دعا کا موقع ہے، اور یہی مذہب امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کا بھی ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : وذهب الحنفية في المذهب والمالكية إلى أنه لا يرفع يديه عند رؤية البيت ، قال القاري في شرحه : لا يرفع ، ولو حال دعائه ؛ لأنه لم يُذكر في المشاهير من كتب أصحابنا ، قال السُّرُوجِي : المذهب تركه ، وصرّح الطحاوي بأنه يُكره عند أئمتنا الثلاثة . (۲۶۸/۴۵ ، يد ، رفع اليدين عند رؤية البيت الحرام)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : قوله : (وإذا دخل مكة بدأ بالمسجد) الحرام ..... . (وحين شاهد البيت كبر) ثلاثا ، ومعناه : اللّٰه أكبر من الكعبة (وهلّل) لئلا يقع نوع شرک . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (وهلل) عبارة الفتح : كبر وهلل ثلاثا . وعبارة ابن الشلبي : كبر ثلاثا وهلل ثلاثا .

(۵۰۲/۳ ، ۵۰۳ ، كتاب الحج ، مطلب في دخول مكة ، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " رد المحتار " : **تنبيه :** قال في اللباب : ولا يرفع يديه عند رؤية البيت ، .... قال القاري في شرحه : أي لا يرفع ولو حال دعائه ؛ لأنه لم يذكر في المشاهير من كتب أصحابنا، بل قال السروجي : المذهب تركه ، وصرح الطحاوي بأنه يكره عند أئمتنا الثلاثة.

(۵۰۳/۳ ، كتاب الحج ، مطلب في دخول مكة)

(تحفة الألمعي :۲۵۲/۳ ، حديث :۸۴۶ ، كتاب الحج ، باب ما جاء في كراهية رفع اليدين عند رؤية البيت ، ط : مكتبه حجاز ديوبند)

مسجد نبوی میں مسلسل چالیس نمازوں کی ادائیگی

مسئلہ (۱۱۱): مسجد نبوی میں مسلسل چالیس نمازیں پڑھنا، نہ حج کرنے والے کے لیے ضروری ہے، نہ عمرہ کرنے والے کے لیے، اور نہ کسی اور کے لیے، بلکہ یہ صرف فضیلت کی بات ہے، اللہ تعالیٰ جس کو توفیق عنایت فرمادیں اس کے لیے سعادت اور خوش نصیبی کی چیز ہے، حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضورِ اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں، آپ نے فرمایا کہ- ''جو شخص میری مسجد (مسجد نبوی) میں چالیس نمازیں اس طرح پڑھے کہ اُس کی کوئی نماز نہ چھوٹے، تو اس کے لیے دوزخ سے براءت وحفاظت اور عذابِ الٰہی سے نجات لکھ دی جاتی ہے، اور وہ نفاق سے بَری (پاک وصاف) ہوجاتا ہے، لہٰذا حجاج ومعتمرین اس کا اہتمام تو کریں، لیکن اُسے فرض وضروری نہ سمجھیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مسند أحمد " : عن أنس بن مالک ، عن النبي ﷺ أنه قال : " من صلى في مسجدي أربعين صلاة لا يفوته صلاة كتبت له براء ة من النار ، ونجاة من العذاب ، وبريء من النفاق " .

(۱۰/۵۰۳ ، حديث : ۱۲۵۲۱ ، مسند أنس بن مالک رضي الله عنه ، ط : دار الحديث القاهرة)

ما في " مجمع الزوائد " : عن أنس بن مالک ، عن النبي ﷺ قال : " من صلى في مسجدي أربعين صلاة لا تفوته صلاة كتبت له براء ة من النار ، ونجاة من العذاب ، وبريء من النفاق " . قلت : روى الترمذي بعضه ، رواه أحمد والطبراني في الأوسط ، ورجاله ثقات. (۴/۸ ، باب فيمن صلى بالمدينة أربعين صلاة ، ط : دار الفكر بيروت ، و:۳/۵۰۸ ، حديث : ۵۸۷۸ ، كتاب الحج ، ط : دار الكتب العلمية بيروت ، الترغيب والترهيب :۳/۱۰۶ ، المعجم الأوسط للطبراني :۴/۱۲۷ ، حديث :۵۴۴۴ ، ط : بيروت) (فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۳/۴۷۴،۴۷۵، مسجد نبوی میں چالیس نمازوں کی فضیلت، فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۶۱، فتاویٰ فریدیہ:۴/۳۶۶، فتاویٰ عثمانی:۲/۲۲۳)

كتاب الأضحية

قربانی کے مسائل

قربانی شریعت میں متعین ہے!

مسئلہ (۱۱۲): بعض ناواقف لوگ یہ کہتے ہیں کہ گائے کی قربانی شریعت میں متعین نہیں، بلکہ اختیاری ہے، کہ اونٹ، گائے، بیل، بھینس، بکرا، مینڈھا وغیرہ- جو چاہے کرے، اُن کو سمجھ لینا چاہیے کہ اس اختیار کی بنا پر اشیاء مذکورہ (اونٹ، گائے، بیل، بھینس، بکرا، اور مینڈھا وغیرہ) کے سبھی افراد، واجب کے (افراد) ہیں، اس کو واجبِ مخیَّر کہتے ہیں، یعنی کرنے والے کو اختیار ہوتا ہے [۱] لیکن ان میں سے کسی ایک کو منع کرنا اور اُسی پر پابندی لگانا ایک واجبِ شرعی کو منع کرنا ہے، اور یہ دین میں کھلی مُداخلَت ہے، جو کسی کے نزدیک جائز نہیں ہے۔ [۲]

ہماری ریاست- ریاستِ مہاراشٹر- میں حکومتِ وقت نے گائے اور اُس کی نسل (بیل، بچھڑے کے ذبیحہ) پر پابندی لگا رکھی ہے، اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہم ان جانوروں کی قربانی نہ کریں [۳]، بلکہ بکرا، بکری، دنبہ، بھیڑ، بھینس اور اونٹ کی قربانی کریں، اور اگر کرنا ہی ہے، تو اُن ریاستوں میں کریں، جہاں اِن جانوروں کے ذبیحہ پر پابندی نہیں ہے [۴]، تاکہ فتنہ وفساد، قتل وقتال اور شورش برپا نہ ہو [۵]، پھر بھی، اس کے باوجود اگر کسی نے (گائے، بیل اور بچھڑے کی قربانی) کرلی، تو قربانی صحیح ہوجائے گی، اور فریضہ ادا ہوجائے گا۔ [۶]

.....

.....

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وإذ قال موسى لقومه إن الله يأمركم أن تذبحوا بقرة﴾ . (سورة البقرة : ٦٧) وقوله تعالى : ﴿ومن الإبل اثنين ومن البقر اثنين﴾ . (سورة الأنعام :١٤٤)

ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة أن النبي ﷺ دخل عليها وحاضت بسرف قبل أن تدخل مكة وهي تبكي ، فقال : ما لک ؟ أنفست ؟ قالت : نعم ، قال : إن هذا أمر قد كتبه الله على بنات آدم ، فاقضي ما يقضي الحاج غير أن لا تطوفي بالبيت ، فلما كنا بمنى أتيت بلحم بقر فقلت : ما هذا ؟ قالوا : ضحى رسول الله ﷺ عن أزواجه بالبقر " .

(٨٣٢/٢ ، باب الأضحية للمسافر والنساء ، ط: قديمي ، بدائع الصنائع :٧٠/٥ ، فصل أما محل إقامة الواجب ، البحر الرائق :١٧٤/٨ ، تكملة فتح القدير :٤٢٩/٨ ، ط : رشيديه)

ما في " جامع الترمذي " : عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما قال : " كنا مع رسول الله ﷺ في سفر فحضر الأضحى فاشتركنا في البقرة سبعة ، وفي البعير سبعة " .

وعن جابر رضي الله تعالى عنه قال : " نحرنا مع رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم بالحديبية – البدنة عن سبعة والبقرة عن سبعة ..... " الحديث .

(٢٧٦/١ ، باب ما جاء في الاشتراک في الأضحية ، ط : سعيد ، اعلاء السنن: ٢٠٥/١٧ ، كتاب الأضاحي ، باب أن البدنة عن سبعة ، ط : إدارة القرآن كراچي)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿لا تبديل لكلمات الله ذلک هو الفوز العظيم﴾ . (سورة يونس :٦٤) وقوله تعالى : ﴿ولا مبدّل لكلمات الله﴾ . (سورة الأنعام :٣٤) وقوله تعالى : ﴿وتمت كلمة ربک صدقا وعدلا لا مبدّل لكلماته﴾ . (سورة الأنعام :١١٥)

(۳) ما في " فيض القدير " : " طاعة الإمام حق على المرء المسلم ما لم يأمر بمعصية الله ، فإذا أمر بمعصية الله فلا طاعة له " .

(٣٨٥٤/٧ [حديث :٥٢٤٦] ، ط: مكتبة نزار مصطفى الباز ، رياض)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ومن يعظّم شعآئر الله فإنها من تقوى القلوب﴾ . =

.....

=(سورة الحج :٣٢) وقوله تعالى : ﴿والبُدن جعلنٰها لكم من شعآئر اللّٰه لكم فيها خير﴾ .
(سورة الحج :٣٦)

(٥) ما في " القرآن الكريم " : ﴿والفتنة أشد من القتل﴾ . (سورة البقرة :١٩١) وقوله تعالى : ﴿ولا تسبُّوا الذين يدعون من دون اللّٰه فيسُبُّوا اللّٰهَ عدوا بغير علم﴾ .
(سورة الأنعام :١٠٩)

ما في " تفسير المظهري " : ان الطاعة إذا أدت إلى معصية راجحة وجب تركها ؛ لأن ما يؤدي إلى الشر شرٌّ . (٢٧٦/٣ ، سورة الأنعام :١٠٩ ، ط: احياء التراث العربي)
(روح المعاني : ٢٥٢/٧)

ما في " الأصول والقواعد للفقه الإسلامي " : قاعدة [١٤٤] : ﴿دَرْءُ الْمَفَاسِدِ أَوْلىٰ مِنْ جَلْبِ الْمَنَافِعِ﴾ . (ص/١٧١، الأشباه والنظائر لإبن نجيم :ص/٣٢٢ ، درر الحكام : ٤١/١، المادة :٣٠ ، قواعد الفقه :ص/٨١، قاعدة :١٣٣، جمهرة القواعد الفقهية : ٧٣٣/٢، قاعدة: ٨٩١ ، ترتيب اللآلي في سلك الأمالي :ص/٦٩١، القواعد الفقهية : ص/١٧٠ ، شرح القواعد: ص/٢٠٥، القواعد الكلية والضوابط الفقهية :ص/١٨٢)

(٦) ما في " القرآن الكريم " : ﴿هو الذي خلق لكم ما في الأرض جميعًا﴾ .
(سورة البقرة :٢٩)

ما في " الأصول والقواعد للفقه الإسلامي " : اَلأَصْلُ فِي الْأَشْيَاءِ الإِبَاحَةُ .
(ص/١١٧، قاعده : ٣٠ ، الأشباه والنظائر لإبن نجيم :ص/٢٥٢ ، الأشباه والنظائر للسيوطي : ١٢١/١ ، القواعد الفقهية : ص/١٠٧ ، قواعد الفقه :ص/٥٩ ، القاعدة : ٣٣ ، رد المحتار : ١٠٥/١ ، مطلب ؛ المختار أن الأصل في الأشياء الإباحة)

ما في " الأشباه لإبن نجيم " : هل الأصل في الأشياء الإباحة ؟ قال الحموي : ذكر العلامة قاسم بن قطلوبغا في بعض تعليقه أن المختار أن الأصل الإباحة عند جمهور أصحابنا .
(٢٥٢/١ ، القاعدة الثالثة)

(مستفاد از: قربانی کے مسائل کا انسائیکلو پیڈیا:ص/۱۴۳، ۱۴۴، فتاویٰ محمودیہ: ۱۷/ ۳۳۶، ۳۴۵- ۳۴۷، ط: کراچی، حاشیہ فتاویٰ محمودیہ:۱۷/ ۳۴۵-۳۴۷، امداد الاحکام:۴/ ۱۹۱-۱۹۳، کتاب المسائل:۲/ ۳۱۲، ۳۱۳)

جیل میں قید شخص پر قربانی

مسئلہ (۱۱۳): اگر کوئی شخص جیل میں قید ہے، اور وہ مقیم اور نصاب کا مالک ہے، تو اس پر قربانی کے ایام میں قربانی کرنا واجب ہے، چاہے قید خانہ میں کرے یا کسی کو کہہ کر قید خانہ سے باہر کسی بھی جگہ پر کروائے، بہر حال اسے قربانی کرنا ضروری ہے۔ (۱)

بیرونِ ملک قید شخص پر قربانی

مسئلہ (۱۱۴): اگر کوئی صاحبِ نصاب مالدار شخص بیرونِ ملک (اپنے ملک سے باہر) جیل میں قید ہے، یا بیرونِ شہر (اپنے شہر سے باہر) مسافتِ سفر (ساڑھے ستہتر کلومیٹر) میں قید ہے، اور اس کی مدتِ قید پندرہ دن سے کم ہو، تو وہ مسافر ہوگا، اس پر قربانی واجب نہیں ہے، اور اگر اس کی مدتِ قید پندرہ دن یا اس سے زائد ہو، تو وہ مقیم ہوگا، اور اس پر قربانی واجب ہوگی۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (وشرائطها الإسلام والإقامة واليسار) . تنوير مع الدر . وفي الشامية : قوله : (واليسار الخ) بأن ملك مائتي درهم أو عرضًا يساويها الخ . (۹/۴۵۳ ، كتاب الأضحية ، بيروت ، الفتاوى الهندية :۵/۲۹۲ ، كتاب الأضحية ، الباب الأول في تفسيرها وركنها وصفتها وشرائطها الخ) (قربانی کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا: ص/۱۳۲، محقق ومدلل مسائل قربانی: ص/۳۷، مسئلہ نمبر:۱۱)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : الأسير المسلم في أيدي الكفار إن عزم على الفرار من الأسر عند التمكن من ذلك ، وكان الكفار أقاموا به في موضع يريدون المقام فيه المدة التي تعتبر إقامة ، ولا تقصر بعدها الصلاة ، لزمه أن يتم الصلاة ، لأنه مقهور في أيديهم ، فيكون المعتبر في حقه=

حلال جانور کی ممنوعہ چیزیں

مسئلہ (۱۱۵): حلال جانور کے جن اجزاء کا کھانا ممنوع ہے، وہ یہ ہیں:

۱- دمِ مسفوح.....(بہتا ہوا خون)

۲- نر اور مادہ کی پیشاب کی جگہ

۳- خصیے.....(فوطے/کپورے)

۴- پاخانہ کی جگہ

۵- غُدود.....(سخت گوشت/خون جم کر گُٹھلی کی شکل میں ہو جانا)

۶- مَثانہ.....(پیشاب کی تھیلی)

۷- پِتّہ

۸- حرام مغز

نوٹ-: مذکورہ بالا سات چیزیں مکروہِ تحریمی ہیں، اور 'حرام مغز' حرام ہے، ان کا کھانا اور کھلانا ناجائز اور گناہ ہے، اگر ان میں سے کسی چیز کا سالن پکالیا گیا، تو وہ سالن بھی ناپاک ہو جائے گا۔ (۱)

= نيتهم في السفر والإقامة ، لا نيته . اهـ . (۲۲۲/۴، صلاة الأسير في السفر)

(قربانی کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا: ص/۱۳۲، محقق ومدلل مسائل قربانی: ص/۳۷، مسئلہ نمبر: ۱۲۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : وأما بيان ما يحرم أكله من أجزاء الحيوان المأكول ، فالذي يحرم أكله منه سبعة : الدم المسفوح ، والذكر ، والأنثيان ، والقبل ، والغدة ، والمثانة ، والمرارة ، لقوله تعالى : ﴿ويحلّ لهم الطيّبٰت ويحرّم عليهم الخبائث﴾ . وهذه الأشياء=

.....

.....

.....

=السبعة مما تستخبثه الطباع السليمة فكانت محرمة ، وما روي عن مجاهد أنه قال : كره رسول الله ﷺ من الشاة : الذكر والأنثيين والقبل والغدة والمرارة والمثانة والدم ، فالمراد منه كراهة التحريم .

(۲۷۲/۶ ، كتاب الذبائح والصيود ، فصل فيما يحرم أكله من أجزاء الحيوان)

ما في " رد المحتار" : قال ابن عابدين الشامي رحمه الله تعالى : **تتمة :** ما يحرم أكله من أجزاء الحيوان المأكول سبعة : الدم المسفوح والذكر والأنثيان والقبل والغدة والمثانة والمرارة . بدائع . (۴۵۱/۹ ، قبيل كتاب الأضحية) (فتاوی رحیمیہ:۱۰/۸۱)

ما في " مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر " : ويكره من الشاة الحيا والخصية والمثانة والذكر والغدة والمرارة والدم المسفوح . شرح ملتقى الأبحر . وفي مجمع الأنهر : (ويكره من الشاة الحيا) مقصورًا ، وهو الفرج (والخصية والمثانة والذكر والغدة والمرارة والدم المسفوح) لما روى الأوزاعي عن واصل بن جميلة عن مجاهد قال : كره رسول الله ﷺ من الشاة الذكر والأنثيين والقبل والغدة والمرارة والمثانة والدم . اهـ .

(۴۸۹/۴ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى ، بيروت)

ما في " حاشية الطحطاوي على الدر المختار " : وزيد نخاع الصلب . اهـ .

(۳۶۰/۴، مسائل شتى)

ما في " تبيين الحقائق " : قال أبوحنيفة رضي الله عنه : الدم حرام وأكره الستة وذلك لقوله عز وجل : ﴿حرمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير﴾ [البقرة : ۱۷۳] الآية . فلما تناوله النص قطع بتحريمه ، وكره ما سواه لأنه مما تستخبثه الأنفس وتكرهه ، وهذا المعنى سبب الكراهية لقوله تعالى : ﴿ويحرّم عليهم الخبائث﴾ [الأعراف : ۱۵۷] .

(۴۶۴/۶ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى)

(فتاویٰ محمودیہ:۲۶/ ۲۱۷، ۲۱۸، میرٹھ، قربانی کے مسائل کا انسائیکلو پیڈیا:ص/۶۴، ۶۵، محقق ومدلل مسائل قربانی:ص/۱۰۴، المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ:۶/ ۲۸۵، مسئلہ نمبر:۲۰۰، حلال جانور کے خصیے "فوطے")

ایک خصیہ والے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۱۶): ایک خصیہ والے جانور کی قربانی درست ہے۔ (۱)

ذبح کا اعتبار کب ہوگا؟

مسئلہ (۱۱۷): جانور کے گلے میں چار شہ رگیں ہوتی ہیں:

(۱) حُلقوم: جس سے سانس لیا جاتا ہے۔

(۲) مَری: جس سے کھانا پانی اندر جاتا ہے۔

(۳-۴): دو رانِ خون والی دو رگیں۔

اِن چار رگوں میں سے اگر تین رگیں کٹ جائیں، تو شرعی طور پر ذبح کا تحقُّق ہو جاتا ہے، اور جانور حلال ہو جاتا ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : كل عيب يزيل المنفعة على الكمال أو الجمال على الكمال يمنع الأضحية ، وما لا يكون بهذه الصفة لا يمنع .

(٥/٢٩٩ ، كتاب الأضحية ، الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب ، حاشية الشلبي على تبيين الحقائق :٦/٤٨٢ ، ٤٨٣ ، كتاب الأضحية ، بيروت)

(فتاویٰ محمودیہ:۲۶/۳۰۱،مکتبہ محمودیہ میرٹھ،محقق ومدلل مسائل قربانی:ص/۱۲۳)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " الشامية " : أصح الأجوبة في الأكثر عنه إذا قطع الحلقوم والمرئي والأكثر من كل ودجين يؤكل وما لا فلا . (٩/٤٢٦ ، دار الكتب العلمية بيروت ، وزكريا ديوبند ، و:٩/٣٥٦ ، كتاب الأضحية ، ط : ديوبند)

ما في " البحر الرائق " : وعن أبي يوسف أنه يشترط قطع الحلقوم والمرئي وأحد =

جانور خریدنے کے بعد عیب دار ہو گیا

مسئلہ (۱۱۸): اگر خریدتے وقت جانور صحیح سالم تھا، لیکن بعد میں عیب دار ہو گیا، تو مال دار پر اُس کے بجائے دوسرے صحیح سالم جانور کی قربانی لازم ہے، اور اگر فقیر ہے تو اُسی عیب دار جانور کی قربانی کر سکتا ہے، دوسرے جانور کی قربانی اس پر لازم نہیں ہے۔ (۱)

=والودجين ، وعن محمد لا بد من قطع الأكثر من كل واحد من هذه الأربعة .
(۳۱۰/۸ ، كتاب الذبائح ، دار الكتاب ديوبند ، الفتاوى التاتارخانية :۳۹۳/۱۷)
ما في " الفتاوى الهندية " : وعن محمد رحمه الله تعالى : إذا قطع الحلقوم والمرئي والأكثر من كل ودجين يحل وما لا فلا . (۲۸۷/۵)
(کتاب المسائل:۳۲۵/۲، ۳۲۶، مکتبہ اسماعیل دیوبند)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولو اشتراها سليمة ثم تعيّبت بعيب مانع فعليه إقامة غيرها مقامها إن كان غنيا ، وإن كان فقيرا أجزأه ذلك . (۴۷۱/۹ ، زكريا ، و: ۳۲۵/۶ ، كراچي ، و: ۳۹۴/۹ ، كتاب الأضحية ، دار الكتاب ديوبند)
ما في " الفتاوى التاتارخانية " : ثم كل عيب يمنع الأضحية ففي حق الموسر يستوي أن يشتريها كذلك ، أو يشتريها وهي سليمة فصارت معيوبة بذلك العيب لا يجوز على كل حال ، وفي حق المعسر يجوز على كل حال . (۴۳۲/۱۷ ، مكتبه زكريا ديوبند ، مجمع الأنهر :۱۷۳/۴ ، كتاب الأضحية ، دار الكتب العلمية بيروت ، بدائع الصنائع :۲۱۶/۴ ، دار الكتاب ديوبند ، و زكريا ديوبند) (کتاب المسائل:۳۲۰/۲، ط: مکتبہ اسماعیل، جواہر الفقہ :۴۵۰/۱، مکتبہ تفسیر القرآن جامع مسجد دیوبند، آپ کے مسائل اور ان کا حل:۱۶۹/۴، قدیم، و۴۷۴/۵، کتب خانہ نعیمیہ دیوبند، جدید، محقق و مدلل مسائل قربانی:ص/۹۹)

پیدائشی طور پر جانور کی دُم نہ ہو

مسئلہ (۱۱۹): جس جانور کی پیدائشی طور پر دُم ہی نہ ہو، تو امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک اُس کی قربانی درست ہے، جب کہ امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک اُس کی قربانی جائز نہیں ہے، اِس لیے احتیاط اِسی میں ہے کہ اُس کی قربانی نہ کی جائے۔ (۱)

شہری کا دیہات میں قربانی

مسئلہ (۱۲۰): اگر شہری شخص نے دیہات میں قربانی کا نظم کیا ہو، یا اپنے جانور پہلے ہی دیہات میں بھیج دیا ہو، تو وہاں صبح صادق کے فوراً بعد اُس کی قربانی درست ہوجائے گی، شہر کی نمازِ عید کا انتظار نہیں کیا جائے گا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الشامية " : الشاة إذا لم يكن لها أذن ولا ذنب خلقة ، قال محمد : لا يكون هذا ، ولو كان لا يجوز . وذكر في الأصل عن أبي حنيفة أنه يجوز . خانية .

(۹/۴۷۰ ، و ۹/۳۹۳ ، كتاب الأضحية ، بيروت ، ودار الكتاب ديوبند)

(کتاب المسائل:۲/۳۱۸،احسن الفتاویٰ:۷/۵۱۷،کتاب الاضحیۃ والعقیقۃ، ط:بنگلہ اسلامک اکیڈمی دہلی،محقق ومدلل مسائل قربانی:ص/۱۱۳)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " الهداية " : وحيلة المصري إذا أراد التعجيل أن يبعث بها إلى خارج المصر فيضحي بها كما طلع الفجر . (۴/۴۳۰ ، مكتبه رشيديه جامع مسجد دهلي)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : مصري أراد التعجيل أن يخرجها لخارج المصر فيضحي بها إذا طلع الفجر . (۹/۴۶۱ ، زكريا ، و:۶/۳۱۸ ، كراچي ، و:۹/۳۸۶ ، =

دیہات میں صبح صادق کے بعد قربانی

مسئلہ (۱۲۱): گاؤں اور دیہات میں ۱۰ رذی الحجہ کو صبح صادق کے فوراً بعد سے قربانی کی اجازت ہے، حتی کہ اگر دیہات کے بعض لوگ شہر میں عید کی نماز پڑھنے جائیں، اور گھر والے اُن کی واپسی سے قبل قربانی کر دیں، تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (۱)

=كتاب الأضحية ، دار الكتاب ديوبند ، مجمع الأنهر :۴/۱۶۹ ، ۱۷۰ ، بيروت ، البحر الرائق :۸/۳۲۱ ، بيروت ، و:۹/۳۲۱ ، كتاب الأضحية ، دار الكتاب ديوبند ، الفتاوى الهندية :۵/۲۹۶، الباب الرابع فيما يتعلق بالمكان والزمان ، الفتاوى التاتارخانية : ۱۷/۴۲۲ ، زكريا ، الفتاوى الولوالجية :۳/۷۹ ، دار الإيمان سهارنفور)

(فتاویٰ محمودیہ:۱۷/۴۵۲، کراچی، فتاویٰ رحیمیہ:۱۰/۴۰، دارالاشاعت کراچی)

ما في " الشامية " : والمعتبر مكان الأضحية فلو كانت في السواد والمضحي في المصر جازت قبل الصلاة . (۹/۴۶۱ ، زكريا ، و:۶/۳۱۸ ، كراچي ، مجمع الأنهر :۴/۱۷۰ ، بيروت ، البحر الرائق :۹/۳۲۱ ، زكريا ، ودار الكتاب ديوبند ، بدائع الصنائع :۴/۲۱۳ ، زكريا ، دار الكتاب ديوبند ، الهداية :۴/۴۳۰ ، رشيديه)

(کتاب المسائل:۲/۲۹۸، ۲۹۹، محقق ومدلل مسائل قربانی:ص/۷۹)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ولو أن رجلا في أهل السواد دخل المصر لصلاة الأضحى وأمر أهله أن يضحوا عنه جاز أن يذبحوا عنه بعد طلوع الفجر . (۵/۲۹۶، كتاب الأضحية – وفيه تسعة أبواب ، الباب الرابع فيما يتعلق بالمكان والزمان ، الفتاوى التاتارخانية :۱۷/۴۲۲ ، كتاب الأضحية ، الفصل الرابع ، مكتبه زكريا ، الفتاوى الولوالجية :۳/۷۹، كتاب الصيد والذبائح والأضحية ، الفصل الرابع في وقت الأضحية ومكانها إلى آخره ، مكتبه دار الايمان سهارنفور) (کتاب المسائل:۲/۲۹۸، مسائل قربانی محقق ومدلل مسائل قربانی:ص/۸۰)

کان کٹے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۲۲): اگر جانور کا کان تھوڑا بہت کٹا ہے، تو اُس کی قربانی درست ہے، لیکن اگر کان کا اکثر حصہ کٹ گیا ہے، تو اُس کی قربانی درست نہ ہوگی۔ (۱)

پیدائشی کان نہ ہو اس جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۲۳): جس جانور کے کان پیدائشی طور پر نہ ہوں، اُس کی قربانی درست نہ ہوگی۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الشامية " : ومقطوع أكثر الأذن لو ذهب بعض الأذن ..... إن كان كثيرا يمنع وإن يسرًا لا يمنع . (۹/۴۶۸ ، زكريا ، و۹/۳۹۲ ، كتاب الأضحية ، دار الكتاب ديوبند ، و۶/۳۲۳ ، كراچي ، الفتاوى الهندية :۵/۲۹۷ ، الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب ، احياء التراث العربي بيروت ، و زكريا ديوبند و رشيديه كوئٹه ، البحر الرائق:۸/۳۲۳ ، بيروت ، الفتاوى التاتارخانية :۱۷/۴۲۹ ، زكريا ديوبند)

(جواہر الفقہ :۱/۴۵۰، مکتبہ تفسیر القرآن دیوبند، فتاویٰ رحیمیہ:۱۰/۴۹، کراچی، آپ کے مسائل اور ان کا حل:۵/۴۳۶، جدید، جامع الفتاویٰ:۸/۱۷۷، ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، کتاب المسائل:۲/۳۱۶، مکتبہ اسماعیل، محقق ومدلل مسائل قربانی:ص/۱۱۰)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : والسكاء التي لا أذن لها خلقة ولا تجوز مقطوعة إحدى الأذنين بكمالها والتي لها أذن واحدة خلقة . (۹/۴۶۹ ، زكريا ، و۹/۳۹۳ ، كتاب الأضحية ، دار الكتاب ديوبند ، و۶/۴۲۴ ، كراچي ، الفتاوى التاتارخانية :۱۷/۴۲۶ ، زكريا ، الفتاوى الهندية :۵/۲۹۷ ، احياء التراث العربي بيروت ، وزكريا ديوبند) (جامع الفتاویٰ:۸/۱۷۷، ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان، کتاب المسائل:۲/۳۱۷، ط:اسماعیل محقق ومدلل مسائل قربانی:ص/۱۱۱)

پیدائشی سینگ نہ ہو اُس جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۲۴): جس جانور کے پیدائشی طور پر سینگ نہ ہوں، یا بچپن میں ہی اُس کے سینگ کی جگہ آگ سے جلا دی گئی ہو، جس کی وجہ سے آگے سینگ نہ نکل سکے ہوں، تو اُس کی قربانی درست ہے۔ (۱)

دُم کٹے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۲۵): اگر دُم کا اکثر حصہ کٹا ہو، تو ایسے جانور کی قربانی جائز نہیں ہے، اور اگر معمولی حصہ کٹا ہے، تو اُس کی قربانی درست ہے۔ (۲)

والحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الشامية " : ويضحى بالجماء هي التي لا قرن لها خلقة وكذا العظماء التي ذهب بعض قرنها بالكسر . (۹/۴۶۷ ، زكريا ، و۹/۳۹۱ ، دار الكتاب ديوبند ، و: ۶/۳۲۳ ، كراچي ، الفتاوى الهندية :۵/۲۹۷ ، احياء التراث ، و زكريا)

(جامع الفتاویٰ:۸/۱۷۱،ملتان،کتاب المسائل:۲/۳۱۶،اسماعیل،محقق ومدلل مسائل قربانی:ص/۱۱۲)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وإذا ذهب بعض العين ..... أو بعض الذنب ..... فإن كان الذاهب كثيرًا منع جواز الأضحية ، وإن كان الذاهب قليلا لا يمنع جواز الأضحية .

(۱۷/۴۲۹ ، زكريا ديوبند ، الشامية :۹/۴۶۸ ، زكريا ، و۹/۳۹۲ ، دار الكتاب ديوبند ، و۶/۳۲۳ ، كراچي ، البحر الرائق :۹/۳۲۳ ، زكريا ، و۸/۳۲۳ ، ۳۲۴ ، دار الكتاب ديوبند ، الفتاوى الهندية : ۵/۲۹۷) (جواہر الفقہ :۱/۴۵۰،دیوبند،فتاویٰ رحیمیہ:۱۰/۴۸،کراچی،آپ کے مسائل اور اُن کا حل:۵/۴۳۷، جدید، ۴/۱۸۸، قدیم، جامع الفتاویٰ: ۸/۱۶۵، ملتان، کتاب المسائل:۲/۳۱۸،اسماعیل،محقق ومدلل مسائل قربانی:ص/۱۱۴)

مہنگے ترین جانوروں کی خریداری ایک فیشن

مسئلہ (۱۲۶): آج کل بعض لوگوں کا یہ فیشن بنتا جارہا ہے کہ محض نام وَری اور دکھاوے کے لیے گراں قیمت/ مہنگے ترین جانور خرید کر- بڑے فخر سے اُس کی قیمت کا چرچا کر کے خوش ہوتے پھرتے ہیں، تو اس ریاکاری کے ساتھ ثواب کی امید رکھنا محض ایک فریب اور غلط فہمی کے سوا کچھ نہیں۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہی عمل مقبول ہے جو خالص اللہ کی رضا وخوشنودی کے لیے کیا جائے، ریاکاری ودکھلاوے کا جانور کتنا ہی قیمتی ہو اللہ کی نظر میں اُس کی کوئی قیمت نہیں۔

اور اگر بالفرض اس میں ریاکاری نہ بھی ہو، تو یہ کہاں کی عقل مندی ہے کہ دس لاکھ کی ایک گائے یا دو لاکھ کا ایک بکرا خریدا جائے، اگر اللہ تعالیٰ نے کسی کو مال دیا ہے اور وہ قربانی کے عنوان پر مال خرچ کرنا چاہتے ہیں، تو دس لاکھ کی ایک گائے خریدنے کے بجائے بیس عمدہ وخوبصورت گائیں، یا دو لاکھ میں ایک بکرا خریدنے کے بجائے بیس عمدہ بکرے خرید کر اللہ کے لیے قربانی کریں، اور ذرا سوچیں کہ- کتنی بڑی قربانی ہوگی، اور کتنے مستحقین تک گوشت اور جانور کی کھال پہنچے گی، فقراء ومساکین، سیلاب متأثرین اور مصیبت زدہ مسلمانوں کو کتنا فائدہ ہوگا۔ نیز ایک جانور کے جسم پر موجود بالوں کے بجائے اب بیس جانوروں کے جسم پر موجود بالوں کے برابر آپ کو نیکیاں ملیں گی، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ مقابلہ بازی اور ریاکاری ودکھاوے کا یہ فیشن ختم ہوگا۔[1]

.....

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿لن ينال الله لحومها ولا دمآء ها ولكن يناله التقوى منكم﴾ . (سورة الحج :۳۷) وقوله تعالى : ﴿ومآ أُمروآ إلا ليعبدوا الله مخلصين له الدين﴾. (سورة البينة :۵) وقوله تعالى : ﴿فمن كان يرجوا لقاء ربه فليعمل عملاً صالحاً ولا يشرك بعبادة ربه أحدًا﴾ . (سورة الكهف:۱۱۰)

ما في " أدب الدنيا والدين " : قال جميع أهل التاويل معنى قوله : ﴿ولا يشرك بعبادة ربه أحدًا﴾ أي لا يرائي بعمله أحداً فجعل الرياء شركاً . وقال تعالى : ﴿ولا تجهر بصلاتك ولا تخافت بها﴾. [سورة الإسراء :۱۱۰] قال الحسن البصري : لا تجهر بها رياء ولا تخافت بها حياء . (ص ۸۵)

وما في " صحيح مسلم " : ..... قال : " فأخبرني عن الإحسان ؟ قال : " أن تعبد الله كأنك تراه فإن لم تكن تراه فإنه يراك " ... الحديث . (۱۶/۲، كتاب الإيمان ، باب بيان الإيمان والإسلام والإحسان الخ ، دار احياء التراث العربي)

ما في " مرقاة المفاتيح " : المخلص في الطاعة يوصل الفعل الحسن إلى نفسه ، والمرائي يبطل عمل نفسه . (۱۲۰/۱)

وما في " صحيح البخاري " : قال النبي ﷺ : " من سمع سمع الله به ، ومن يرائي يرائي الله به " . متفق عليه . (حديث :۶۴۹۹، صحيح مسلم : حديث :۲۹۸۷[۴۸])

ما في " مرقاة المفاتيح " : درجات الرياء أربعة أقسام : الأولى وهي أغلظها – أن لا يكون مراده الثواب أصلاً كالذي يصلي بين أظهر الناس ولو انفرد لكان لا يصلي ..... فهو الممقوت عند الله تعالى . (۵۰۳/۹ ، كتاب الرقاق ، باب الرياء والسمعة)

وما في " مسند أحمد بن حنبل " : عن شداد بن أوس رضي الله عنه قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : " من صلى يرائي فقد أشرك ومن صام يرائي فقد أشرك ومن تصدق يرائي فقد أشرك " . (۲۷۶/۱۳ ، حديث : ۱۷۰۷۵)

ما في " الشامية " : اعلم أن إخلاص العبادة لله تعالى واجب ، والرياء ..... فيها حرام بالإجماع للنصوص القطعية ، وقد سمى عليه الصلاة والسلام الرياء الشرك الأصغر وهذه النية لتحصيل الثواب لا لصحة العمل ؛ لأن الصحة تتعلق بالشرائط والأركان ، والنية هي شرط لصحة الصلاة ..... الرياء الكامل المحبط للثواب من أصله كما إذا صلى لأجل الناس ولولا هم ما صلى . (۵۲۲/۹، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع ، البحر الرائق :۳۷۸/۸ ، فصل في البيع،=

قربانی ایک عبادت ہے، کوئی ہڑبونگ نہیں

مسئلہ (۱۲۷): اسلام نے جہاں عید الاضحیٰ کے تین دنوں میں قربانی کی عبادت کو باعثِ فضیلت قرار دیا ہے[۱]، وہاں دوسرے بہت سے احکام بھی دیئے ہیں، ایک عبادت کی انجام دہی میں دوسرے احکام کو نظر انداز کرنا، بندگی کا شیوہ (طور طریق) نہیں، مثلاً: یہ حکم بھی اسلام ہی نے دیا ہے اور انتہائی تاکید کے ساتھ دیا ہے کہ- اپنے کسی عمل سے کسی دوسرے کو تکلیف نہ پہنچاؤ[۲]، اپنے گھروں کے ماحول کو صاف ستھرا رکھو[۳]، لوگوں کی گذرگاہوں اور راستوں کو گندا نہ کرو، بلکہ راستے میں پڑی ہوئی گندگی یا کسی تکلیف دہ چیز کو راستے سے ہٹا دینا- ایمان ہی کا ایک شعبہ ہے[۴]، لہٰذا جہاں قربانی ایک صاحبِ استطاعت مسلمان کے لیے ضروری ہے، وہاں اس کے ذمہ یہ بھی فریضہ عائد ہوتا ہے کہ وہ ذبح شدہ جانور کی آلائشوں کو اس طرح ٹھکانے لگانے کا انتظام کرے کہ اس سے ماحول میں گندگی نہ پھیلے، اُن آلائشوں کو شارعِ عام (عام راستے) پر ڈال دینا، یا اُنہیں اِس طرح چھوڑ کر چلے جانا کہ وہ پڑی سڑتی رہیں، اور لوگوں کے لیے تکلیف کا باعث ہوں، ایک مستقل گناہ ہے[۵]، اور اس قسم کے گناہ کر کر کے عبادت انجام دینا بھی عبادت کے بنیادی مقصد سے جہالت کی دلیل ہے۔=

= الأشباه والنظائر لإبن نجيم :ص ۱۶۱ ، القاعدة الأولى ، الباب الخامس) (کتاب المسائل:۲/۲۹۹، مسائل قربانی وعقیقہ:ص/۲۷، بحوالہ کتاب المسائل) (محقق مدلل مسائل قربانی:ص/۳۴)=

=خلاصہ یہ کہ قربانی ایک عبادت ہے، کوئی ہڑ بونگ (ہنگامہ، بدنظمی) نہیں ہے، جو قواعد وضوابط سے آزاد ہو، اور اس کے دوران نظم وضبط اور صفائی ستھرائی کے احکام وآداب کو نظر انداز کر دیا جائے، بلکہ اس عبادت کا تو اول وآخر پیغام ہی یہ ہے کہ: ﴿إِنَّ صَلٰوتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ﴾ . ''بے شک میری نماز، میری عبادت، اور میرا جینا مرنا سب کچھ اللہ کے لیے ہے، جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔''(۶)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن عائشة قالت : قال رسول الله ﷺ : " ما عمل ابن آدم من عمل يوم النحر أحب إلى الله من إهراق الدم ، وإنه ليأتي يوم القيامة بقرونها وأشعارها وأظلافها ، وإن الدم ليقع من الله بمكان قبل أن يقع بالأرض فطيبوا بها نفسا " . رواه الترمذي وابن ماجة .

عن زيد بن أرقم قال : قال أصحاب رسول الله ﷺ : يا رسول الله ! ما هذه الأضاحي ؟ قال : " سنة أبيكم ابراهيم عليه السلام " . قالوا : فما لنا فيها يا رسول الله ؟ قال : " بكل شعرة حسنة " . قالوا : فالصوف يا رسول الله ؟ قال : " بكل شعرة من الصوف حسنة " . رواه أحمد وابن ماجة . (ص/۱۲۸، ۱۲۹، مكتبه رشيديه محله مبارک شاه ، سهارنپور)

(۲) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " المسلم أخو المسلم ؛ لا يظلمه ولا يخذله ولا يحقره ، التقوىٰ ههنا ، – ويشير إلى صدره – ثلاث مرار – بحسب من الشر أن يحقر أخاه المسلم ، كل المسلم على المسلم حرام ؛ دمه وماله وعرضه" . رواه مسلم . (ص/۴۲۲)

(۳) ما في " جامع الترمذي " : عن صالح بن أبي حسان قال : سمعت سعيد بن المسيب يقول : " إن الله طيب يحب الطيب ، نظيف يحب النظافة ، كريم يحب الكرم ، جواد يحب الجود ، فنظفوا " . أراه قال : " أفنيتكم ، ولا تشبهوا باليهود " . (۳/۵۳۷ ، كتاب الأدب ، حديث : ۲۷۹۹ ، بيروت)

(۴) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " الإيمان بضع وسبعون شعبة ، فأفضلها قول : لا إله إلا الله ، وأدناها إماطة الأذى عن الطريق ، والحياء شعبة من الإيمان " . متفق عليه . (ص/۱۲ ، كتاب الإيمان)=

چرمِ قربانی کی رقم سے لاوارث اَموات کی تجہیز وتکفین

مسئلہ (۱۲۸): بعض شہروں میں ایسے ٹرسٹ بھی ہیں، جو شہر اور اُس کے اَطراف میں ہونے والی لاوارث اَموات کی تجہیز وتکفین کا کام کرتے ہیں، وہ عیدِ قرباں کے موقع پر چرمِ قربانی کو جمع کرتے ہیں، اُنہیں فروخت کرتے ہیں، اور اُن سے حاصل شدہ رقم کے ذریعے اِن لاوارث اَموات کی تجہیز وتکفین کرتے ہیں، تو لاوارث اَموات کی تجہیز وتکفین یقیناً بڑے ثواب کا کام ہے، لیکن اس کے لیے چرمِ قربانی کی رقم استعمال کرنا شرعاً جائز ودرست نہیں (۱)، کیوں کہ چرمِ قربانی فروخت کیے جانے کے بعد اُس کی قیمت تملیکاً (مالک بنا کر) غربا ومساکین کو دینا واجب ہے، اور میت میں مالک بننے کی صلاحیت موجود نہیں ہے۔ (۲)

=(۵) ما في " سنن أبي داود " : (عن) عبد الله بن بريدة قال : سمعت أبي ؛ بريدة – يقول : سمعت رسول الله ﷺ ..... قال : " النخاعة في المسجد تدفنها ، والشيء تنحيه عن الطريق " . (ص/ ۷۱۱ ، مكتبه دار السلام سهارنپور)

(۶) (سورة الأنعام :۱۶۳) (مقتبس از ذکر وفکر:ص/ ۱۱۶، ۱۱۷) (محقق مدلل مسائل قربانی:ص/ ۱۲۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنما الصدقٰت للفقرآء والمسٰكين والعٰملين عليها والمؤلفة قلوبهم وفي الرقاب والغارمين وفي سبيل الله وابن السبيل﴾ . (سورة التوبة :۶۰)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : فإن الصدقة تقتضي تمليكا وقال : إذ شرط الصدقة وقوع الملك للمتصدق عليه . (۳/ ۱۶۱)

ما في " نتائج الأفكار تكملة فتح القدير " : وقال ابن همام : الصدقة كالهبة لا تصح إلا بالقبض . (۹/ ۵۷)=

=ما في " المغني والشرح الكبير " : وروي عن ابن عمر رضي الله عنه أنه يبيع الجلد ويتصدق بثمنه . (۱۱/۱۱۲) (محقق ومدلل مسائل قربانی:ص/۵۹،مسئلہ نمبر:۳۷،طبع چہارم)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويشترط أن يكون الصرف تمليكا لا إباحة كما مر (لا) يصرف (إلى بناء) نحو (مسجد و) لا إلى (كفن ميت وقضاء دينه) . (تنوير مع الدر) . وفي الشامية : قوله : (ولا إلى كفن ميت) لعدم صحة التمليک منه . (۳/۲۹۱ ، كتاب الزكاة ، باب المصرف ، ط : دار الكتب العلمية بيروت ، وزكريا)

(۲) ما في " فتح القدير " : ولا يبنى بها (الزكاة) مسجد ، ولا يكفن بها ميت لإنعدام التمليک ، وهو الركن ، فإن الله تعالى سماها صدقة ، وحقيقة الصدقة تمليک المال . (۲/۲۷۲)

(محقق ومدلل جدید مسائل :۲/۱۳۴،مسئلہ نمبر:۸۵،قربانی کی کھال کی رقم رفاہی کاموں میں،کتاب الزکاۃ وصدقۃ الفطر،طبع اول،فتاویٰ دار العلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۵۵۳۵۲)

چرمِ قربانی کی رقم سے چیریٹبل ہسپتال کی تعمیر

مسئلہ (۱۲۹): قربانی کی کھال جب تک اپنی حالت پر برقرار رہے، اُس کا خود استعمال کرنا، یا امیر وغریب میں سے کسی کو بھی مثلِ گوشت کے دینا جائز ہے[۱]، البتہ اگر اس کو فروخت کر دیا جائے، تو اس کی قیمت کا صدقہ کرنا ضروری ہوجاتا ہے، اور اس کے مصرف بعینہٖ زکوۃ ودیگر صدقاتِ واجبہ کے مصرف ہیں، جن پر ایسی رقم کو تملیکاً (مالک بنا کر) خرچ کرنا ضروری ہے[۲]، غریب کو اگر مالک بنا کر رقم دیدی جائے، تو وہ اس سے شادی بھی کرسکتا ہے، اور اپنا علاج بھی کرا سکتا ہے[۳]، مدرسے میں اس کے مصرف نادار طلبہ ہیں، جن پر تملیکاً (مالک بنا کر) خرچ کرنا ضروری ہے[۴]، قربانی کی کھال کی رقم چیریٹبل ہسپتال (Charitable Hospital) کی تعمیر، یا اُس کے لیے آلات ومشینوں کی خریداری میں خرچ کرنا جائز نہیں ہے، ہاں! اُس رقم سے دوائیں خرید کر غربا ومساکین کو دی جاسکتی ہیں، امیر ومال دار کو نہیں۔[۵]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ فكلوا منها وأطعموا البآئس الفقير﴾ . (الحج :۲۸)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : ولما جاز الأكل منها دل على جواز الانتفاع بجلودها من غير جهة البيع ، ولذلك قال أصحابنا : يجوز الانتفاع بجلد الأضحيّة ، وقال الشعبي : كان مسروق يتخذ مَسك أضحيته مصلّى فيصلي عليه . (۳/۳۱۰)

ما في " مجمع الأنهر " : ويتصدق بجلدها أو يعمله آلة كجراب أو خف أو فرو . =

.....

=(۴/۱۷۴، رد المحتار: ۹/۳۹۸، البحر الرائق: ۸/۳۲۷)

(محقق ومدلل مسائل قربانی: ص/۶۲، مسئلہ نمبر:۳۹، چرم قربانی سے خود فائدہ اٹھانا)

ما في " بدائع الصنائع " : وقول النبي ﷺ " لا تحل الصدقة لغني " ولأن الصدقة مال تمكن فيه الخبث لكونه غسالة الناس لحصول الطهارة لهم به من الذنوب ، ولا يجوز الانتفاع بالخبث إلا عند الحاجة ، والحاجة للفقير لا لغني ، وأما صدقة التطوع فتجوز صرفها إلى الغني ، لأنها تجري مجرى الهبة . (۲/۴۷۶ ، كتاب الزكاة ، مصارف الزكاة)

ما في " البحر الرائق " : وقيد بالزكاة لأن النفل يجوز للغني كما للهاشمي ، وأما بقية الصدقات المفروضة والواجبة كالعشر والكفارات والنذور وصدقة الفطر فلا يجوز صرفها للغني لعموم قوله عليه السلام : " لا تحل الصدقة لغني " خرج النفل منها ، لأن الصدقة على الغني هبة . كذا في البدائع . (۲/۴۲۷ ، كتاب الزكاة ، باب المصرف)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الأصل أن الصدقة تعطى للفقراء والمحتاجين ، وهذا هو الأفضل كما صرح به الفقراء ، وذلك لقوله تعالى : ﴿او مسكينًا ذا متربة﴾ واتفقوا على أنها تحل للغني ، لأن صدقة التطوع كالهبة فتصح للغني والفقير ، قال السرخسي : ثم التصدق على الغني يكون قربة يستحق بها الثواب . (۲۶/۳۳۲ ، صدقة ، التصدق على الفقراء والأغنياء)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنما الصدقٰت للفقرآء والمسٰكين والعٰملين عليها والمؤلفة قلوبهم وفي الرقاب والغارمين وفي سبيل اللّٰه وابن السبيل﴾ . (سورة التوبة :۶۰)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : فإن الصدقة تقتضي تمليكا وقال : إذ شرط الصدقة وقوع الملك للمتصدق عليه . (۳/۱۶۱)

ما في " المسند للإمام أحمد بن حنبل " : قوله عليه السلام : " لا تبيعوا اللحوم الهدي والأضاحي فكلوا وتصدقوا واستمتعوا بجلودها ولا تبيعوها " . (۱۲/۴۹۴)

ما في " نتائج الأفكار تكملة فتح القدير " : وقال ابن همام : الصدقة كالهبة لا تصح إلا بالقبض . (۹/۵۷)

ما في " المغني والشرح الكبير " : وروي عن ابن عمر رضي اللّٰه عنه أنه يبيع الجلد ويتصدق بثمنه . (۱۱/۱۱۲)=

.....

=ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويشترط أن يكون الصرف تمليكا لا إباحة كما مر (لا) يصرف (إلى بناء) نحو (مسجد و) لا إلى (كفن ميت وقضاء دينه) . (تنوير مع الدر) . وفي الشامية : قوله : (ولا إلى كفن ميت) لعدم صحة التمليك منه .

(۲۹۱/۳ ، كتاب الزكاة ، باب المصرف ، ط : دار الكتب العلمية بيروت ، وزكريا)

ما في " رد المحتار " : فإن بيع اللحم أو الجلد به أي بمستهلك أو بدراهم تصدق بثمنه ومفاده صحة البيع مع الكراهة ، وهو قول أبي حنيفة ومحمد رحمهما الله لقيام الملك والقدرة على التسليم . (۳۹۸/۹ ، البحر الرائق : ۳۲۷/۸ ، تبيين الحقائق : ۴۸۶/۲ ، اعلاء السنن : ۲۸۰/۱۷)

(۳) ما في " شرح المجلة " : كل يتصرف في ملكه كيف ما شاء . (ص/۶۵۴ ، رقم المادة : ۱۱۹۲ ، درر الحكام شرح مجلة الأحكام : ۲۰۱/۳ ، المادة : ۱۱۹۲)

(۴) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وبهذا التعليل يقوى ما نسب للواقعات من أن طالب العلم يجوز له أخذ الزكاة ولو غنياً ، إذا فرّغ نفسه لإفادة العلم واستفادته لعجزه عن الكسب ، والحاجة داعية إلى ما لا بد منه . (در مختار) . وفي الشامية : قال العلامة ابن عابدين الشامي رحمه الله : لا يجوز دفع الزكاة إلى من يملك نصاباً إلا إلى طالب العلم والغازي ومنقطع الحج ، قوله : (لعجزه) علة لجواز الأخذ ، والمعنى أن الإنسان يحتاج إلى أشياء لا غنى له عنها ، فحينئذٍ إذا لم يجز له قبول الزكاة مع عدم اكتسابه أنفق ما عنده ومكث محتاجاً فينقطع عن الإفادة والاستفادة فيضعف الدين لعدم من يتحمله ، وهذا الفرع مخالف لإطلاقهم الحرمة فى الغنى ولم يعتمده أحد ، قلت : وهو كذلك .

(۲۵۸/۳ ، باب المصرف ، مجمع الأنهر : ۳۲۶/۱ ، باب بيان أحكام المصرف)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : وفسر بعض الحنفية " سبيل الله " بطلب العلم ولو كان الطالب غنيًا . (۱۹۵۹/۳) (المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة : ۱۳۲/۳ ، مسئلہ نمبر : ۸۱ ، مالدار طلبا کو زکوۃ دینا)

(۵) ما في " القرآن الكريم ": ﴿إنما الصدقٰت للفقرآء والمسٰكين والعٰملين عليها والمؤلفة قلوبهم وفي الرقاب والغارمين وفي سبيل الله وابن السبيل فريضة من الله﴾ . (سورة التوبة : ۶۰)

ما في " سنن أبي داود " : قال رسول الله ﷺ : " إن الصدقة لا تحل لغني ولا لذي مرة سويٍّ " .

(ص/۲۳۱ ، كتاب الزكوة)=

.....

=ما في " الاختيار لتعليل المختار " : مصارف الزكاة وهم الفقير وهو الذي له أدنى شيء ، والمسكين الذي لا شيء له ، والعامل على الصدقة يعطى بقدر عمله ، ومنقطع الغزاة والحاج والمكاتب يعان في فك رقبة والمديون الفقير والمنقطع من ماله .

(۱/۱۷۲، كتاب الزكاة ، باب مصارف الزكاة)

ما في " مجمع البحرين في ملتقى النيرين " : تصرف إلى فقير مقل ومسكين معدم وعامل على الزكاة بقدر عمله وغارم لزمه دين لا يفضل بعده نصاب وفي سبيل اللّٰه ويفسره بمنقطع الغزاة لا الحاج وابن سبيل منقطع عن ماله . اهـ . (ص/۱۹۶، ۱۹۷)

ما في " نور الإيضاح " : من تصرف لهم الزكاة هو الفقير وهو من يملك ما لا يبلغ نصاباً ولا قيمته من أي مال كان ولو صحيحاً مكتسباً ، والمسكين وهو من لا شيء له والمكاتب والمديون الذي لا يملك نصاباً ولا قيمته فاضلاً عن دينه وفي سبيل اللّٰه وهو منقطع الغزاة أو الحاج وابن السبيل وهو من له مال في وطنه وليس معه مال ، والعامل عليها يعطى قدر ما يسعه وأعوانه .

(ص/۱۵۵، ط : المكتبة العصرية بيروت)

ما في " مجمع البحرين " : ونحرمها على من يملك قدر نصاب فاضل عن الحاجة الأصلية لا قدر الكفاية . (ص/۱۹۸، فصل في مصارف الزكوة)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : ولا يدفعها إلى ذمي ولا إلى غني لقوله عليه السلام : "لا تحل الصدقة لغني" . (۱/۱۷۳)

ما في " نور الإيضاح " : ولا يصح دفعها لكافر وغني يملك نصاباً أو ما يساوي قيمته من أي حال كان فاضل عن حوائجه الأصلية . (ص/۱۵۵)

ما في " بدائع الصنا ئع " : لا يجوز صرف الزكاة إلى غني لا يجوز صرف جميع الصدقات المفروضة والواجبة إليه كالعشور والكفارات والنذور وصدقة الفطر لعموم قوله تعالى : ﴿إنما الصدقٰت للفقرآء﴾.....وقول النبي ﷺ : " لا تحل الصدقة لغني " ، ولأن الصدقة مال تمكن فيه الخبيث لكونه غسالة الناس لحصول الطهارة لهم به من الذنوب ولا يجوز الانتفاع بالخبيث إلا عند الحاجة والحاجة للفقير لا لغني" . (۲/۱۵۷، كتاب الزكاة ، مصارف الزكاة)

(المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ:۲/۱۱۵،مسئلہ نمبر:۸۶،زکوۃ کی رقم سے دوائیں دینا شرعاً کیسا ہے؟)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۵۵۶۴۹)

کتاب العقیقة

عقیقے سے متعلق مسائل

بچہ کے کان میں اذان واقامت کہنے کی حکمت

مسئلہ (۱۳۰): مستحب ہے کہ بچہ کی پیدائش کے بعد اُس کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کے الفاظ کہے جائیں[۱]، بچہ کے کان میں اذان واقامت کے کلمات کہنے کا حکم کئی حکمتوں پر مبنی ہے، مثلاً: کلماتِ اذان سے شیطان دفع ہوتا ہے، تو گویا بچہ کو شیطان کے اثر سے بچانا مقصود ہے۔[۲]

کلماتِ اذان واقامت توحید خالص اور ایمانیات کے اقرار کے ساتھ ساتھ اسلام کے سب سے اہم رکن نماز کی دعوت پر مشتمل ہے[۳]، اسی بنا پر عالَمِ عنصری میں آنے کے بعد بچہ کے پردۂ سماعت سے اِن کلمات کا گذارنا دراصل اُس کے دل کی گہرائیوں میں ایمان وعمل کے جذبات جاگزیں کرنے میں بہت مؤثر ہے۔

والحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : حدثني عاصم بن عبيد الله عن عبيد الله بن رافع عن أبيه قال: " رأيت رسول الله ﷺ أذّن في أذُن الحسن بن علي حين ولدته فاطمة بالصلاة " .

(ص/٦٩٦ ، حديث :٥١٠٥ ، قديمي ، جامع الترمذي : ١/٢٧٨، حديث :١٥١٤ ، قديمي)

ما في " جامع الترمذي " : حدثنا محمد بن بشار ثنا يحي بن سعيد وعبد الرحمن بن مهدي قالا ثنا سفيان عن عاصم بن عبيد الله عن عبيد الله بن أبي رافع عن أبيه قال : " رأيت رسول الله ﷺ أذن في أذن الحسن بن علي حين ولدته فاطمة بالصلوة " . هذا حديث صحيح ، والعمل عليه . (١/٢٧٨ ، أبواب الأضاحي ، باب الأذان في أذن المولود ، قديمي ، =

.....

=عون المعبود: ص/۲۱۷۹، حديث : ۵۱۰۵ ، كتاب الأدب ، باب في المولود يؤذن في أذنه [باب في الصبي يولد فيؤذن في أذنه] ، ط: بيت الأفكار الدولية ، تحفة المودود بأحكام المولود: ص/۲۹، ۳۰، الباب الرابع في استحباب التأذين في أذنه اليمنى والإقامة في أذنه اليسرى)

ما في " مرقاة المفاتيح " : والمعنى – أذّن بمثل أذان الصلاة ، وهذا يدلّ على سنيّة الأذان في أذُن المولود . وفي شرح السنة : روي أن عمر بن عبد العزيز رضي الله عنه كان يؤذن في اليمنى ويقيم في اليسرى إذا ولد الصبي . الخ . (۸/ ۸۱ ، مكتبه اشرفيه ديوبند)

ما في " شعب الإيمان للبيهقي " : أخبرنا أبو محمد بن فراس بمكة أنا أبو حفص الجمحي نا علي بن عبد العزيز نا عمرو بن عون أنا يحي بن العلاء الرازي عن مروان بن سالم عن طلحة بن عبد الله العقيلي عن الحسين بن علي قال : قال رسول الله ﷺ : " من ولد له مولود فأذن في أذنه اليمنى وأقام في أذنه اليسرى رفعت عنه أم الصبيان " .

وفيه أيضًا : وأخبرنا علي بن أحمد بن عبدان أنا أحمد بن عبيد الصفار نا محمد بن يونس نا الحسن بن عمر بن سيف السّدوسي نا القاسم بن مطيب عن منصور بن صفية عن أبي سعيد عن ابن عباس أن النبي ﷺ " أذن في أذن الحسن بن علي يوم ولد ، فأذن في أذنه اليمنى وأقام في أذنه اليسرى " . [في هذين الإسنادين ضعف] . (۶/ ۳۹۰ ، حديث : ۸۲۱۹ ، ۸۲۲۰ ، باب في حقوق الأولاد والأهلين)

ما في " الشامية " : وفي حاشية البحر للخير الرملي : رأيت في كتب الشافعية أنه قد يسنّ الأذان لغير الصلاة كما في أذن المولود والمهموم والمصروع والغضبان ، ومن ساء خُلقه من إنسان أو بهيمة وعند مزدحم الجيش وعند الحريق . (۶/۴۲ ، مطلب في المواضع التي يُندب لها الأذان في غير الصلاة ، الموسوعة الفقهية : ۲/ ۳۷۲ ، ۳۷۳)

(۲–۳) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : "إذا نودي للصلاة أدبر الشيطان له ضُراطٌ حتى لا يسمع التأذين " . الحديث . متفق عليه .

(۱/ ۲۰۷ ، كتاب الصلاة ، باب فضل الأذان وإجابة المؤذن ، الفصل الأول ، حديث : ۶۵۵ ، ط: المكتب الإسلامي بيروت)

ما في " مرقاة المفاتيح " : ولعل مناسبة الآية بالأذان أن الأذان أيضًا يطرد الشيطان بقوله ﷺ : " إذا نودي للصلاة أدبر الشيطان له ضُراط حتى لا يسمع التأذين " الخ . والأظهر أن حكمة الأذان في الأذن أنه يطوق سمعه أول وهلة ذكر الله تعالى على وجه الدعاء إلى الإيمان والصلاة التي هي أم الأركان . (۸/ ۸۱ ، ۸۲، مكتبه اشرفيه ديوبند)=

شیطان سے حفاظت کی دعا ''آیتِ کریمہ''

مسئلہ (۱۳۱): مستحب ہے کہ پیدائش کے بعد بچہ کے کان میں شیطان سے حفاظت کی دعا پر مشتمل یہ آیت بھی پڑھی جائے: ﴿اِنِّيْ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ﴾. ''میں اُسے اور اُس کی اولاد کو شیطانِ مردود سے حفاظت کے لیے آپ کی پناہ میں دیتی/ [دیتا] ہوں۔''(۱)

بچہ کی طرف سے عقیقہ کون کرے؟

مسئلہ (۱۳۲): اصل تو یہی ہے کہ بچے کا والد اُس کے عقیقے کا انتظام کرے، لیکن اگر نانیہال والے عقیقہ کردیں، تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں، جیسا کہ سرور دو عالم ﷺ نے اپنے نواسوں - حضرت حسن وحضرت حسین رضی اللہ عنہما - کی طرف سے خود عقیقہ فرمایا۔(۲)

=(امداد الفتاوی :۱/۱۶۱، مواقع مشروعیت اذان، آپ کے مسائل اور ان کا حل:۳/۳۰۱، جدید ایڈیشن، المسائل المہمۃ:۶/ ۴۸، مسئلہ نمبر:۲۱، ایڈیشن ثانی، فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۷۲۷۸، المسائل المہمۃ:۸/ ۳۳۸، ۳۳۹، مسئلہ نمبر:۲۱۲، کتاب المسائل:۲/ ۳۴۵، محقق ومدلل مسائل قربانی:ص/ ۱۳۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) (سورة آل عمران :الآية/ ۳۶) (کتاب المسائل:۲/ ۳۴۶، محقق ومدلل مسائل قربانی:ص/ ۱۳۳)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال النووي في الروضة : ويستحب أن يقول في أذنه : " إني أعيذها بك وذرّيتها من الشيطٰن الرجيم " . (۸/ ۸۲ ، ط: ديوبند)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " اعلاء السنن " : قال رسول الله ﷺ : " من ولد له غلام فليعق عنه عن الإبل أو البقر أو الغنم " . (۱۷/ ۱۲۸ ، باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ، حديث :۵۵۱۴ ، بيروت)

وما في " اعلاء السنن " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : " عقّ رسول الله ﷺ عن الحسن=

بڑی عمر والوں کا عقیقہ

مسئلہ (۱۳۳): اگر کسی شخص کا عقیقہ بچپن میں نہ کیا گیا ہو، تو بڑا ہونے کے بعد اُس کا بھی عقیقہ کیا جاسکتا ہے، مگر وقتِ مستحب کی فضیلت اُسے حاصل نہ ہوگی [۱]، اگر ساتویں دن عقیقہ نہ کرسکیں، تو ۱۴ رویں دن، یا ۲۱ رویں دن کردیں، ورنہ جب بھی عقیقہ کریں، تو دن کے اعتبار سے ساتویں دن کریں۔ [۲]

= والحسين يوم السّابع " الخ . (۱۷/۱۱۵، باب العقيقة ، تحت حديث :۵۵۱۳، بيروت)
(کتاب المسائل:۲/۳۳۹،ط: مکتبہ اسماعیل،محقق ومدلل مسائل قربانی:ص/۱۳۴)

والحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مصنف ابن أبي شيبة " : عن محمد [ابن سيرين] قال : " لو أعلم أنه لم يعقّ عني لعققتُ عن نفسي " .

(۱۲/۳۱۹ ، حديث :۲۴۷۱۸ ، كتاب العقيقة ، ط : المجلس العلمي أفريقه)

ما في " إعلاء السنن " : عن الحسن البصري : " إذا لم يعق عنك فعقّ عن نفسك ، وإن كنت رجلا " .

(۱۷/۱۳۴، باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ، تحت حديث :۵۵۱۴ ، بيروت)
(حاشیہ فتاویٰ محمودیہ:۱۷/۵۱۱،کراچی)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ونصّ الشافعية على أن العقيقة لا تفوت بتأخيرها لكن يستحب أن لا يؤخر عن سنّ البلوغ " . (۳۰/۲۷۹، عقيقة ، وقت العقيقة)
(کتاب المسائل:۲/۳۴۲)

(۲) ما في " إعلاء السنن " : انها إن لم تذبح في السّابع ذبحت في الرابع عشر وإلا ففي الحادي والعشرين ثم هكذا في الأسابيع .

(۱۷/۱۳۱ ، باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ، تحت حديث :۵۵۱۴)
(بہشتی زیور اختری:۳/۴۲،کتاب المسائل:۲/۳۴۱،ط: مکتبہ اسماعیل،محقق ومدلل مسائل قربانی:ص/۱۳۶)

بڑی عمر میں عقیقہ کرنے پر سر کے بال مونڈنا

مسئلہ (۱۳۴): اگر بڑی عمر میں عقیقہ کیا جارہا ہو، تو سر کے بال منڈوانا ضروری نہیں ہے، بلکہ اگر یہ عقیقہ بڑی عمر کی لڑکی کا ہے، تو اس کے بال مونڈنا، جائز نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن ابن عباس قال : " لعن النبي ﷺ المتشبهين من الرجال بالنساء والمتشبهات من النساء بالرجال " .

(۸۷۴/۲ ، قديمي ، مشكوة المصابيح : ص/۳۸۵ ، قديمي)

ما في " البحر الرائق " : وإذا حلقت المرأة شعر رأسها فإن كان لوجع أصابها فلا بأس به ، وإن حلقت تشبه الرجال فهو مكروه .

(۳۷۵/۸ ، كتاب الكراهية ، الفتاوى الهندية : ۳۵۸/۵)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وفيه : قطعت شعر رأسها أثمن ولعنت ..... والمعنى المؤثر تشبه بالرجال اهـ . (درمختار) . وفي الشامية : أي العلة المؤثرة في إثمها التشبه بالرجال ، فإنه لا يجوز كالتشبه بالنساء . (۵۸۳/۹، ۵۸۴، فصل في البيع)

(محقق ومدلل جدید مسائل:۱/۵۸۹ ،مسئلہ نمبر:۴۴۶، کتاب اللباس والزینۃ، ایڈیشن ثانی)

(مستفاد: فتاویٰ دار العلوم دیوبند:۱۵/۶۲۲، فتاویٰ محمودیہ:۱۷/۵۱۱)

(آپ کے مسائل اور اُن کا حل:۴/۲۳۸، قدیمی، و۵/۴۷۸، جدید)

(کتاب المسائل:۲/۳۴۳، ۳۴۴، مکتبہ اسماعیل)

غیر ایامِ قربانی میں بڑے جانور میں عقیقہ کے حصے

مسئلہ (۱۳۵): ایامِ قربانی کے علاوہ دنوں میں ایک بڑے جانور میں کئی بچوں کے عقیقے کے حصے لینے میں اختلاف ہے، لیکن راجح یہی ہے کہ جس طرح ایامِ قربانی میں عقیقے کے حصے لینا جائز ہے، اسی طرح غیر ایامِ قربانی میں بھی بڑے جانور میں عقیقے کے حصے لینا درست ہے۔ (۱)

عقیقے میں دعوت کرنا ضروری نہیں

مسئلہ (۱۳۶): عقیقے میں قربانی کر کے دعوت کرنا ضروری نہیں ہے، بلکہ چاہیں تو کچا گوشت تقسیم کر دیں، یا غرباء کو کھلا دیں، یا پکا کر گھروں میں بھجوا دیں، اور چاہیں تو مختصر دعوت کر دیں، نام ونمود اور ریا کاری کی نیت نہ ہو۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) (کفایت المفتی: ۸/۲۴۰، مکتبہ دار الاشاعت کراچی، فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۱۵/۶۱۰، ۶۱۱، مکتبہ دار العلوم دیوبند، آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۴/۲۳۳، قدیمی، و۵/۴۸۶، جدید، مسائل عیدین وقربانی: ص/۲۰۲، ۲۰۳، مکتبہ حامد کتب خانہ کراچی، مسائل قربانی وعقیقہ: ص/ ۵۸، بحوالہ کتاب المسائل: ۲/۳۴۰)

(محقق ومدلل مسائل قربانی: ص/ ۱۳۸)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " إعلاء السنن " : ولو دعا إليها قومًا جاز .

(۱۷/ ۱۳۳ ، باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ، تحت حديث : ۵۵۱۴)

ما في " رد المحتار " : سواء فرق لحمها نيئًا أو طبخه بحموضة أو بدونها .

(۹/ ۴۸۵ ، مكتبه زكريا ديوبند ، و۶/ ۳۳۶ ، كتاب الحظر والإباحة ، دار الفكر بيروت)

(کتاب المسائل: ۲/۳۴۲، مکتبہ اسماعیل، محقق ومدلل مسائل قربانی: ص/ ۱۳۸)

کتاب النکاح

نکاح سے متعلق مسائل

محض دست خط کر دینے سے نکاح

مسئلہ (۱۳۷): بعضے لڑکے جو بیرونِ ملک رہائش پذیر ہوتے ہیں، جب اُن کا اپنے ملک میں کسی لڑکی سے رشتہ طے ہوتا ہے اور منگنی ہو جاتی ہے، اور پھر اُس منگیتر لڑکی کو وہاں لے جانا ہوتا ہے، تو ویزا کی کارروائی کے لیے شرعی نکاح سے قبل ہی دو گواہوں کی موجودگی میں لڑکا اور لڑکی نکاح نامہ پر دست خط کر دیتے ہیں، باقاعدہ نکاح نہیں پڑھوایا جاتا ہے، اور لڑکا لڑکی زبانی ایجاب وقبول بھی نہیں کرتے ہیں، تو بعضے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اُن کا نکاح مکمل ہو گیا، اور اب وہ میاں بیوی بن گئے، جب کہ اس طرح محض نکاح نامہ پر فریقین (لڑکا لڑکی) اور گواہوں کے دست خط کر لینے سے نکاح منعقد نہیں ہوتا، شرعاً صحتِ نکاح کے لیے ضروری ہے کہ لڑکا اور لڑکی دونوں خود، یا اُن کی طرف سے وکیل، مجلسِ نکاح میں شرعی گواہوں کی موجودگی میں زبانی ایجاب وقبول کریں[1]، نیز اس طرح کی کارروائی جس میں محض میاں بیوی کے دست خط ہوں، اور شرعی نکاح نہ ہو، یہ سرکاری محکمے کو جھوٹا تأثر دینے کی ایک غلط وناجائز کوشش ہے، جس سے بچنا ضروری ہے، کیوں کہ جھوٹ اپنی ہر شکل وصورت میں گناہ ہے، اور منع ہے۔[2]

الحجة علی ما قلنا :=

.....

=(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : وينعقد ملتبساً بإيجاب من أحدهما وقبول من الآخر ..... وشرط حضور شاهدين حرين أو حر وحرتين مكلفين سامعين قولهما معاً . (۴/۶۸- ۸۸ - ۹۱ ، كتاب النكاح ، بيروت)

ما في " الهداية " : النكاح ينعقد بالإيجاب والقبول بلفظين يعبر بهما عن الماضي ..... ولا ينعقد نكاح المسلمين إلا بحضور شاهدين حرين عاقلين بالغين مسلمين رجلين ، أو رجل وامرأتين عدولاً كانوا أو غير عدولاً . (۲/۳۰۶ ، كتاب النكاح)

ما في " شرح الوقاية " : النكاح ينعقد بإيجاب وقبول ..... وشرط سماع كل واحد منهما لفظ الآخر ، وحضور حرين أو حر وحرتين . (۲/۳-۵، كتاب النكاح)

(المسائل المہمۃ فیما التبست بہ العامۃ:۴/۱۰۰،مسئلہ نمبر:۷۷،نکاح کی حقیقت،طبع دوم)

ما في " بدائع الصنائع " : لا خلاف في أن النكاح ينعقد بلفظين يعبر بهما عن الماضي كقوله: زوجت وتزوجت ، وما يجري مجراه ، وإما بلفظين يعبر بأحدهما عن الماضي وبالآخر عن المستقبل كما إذا قال رجل لرجل : زوجني بنتك ، فقال الأب : قد زوجتك .

(۳/۳۲۲ ، كتاب النكاح ، فصل في ركن النكاح ، الفتاوى الهندية : ۱/۲۶۷)

(المسائل المہمۃ فیما التبست بہ العامۃ:۶/۱۷۷،۱۷۸،مسئلہ نمبر:۱۲۶،نکاح کے موقع پر تین مرتبہ قبول)

(۲) ما في " سنن أبي داود " : عن سفيان بن أسيد الحضرمي قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : " كبرت خيانة أن تحدث أخاك حديثًا هو لك به مصدق وأنت له به كاذب".

(ص/۶۷۹ ، كتاب الأدب ، باب في المعاريض ، ط : قديمي)

ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة عن النبي ﷺ قال : " آية المنافق ثلاث ؛ إذا حدّث كذب ، وإذا وعد أخلف ، وإذا اؤتمن خان " . (۱/۱۰)

ما في " جامع الترمذي " : عن أنس عن النبي ﷺ في الكبائر قال : " الشرك بالله ، وعقوق الوالدين ، وقتل النفس ، وقول الزور " . (۱/۲۲۹)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الكذب لغة : الإخبار عن الشيء بخلاف ما هو ، سواء فيه العمد والخطأ ، ولا يخرج اصطلاح الفقهاء عن المعنى اللغوي ..... الأصل في الكذب – أنه حرام بالكتاب والسنة وإجماع الأمة ، وهو من أقبح الذنوب وفواحش العيوب . اهـ .

(۳۴/۲۰۴ ، ۲۰۵ ، كذب ، الحكم التكليفي) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۶۱۶۴۱)

Skype یا imo پر لائیو ویڈیو کال کے ذریعہ نکاح

مسئلہ (۱۳۸): اِی مُو (Imo) یا اِسکائپ (Skype) پر لائیو ویڈیو کال (Live Video Call) کے ذریعے لڑکا لڑکی ایجاب وقبول کریں، اور لڑکا لڑکی کی آواز دو گواہ بھی سُن لیں، تو بھی نکاح صحیح نہیں ہوگا، کیوں کہ شرعاً نکاح کے صحیح ہونے کے لیے ایجاب وقبول کی مجلس ایک ہونے کے ساتھ ساتھ دو گواہوں کا اس مجلس میں موجود ہونا ضروری ہے، جو ایجاب وقبول کے الفاظ اپنے کانوں سے سُنیں، ہاں! اگر باہر رہنے والا لڑکا یا لڑکی کسی کو اپنا وکیل بنادے، پھر مجلسِ نکاح میں ایجاب کرنے والے کے ایجاب کو دوسرے کا وکیل قبول کرلے، اور اس مجلس میں دو مسلمان گواہ بھی موجود ہوں، جو ایجاب وقبول کو سُن لیں، تو نکاح صحیح ہوجائے گا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (و) شرط (حضور) شاهدين (حرين) أو حر وحرتين (مكلفين سامعين قولهما معاً) على الأصح فاهمين أنه نكاح على المذهب . بحر . (مسلمين لنكاح مسلمة) . (۸۷/۴ – ۹۲، كتاب النكاح ، ط : زكريا وبيروت ، البحر الرائق :۱۵۵/۳ ، كتاب النكاح ، مجمع الأنهر :۴۷۲/۱ ، كتاب النكاح ، النهر الفائق :۱۸۱/۲ ، كتاب النكاح ، تبيين الحقائق :۴۵۲/۲ ، كتاب النكاح)

ما في " الهداية " : النكاح ينعقد بالإيجاب والقبول بلفظين يعبر بهما عن الماضي ..... ولا ينعقد نكاح المسلمين إلا بحضور شاهدين حرين عاقلين بالغين مسلمين رجلين ، أو رجل وامرأتين عدولاً كانوا أو غير عدولاً .

(۳۰۶/۲ ، كتاب النكاح ، فتح القدير :۱۹۰/۳)=

اپنی مرضی سے نکاح

مسئلہ (۱۳۹): بہت سے بالغ لڑکے اور لڑکیاں اپنی مرضی سے نکاح کر لیتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ ہم بالغ ہیں، ہمیں اپنی زندگی سے متعلق فیصلے کا مکمل اختیار ہے، ہم جہاں چاہیں نکاح کریں[۱]، تو یہ بات ذہن نشین رہے کہ اگرچہ بالغ ہوجانے کے بعد انعقادِ نکاح میں والدین کی اجازت ضروری نہیں[۲]، مگر خیر و برکت والا وہی نکاح ہوتا ہے جو والدین اور اَعِزّہ کے مشورہ اور اُن سب کی خوش دِلی سے ہو۔[۳]

=ما في " شرح الوقاية " : النكاح ينعقد بإيجاب وقبول ..... وشرط سماع كل واحد منهما لفظ الآخر ، وحضور حرين أو حر وحرتين . (۲/۳-۵، كتاب النكاح)

(فتاویٰ محمودیہ:۱۶/۱۴۷، نکاحِ صحیح، نکاح کے لیے ایجاب وقبول کو سننا ضروری ہے، ط: میرٹھ، فتاویٰ دار العلوم دیوبند: رقم الفتویٰ:۵۸۷۸۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتح باب العناية " : نفذ نكاح حرة مكلفة سواء كانت ثيبًا أو بكرًا ، وسواء زوجت نفسها أو غيرها . (۲/۳۰ ، فصل في الأولياء والأكفاء)

ما في " مجمع البحرين " : ونجيزه بعبارة النساء ، فلو زوجت نفسها وهي حرة عاقلة أو وكلت غيرها أو توكلت به جاز من غير ولي . (ص/۵۱۷ ، فصل في الأولياء ولأكفاء ، الفتاوى الهندية : ۱/۲۸۴ ، فصل في الأولياء والأكفاء ، ملتقى الأبحر مع مجمع الأنهر: ۱/۴۸۸ ، باب الأولياء والأكفاء ، الدر المنتقى في شرح الملتقى مع المجمع : ۱/۴۸۹)

ما في " الهداية " : وينعقد نكاح الحرة العاقلة البالغة برضائها وإن لم يعقد عليها ولي بكرًا كانت أو ثيبًا . (۱/۳۱۳ ، كتاب النكاح ، فصل في الأولياء والأكفاء ، فتح باب العناية:=

خاندان میں نکاح

مسئلہ (۱۴۰): خاندان میں نکاح کے حوالے سے لوگوں میں جو یہ بات مشہور ہے کہ اس سے پیدا ہونے والے بچے میں عیب رہتا ہے، یہ بے اصل و بے بنیاد بات ہے، صحیح بات یہ ہے کہ خاندان میں شادی کرنے میں شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے[۱]، حضور اکرم ﷺ کے زمانے میں بہت سے صحابہ اور صحابیات کی شادیاں آپس میں خاندان میں ہی کی گئی ہیں، خود حضور ﷺ کی زوجۂ محترمہ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ کی پھوپھی زاد بہن تھیں[۲]، اور حضور ﷺ نے اپنے چچازاد بھائی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اپنی صاحب زادی=

= ۳۰/۲، كتاب النكاح، فصل في الأولياء والأكفاء)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : وعبارة النساء معتبرة في النكاح حتى لو زوجت الحرة العاقلة البالغة نفسها جاز . (۱۱۱/۲، فصل في الأولياء والأكفاء)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ولا تجبر البالغة البكر على النكاح) لانقطاع الولاية بالبلوغ . (در مختار) . (۵۸/۳، كتاب النكاح، باب الولي، ط: سعيد كراچی، و:۱۵۹/۴، ط: دار الكتب العلمية بيروت وزكريا، الفتاوى الهندية: ۲۸۷/۱، الباب الرابع في الأولياء، ط: زكريا)

(۳) ما في " فتاویٰ محمودیہ " : ''والدین کو راضی رکھنا اور اُن کی خوشی کو اپنی خوشی پر مقدم رکھنا سعادت ہے،.....نرمی سے والدین کا احترام ملحوظ رکھتے ہوئے پوری بات اُن کے سامنے پیش کردے، پھر بتادے کہ فلاں جگہ شادی کرنا مناسب ہے، گو خود بھی ایجاب وقبول سے نکاح ہوجائے گا، مگر والدین کے مشورہ سے اور اُن کے انتظام سے ہو، تو اُن کے لیے زیادہ خوشی کی بات ہے۔''

(۲۴۵/۱۶، والدین کا لڑکے کو اس کی ناپسند جگہ نکاح کے لیے زبردستی نکاح پر مجبور کرنا، ط: مکتبہ محمودیہ میرٹھ)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۹۱۰۶)=

= حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی کی تھی (۳)، رہا عیب دار بچے کا پیدا ہونا، تو وہ اجنبی گھرانوں میں شادی کرنے سے بھی پیدا ہوجاتے ہیں، یہ خدائی مشیت وچاہت پر مبنی ہے، اس لیے مسلمانوں کو اس طرح کے باطل عقیدوں سے احتراز کرنا چاہیے۔ (۴)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " اتحاف السادة المتقين شرح احياء علوم الدين " : قال ﷺ : " لا تنكحوا القرابة القريبة ؛ فإن الولد يخلق ضاويا " أي : نحيفًا . اهـ .

(۴۳۹/۵ ، ط : الميمنية ، الموسوعة الفقهية :۶۱/۲۴ ، زوجة ، اختيار الزوجة)

ما في " التلخيص الحبير " : قال ابن حجر : " لا تنكحوا القرابة القريبة ؛ فإن الولد يخلق ضاويا " . هذا الحديث تبع في إيراده إمام الحرمين هو والقاضي الحسين . وقال ابن الصلاح: لم أجد له أصلا معتمدا . انتهى . وروى إبراهيم الحربي في غريب الحديث عن عبد الله بن المؤمل عن ابن أبي مليكة قال : قال عمر لآل السائب : قد أضويتم ، فانكحوا في النوابغ . (۳۰۹/۳ ، باب استحباب النكاح ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " فتاوى دار العلوم ديوبند على الشبكة " : ''سوال:حضرت امام غزالی کی کتاب احیاء العلوم میں ایک حدیث ہے، جس میں خاندان میں نکاح سے منع کیا گیا ہے، حافظ عراقی کہتے ہیں کہ یہ حدیث نہیں ہے، بلکہ حضرت عمر فاروق کا قول ہے، جو کہ انہوں نے ایک آدمی کو منع کیا تھا کہ وہ خاندان سے باہر شادی کرے۔ الخ۔ .....(الجواب):.....اور جہاں تک مذکورہ حدیث کا تعلق ہے، تو یہ بات صحیح ہے کہ محدثین نے اس حدیث پر کلام کیا ہے، بعض محدثین نے اس کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول قرار دیا ہے، جو آپ نے ایک مخصوص قبیلے والوں سے کسی خاص وجہ سے فرمایا تھا، اور بعض نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف بھی اس قول کی نسبت کو ضعیف قرار دیا ہے، اور اس کو عربوں کا مقولہ قرار دیا ہے۔'' الخ (رقم الفتویٰ:۶۰۹۷)

(آپ کے مسائل اور اُن کا حل:۸۰/۶، ڈاکٹروں کا یہ کہنا کہ قریبی رشتہ داروں کی آپس میں شادی سے بچے ذہنی معذور پیدا ہوتے ہیں، شادی کون کرے اور کس سے؟ ط: جدید)

ما في " فتاوى الشبكة الإسلامية " : وقد تابع ابن الصلاح في ذلك ابن الملقن ، =

.....

=والعراقي والألباني . وقد أورد هذا الحديث كثير من الفقهاء في الاستدلال على استحباب كون الزوجة غير قريبة جدا ، منهم الشرواني في حواشيه ، والغزالي في الوسيط والإحياء ، والشربيني في مغني المحتاج ، ولكن قال السبكي : ينبغي أن لا يثبت هذا الحكم لعدم الدليل . (۲۱۴/۳ ، و: ۵۵۰۴/۸ ، بإشراف : د . عبد الله الفقيه ، من موقع المكتبة الشاملة)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فلما قضى زيدٌ منها وطرًا زوّجنكها﴾ .

(سورة الأحزاب :۳۷)

ما في " بحر العلوم [تفسير السمرقندي] " : ﴿زوّجنكها﴾ فلما انقضت عدتها تزوجها النبي ﷺ . قال الحسن : فكانت زينبت تفتخر على أزواج النبي ﷺ فتقول : أما أنتن فزوجكن آباؤكن ، وأما أنا فزوجني رب العرش تعني قوله : ﴿زوجنكها﴾ .

(۵۳/۳ ، سورة الأحزاب : الآية/۳۷)

(۳) ما في " فتاوى الشبكة الإسلامية " : وقد زوج النبي ﷺ عليًا بفاطمة رضي الله عنها، وهي قرابة قريبة . (۲۱۴/۳ ، و: ۵۵۰۴/۸)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما تشآء ون إلآ أن يشآء اللّٰه﴾ . (سورة الدهر :۳۰) وقوله تعالى : ﴿وما تشآء ون إلآ أن يشآء اللّٰه ربُّ العٰلمين﴾ . (سورة التكوير: ۲۹)

ما في " الإبانة عن أصول الديانة " : فأخبر تعالى : إنا لا نشاء شيئا إلا قد شاء الله أن يشاء ه ..... أجمع عليه المسلمون من أن ما شاء الله كان ، وما لم يشأ لم يكن وردا لقول الله عزّ وجلّ ﴿وما تشآء ون إلآ ان يشآء اللّٰه﴾ . (ص/۱۲)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من اعتقد أن شيئاً سوى الله ينفع أو يضر بالاستقلال فقد أشرك أي شركاً جلياً . (۳۹۸/۸ ، حديث : ۴۵۸۷)

ما في " القول المفيد على كتاب التوحيد " : وأما النوع الثاني : فالشرك في الربوبية ، فإن الرب سبحانه هو المالك المدبر المعطي المانع النافع الضار الخافض الرافع المعز المذل ، فمن شهد أن المعطي أو المانع أو الضار أو النافع أو المعز أو المذل غيره فقد أشرك بربوبيته ..... قوله ﷺ لإبن عباس رضي الله عنهما : " واعلم أن الأمة=

نابالغ لڑکے یا لڑکی کا نکاح

مسئلہ (۱۴۱): نابالغ لڑکے یا لڑکی کا نکاح اگر اس کے ولیِ قریب یعنی باپ یا دادا نے کیا ہے، تو وہ نکاح صحیح اور لازم ہوجاتا ہے، اور اگر ولیِ بعید مثلاً چچا یا بھائی وغیرہ نے کیا ہے، تو نکاح تو صحیح ہوجائے گا، لیکن لڑکے اور لڑکی کو خیارِ بلوغ حاصل ہوگا، یعنی اگر وہ اس نکاح کو ختم کرنا چاہیں، تو بالغ ہونے کے وقت فوراً اس نکاح کو فسخ کرنے کا اِظہار کردیں، اور شرعی پنچایت یا دارالقضا میں جاکر اس کو فسخ کرالیں۔ (۱)

= لو اجتمعوا على أن ينفعوك لم ينفعوك إلا بشيء قد كتبه الله لك ". فهذا يدل على أنه لا ينفع في الحقيقة إلا الله ولا يضرّ غيره . (۱/۱۲، تعريف التوحيد وأقسامه)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وكان القفّال يقول : فإن الأمور كلها بيد الله ، يقضي فيها ما يشاء ، ويحكم ما يريد . اهـ . (۱۹/۲۰۳ ، خطبة ، خامسًا – الخُطبة قبل الخِطبة)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " اللباب في شرح الكتاب " : ويجوز نكاح الصغير والصغيرة إذا زوّجهما الولي بكرًا كانت أو ثيبًا ، والولي هو العصبة ، فإن زوجهما الأب أو الجد فلا خيار لهما بعد بلوغهما ، وإن زوجهما غير الأب والجد فلكل واحد منهما الخيار إذا بلغ : إن شاء أقام على النكاح وإن شاء فسخ . (۲/۱۴۶ ، كتاب النكاح ، مختصر القدوري مع المعتصر الضروري :ص/۲۱۳ ، كتاب النكاح ، ط : ايچ ايم سعيد كمپنى كراچي ، و:ص/۵۰۸ ، ط : إدارة القرآن والعلوم الإسلامية كراچي ، الجوهرة النيرة :۲/۱۲۰ ، ط : دار الكتب العلمية بيروت ، النتف في الفتاوى للسغدي :ص/۱۷۶ ، كتاب النكاح ، النساء اللائي ينكحن) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۳۳)

نکاح کون پڑھائے؟

مسئلہ (۱۴۲): شرعی گواہوں کی موجودگی میں کوئی شخص بھی نکاح پڑھادے، تو شرعاً نکاح صحیح ہوجائے گا[۱]، بشرطیکہ کوئی اور مانعِ نکاح موجود نہ ہو، البتہ بہتر یہ ہے کہ نکاح کسی نیک، متقی، پرہیزگار، متبعِ سنت عالم یا امام صاحب سے پڑھوایا جائے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : وينعقد ملتبساً بإيجاب من أحدهما وقبول من الآخر ..... وشرط حضور شاهدين حرين أو حر وحرتين مكلفين سامعين قولهما معاً .
(۲۸/۴ – ۸۸ – ۹۱ ، كتاب النكاح ، بيروت)

ما في " الهداية " : النكاح ينعقد بالإيجاب والقبول بلفظين يعبر بهما عن الماضي ..... ولا ينعقد نكاح المسلمين إلا بحضور شاهدين حرين عاقلين بالغين مسلمين رجلين ، أو رجل وامرأتين عدولاً كانوا أو غير عدولاً . (۳۰۶/۲ ، كتاب النكاح)

ما في " شرح الوقاية " : النكاح ينعقد بإيجاب وقبول ..... وشرط سماع كل واحد منهما لفظ الآخر ، وحضور حرين أو حر وحرتين . (۳/۲-۵، كتاب النكاح)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويندب إعلانه وتقديم خطبة ، وكونه في مسجد يوم جمعة بعاقد رشيد وشهود عدول . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (بعاقد رشيد وشهود عدول) فلا ينبغي أن يعقد مع المرأة بلا أحد من عصبتها ، ولا مع من عصبة فاسق . (۲۶/۴، ۲۷ ، كتاب النكاح ، مطلب كثيرًا ما يُتساهل في إطلاق المستحب على السنة ، ط : دار الكتب العلمية ، البحر الرائق :۲۷/۴ ، ط: رشيديه كوئٹه ، النهر الفائق :۱۷۶/۲ ، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " فتاویٰ محمودیه " : "قاضی بغیر داڑھی کا ہوا س کا پڑھایا ہوا نکاح درست ہوجائے گا۔" (۵۲۱/۱۰، باب النکاح الصحیح، بے داڑھی قاضی کا پڑھایا ہوا نکاح، ط: کراچی، و:۱۶/ ۱۹۷، ۱۹۸، نکاح کس سے پڑھایا جائے؟ ط: میرٹھ)

ما في " فتاویٰ محمودیه " : "البتہ نکاح کسی متقی عالمِ دین سے پڑھوانا بہتر ہے۔"
(۱۹۸/۱۶، خطبۂ نکاح، ط: میرٹھ)

نکاح خوانی کی اجرت اور مسجد کے لیے چندہ

مسئلہ (۱۴۳): قاضیٔ نکاح کے لیے نکاح خوانی کی اُجرت لینا جائز ہے[۱]، اور یہ اُجرت اُس شخص پر لازم ہے جو نکاح پڑھانے کے لیے بلائے، خواہ دُلہن والے ہوں یا دُولہے والے[۲]، نیز مسجد میں مجلسِ نکاح منعقد کرنا مسنون ہے[۳]، اور یہ اُس کے اَغراض ومقاصد میں داخل ہے، لہٰذا متولی یا مسجد کمیٹی کا دُولہے والوں یا دُلہن والوں سے مسجد میں نکاح کرانے کی وجہ سے جبراً کوئی مُعاوَضہ یا چندے کا مُطالَبہ کرنا جائز نہیں ہے[۴]، ہاں! اگر بلا جبر ومطالَبہ کے دُولہے والے یا دُلہن والے مسجد میں کچھ چندہ دیدے، تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے[۵]، مسجد کی ضروریات میں اُس کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔[۶]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : وكل نكاح باشره القاضي وقد وجبت مباشرته عليه كنكاح الصغار والصغائر فلا يحل له أخذ الأجرة عليه ، وما لم تجب مباشرته عليه حل له أخذ الأجرة عليه . كذا في المحيط . والمختار للفتوى أنه إذا عقد بكرًا يأخذ دينارًا وفي الثيب نصف دينار ويحل له ذلك هكذا . (۳۴۵/۳ ، كتاب القضاء ، الباب الخامس عشر في أقوال القاضي ، خلاصة الفتاوى :۴۸/۳ ، الفصل العاشر في الحظر والإباحة ، ط : امجد اكيڈمي لاهور ، بحوالہ فتاویٰ محمودیہ میرٹھ)

ما في " البحر الرائق " : قال في البزازية من كتاب القضاء : وإن كتب القاضي سجلا أو تولى قسمة وأخذ أجرة المثل له ذلك ، ولو تولى نكاح صغيره لا يحل له أخذ شيء ؛ لأنه وجب عليه ، وكل ما يجب عليه لا يجوز أخذ الأجر عليه ، وما لا يجب عليه يجوز أخذ=

.....

= الأجر ، وذكر عن البقالي في القاضي يقول : إذا عقدت عقد البكر فلي دينار وإن ثيبا فلي نصفه انه لا يحل له إن لم يكن لها ولي فلو كان ولي غيره يحل بناء على ما ذكروا . اهـ .

(۲۴۳/۵ ، ط: رشيديه كوئٹه ، الفتاوى البزازية على هامش الهندية :۱۴۰/۵ ، كتاب القضاء ، الفصل الثاني في أدبه ، ط : رشيديه كوئٹه)

(۲) ما في " فتاویٰ محمودیه " : "جو شخص قاضی کو بلا کر لے جائے اور نکاح پڑھوائے، اسی کے ذمہ اُجرت لازم ہوگی، لڑکے والا ہو یا لڑکی والا۔" (۲۵/۲۴۱، نکاح خوانی کی اُجرت، ط: میرٹھ)

(۳) ما في " جامع الترمذي " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : "أعلنوا هذا النكاح واجعلوه في المساجد واضربوا عليه بالدفوف " .

(۲۰۷/۱ ، كتاب النكاح ، باب ما جاء في إعلان النكاح ، حديث :۱۰۸۹)

ما في " مصنف عبد الرزاق " : عن صالح مولى التوأمة قال : رأى رسول الله ﷺ جماعة في المسجد ، فقال : ما هذا ؟ قالوا : نكاح ، قال : " هذا النكاح ليس بالسفاح " .

(۱۸۷/۶ ، حديث : ۱۰۴۴۸ ، باب النكاح في المسجد ، ط: من منشورات المجلس العلمي)

ما في " حاشية الشلبي على تبيين الحقائق " : قال الكمال : ويستحب مباشرة عقد النكاح في المسجد ؛ لأنه عبادة . وفي الترمذي : عن عائشة – رضي الله عنها – قالت : قال رسول الله ﷺ : " أعلنوا النكاح واجعلوه في المسجد " الحديث .

(۹۵/۲ ، شروط النكاح وأركانه ، ط : بولاق)

(۴) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي حرة الرقاشي عن عمه قال : قال رسول الله ﷺ : " ألا لا تظلموا ، ألا لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه " .

(ص/۲۵۵ ، باب الغصب والعارية ، السنن الكبرى للبيهقي :۱۶۶/۶ ، كتاب الغصب ، سنن الدار قطني :۲۲/۳ ، كتاب البيوع ، حديث :۲۸۶۲ ، مسند أحمد : ۴۰۰/۱۵ ، حديث :۲۰۹۸۰ ، جمع الجوامع : ۷/۹ ، حديث : ۲۶۷۵۹ ، شعب الإيمان للبيهقي : ۳۸۷/۴ ، حديث :۵۴۹۲)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا ولايته . =

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=(۹/۲۴۰ ، كتاب الغصب ، مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير)

ما في " رد المحتار " : لا يجوز لأحد من المسلمين أخذ مال أحد بغير سبب شرعي .

(۶/۷۷ ، كتاب الحدود ، باب التعزير ، مطلب في التعزير بأخذ المال ، البحر الرائق : ۵/۶۸ ، كتاب الحدود ، فصل في التعزير ، درر الحكام : ۱/۹۶- ۹۸ ، المادة :۹۶- ۹۸ ، شرح المجلة :ص/۶۲ ، المادة : ۹۷ ، البحر الرائق : ۸/۱۹۸ ، كتاب الغصب ، بيروت)

(۵) ما في " شرح المجلة " : كل يتصرف في ملكه كيف ما شاء .

(ص/۶۵۴ ، المادة :۱۱۹۲)

(۶) ما في " صحيح مسلم " : قال رسول الله ﷺ : " أيها الناس ! إن الله طيب لا يقبل إلا طيبًا" . (۱/۳۲۶ ، حديث :۱۰۱۵ ، كتاب الزكاة)

ما في " شرح النووي على مسلم " : قال النووي : فيه الحث على الإنفاق من الحلال والنهي عن الإنفاق من غيره ، وفيه أن المشروب والمأكول والملبوس ونحو ذلك ينبغي أن يكون حلالاً خالصاً لا شبهة فيه .

(۴/۳۳۸ ، كتاب الزكاة ، باب قبول الصدقة من الكسب الطيب..الخ)

وما في " رد المحتار " : قال تاج الشريعة : أما لو أنفق في ذلك مالاً خبيثاً ومالاً سببه الخبيث والطيب فيكره ؛ لأن الله تعالى لا يقبل إلا الطيب ، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله .

(۲/۳۷۳ ، كتاب الصلاة ، مطلب كلمة لا بأس دليل على المستحب..الخ)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۹۱۷۶)

شوہر کا ایک عرصہ تک بیوی سے دور رہنا

مسئلہ (۱۴۴): شوہر بیوی کو چھوڑ کر چار ماہ سے زیادہ باہر نہ رہے، لیکن ضرورۃً بیوی کی رضامندی سے رہ سکتا ہے، بشرطیکہ کسی فتنہ یا حقوق کی پامالی کا اندیشہ نہ ہو، کیوں کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک مرتبہ اپنی صاحب زادی حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پوچھا کہ عورت بغیر مرد کے کتنے دن صبر کرسکتی ہے؟ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا: چار ماہ، تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فوج کے سپہ سالاروں کو حکم دیا کہ شادی شدہ فوجی اپنے گھر سے چار ماہ سے زیادہ باہر نہ رہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ولا يبلغ مدة الإيلاء إلا برضاها ، وهو أربعة أشهر يفيد أن المراد إيلاء الحرة ، ويؤيد ذلک أن عمر رضي الله تعالى عنه سمع في الليل امرأة ..... فسأل بنته حفصة : كم تصبر المرأة عن الرجل ؟ فقالت : أربعة أشهر ، فأمر أمراء الأجناد أن لا يتخلف المتزوج عن أهله أكثر منها . (۳۸۴/۴ ، كتاب النكاح ، باب القسم ، دار الكتاب ديوبند)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ولذلک يُكره أن يغيب الرجل في سفره أكثر من أربعة أشهر من غير عذر (أي أكثر من مدة الإيلاء) ويؤيد ذلک أن عمر رضي الله عنه سأل حفصة : كم تصبر المرأة عن الرجل ؟ فقالت : أربعة أشهر ، فأمر أمراء الأجناد أن لا يتخلّف المتزوّج عن أهله أكثر منها عنها .

(۱۴۴/۲۲ ، رجوع ، الرجوع من السفر لحق الزوجة)

ما في " النهر الفائق " : ويجب أن لا يبلغ به مدة الإيلاء إلا برضاها . (۲۹۴/۲ ، كتاب النكاح ، باب القسم ، دار الإيمان سهارنفور ، البحر الرائق : ۳۸۲/۳ ، كتاب النكاح ، باب القسم ، فتح القدير : ۴۱۳/۳ ، كتاب النكاح) (محقق ومدلل جدید مسائل: ۲/۲۲۵، مسئلہ نمبر: ۱۸۰، بیوی سے دوری کتنے عرصے تک؟، فتاوی محمودیہ: ۱۸/۵۷۴، باب احکام الزوجین، کتنی مدت شوہر بیوی سے الگ رہ سکتا ہے؟ ط: کراچی، فتاویٰ دار العلوم دیوبند: رقم الفتویٰ: ۶۲۳۵۹ مجموع الفتاویٰ: ۵/۳۳۳، ۳۳۴، کتاب النکاح)

منکوحہ عورت کا نکاح کسی اور جگہ کرا دینا

مسئلہ(۲۰۱): آدمی کا اپنی حیثیت کے مطابق اچھا وعمدہ لباس پہننا جائز ہے، بلکہ اظہارِ نعمت کے طور پر پہننا مستحسن ہے[۱] فضول خرچی ہرگز نہیں، البتہ اس میں حد سے زیادہ تکلُّف نہ کیا جائے، نیز عمدہ لباس پہننے میں تکبر وغیرہ کی نیت بھی نہ ہو[۲]، ہاں! اگر کوئی شخص محض تواضع کے طور پر وُسعت کے باوجود معمولی وسادہ لباس پہنے، اور وہ گندا میلا کچیلا نہ ہو، کہ لوگوں کو گھِن ہو[۳]، اور ضرورت سے زائد تمام چیزیں غریبوں، محتاجوں اور ضرورت مندوں پر خرچ کر دیتا ہو، اور سادگی کی زندگی کو پسند کرتا ہو، تو یہ اہلِ تقویٰ کے ہمت کے کاموں میں سے ہے۔[۴]

=(۲) ما في " القرآن الكريم " : قوله تعالى : ﴿يٰبَنِيٓ اٰدم قد أنزلنا عليكم لباسًا يُواري سواٰتكم و رِيشًا﴾ . (سورة الأعراف :۲۶)

ما في " سنن أبي داود " : قوله عليه الصلاة والسلام : " من تشبه بقوم فهو منهم " .

(ص/۵۵۹ ، كتاب اللباس ، باب لباس الشهرة)

ما في " تكملة فتح الملهم " : إن اللباس الذي يتشبه به الإنسان بأقوام كفرة لا يجوز لبسه لمسلم إذا قصد بذلك التشبه بهم . (۱۰/۷۷ ، كتاب اللباس والزينة)

(۳) ما في " الأصول والقواعد للفقه الإسلامي " : أَلْأَصْلُ أَنَّ مَا ثَبَتَ بِالْيَقِيْنِ لا يَزُوْلُ بِالشَّكِّ . (ص/۹۲ ، المادة :۲۶ ، رد المحتار:۱/۲۸۰ ، نواقض الوضوء ، الأشباه والنظائر لإبن نجيم الحنفي :۱/۲۲۰ ، القاعدة الثالثة ، قواعد الفقه :ص/۵۹ ، الموسوعة الفقهية :۴۵/۲۸۹ ، يقين) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۰۳۳۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : قوله تعالىٰ : ﴿خذوا زينتكم عند كل مسجد﴾ . [سورة=

.....

=الأعراف : ۳۱] وقال تعالى أيضًا : ﴿وجعل لكم سرابيل تقيكم الحرّ وسرابيل تقيكم بأسكم﴾ . (سورة النحل : ۸۱)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿وأما بنعمة ربك فحدّث﴾ . (سورة الضّحى : ۱۱)

ما في " جامع الترمذي " : عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده قال : قال رسول الله ﷺ : " إن الله يحب أن يرى أثر نعمته على عبده " . (۲/۱۰۹ ، أبواب الآداب ، باب ما جاء أن الله يحب أن يرى أثر نعمته على عبده ، مشكوة المصابيح :ص/۳۷۵ ، قديمي)

ما في " حاشية الترمذي " : قوله ﷺ : (إن الله يحب أن يرى أثر نعمته على عبده) . أي ينبغي أن يظهر أثر نعمة الله في حقه فليلبس ما يناسب حاله فإنه شكر فعلي ، وأيضًا يقصده المحتاجون فيتصدق عليهم . ۱۲ . (۲/۱۰۹ ، حاشية : ۷ ، قديمي)

ما في " مشكوة المصابيح " : وعن أبي الأحوص عن أبيه قال : أتيت رسول الله ﷺ وعلي ثوب دون ، فقال لي : "ألك مال ؟" قلت : نعم ، قال : "من أي المال ؟" قلت : من كل المال قد أعطاني الله من الإبل والبقر والخيل والرقيق ، قال : " فإذا آتاك الله مالا فلير أثر نعمة الله عليك وكرامته" . رواه أحمد والنسائي . (ص/۳۷۵)

ما في " رد المحتار " : اعلم أن الكسوة منها فرض ... ومستحب : وهو الزائد لأخذ الزينة وإظهار نعمة الله تعالى ، قال عليه الصلاة والسلام : " إن الله يحب أن يرى أثر نعمته على عبده " . ومباح : وهو الثوب الجميل التزين في الأعياد والجمع ومجامع الناس لا في جميع الأوقات لأنه صرف وخيلاء ، ... اهـ . (۹/۵۰۵ ، ط: زكريا ديوبند) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۰۳۳۶)

(۲) ما في " كنز العمال " : قوله عليه السلام : (عن عمرو بن شعيب عن جده) " كلوا وتصدقوا والبسوا من غير مَخِيلةٍ ولا تسرفوا فإن الله يحب أن يرى أثر نعمته على عبده " .

(۶/۲۷۴ ، حديث :۱۷۱۹۳ ، كتاب الزينة والتجمل ، الباب الأول في الترغيب فيه ، السنن الكبرى للنسائي : ۲/۴۱ ، حديث : ۲۳۴۰ ، كتاب الزكاة ، الاختيال في الصدقة)

(۳) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن جابر قال : أتانا رسول الله ﷺ زائرا فرأى رجلا شعثا قد تفرق شعره فقال : " ما كان يجد هذا ما يسكن به رأسه ؟ " ورأى رجلا عليه ثياب وسخة فقال : " ما كان يجد هذا ما يغسل به ثوبه ؟ " . رواه أحمد والنسائي .

(۴) ما في " مشكوة المصابيح " : قال رسول الله ﷺ : " من ترك لبس ثوب جمال وهو يقدر عليه " وفي رواية : " تواضعا كساه الله حلة الكرامة " . رواه أبو داود . (ص/۳۷۵)

ٹائی غیر مسلم لباس کا حصہ ہے

مسئلہ (۲۰۲): ٹائی غیر مسلم لباس کا حصہ ہے، جسے پہننے میں کفار وفساق کی مُشابہت لازم آتی ہے، اِس لیے بلاضرورت اس کو پہننا جائز نہیں ہے، تاہم اگر کسی ادارے میں اس کا استعمال قانوناً لازم ہو، تو پھر بہ اَمرِ مجبوری شرعاً اُس کے استعمال کی گنجائش معلوم ہوتی ہے، اور اُمید ہے کہ اس صورت میں گناہ بھی نہ ہوگا، البتہ مسلم اِداروں کو، اس کے استعمال کو لازم قرار دینے سے احتراز کرنا چاہیے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : قوله تعالىٰ : ﴿ولا تركنوآ إلى الذين ظلموا فتمسّكم النار﴾. (سورة هود :۱۱۳)

ما في " حاشية القونوي على تفسير البيضاوي " : قال ابن عباس : أي لا تميلوا ، والركون المحبة والميل بالقلب ، وقال أبو العالية : لا ترضوا بأعمالهم ، وقال عكرمة : لا تطيعوهم ؛ قال البيضاوي : لا تميلوا إليهم أدنى ميل ، فإن الركون هو الميل اليسير كالتزيي بزيهم وتعظيم ذكرهم . (۲۲۶/۱۰ ، تفسير المظهري :۴۳۰/۴)

ما في " معارف القرآن شفيعي " : حضرت قتادہ رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ''مراد ہے کہ ظالموں سے دوستی نہ کرو اور ان کا کہا نہ مانو''، ابنِ جریج رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ''ظالموں کی طرف کسی طرح کا بھی میلان نہ رکھو''، ابوالعالیہ رحمہ اللہ نے فرمایا کہ'' ان کے اعمال وافعال کو پسند نہ کرو'' [قرطبی]، سدّی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ''ظالموں سے مداہنت نہ کرو یعنی ان کے برے اعمال پر سکوت یا رضا کا اظہار نہ کرو''، عکرمہ رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ''ظالموں کی صحبت میں نہ بیٹھو''، قاضی بیضاوی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ''شکل وصورت اور فیشن اور رہن سہن کے طریقوں میں ان کا اتباع کرنا یہ سب اسی ممانعت میں داخل ہے''۔ (۶۷۳/۴)

ما في " مشكوة المصابيح " : قوله عليه الصلاة والسلام : " أبغض الناس إلى الله ثلاثة ؛ ملحد في الحرم ، ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية ، ومطلب دم امرئٍ مسلم بغير حق ليهريق دمه " . (ص/۲۷)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=ما في " مرقاة المفاتيح " :قوله ﷺ : (من تشبه بقوم فهو منهم) . أي من شبه نفسه بالكفار، مثلا في اللباس وغيره أو بالفساق والفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار .

(٨/ ٢٢٢ ، كتاب اللباس ، الفصل الثاني ، حديث : ٤٣٤٧)

ما في " موسوعة تكملة فتح الملهم " : إن اللباس الذي يتشبه به الإنسان بأقوام كفرة ، لا يجوز لبسه لمسلم إذا قصد به التشبه بهم" . (١٠ / ٧٧ ، كتاب اللباس والزينة)

(المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ:۱/ ۱۴۵،مسئلہ نمبر:۱۴۹،ٹائی لگانا،طبع چہارم)

ما في " صحيح البخاري " : عن عمران بن حطان ، عن عائشة " حدثته : " أن النبي ﷺ لم يكن يترك في بيته شيئًا فيه تصاليب إلا نقضه " .

(٨٨٠٢ ، كتاب اللباس ، باب نقض الصور ، ١٧٣ ، حديث :٥٩٥٣)

ما في " الموسوعة الفقهية " : لا يجوز لمسلم أن يصنع صليبا ، ولا يجوز له أن يأمر بصناعته ، والمراد صناعة ما يرمز به إلى التصليب ، وليس له اتخاذه ، وسواء علقه أو نصبه أو لم يعلقه ولم ينصبه ، ولا يجوز له إظهار هذا الشعار في طرق المسلمين وأماكنهم العامة أو الخاصة ، ولا جعله في ثيابه ، لما روى عدي بن حاتم رضي الله تعالى عنه قال : " أتيت النبي ﷺ وفي عنقي صليب من ذهب ، فقال : يا عدي ! إطرح عنك هذا الوثن " .

(١٢/ ٨٨ ، التصليب)

(المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ:۱/ ۱۴۲،مسئلہ نمبر:۱۴۶،اشیاء میں صلیب کی علامتیں ایک سازش،طبع چہارم، فتاویٰ بنوریہ،رقم الفتویٰ:۱۴۶۸۹)

کتاب الأکل والشرب

کھانے پینے سے متعلق مسائل

مشترکہ کھانے میں کمی زیادتی

مسئلہ (۲۰۳): بعض دوست واحباب مل کر مشترکہ طور پر پیسے جمع کر کے ہوٹل میں کھانا تیار کروا کے کھاتے ہیں، اس میں سب کی رقم برابر ہوتی ہے، دستر خوان پر جب مختلف اجناس کا کھانا تیار ہو کر آتا ہے، تو ہر چیز میں ہر ایک برابر شریک ہوتا ہے، لیکن جب کھانا کھایا جاتا ہے، تو اس میں کمی زیادتی ہونا لازمی امر ہے، اس لیے کہ ہر ایک شخص کے کھانے کی مقدار مختلف ہوتی ہے، تو بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ربوا اور سود کی شکل ہے، کہ بعض احباب زیادہ اور بعض کم کھاتے ہیں، اُن کی یہ بات درست نہیں، صحیح بات یہ ہے کہ یہ تفاضُل (کمی بیشی) باہمی رضامندی سے ہوتا ہے، جو جائز ہے، چنانچہ سب احباب نے مل بیٹھ کر کھانا کھایا، تو ہر شخص جتنا کھا رہا ہے وہ اس کا حصہ سمجھا جائے گا، بشرطیکہ تمام شرکاء راضی ہوں، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اِس قسم کے اشتِراک کو ''نَہد''[☆] قرار دیا ہے[۱]، اور عہدِ رسالت میں اس کی کئی مثالیں پیش کی ہیں[۲]، علامہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ تسامُح وتعامُل کے قبیل سے ہے، عہدِ نبوت سے لے کر آج تک اس پر تعامُل ہوتا چلا آرہا ہے، لہٰذا یہ صورت جائز ہے۔[۳]

.....

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : لم ير المسلمون في النهد بأسًا ، أن يأكل هذا بعضًا وهذا بعضًا . (ص/۴۳۷ ، كتاب الشركة ، باب الشركة في الطعام والنّهد والعروض ، ط: احياء التراث ، بيروت)

ما في " فيض الباري " : والنهد أن ينُشر الرفقة زادهم على سُفرة واحدة ليأكلوا جميعًا بدون تقسيم ، ففيه شركة أولا وتقسيم آخرا ، ولا ريب أنه تقسيم على المجازفة لا غير مع التفاوت في الأكل . (۴/۴ ، كتاب الشركة ، ط: بيروت)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي موسى قال : قال النبي ﷺ : " إن الأشعريين إذا أرملوا في الغزو ، أو قلّ طعام عيالهم بالمدينة جمعوا ما كان عندهم في ثوب واحد ثم اقتسموه بينهم في إناء واحد بالسوية فهم مني وأنا منهم . (ص/۴۳۷ ، حديث : ۲۴۸۶)

(۳) ما في " فيض الباري " : انها ليست من باب المعاوضات التي تجري فيها المماسكة أو تدخل تحت الحكم ، وإنما هي من باب التسامح والتعامل ، وكيف تكون خلاف الإجماع مع أنه قد جرى به التعامل من لدن عهد النبوة إلى يومنا هذا .

(۴/۴ ، كتاب الشركة ، ط: بيروت ، و:۳/۳۴۲ ، ط : رشيديه كوئٹه)

ما في " عمدة القاري " : هذا باب في بيان حكم الشركة في الطعام ..... قال الأزهري في [التهذيب] : النهد إخراج القوم نفقاتهم على قدر عدد الرفقة ، يقال : تناهدوا ، وقد ناهد بعضهم بعضًا ، وفي [المحكم] : النهد العون ، وطرح نهده مع القوم أعانهم وخارجهم ، وقد تناهدوا أي تخارجوا ، يكون ذلك في الطعام والشراب ، وقيل : النهد إخراج الرفقاء النفقة في السفر وخلطها ويسمى بالمخارجة ، وذلك جائز في جنس واحد وفي الأجناس ، وأن تفاوتوا في الأكل ، وليس هذا من الربا في شيء ، وإنما هو من باب الإباحة .

(۵۶/۱۳ ، كتاب الشركة ، باب الشركة في الطعام الخ ، ط: رشيديه)

وفيه أيضًا : قوله : " لما لم ير المسلمون " ..... هذا تعليل لعدم جواز قسمة الذهب بالذهب والفضة بالفضة مجازفة ، أي : لأجل عدم رؤية المسلمين بالنهد بأسا ..... فكما أن مبنى النهد على الإباحة وإن حصل التفاوت في الأكل . اهـ . .... قوله : " أن يأكل هذا بعضًا " تقديره : بأن =

ہولی، دیوالی اور دسہرہ کی مٹھائیاں کھانا

مسئلہ(۲۰۴): بعض برادرانِ وطن اپنے تہوار؛ مثلاً ہولی، دیوالی یا دسہرہ وغیرہ کے موقع پر اپنے مسلم پڑوسیوں اور دوستوں کے ساتھ رَواداری کا معاملہ کرتے ہوئے، اُن کے ہاں اپنے تہوار کی مٹھائیاں؛ لڈّو، کیک، اور بَتاشے وغیرہ کھانے کی چیزیں بھیجتے ہیں، تو اِن چیزوں کے متعلق اگر یہ یقین واطمینان ہو کہ وہ دیوی دیوتاؤں کے نام پر چڑھائی ہوئی نہیں ہیں، اور نہ ناپاک وحرام چیز اُن میں شامل ہے، تو ان کھائی جانے والی چیزوں کا لینا اور ان کو کھانا درست ہے، ورنہ نہیں۔ (۱)

=يأكل ، وأشاره به إلى أنهم كما جوزوا النهد الذي فيه التفاوت . اهـ .(۱۳/ ۵۷ ، كتاب الشركة)

وفيه أيضًا : وأجيب : بأن حقوقهم تساوت فيه بعد جمعه فتناولوه مجازفة كما جرت العادة .

(۱۳/ ۵۸)

وما في " فتح الباري " : ولكنه اغتفر في النهد لثبوت الدليل على جوازه .

(۵/ ۱۶۰ ، ط: دار السلام الرياض)

[☆] " النهد " : نفقہ جو شرکاء سفر برابر نکالیں۔ (مصباح اللغات)

(فتاویٰ عثمانی:۳/ ۴۵، ۴۶، کتاب الشرکۃ، ط: کتب خانہ نعیمیہ دیوبند)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ولا بأس بطعام المجوس كله إلا الذبيحة فإن ذبيحتهم حرام .

(۵/ ۳۴۷ ، كتاب الكراهية ، الباب الرابع عشر في أهل الذمة والأحكام التي تعود إليهم ، المحيط البرهاني :۶/ ۱۰۳ ، كتاب الاستحسان والكراهية ، الفصل السادس عشر في معاملة أهل الذمة ، البحر الرائق :۸/ ۳۳۷ ، كتاب الكراهية ، فصل في الأكل والشرب)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۴۲۹۴۱، فتاویٰ دار العلوم دیوبند:۱۶/ ۷۲، کھانے پینے اور ضیافت کے احکام، ہندو اپنے تہوار کے روز جو مٹھائی بھیجتے ہیں اس کا کھانا درست ہے، و:۱۶/ ۷۳، ہندو اپنی شادی غمی میں مٹھائی یا کھانا بھیجے یا دعوت کرے تو کیا حکم ہے؟، المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ:۷/ ۲۷۱، مسئلہ نمبر:۲۱۱، غیر مسلم پڑوسی کے تہوار کا کھانا، طبع اول)

نیم بِرِشتہ (ہاف بوائل) یا کچا انڈا کھانا

مسئلہ (۲۰۵): بعض لوگ نیم بِرِشتہ (ہاف بوائل/آدھا بھُنا ہوا) انڈا کھانے، یا کچا انڈا پینے کو ناجائز سمجھتے ہیں، اُن کا یہ خیال صحیح نہیں ہے، صحیح بات یہ ہے کہ نیم بِرِشتہ (ہاف بوائل) انڈا کھانا، یا کچا انڈا پینا جائز وحلال ہے، اس لیے کہ کسی حلال چیز کے کھانے یا پینے کے جواز کے لیے اُس کا پکا ہونا شرط نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿هو الذي خلق لكم ما في الأرض جميعًا﴾ .

(سورة البقرة : ۲۹)

ما في " الأصول والقواعد للفقه الإسلامي " : اَلْأَصْلُ فِي الْأَشْيَاءِ الإِبَاحَةُ .

(ص/۱۱۷ ، قاعده : ۳۰ ، الأشباه والنظائر لإبن نجيم :ص/۲۵۲ ، الأشباه والنظائر للسيوطي : ۱/۱۲۱ ، القواعد الفقهية : ص/۱۰۷ ، قواعد الفقه :ص/۵۹ ، القاعدة : ۳۳ ، رد المحتار : ۱/۱۰۵ ، مطلب ؛ المختار أن الأصل في الأشياء الإباحة ، الموسوعة الفقهية : ۱/۱۳۰)

ما في " الأشباه لإبن نجيم " : هل الأصل في الأشياء الإباحة ؟ قال الحموي : ذكر العلامة قاسم بن قطلوبغا في بعض تعليقه أن المختار أن الأصل الإباحة عند جمهور أصحابنا .

(۱/۲۵۲ ، القاعدة الثالثة ، غمز عيون البصائر شرح الأشباه والنظائر : ۱/۲۲۳ ، ۲۲۴)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۶۴۲۸۲، کتاب النوازل:۱۶/۱۱۰، کچا انڈا پینا)

کتاب الطب

طب سے متعلق مسائل

بطورِ علاج گائے کے پیشاب کا استعمال

مسئلہ (۲۰۶): کسی مرض میں بطورِ دوا وعلاج گائے کے پیشاب کا استعمال شرعاً جائز نہیں ہے، البتہ اگر کوئی دین دار ماہر مسلمان طبیب یہ تصدیق کردے کہ اس مرض کے علاج کی کوئی اور جائز شکل موجود ہے ہی نہیں، نیز گائے کے پیشاب کے استعمال سے صحت یابی کا غالب گمان بھی ہے، تو ایسی مجبوری کی حالت میں بطورِ دوا گائے کا پیشاب بقدرِ ضرورت استعمال کرنے کی گنجائش ہے، ورنہ نہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : يجوز للعليل شرب البول والدم والميتة للتداوي إذا أخبره طبيب مسلم أن شفاءه فيه ، ولم يجد من المباح ما يقوم مقامه . (۹/۴۷۴ ، فصل في البيع)

ما في " المحيط البرهاني " : الاستشفاء بالمحرم إنما لا يجوز إذا لم يعلم فيه شفاء أما إذا علم أن فيه شفاء وليس له دواء آخر غيره فيجوز الاستشفاء به . (۶/۱۱۶، كتاب الاستحسان ، الفصل التاسع عشر في التداوي ، الفتاوى الهندية : ۵/۳۵۵ ، الكراهية ، الباب الثامن عشر في التداوي)

ما في " رد المحتار " : يرخص إذا علم فيه الشفاء ولم يعلم دواء آخر كما رخص الخمر للعطشان . وعليه الفتوى . (۱/۳۲۵ ، مطب في التداوي بالمحرم)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وشرط الحنفية لجواز التداوي بالجنس والمحرم أن يعلم أن فيه شفاء ولا يجد غيره . (۱۱/۱۱۹)

ما في " قواعد الفقه " : الضرورات تبيح المحظورات . (ص/۸۹ ، قاعدة : ۱۷۰)

ما في " قواعد الفقه " : الضرورات تتقدر بقدرها . (ص/۸۹ ، قاعدة : ۱۷۱) (محقق ومدلل جدید مسائل: ۲/۷۱۵، مسئلہ نمبر: ۶۱۹، بطورِ دوا حرام اشیاء کا استعمال، فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۲۸۰۳۸)

کتاب الأدب

ادب سے متعلق مسائل

فتویٰ وتقویٰ دونوں ادب ہیں

مسئلہ (۲۰۷): لفظِ ''ادب'' کا اصلی ولغوی معنی ہے ''جمع کرنا''-ادب کو ''ادب'' اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ لوگوں کو محامد (اچھائیوں) کی طرف جمع کرتا ہے۔اورادب کا اصطلاحی معنی ہے: '' **الخصال الحميدة** ''اچھی خصلتیں۔[۱]

بعض فقہاء نے ادب کی تعریف ان الفاظ سے کی ہے:''**الأدب وضع الأشياء موضِعَها**''-اشیاء کواُن کی جگہ پر رکھنا۔[۲]

فقہاء اوراہلِ اُصول ،لفظِ ادب کا اِطلاق اصالۃً مندوب پر بھی کرتے ہیں، جس کولفظ ''نفل، مستحب ،اور تطوُّع'' سے تعبیر کیا جاتا ہے،یعنی جس کا کرنا شرعاً مطلوب ہو،اور نہ کرنے پر مذمت وملامت نہ ہو۔[۳]

بعض فقہاء لفظ ''آداب'' کا اِطلاق ہر اُس چیز پر کرتے ہیں جو شرعاً مطلوب ہو،خواہ مندوب ہو یا واجب۔[۴]

شاعروں کی لفظی دنیا میں ادب شُستہ کلامی اور بلاغت بیانی کو کہا جاتا ہے۔ عوام الناس کے عرف میں ادب؛ احترام وتعظیم کو کہتے ہیں۔ مدعیانِ علم؛ دانش وروں کے ہاں ادب-شرعی ہیئتوں اور حکم فرمودہ اعمال کی پابندی کو کہتے ہیں۔ علماء کے نزدیک ادب اُن احتیاطی افعال اور تقوائے اعمال کا نام ہے، جو اعمالِ

شرعیہ کی حفاظتی اور انتہائی حدود سے متعلق ہوں۔ (۵) پس ادب کا ابتدائی درجہ نصوصِ شرعیہ کی عبارت یعنی صریح احکام پر عمل کرنا ہے، اور آخری درجہ وہ ہے جو اس عمل کی مشق وتکرار سے انہی نصوص کی دلالت واشارت واقتضاء سے ذہن پر منکشف ہو، معلوم ہوا کہ ظاہری نصوص واحکام کو ''فتویٰ'' اور اقتضائی، دلالتی واشاراتی احکام کو ''تقویٰ'' کہا جاتا ہے، اور شرعاً فتویٰ وتقویٰ ہر دو پر عمل مطلوب ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : أصل معنى كلمة " أدب " في اللغة : الجمع ، ومنه : الأدب بمعنى الظرف وحُسن التناول . سمي أدبا ؛ لأنه يأدب ، أي يجمع الناس إلى المحامد . ولا يخرج المعنى الاصطلاحي عند الفقهاء عن المعنى اللغوي ، فللأدب عند الفقهاء والأصوليين عدة إطلاقات: أ – قال الكمال بن الهمام : الأدب : الخصال الحميدة . (۳۴۵/۲ ، فتح القدير :۴۵۳/۵ ط : بولاق ، حاشية ابن عابدين : ۱۹/۸ ، بيروت ، البحر الرائق :۲۷۷/۶ ، دار الكتاب الإسلامي)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : وعرفه بعضهم بقوله : الأدب : وضع الأشياء موضعها .

(۳۴۵/۲ ، أدب ، التعريف ، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح :ص/ ۴۱ ، فصل : من آداب الوضوء ، المطبعة العامرة العثمانية ، ومصطفى الحلبي)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : ب – كما يطلق الفقهاء والأصوليون لفظ " أدب " أيضًا اصالة على المندوب ، ويعبرون عن ذلك بتعبيرات متعددة منها : النفل ، والمستحب ، والتطوع ، وما فعله خير من تركه ، وما يمدح به المكلف ولا يذم على تركه ، والمطلوب فعله شرعًا من غير ذم على تركه ، وكلها متقاربة . (۳۴۵/۲ ، أدب ، التعريف ، حاشية الطحطاوي:ص/ ۴۱ ، ۴۲ ، الحلبي)

(۴) ما في " الموسوعة الفقهية " : ج – وقد يطلق بعض الفقهاء كلمة " آداب " على كل ما هو مطلوب سواء أكان مندوبا أم واجبا ، ..... وقالوا : إن المراد بكلمة " آداب " هو كل ما هو مطلوب . (۳۴۵/۲ ، أدب ، التعريف ، حاشية البجيرمي على شرح المنهج الطلاب :۵۱/۱ ، ط : مصطفى الحلبي ، و: ۵۱/۱ ، المكتبة الإسلامية في ديار بكر تركيا)

(۵) (اسلامی اخلاق وآداب:ص/ ۱۷، ۱۹، ۲۱، ۲۳، ۲۵، مقامِ ادب، از حکیم الاسلام قاری طیب صاحب رحمہ اللہ، مرتب ومؤلف: منشی عبدالرحمٰن خان ملتانی)

ادبِ حقیقی

مسئلہ (۲۰۸): دین اسلام پورا کا پورا ادب سے معنون ہے[۱]، علامہ ابن قیم جوزیہ رحمہ اللہ کا مقولہ ہے: "الأدب هو الدين كله"۔ (دین مکمل ادب ہے)[۲]، کیوں کہ اسلامی احکام خواہ عقائد سے متعلق ہوں یا عبادات سے، معاملات سے اُن کا تعلق ہو یا معاشرت اور اخلاق سے، یہ سب کے سب احکام درحقیقت انسانوں کو باادب وسلیقہ مند بنانے ہی کے لیے ہیں[۳]، چنانچہ عقائد میں ادب یہ ہے کہ ہمارے عقائد اِفراط وتفریط سے پاک، عقائد اہلِ سنت والجماعت کے عین مطابق ہوں[۴]، عبادات میں ادب یہ ہے کہ ہماری عبادتیں آپ ﷺ کے بتلائے ہوئے طریقوں پر ہوں[۵]، معاملات میں ادب یہ ہے کہ ہمارے معاملات حلال وجائز کی حدود میں ہوں، حرام وناجائز کی اُن میں ذرا بھی آمیزش نہ ہو[۶]، معاشرت واخلاق میں ادب یہ ہے کہ ہماری معاشرت واخلاق، خالص اسلامی ہوں، غیروں کے مشابہ نہ ہوں[۷]، لہٰذا جو تحریریں اسلامی آداب کے فروغ واشاعت اور صحت مند روایات وافکارِ اسلاف پر، سماج ومعاشرہ کی تعمیر وترقی میں معاون ومددگار ہوں[۸]، درحقیقت وہی اسلامی ادب ہیں، اور اُن کی تعلیم وتمرین، دعوت وتبلیغِ دین کے لیے فرضِ کفایہ ہے۔[۹]

.....

=(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآ أيها الذين اٰمنوا ادخلوا في السلم كآفّة ولا تتبعوا خطوات الشيطٰن إنه لكم عدو مبين﴾ . (سورة البقرة :۲۰۸)

ما في " بحر العلوم [تفسير السمرقندي] " : (ادخلوا في السلم كافة) : أي اثبتوا على شرائع محمد ﷺ ولا تخرجوا منها . (۱/۱۹۷، سورة البقرة ، الآية/۲۰۸)

(۲) (مدارج السالكين بين منازل إياك نعبد وإياك نستعين :۲/۳۸۴ ، فصل : والأدب هو الدين كله ، م : محمد بن أبي بكر بن قيم الجوزية ، ط: دار الكتاب العربي بيروت)

(۳) ما في " سنن ابن ماجة " : عن عبد الله بن عمرو قال : خرج رسول الله ﷺ ذاتَ يوم من بعض حُجَره فدخل المسجد فإذا هو بحلقتين ؛ إحداهما يقرؤون القرآن ويدعون الله ، والأخرى يتعلّمون ويُعلّمون ، فقال النبي ﷺ : " كلٌّ على خير هؤلاء يقرؤون القرآن ويدعون الله ، فإن شاء أعطاهم وإن شاء منعهم ، وهولاء يتعلّمون ويُعلّمون ، وإنما بُعثت معلّما " . (حديث :۲۳۴ ، المقدمة ، باب فضل العلماء والحث على طلب العلم ، سنن الدارمي :۱/۱۱۱، ۱۱۲، حديث :۳۴۹ ، كتاب المقدمة ، باب في فضل العلم والعالم ، ط : دار الإيمان سهارنفور)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿اٰمن الرسول بمآ أُنزل إليه من ربه والمؤمنون كلٌّ اٰمن بالله وملائكته وكتبه ورسله لا نفرّق بين أحد من رسله﴾ . (سورة البقرة :۴۰)

ما في " عقيدة الطحاوي " : والإيمان هو الإيمان بالله وملائكته وكتبه ورسله واليوم الآخر والبعث بعد الموت والقدر خيره وشرّه ومرّه من الله تعالى ، ونحن مؤمنون بذلك كله لا نفرّق بين أحد من رسله ونصدق كلهم على ما جاء وا به . اهـ . (ص/۹۸ ، ۹۹ ، الإيمان المفصل)

(۵) ما في " صحيح مسلم " : ..... قال : " فأخبرني عن الإحسان ؟ قال : أن تعبد الله كأنك تراه ، فإن لم تكن تراه فإنه يراك " . الحديث . (۱/۱۶ ، كتاب الإيمان ، باب بيان الإيمان والإسلام والإحسان الخ ، دار احياء التراث العربي)

ما في " صحيح البخاري " : عن أبي قلابة قال : حدثنا مالك : أتينا إلى النبي ﷺ ونحن شببة متقاربون فأقمنا عنده عشرين يوما وليلة ، وكان رسول الله ﷺ رحيما رفيقا ، فلما ظن أنا قد اشتهينا أهلنا ، أو قد اشتقنا سألنا عمن تركنا بعدنا فأخبرناه ، قال : ارجعوا إلى أهليكم فأقيموا فيهم وعلّموهم ومروهم – وذكر أشياء أحفظها ، أو لا أحفظها – وصلُّوا كما رأيتموني أصلي، فإذا حضرت=

.....

=الصلاة فليؤذّن لكم أحدكم وليؤمّكم أكبركم" .

(۱۶۲/۱ ، حديث : ۶۳۱ ، باب الأذان للمسافر إذا كانوا جماعة والإقامة الخ)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما آتاكم الرسول فخذوه وما نهٰكم عنه فانتهوا﴾ .

(سورة الحشر :۷)

ما في " روح المعاني " : وفي الكشاف : الأجود أن تكون عامة في كل ما أمر به ﷺ ونهى عنه .

(۷۱/۱۵)

ما في " التفسير المظهري " : هذا أصل من أصول وجوب متابعته ولزوم طريقته وسيرته .

(۳۰۴/۳)

ما في " صحيح البخاري " : قال النبي ﷺ : " إذا أمرتكم بشيء فافعلوه ما استطعتم ، وإذا نهيتكم عن شيء فانتهوا " . (۱۰۸۲/۲)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه قال : خطبنا رسول الله ﷺ : " ..... فإذا أمرتكم بشيء فأتوا منه ما استطعتم ، وإذا نهيتكم عن شيء فدعوه " .

(۴۳۲/۱ ، كتاب الحج ، باب فرض الحج مرة في العمر ، حديث :۱۳۳۷)

(۷) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " من تشبه بقوم فهو منهم". (ص/۵۵۹ ، كتاب اللباس ، باب لباس الشهرة)

ما في " بذل المجهود " : قال القاري : من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار فهو منهم أي في الإثم أو الخير عند الله تعالى .

(۵۹/۱۲، مرقاة المفاتيح :۲۲۲/۸، كتاب اللباس والزينة)

ما في " مرقاة المفاتيح " :قوله ﷺ : (من تشبه بقوم فهو منهم) . أي من شبه نفسه بالكفار، مثلا في اللباس وغيره أو بالفساق والفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار .

(۲۲۲/۸ ، كتاب اللباس ، الفصل الثاني ، حديث : ۴۳۴۷)

ما في " شرح الطيبي " : قوله : " من تشبه بقوم " هذا عام في الخَلق والخُلق والشعار ، وإذا كان الشعار أظهر في التشبه . (۲۳۲/۸ ، حديث : ۴۳۷۴)

(۸) ما في " اعلام الموقعين " : وسيلة المقصود تابعة للمقصود وكلاهما مقصود .

(۱۷۵/۳ ، فصل في سد الذرائع)

ما في " فقه النوازل " : " ان ما لا يتم الواجب إلا به فهو واجب " . (۲۲۵/۳)=

.....

=ما في " المقاصد الشرعية " : إن الوسيلة أو الذريعة ..... تكون واجبة إذا كان المقصد واجبا . (ص/۴۶)

(۹) ما في " القرآن الكريم " :﴿وما كان المؤمنون لينفروا كآفة ، فلولا نفر من كل فرقة منهم طآئفة ليتفقّهوا في الدين ولينذروا قومهم إذا رجعوآ إليهم لعلهم يحذرون﴾ . (سورة التوبة : ۱۲۲)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قال حجة الإسلام أبو بكر أحمد بن علي الرازي الجصاص في ضمن تفسير هذه الأية : " فظاهر الكلام يقتضي أن تكون الطائفة المنافرة هي التي تتفقه تنذر قومها إذا رجعت إليهم " . (۲۰۶/۳)

ما في " سنن ابن ماجة " : عن أنس رضي اللّٰه عنه قال : قال رسول اللّٰه ﷺ : " طلب العلم فريضة على كل مسلم " . (ص/۲۰ ، السنن الكبرى للبيهقي : ۲۵۴/۲ ، حديث :۳۶۶۳ ، و:۲۵۶/۲ ، حديث :۱۶۷۲ ، مشكوة المصابيح : ص/۳۴ ، المعجم الأوسط للطبراني : ۲۳۱/۶ ، بيروت)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : واعلم أن تعلم العلم يكون فرض عين وهو بقدر ما يحتاج لدينه . (در مختار) . وفي الشامية : قال العلامة في فصوله : من فرائض الإسلام تعلم ما يحتاج إليه العبد في إقامة دينه وإخلاص عمله للّٰه تعالى ومعاشرة عباده . (۱۲۱/۱ ، دار الكتاب ديوبند)

ما في " رد المحتار " : وفي تبيين المحارم : لا شك في فرضية علم الفرائض الخمس ، وعلم الإخلاص ، لأن صحة العمل موقوفة عليه ؛ وعلم الحلال والحرام ؛ وعلم الرياء ، لأن العابد محروم من ثواب عمله بالرياء ؛ وعلم الحسد والعجب ؛ إذ هما يأكلان العمل كما تأكل النار الحطب ؛ وعلم البيع والشراء ، والنكاح والطلاق لمن أراد الدخول في هذه الأشياء ؛ وعلم الألفاظ المحرمة أو المكفرة . (۱۲۶/۱ ، المقدمة ، مطلب : في فرض الكفاية وفرض العين)

ما في " الفتاوى الهندية " : ويقال : " الأمر بالمعروف " باليد على الأمراء ، وباللسان على العلماء ، وبالقلب لعوام الناس ، وهو اختيار الزندويستي . كذا في الظهيرية . الأمر بالمعروف يحتاج إلى خمسة أشياء : أولها : العلم ؛ لأن الجاهل لا يحسن الأمر بالمعروف ؛ والثاني : أن يقصد وجه اللّٰه تعالىٰ وإعلاء كلمة العليا ؛ الثالث : الشفقة على المأمور فيأمره باللين والشفقة ؛ والرابع : أن يكون صبورًا حليمًا ؛ والخامس : أن يكون عاملا بما يأمره كيلا يدخل تحت قوله تعالىٰ : ﴿لم تقولون ما لا تفعلون﴾ . إنما يجب الأمر بالمعروف إذا علم أنهم يستمعون . كذا في فتاوىٰ قاضي خان . (۳۵۳/۵ ، كتاب الكراهية ، الفصل السابع عشر في الغناء واللهو وسائر المعاصي والأمر بالمعروف)

باادب بانصیب

مسئلہ (۲۰۹): دین اسلام میں ادب کو بڑی اہمیت حاصل ہے، مسلمان کے لیے اپنے تمام اُمور میں اُن کے آداب کا خیال رکھنا ضروری ہے، بعض علماء فرماتے ہیں: مسلم کا ظاہر وباطن تعلیماتِ کتاب وسنت کے مطابق ہو، یہی حقیقی ادب ہے [۱]، علامہ ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بندہ میں اچھی عادات واَطوار کا جمع ہونا یہی حقیقی ادب ہے، نیز انسان کا باادب ہونا اُس کی سعادت وفلاح، اور بے ادبی- بدبختی وبدنصیبی کا عنوان ہے، حضرت عبداللہ ابن مبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جو شخص ادب کو ہیچ وحقیر سمجھے گا، اُسے سنن سے محرومی کی سزا دی جائے گی، اور جو سنن کو ہیچ وحقیر سمجھے گا اُسے فرائض سے محرومی کی سزا دی جائے گی، یعنی جو شخص آداب (مستحبات) کو حقیر سمجھ کر چھوڑتا ہے، وہ سنن سے محروم ہوتا ہے، اور جو سنن کو حقیر سمجھ کر ترک کرتا ہے وہ فرائض سے محروم ہوتا ہے [۲]۔ ادب سے امن واطمینان حاصل ہوتا ہے، جب کہ بے ادبی؛ بے چینی وبدامنی کا سبب ہوا کرتی ہے، لہٰذا ہر مسلمان پر لازم ہے کہ اپنی زندگی کو خدائی نعمتِ عُظمیٰ سمجھتے ہوئے، اُس کے تمام شعبوں میں اسلامی آداب کی رعایت ولحاظ رکھیں [۳]، کہ اُس سے انسانی زندگی پاکیزہ اور پُر لطف ہوتی ہے [۴]، اور شرعی آداب سے غفلت ولاپرواہی نہ برتیں، کہ اس سے دنیا وآخرت میں ذلت ورسوائی کا سامنا ہوتا ہے۔

الحجة على ما قلنا :=

.....

.....

=(۱) ما في " حاجتنا إلى الأدب الشرعي " : ثم قال : (قال بعض العلماء : الأدب هو أن تكون على تعاليم الكتاب والسنة ظاهرا وباطنا) . (م : أبو عبد الله الباتني ، من : منتديات استار تايمز)

(۲) ما في " مدارج السالكين بين منازل إياك نعبد وإياك نستعين " : وأدب المرأ : عنوان سعادته وفلاحه ، وقلة أدبه : عنوان شقاوته وبواره ، فما استُجلِب خير الدنيا والآخرة بمثل الأدب ، ولا استجلب حرمانها بمثل قلة الأدب . اهـ .

(۲/ ۳۹۱ ، فصل وأما الأدب خلق الخ ، ط : دار الكتاب العربي بيروت)

وفيه أيضًا : وقال عبد الله بن المبارک رحمه الله : من تهاون بالأدب عوقب بحرمان السنن ، ومن تهاون بالسنن عوقب بحرمان الفرائض ، ومن تهاون بالفرائض عوقب بحرمان المعرفة . (۲/ ۳۸۱ ، فصل : والأدب ثلاثة أنواع ، أدب مع الله)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : الأدب في الجملة هو مرتبة من مراتب الحكم التكليفي وهو غالبًا يُرادف المندوب ، وفاعله يستحق الثواب بفعله ، ولا يستحق اللوم على تركه .

(۲/ ۳۴۶ ، الأدب ، حكمه)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿من عمل صٰلحًا من ذكر او انثى وهو مؤمن فلنحيينّه حيوة طيبة ولنجزينّهم اجرهم باحسن ما كانوا يعملون﴾ . (سورة النحل :۹۷)

ما في " تفسير النسفي " : وذلک أن المؤمن مع العمل الصالح موسرًا كان أو معسرًا يعيش عيشًا طيبًا إن كان موسرًا فظاهر ، وإن كان معسرًا فمعه ما يطيب عيشه ، وهو : القناعة ، والرضا بقسمة الله تعالى ، وأما الفاجر فأمره بالعكس : إن كان معسرًا فظاهر ، وإن كان موسرًا فالحرص لا يدعه أن يتهنّأ بعيشه ، وقيل : الحياة الطيبة : القناعة ، أو حلاوة الطاعة ، أو : المعرفة بالله ، وصدق المقام مع الله ، وصدق الوقوف على أمر الله والإعراض عما سوى الله . (۲/ ۲۳۲ ، سورة النحل ، الآية/۹۷)

ما في " تفسير السمرقندي " : (فلنحيينّه حيوة طيبة) في الجنة ، ويقال : يجعل حياته في طاعة الله، ويقال : فلنقنعنه باليسير من الدنيا . وروي عن ابن عباس أنه قال : الكسب الطيب والعمل الصالح ..... وقال الضحاک : الرزق الحلال وعبادة الله تعالى . (۲/ ۲۴۹)

ادب؛ صالح معاشرہ کی تشکیل کا ضامن

مسئلہ (۲۱۰): آج راعی سے لے کر رعایا تک، حاکم سے لے کر محکوم تک، سب یہ محسوس کر رہے ہیں کہ ہر پیشہ، ہر فن، ہر کسب اور ہر کمال کے لوگ بد دیانتی و بدمعاملگی پر اُتر آئے ہیں، مسلمان کو مسلمان سے دینی تو کیا انسانی ہمدردی تک نہیں رہی، پورا معاشرہ طوائف الملوکی کا شکار ہو چکا ہے، آج کا انسان محض نمائشی و عارضی اغراض وخواہشات کو اپنا مقصودِ حیات اور معراجِ ترقی سمجھ رہا ہے، حوادثاتِ دنیا سے عبرت حاصل کرنے، اور مناظرِ فطرت سے قادرِ مطلق کی قدرت کا یقین پیدا کرنے کی بجائے، حوادث پر وقتی و عارضی آنسو بہانے، اور مناظرِ فطرت کو اپنے عیش وعشرت میں اضافے کا سامان قرار دینے پر اکتفا کر رہا ہے، عزتِ نفس کے بجائے رفعتِ جاہ کا طالب بنا ہوا ہے، گھر میں اسلامی کتابوں کے بجائے فحش واخلاق سوز افسانوں پر مشتمل کتابوں اور رسائل سے الماریوں کو بھر رہا ہے، بزرگوں کا ادب، استادوں کی عزت، چھوٹوں پر شفقت، اور ہمسایوں سے مروّت کو خلافِ تہذیب وادب تصوُّر کر رہا ہے، اپنی بیوی اور بہو بیٹیوں کو پردہ کے اندر رکھنے کی بجائے اُنہیں زینتِ محفل اور رونقِ بازار بنانے میں خاندان کی عزت سمجھ رہا ہے، پھر جب کبھی اِن اعمالِ بد کے بُرے نتائج برآمد ہونے شروع ہوتے ہیں اور عارضی لذت ولطف ختم ہو جاتا ہے، تو بے چین وبے قرار ہو جاتا ہے، گاہے خودکشی کرتا ہے، گاہے جرائم کے ذریعے اُن کو دوبارہ حاصل کرنے کی سعی کرتا، اور آخر کار ذلت ورسوائی اُٹھاتا

ہے، لہٰذا ہر شخص پر بقدرِ کفایت احکامِ کتاب وسنت اور مسائلِ تہذیب واخلاق کو جاننا اور اُن پر عمل کرنا فرض ہے(۱)، اور تعلیمِ کتاب وسنت اور تربیتِ اخلاق وآداب کے لیے اپنی اولاد کو، مدارسِ دینیہ میں داخل کرنا بھی ضروری ہے(۲)، نیز اہلِ مدارس؛ علماء، فقہاء اور صلحاء پر بھی فرض ہے کہ تصنیف وتالیف اور تبلیغ وتلقین، اور مواعظِ حسنہ کے ذریعے لوگوں کو اسلام کے اصول وضوابط اور آدابِ شرعیہ سے آگاہ کریں(۳)، تب جاکر ایک صالح معاشرہ اور اسلامی انقلاب رُونما ہوسکتا ہے، ورنہ اس کے بغیر صالح معاشرہ کی تشکیل، اور ادبِ اسلامی کے انقلاب کی آرزو محض ایک خواب ہے، جو کبھی شرمندۂ تعبیر نہیں ہوسکتا۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ما اٰتاكم الرسول فخذوه وما نهٰكم عنه فانتهوا﴾ .

(سورة الحشر :۷)

ما في " صحيح البخاري " : قال النبي ﷺ : " إذا أمرتكم بشيء فافعلوه ما استطعتم وإذا نهيتكم عن شيء فانتهوا " . (۲/۱۰۸۲)

(۲) ما في " سنن ابن ماجة " : عن أنس رضي اللّٰه عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " طلب العلم فريضة على كل مسلم " . (ص/۲۰، باب فضل العلماء الخ ، السنن الكبرى للبيهقي : ۲/۲۵۴ ، حديث :۳۶۶۳ ، و:۲/۲۵۶ ، حديث :۱۶۷۲ ، مشكوة المصابيح : ص/۳۴ ، كتاب العلم ، الفصل الثاني ، المعجم الأوسط للطبراني : ۶/۲۳۱ ، بيروت)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : واعلم أن تعلم العلم يكون فرض عين وهو بقدر ما يحتاج لدينه . (در مختار) . وفي الشامية : قال العلامة في فصوله : من فرائض الإسلام تعلم ما يحتاج إليه العبد في إقامة دينه وإخلاص عمله للّٰه تعالى ومعاشرة عباده .

(۱/۱۲۱، دار الكتاب ديوبند)=

ادب انسانیت کی ضرورت

مسئلہ (۲۱۱): آج پورے سماج ومعاشرہ میں ایک طوائف الملوکی سی پھیلی ہوئی ہے، ہر شخص دوسرے سے نالاں وگریباں ہے، اس مردم آزار بلکہ مردم کش انقلاب کو روکنے کے لیے حکومت بخل سے کام لیے بغیر، سماج ومعاشرہ کو راہِ راست پر لانے کے لیے ہر قسم کی امکانی قانونی کوششیں کررہی ہیں، جس کی وجہ سے حکومت کی کتابِ قوانین روز بروز ضخیم ہوتی جارہی ہے، مگر اس کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ برآمد نہیں ہورہا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آج انسانیت کو قانون سازی کی نہیں، بلکہ ایمان، خوفِ خدا، رسالت، اور جزاء اعمال جیسے عقائد پر تعمیرِ سیرت وادب کی ضرورت ہے، اور یہ صرف دینِ اسلام ہی کا خاصہ ہے[1]، جو ہر فردِ بشر کے لیے علم اور اخلاق وآداب کو ضروری قرار دیتا ہے، اور تعمیرِ سیرت

=(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ادع إلى سبيل ربك بالحكمة والموعظة الحسنة﴾ . (سورة النحل :۱۲۵)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿يا أيها الرسول بلّغ ما أُنزل اليك من ربك فإن لم تفعل فما بلّغت رسالته﴾ . (سورة المائدة :٦٧)

ما في " صحيح البخاري " : " بلّغوا عني ولو آية ، وحدثوا عن بني اسرائيل ، ومن كذب علي متعمدا فليتبوأ مقعده من النار " . (۱/ ۴۹۱ ، كتاب الأنبياء)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولتكن منكم امة يدعون الى الخير ويأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر واولئك هم المفلحون﴾ . (سورة آل عمران :۱۰۴)

ما في " روح المعاني " : ان العلماء اتفقوا على أن الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر من فروض الكفايات . (۴/ ۲۱ ، بيروت) (اسلامی اخلاق وآداب)=

وادب کے لیے اس کے پاس کتاب وسنت کی شکل میں ایسا نصاب بھی موجود ہے، جس کی نظیر ومثال پیش کرنے سے تمام ادیان وانسان عاجز ہیں، جب تک اس نصابِ شرعی کے مطابق ہر فردِ بشر کی تعلیم وتربیت نہیں ہوگی، سماج ومعاشرہ کی اصلاح ممکن نہیں ہے (۲)، لہٰذا ہم مسلمانوں کو چاہیے کہ تعلیماتِ کتاب وسنت کے مطابق خود بھی زندگی گزاریں، اس کے عین موافق اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت کا نظم کریں (۳)، اور اسلامی تعلیمات کے محاسن وخوبیوں کو، برادرانِ وطن کے سامنے بھی اُجاگر کریں۔ (۴)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿إن الدين عند الله الإسلام﴾ . (آل عمران :۱۸) وقوله تعالى : ﴿ومن يبتغ غير الإسلام ديناً فلن يقبل منه ، وهو في الآخرة من الخٰسرين﴾ .

(سورة آل عمران:۸۵)

ما في " روح المعاني " : ﴿ومن يبتغ غير الإسلام ديناً فلن يقبل منه﴾ نزلت في جماعة ارتدوا وكانوا اثني عشر رجلا وخرجوا من المدينة وأتوا مكة كفارًا ، منهم الحارث بن سويد الأنصاري . والإسلام قيل : التوحيد والانقياد ، وقيل : شريعة نبينا عليه الصلاة والسلام بَيَّنَ اللّٰه تعالى أن من تحرى بعد مبعثه غير شريعته فهو غير مقبول منه ، وقبول الشيء هو الرضا به وإثابة فاعله عليه .

(۳۴۵/۳)

ما في " اتحاف السادة المتقين " : (قال النبي ﷺ) : " تركتكم على البيضاء ليلها كنهارها لا يزيغ عنها بعدي إلا هالك "۔ ''میں نے تم کو ایک ایسی روشن شریعت پر چھوڑا کہ اس کی رات بھی اس کے دن کی طرح ہے، اور میرے بعد اس سے وہی شخص انحراف کرے گا، جو تباہ وبرباد ہوگا''۔ (۱۸۲/۱)

(۲) ما في " إغاثة اللهفان من مصائد الشيطان " : وما أحسن ما قال مالك بن أنس رحمه الله : " لن يصلح آخر هذه الأمة إلا ما أصلح أولها " . (۲۰۰/۱ ، فصل ثم إن في اتخاذ القبور أعيادا الخ ، دار المعرفة بيروت ، لابن قيم الجوزية ، تيسير العزيز الحميد في شرح كتاب التوحيد : ۶۳۹/۱ ،=

.....

= باب ما جاء في المصورين ، سليمان بن عبد الله بن محمد بن عبد الوهاب ،مكتبة الرياض الحديثة الرياض)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يايها الذين امنوا قوا انفسكم واهليكم نارا﴾.(سورة التحريم :٦)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : وقوله تعالى : ﴿يايها الذين امنوا قوا انفسكم واهليكم نارا﴾ . روي عن علي في قوله : ﴿قوا انفسكم واهليكم﴾ قال : " علموا أنفسكم وأهليكم الخير "، وقال الحسن : " تعلمهم وتأمرهم وتنهاهم " قال أبو بكر : وهذا يدل على أن علينا تعليم أولادنا وأهلينا الدين والخير وما لا يُستغنى عنه من الآداب ، وهو مثل قوله تعالى : ﴿وأمر أهلك بالصلوة واصطبر عليها﴾ [طه :۱۳۲] ونحو قوله تعالى للنبي ﷺ : ﴿وانذر عشيرتک الاقربين﴾ [الشعراء :۲۱۴] ويدل على أن للأقرب فالأقرب منا مزيّة به في لزومنا تعليمهم وأمرهم بطاعة الله تعالى ويشهد له قول النبي ﷺ : " كلكم راع وكلكم مسؤول عن رعيته " . ومعلوم أن الراعي كما عليه حفظ من استُرعي وحمايته والتماس مصالحه فكذلک عليه تأديبه وتعليمه ؛ وقال عليه السلام : " فالرجل راع على أهله وهو مسؤول عنهم والأمير راع على رعيته وهو مسؤول عنهم " . (۶۲۴/۳، مطلب يجب علينا تعليم أولادنا وأهلينا ، سورة التحريم ، أحكام القرآن للتهانوي :۹۲/۵)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وفي القنية : له إكراه طفله على تعلم قرآن وأدب وعلم لفريضته على الوالدين .

(۱۳۰/٦ ، كتاب الحدود ، باب التعزير ، مطلب في تعزير المتّهم ، بيروت)

ما في " اتحاف أولي الألباب بحقوق الطفل وأحكامه " : يقول ابن القيم رحمه الله تعالى : فمن أهمل تعليم ولده ما ينفعه وتركه سدى فقد أساء إليه ، وأكثر الأولاد إنما جاء فسادهم من قبل الآباء وإهمالهم لهم وترک تعليمهم فرائض الدين وسننه فأضاعوهم صغارًا فلم ينتفعوا بأنفسهم ولم ينفعوا آبائهم كبارا .

(ص/۲۸۵ ، كتاب تربية الأطفال وتأديبهم ، تحت رقم الجواب :۳۷۰)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يا أيها الرسول بلّغ ما أُنزل اليک من ربک فإن لم تفعل فما بلّغت رسلته﴾ . (سورة المائدة :٦٧) (مستفاد از: اسلامی اخلاق وآداب)

خالق کون ومکاں کا ادب

مسئلہ (۲۱۲): خالقِ کون ومکاں، اللہ عزّ وجلّ وہ ذات ہے جس نے حضرتِ انسان کے لیے باغِ دنیا کو زینت بخشی[۱]، اُس کی ہر چیز کو اس کی خدمت پر مامور کیا[۲]، اُسے غلیظ مادہ سے نکال کر[۳] احسنِ تقویم میں ڈھالا[۴]، اشرف المخلوقات کا شرف بخش کر[۵]، اس کی بہتری ونجات کے لیے طاعات وعبادات کا اختیار دیا[۶]، خود دَستورِ حیات مقرر فرما کر[۷] ہدایت ورہنمائی کی لیے انبیاء کو مبعوث فرمایا[۸]، اُس کا جتنا بھی ادب کیا جائے کم ہے، کہ اُس ذات کا ادب تمام اُمور کی بنیاد اور جڑ ہے، اس لیے ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اُس ذات کے حقوق وآداب کا خیال رکھے، مثلاً: نماز کی حالت میں آسمان کی طرف نظر نہ کرے[۹]، قضائے حاجت کے وقت کعبۃ اللہ کا استِقبال واستِدبار نہ کرے، خواہ عمارت میں ہو یا صحرا میں[۱۰]، نماز میں سکون وطمانینت کے ساتھ کھڑا رہے[۱۱]، غور سے قرأتِ قرآنِ پاک سنے[۱۲]، اُسے اسماء الحسنٰی سے اتنا یاد کرے کہ اس کے سوا کوئی یاد نہ رہے[۱۳]، اُسی سے مدد مانگے، اُسی پر بھروسہ کرے، اُسی کا فضل تلاش کرے، اسی کے لیے جیے اور اُسی کے لیے مَرے[۱۴]، اس کی ذات وصفات میں کسی کو شریک نہ کرے، اس کی رضا ومحبت کو سب کی رضا ومحبت پر مقدم رکھے، محبت وبغض یا احسان ودریغ، عبادت وریاضت صرف اُسی کی خاطر کرے، اس

کی پسند و ناپسند کو اپنی پسند و ناپسند بنائے، اسے ہر وقت قریب جانے، اس کا نام لے یا سنے تو حمد و ثناء اور تسبیح و تقدیس میں مشغول ہو جائے، غرضیکہ ہر شعبۂ زندگی کو اُس کی مرضی و منشا کے تابع بنائے، حتی الامکان اس کی بے ادبی سے اپنے آپ کو بچائے، اور قدر دانی کی فکر کرے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿هو الذي خلق لكم ما في الارض جميعًا﴾ .

(سورة البقرة : ۲۹)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿الم تر أن الله سخر لكم ما في الارض﴾ . (سورة الحج : ٦٥)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿الم تروا أن الله سخر لكم ما في السمٰوٰت وما في الارض وأسبغ عليكم نعمه ظاهرة وباطنة﴾ . (سورة لقمان : ۲۰)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿وسخر لكم ما في السمٰوٰت وما في الارض جميعًا منه ، إن في ذلك لأٰيٰت لقوم يتفكّرون﴾ . (سورة الجاثية : ۱۳)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿الله الذي خلق السمٰوٰت والارض وانزل من السمآء مآء فاخرج به من الثمرٰت رزقًا لكم ، وسخر لكم الفلك لتجري في البحر بأمره ، وسخر لكم الانهار ، وسخر لكم الشمس والقمر دآئبين ، وسخر لكم الليل والنهار ، واٰتكم من كل ما سألتموه ، وان تعدوا نعمة الله لا تحصوها ، ان الانسان لظلوم كفّار﴾ .

(سورة إبراهيم : ۳۲)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿هل أتى على الانسان حينٌ من الدهر لم يكن شيئًا مذكورًاO انا خلقنا الانسان من نطفة امشاج نبتليه فجعلنٰه سميعًا بصيرًاO﴾ .

(سورة الإنسان : ۱ ، ۲)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿لقد خلقنا الانسان فيٓ احسن تقويم﴾ . (سورة التين : ۴)

(۵) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولقد كرّمنا بنيٓ اٰدم وحملنٰهم في البرّ والبحر ورزقنٰهم من الطيّبٰت وفضّلنٰهم على كثيرٍ ممن خلقنا تفضيلا﴾ . (سورة الإسراء : ۷۰)=

.....

=(٦) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنا هديناه السبيل إما شاكرًا وإما كفورًا﴾ .
(سورة الإنسان :٣)

(٧) ما في " القرآن الكريم " : ﴿لكلٍّ جعلنا منكم شِرعةً ومِنهاجًا﴾ . (سورة المائدة :٤٨)

(٨) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولكل امة رسول﴾ . (سورة يونس :٤٧)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولقد بعثنا في كل امة رسولا أن اعبدوا اللّٰه واجتنبوا الطاغوت فمنهم من هدى اللّٰهُ ومنهم من حقّت عليه الضلالة﴾ . (سورة النحل :٣٦)

(٩) ما في " صحيح البخاري " : " ما بال أقوام يرفعون أبصارهم إلى السماء لينتهينَّ أو لتُخطِفنّ أبصارهم " . (١/١٠٣ ، كتاب الأذان)

ما في " الفتاوى الهندية " : ويكره أن يرفع بصره إلى السماء . (١/١٠٦ ، الفصل الثاني)

ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : ويكره رفعهما إلى السماء ، وقام الإجماع على كراهة ذلك في الصلاة لمنافاته الخشوع المطلوب . (ص/٣٥٤)

ما في " مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر " : وكره نظره إلى السماء ؛ لأنه تشبه بالمجسَّمة وعبدة الكواكب والتفات إلى غير موضع نظر المصلي . (١/١٨٧) (المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة :٢/٩٣ مسئلہ نمبر :٦٤ مکروہات الصلاۃ ،نماز میں آسمان کی طرف نظر کرنا ،طبع سوم)

(١٠) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي أيوب الأنصاري أن النبي ﷺ قال : " إذا أتيتم الغائط فلا تستقبلوا القبلة ، ولا تستدبروها ، ولكن شرّقوا أو غرّبوا " قال أبو أيوب : فقدمنا الشام فوجدنا مراحيض بُنيت قبل القبلة فننحرف ونستغفر اللّٰه تعالى . (١/١٠٩ ، حديث : ٣٩٤ ، باب قبلة أهل المدينة وأهل الشام والمشرق ، ط : دار الشعب القاهرة ، صحيح مسلم :١/٢٥٩ ، حديث :٦٣٢ ، كتاب الطهارة ، باب الاستطابة ، ط : دار الجيل ودار الآفاق الجديد بيروت ، سنن أبي داود : ١/٧ ، حديث :٩ ، باب كراهية استقبال القبلة عند قضاء الحاجة ، ط : دار الكتاب العربي بيروت ، سنن النسائي :١/٢٢ ، حديث :٢١ ، باب النهي عن استدبار القبلة عند الحاجة ، ط : مكتب المطبوعات الإسلامية حلب ، سنن ابن ماجة :١/٢٠٨ ، حديث :٣١٣ ، كتاب الطهارة ، ط: مكتبة أبي المعاطي ، مسند أحمد :٢/٢٤٧ ، حديث :٧٣٦٢ ، مسند أبي هريرة رضي اللّٰه عنه ، ط: مؤسسة قرطبة القاهرة ، صحيح ابن خزيمة :١/٣٣ ، حديث :٥٧ ، كتاب الوضوء ، باب ذكر خبر روي عن النبي ﷺ في النهي عن الاستقبال ، ط: المكتب الإسلامي بيروت)=

.....

=(۱۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما أُمروا إلا ليعبدوا الله مخلصين له الدين﴾ . (البينة : ۵)

ما في " صحيح مسلم " : ..... قال : " فأخبرني عن الإحسان ؟ قال : " أن تعبد الله كأنك تراه فإن لم تكن تراه فإنه يراك " ... الحديث . (۱۲/۲ ، كتاب الإيمان ، باب بيان الإيمان والإسلام والإحسان الخ ، دار احياء التراث العربي)

ما في " مرقاة المفاتيح " : المخلص في الطاعة يوصل الفعل الحسن إلى نفسه ، والمرائي يبطل عمل نفسه . (۱۲۰/۱)

وما في " صحيح البخاري " : قال النبي ﷺ : " من سمع سمع الله به ، ومن يرائي يرائي الله به " . متفق عليه . (حديث : ۶۴۹۹ ، صحيح مسلم : حديث : ۲۹۸۷[۴۸])

ما في " مرقاة المفاتيح " : درجات الرياء أربعة أقسام : الأولى وهي أغلظها – أن لا يكون مراده الثواب أصلاً كالذي يصلي بين أظهر الناس ولو انفرد لكان لا يصلي ..... فهو الممقوت عند الله تعالى . (۵۰۳/۹ ، كتاب الرقاق ، باب الرياء والسمعة)

ما في " رد المحتار " : اعلم أن إخلاص العبادة لله تعالى واجب ، والرياء ..... فيها حرام بالإجماع للنصوص القطعية ، وقد سمى عليه الصلاة والسلام الرياء الشرك الأصغر وهذه النية لتحصيل الثواب لا لصحة العمل ؛ لأن الصحة تتعلق بالشرائط والأركان، والنية هي شرط لصحة الصلاة ..... الرياء الكامل المحبط للثواب من أصله كما إذا صلى لأجل الناس ولولا هم ما صلى .

(۵۲۲/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع ، البحر الرائق :۳۷۸/۸ ، فصل في البيع ، الأشباه والنظائر لإبن نجيم :ص/۱۶۱ ، القاعدة الأولى ، الباب الخامس)

(۱۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وإذا قرئ القرآن فاستمعوا له وأنصتوا لعلكم ترحمون﴾ . (سورة الأعراف : ۲۰۴)

ما في " روح المعاني " : والآية دليل لأبي حنيفة رضي الله عنه في أن المأموم لا يقرأ في سرية ولا جهرية ؛ لأنها تقتضي وجوب الاستماع عند قراءة القرآن في الصلاة وغيرها . (۲۱۸/۶)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : يقتضي وجوب الاستماع والانصات عند قراءة=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=القرآن في الصلاة وغيرها . (۳/۵۲)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : قال النقاش : أجمع أهل التفسير أن هذا الاستماع في الصلاة المكتوبة وغير المكتوبة . (۷/۳۵۴، سورة الأعراف :۲۰۴)

ما في " التفسير الكبير " : لا شک أن قوله : ﴿فاستمعوا له وانصتوا﴾ أمره ، وظاهر الأمر للوجوب ، فمقتضاه أن يكون الاستماع والسكوت واجباً ، ..... وهو قول الحسن وقول أهل الظاهر ، إنا نجري هذه الآية على عمومها ففي أي موضع قرأ الإنسان القرآن وجب على كل أحد استماعه والسكوت ، فعلى هذا القول يجب الانصات لعابري الطريق ومعلمي الصبيان . (۵/۴۳۹ ، سورة الأعراف : ۲۰۴)

(۱۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولله الأسمآء الحُسنىٰ فادعوه بها﴾ .

(سورة الأعراف :۱۸۰)

(۱۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل إن صلوتي ونُسُكي ومحياي ومماتي لله ربّ العلمين﴾ . (سورة الأنعام : ۱۶۲) (اسلامی اخلاق وآداب:ص/۱۵۴،۱۵۵،آدابِ حق تعالیٰ،مرتب:منشی عبدالرحمٰن خان ملتان،طبع:ادارہ اسلامیات لاہور)

فخرِ کائنات سید البشر ﷺ کا ادب

مسئلہ (۲۱۳): وجہِ موجودات، فخرِ کائنات، سید البشر ﷺ کے متعلق ارشادِ ربانی ہے: ''ایمان والوں کے لیے نبی اُن کی اپنی جانوں سے بھی زیادہ قریب تر ہیں'' - نیز حضرت امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''حضور نبی کریم ﷺ کا ادب واحترام وفات کے بعد بھی وہی ہے جو حالتِ حیات میں تھا'' - اس لیے مسلمانوں پر آپ کے نام، مقام، کلام اور احکام سب کی تعظیم وادب واجب ہے [۱]، نام کی تعظیم وادب یہ ہے کہ؛ جب آپ ﷺ کا نام مبارک لیا جائے تو درود شریف پڑھے [۲]، مقام کی تعظیم وادب یہ ہے کہ مسجدِ نبوی میں بلند آواز سے نہ بولے، کلام کی تعظیم وادب یہ ہے کہ حدیث پاک کے درس وتدریس اور تحریر وتقریر کے وقت آواز پست رکھے [۳]، احکام کی تعظیم وادب یہ ہے کہ عبادات وعادات، خواہشات وجذبات، حرکات وسکنات، معاشرت ومعاملات، آپ ﷺ کی سنت وہدایات کے مطابق ہوں، اُن میں اپنی طرف سے کَتر بیونت (کاٹ چھاٹ/کمی بیشی) نہ کرے، خدا کے بعد آپ کو بزرگ وبرتر، حجت وسند سمجھے، آپ نے جس بات کا حکم فرمایا اُسے بلاں چوں وچرا قبول کرے، جس سے منع فرمایا اُس سے رُک جائے [۴]، اُسے ہدفِ طعن وتشنیع، بحث وتنقید، تمسخُر واستہزاء نہ بنائے، اور نہ آپ کے سوا کسی کو معیارِ حق بنائے۔

الحجة على ما قلنا :=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿النبي أولىٰ بالمؤمنين من أنفسهم﴾ .

(سورة الأحزاب : ٦، ترجمہ از آسان ترجمہ قرآن شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہ)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يا أيها الذين اٰمنوا صلّوا عليه وسلّموا تسليمًا﴾ .

(سورة الأحزاب : ٥٦)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآ أيها الذين اٰمنوا لا ترفعوآ اصواتكم فوق صوت النبي ولا تجهروا له بالقول كجهر بعضكم لبعض ان تحبط اعمالكم وانتم لا تشعرون﴾ .

(سورة الحجرات : ٢)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿مآ اٰتاكم الرسول فخذوه وما نهٰكم عنه فانتهوا﴾ .

(سورة الحشر : ٧)

ما في " صحيح البخاري " : قال النبي ﷺ : " إذا أمرتكم بشيء فافعلوه ما استطعتم وإذا نهيتكم عن شيء فانتهوا " . (۲/۱۰۸۲) (اسلامی اخلاق وآداب: ص/۱۵۵، ۱۵۶، آداب النبی ﷺ)

مخلوق کا ادب

مسئلہ (۲۱۴): جس طرح خالقِ کائنات اللہ عزّ وجلّ اور وجہِ موجودات سید البشر ﷺ کا ادب ہر مسلمان پر لازم ہے، ایسے ہی مخلوق کے ساتھ بھی ادب ضروری ہے، اور مخلوقِ خدا میں سے ہر ایک کا ادب اس کی شان کے مطابق ہوگا، مثلاً: ملائکہ کے ساتھ ادب یہ ہے کہ اُن سے محبت اور اُن کی عظمت کا احساس دل میں ہو، مکروہ و بدبودار چیزیں کھا پی کر مسجد جانے سے گُریز کریں، تاکہ ملائکہ کو اذیت و تکلیف نہ ہو[۱]۔ والدین کے ساتھ ادب یہ ہے کہ دل و جان سے اُن کی خدمت کریں، اور اسے اپنے لیے ذریعۂ نجات سمجھیں[۲]۔ اولاد کا ادب یہ ہے کہ اُن کی تعلیم و تربیت کا صحیح طور پر انتظام کریں[۳]۔ اَرحام واقربِ باء (دادا- دادی، نانا- نانی، بہن، خالہ- ماموں، چچا- چچی، پھپھی، ساس، دائی وغیرہ) کا ادب یہ ہے کہ اُن کے ساتھ حسنِ سلوک کا معاملہ کریں[۴]۔ مسلم ہمسایہ (پڑوسی) کے ساتھ ادب یہ ہے کہ اُسے اپنے خاندان کے فرد کے برابر جانیں، اور احسان و مراعات کے ساتھ پیش آئیں[۵]۔ علماء حق کے ساتھ ادب یہ ہے کہ اُن سے عزت و محبت اور تواضع و انکساری سے پیش آئیں، کہ وہ انبیاء کے صحیح جانشین اور حقیقی وارث ہیں[۶]۔ مہمان کے ساتھ ادب یہ ہے کہ نہایت خندہ پیشانی اور اخلاص و محبت سے اس کا استقبال کریں، اُس کی خوب خاطر مُدارات

کریں، اُس کی آمد پر کبیدہ خاطر نہ ہوں (۷)۔ عام مسلمانوں کا ادب یہ ہے کہ اُن کے ساتھ خیر خواہی اور ہمدردی کا معاملہ کریں، مریض ہو تو اُس کی عیادت کریں، انتقال پر جنازہ میں شرکت کریں (۸)، اُس کے احسانات کی مُکافات کریں (۹)۔ غیر مسلموں کے ساتھ ادب یہ ہے کہ انسانی بنیادوں پر اُن کے ساتھ بھی خوش معاملگی و رَواداری کو رَوا رکھیں، الغرض ہر انسان دوسرے کے ساتھ حسنِ سلوک و اخلاق کا معاملہ کریں۔ (۱۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح للتبريزي " : قوله ﷺ : " من أكل من هذه الشجرة المُنْتَنَةِ فلا يقربنّ مسجدنا ، فإن الملائكة تتأذى كما يتأذى منه الإنس " .

(۱/۶۸، باب المساجد ومواضع السجود)

ما في " رد المحتار " : قال ابن عابدين الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (وأكل نحو ثوم أي كبصل ونحوه ما له رائحة كريهة للحديث الصحيح عن قربان آكل الثوم والبصل ، المسجد) قال الإمام العيني في شرحه على صحيح البخاري : قلت : " علة النهي أذى الملائكة وأذى المسلمين ، ولا يختص بمسجد عليه الصلاة والسلام ، بل الكل سواء " .

(۲/۴۳۵ ، الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في الغرس في المسجد)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وقضى ربك ألا تعبدوا إلا إياه وبالوالدين احسانا إما يبلغنّ عندك الكبر أحدهما أو كلاهما فلا تقل لهما افٍّ ولا تنهرهما وقل لهما قولا كريما . واخفض لهما جناح الذلّ من الرحمة وقل رب ارحمهما كما ربياني صغيرا﴾ . (سورة الإسراء :۲۳، ۲۴) . ﴿وعبدوا الله ولا تشركوا به شيئًا وبالوالدين احسانا﴾ . (سورة النساء :۳۶) . ﴿ووصّينا الانسان بوالديه حُسنًا﴾ . (عنكبوت :۸) ﴿ووصّينا الانسان بوالديه احسانًا﴾ . (سورة أحقاف :۱۵)=

.....

=ما في " أحكام القرآن للتهانوى " : قرن الله تعالى إلزام برّ الوالدين بعبادته وتوحيده ، وأمر به كما أمر بهما ، كما قرن بشكره في قوله : ﴿أن اشكر لي ولوالديك وإليّ المصير﴾ . وكفى بذلك دلالة على تعظيم حقهما ووجوب برهما، والإحسان إليهما ، وقال تعالى : ﴿ولا تقل لهما افٍّ ولا تنهرهما وقل لهما قولا كريمًا﴾ إلى آخر القصة . (۲/۲۶۰ ، سورة النساء : ۳۶)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿ووصّينا الانسان بوالديه حملته امه وهنًا على وهن وفصٰله في عامين ان اشكر لي ولوالديك اليّ المصير﴾ . (سورة لقمان : ۱۴)

ما في " مرقاة المفاتيح " : فانه دل على الاجتناب عن جميع الأقوال المحرمة والإتيان بجميع كرائم الأقوال والأفعال في التواضع والخدمة والإنفاق عليهما ثم الدعاء لهما في العاقبة . (۹/۱۳۳ ، كتاب الآداب ، باب البر والصلة ، الفصل الأول ، حديث : ۴۹۱۲)

ما في " صحيح البخاري " : قال عبد الله بن مسعود رضي الله عنه : " سألت رسول الله ﷺ ، قلت : يا رسول الله ! أي العمل أفضل ؟ قال : الصلاة على ميقاتها ، قلت : ثم أي ؟ قال : ثم بر الوالدين ، قلت : ثم أي ؟ قال : الجهاد في سبيل الله ، فسكتُّ عن رسول الله ﷺ ولو استزدتُه لزادني " . (۴/۱۷ ، حديث : ۲۷۷۲ ، فتح الباري : ۲/۹ ، ط- السلفية)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ومن الواجب على المسلم برّ الوالدين وإن كانا فاسقين أو كافرين ، ويجب طاعتهما في غير معصية الله تعالى ، فإن كانا كافرين فليُصاحبهما في الدنيا معروفًا . اهـ . (۶/۲۵۸ ، برّ الوالدين ، أم)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يكون برّ الوالدين بالإحسان إليهما بالقول اللين الدال على الرفق بهما والمحبة لهما ، وتجنب غليظ القول الموجب لنفرتهما ، وبمناداتهما بأحب الألفاظ إليهما كـ " يا أمي " و " يا أبي " وليقل لهما ما ينفعهما في أمر دينهما ودنياهما ويعلمهما ما يحتاجان إليه من أمور دينهما وليعاشرهما بالمعروف ، أي بكل ما عرف من الشرع جوازه ، فيطيعهما في فعل جميع ما يأمرانه به من واجب أو مندوب ، وفي ترك ما لا ضرر عليه في تركه . (۸/۲۹ ، برّ الوالدين ، بم يكون البرّ)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يايها الذين اٰمنوا قوا انفسكم واهليكم نارا﴾ .

(سورة التحريم : ۶)=

.....

